6795- حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى السَّاجِيُّ، ثنا أَبُو كَامِلٍ الْجَحْدَرِيُّ، ثنا رَوْحُ بْنُ عَطَاءِ بْنِ أَبِي مَيْمُونَةَ، حَدَّثَنِي أَبِي، وَحَفْصٌ الْمِنْقَرِيُّ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ سَمُرَةَ: أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُسَلِّمُ تَسْلِيمَةً حِيَالَ وَجْهِهِ

حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب سلام پھیرتے تو اپنے چہرے کو سیدھا کرتے تھے۔

6796- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا رَجَاءُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ رَجَاءٍ الْعَدَوِيُّ، ثنا شَاهِينُ أَبُو حَازِمٍ، ثنا رَوْحُ بْنُ عَطَاءِ بْنِ أَبِي مَيْمُونَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ سَمُرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ دُعِيَ إِلَى سُلْطَانٍ فَلَمْ يُجِبْ، فَهُوَ ظَالِمٌ، لَا حَقَّ لَهُ

حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس کو بادشاہی کی دعوت دی گئی اُس نے قبول نہ کی تو وہ ظالم ہے اس کے لیے کوئی حق نہیں ہے (مراد نیک صالح بادشاہ)۔

## مَجَاعَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ الْعَتَكِيُّ عَنِ الْحَسَنِ

## مجاعہ بن زبیر عتکی، حضرت حسن سے وہ حضرت سمرہ سے



---

6795- ورواه البيهقي جلد2صفحه179، والدارقطني جلد1صفحه358-359، وابن عدى فى الكامل ومن طريقه عبد الحق فى أحكامه، وروح بن عطاء ضعيف قدرى، وعنعنه الحسن .

6796- قال فى المجمع جلد4صفحه198، وفيه روح بن عطاء وثقه ابن عدى وضعفه الأئمة .

## عَنْ سَمُرَةَ

## روایت کرتے ہیں

6797- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ التُّسْتَرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ كَرَامَةَ، ثنا عُبَيْدُ اللهِ بْنُ مُوسَى، عَنْ مَجَاعَةَ بْنِ أَبِي عُبَيْدَةَ الْبَصْرِيِّ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ سَمُرَةَ: أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ بَيْعِ الْحَيَوَانِ بِالْحَيَوَانِ نَسِيئَةً

حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے جانور کی بیع جانور کے بدلے اُدھار کرنے سے منع فرمایا۔

6798- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ التُّسْتَرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ كَرَامَةَ، ثنا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ مُوسَى، عَنْ مَجَاعَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ سَمُرَةَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: جَارُ الدَّارِ أَحَقُّ بِالشُّفْعَةِ

حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: گھر کا پڑوسی شفعہ کا زیادہ حق دار ہے۔

## حُمَيْدُ الطَّوِيلُ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ سَمُرَةَ

## حمید طویل حضرت حسن سے وہ حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

6799- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ الْقَاسِمِ بْنِ مُسَاوِرٍ الْجَوْهَرِيُّ، ثنا عَفَّانُ، وَحَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، قَالَا: ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْكُتُ سَكْتَتَيْنِ إِذَا دَخَلَ فِي الصَّلَاةِ، وَإِذَا فَرَغَ مِنَ الْقِرَاءَةِ،

حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ نے فرمایا: حضور ﷺ دو سکتے کرتے تھے جب نماز میں داخل ہوتے اور جب قرأت سے فارغ ہوتے۔ پس حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ نے اس کا انکار کیا ہے پس انہوں نے اس بارے حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ کو لکھ بھیجا تو انہوں نے ان کی طرف لکھا کہ حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ نے سچ کہا ہے۔

فَأَنْكَرَ ذَلِكَ عِمْرَانُ بْنُ حُصَيْنٍ، فَكَتَبُوا فِي ذَلِكَ إِلَى أُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ، فَكَتَبَ إِلَيْهِمْ: أَنْ صَدَقَ سَمُرَةُ

## عَنْبَسَةُ بْنُ أَبِي رَائِطَةَ الْغَنَوِيُّ الْأَعْوَرُ عَنِ الْحَسَنِ

## عنبسہ بن ابی رائطہ غنوی اعور' حضرت حسن سے روایت کرتے ہیں

**6800**- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الْحُلْوَانِيُّ، ثنا الْفَيْضُ بْنُ وَثِيقٍ الثَّقَفِيُّ، ثنا عَبْدُ الْوَهَّابِ الثَّقَفِيُّ، ثنا عَنْبَسَةُ الْأَعْوَرُ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ، وَسَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ: أَنَّ رَجُلًا أَعْتَقَ سِتَّةَ أَعْبُدٍ لَهُ عِنْدَ الْمَوْتِ، لَمْ يَكُنْ لَهُ مَالٌ غَيْرُهُمْ، فَأَقْرَعَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَهُمْ فَأَعْتَقَ اثْنَيْنِ، وَأَرَقَّ أَرْبَعَةً

حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی نے اپنی موت کے وقت چھ غلام آزاد کیے' اس کے پاس ان کے علاوہ کوئی مال نہیں تھا' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کے درمیان قرعہ ڈالا' دو آزاد کر دیئے اور چار غلام رہنے دیئے۔

## يَزِيدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ التُّسْتَرِيُّ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ سَمُرَةَ

## یزید بن ابراہیم تستری' حضرت حسن سے' وہ حضرت سمرہ سے روایت کرتے ہیں

**6801** - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْخَلَّالُ الْمَكِّيُّ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ حُمَيْدِ بْنِ

حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مثلہ کرنے سے منع کرتے اور صدقہ دینے پر

6800- قال في المجمع جلد4صفحه211قلت: حديث عمران في الصحيح - عند مسلم رقم الحديث: 1668 - رواه الطبراني في الكبير والأوسط (180 مجمع البحرين)' وفيه الفيض بن وثيق وهو كذاب .

6801- ورواه أحمد جلد5صفحه20,12' ورواه أبو داؤد رقم الحديث:2650 .

كَاسِبٍ، ثنا وَكِيعٌ، ثنا يَزِيدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ، قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنْهَى عَنِ الْمُثْلَةِ، وَيَحُثُّ عَلَى الصَّدَقَةِ

اُبھارتے تھے۔



# حُسَامُ بْنُ مِصَكٍّ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ سَمُرَةَ

# حسام بن مصک، حضرت حسن سے، وہ حضرت سمرہ سے روایت کرتے ہیں

**6802** - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْخَلَّالُ الْمَكِّيُّ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ مَالِكٍ، ثنا سَلَمَةُ بْنُ رَجَاءٍ، عَنْ حُسَامِ بْنِ مِصَكٍّ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ سَمُرَةَ: أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَحُثُّ عَلَى الصَّدَقَةِ، وَيَنْهَى عَنِ الْمُثْلَةِ

حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ صدقہ پر اُبھارا کرتے تھے اور مثلہ سے منع کرتے تھے۔

# إِسْمَاعِيلُ بْنُ مُسْلِمٍ الْمَكِّيُّ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ سَمُرَةَ

# اسماعیل بن مسلم کی، حضرت حسن سے، وہ حضرت سمرہ سے روایت کرتے ہیں

**6803** - حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْأَنْصَارِيُّ، ثنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ مُسْلِمٍ الْمَكِّيُّ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ سَمُرَةَ،

حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: سورج کے غروب اور طلوع ہونے کے وقت نماز نہ پڑھو کیونکہ سورج شیطان کے دو سینگوں کے درمیان

6803- قال في المجمع جلد2صفحه225-226، رواه أحمد جلد 5صفحه20,15، والبزار والطبراني في الكبير من طريق . . . . ورجال أحمد ثقات .

قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَحَرَّوْا بِصَلَاتِكُمْ طُلُوعَ الشَّمْسِ وَلَا غُرُوبَهَا، فَإِنَّهَا تَطْلُعُ بَيْنَ قَرْنَيْ شَيْطَانٍ، وَتَغْرُبُ فِي قَرْنَيْ شَيْطَانٍ

طلوع اور غروب ہوتا ہے۔

6804 - حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْأَنْصَارِيُّ، ثنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ سَمُرَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْحُمَّى قِطْعَةٌ مِنَ النَّارِ، فَأَبْرِدُوهَا عَنْكُمْ بِالْمَاءِ الْبَارِدِ

حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: بخار جہنم سے ایک ٹکڑا ہے' اس کو ٹھنڈے پانی سے ٹھنڈا کرو۔

6805 - وَكَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، إِذَا حُمَّ دَعَا بِقِرْبَةٍ مِنْ مَاءٍ، فَأَفْرَغَهَا عَلَى قَرْنِهِ، فَاغْتَسَلَ

اور حضور ﷺ کو جب بخار ہوتا تھا تو آپ پانی منگواتے' اپنے جسم پر ڈالتے اور غسل کرتے تھے۔

6806 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا عَاصِمُ بْنُ عَلِيٍّ، ثنا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ مُسْلِمٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ سَمُرَةَ، قَالَ: نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يُتَلَاعَنَ بِلَعْنَةِ اللّٰهِ، أَوْ بِغَضَبِهِ' أَوْ بِالنَّارِ

حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ اللہ کی لعنت یا اللہ کے غضب یا آگ کے ساتھ ایک دوسرے کو لعنت نہ کرو۔

6807 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا عَاصِمُ بْنُ عَلِيٍّ، ثنا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ مُسْلِمٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ سَمُرَةَ، قَالَ: نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے منع کیا کہ ہم میں سے کوئی آدمی کوئی شی یا تسمہ کاٹے اپنی دو انگلیوں کے درمیان رکھ کر' لکڑی توڑنے کی طرح سے اور اسے اپنے ہاتھ کے ساتھ گاڑے۔



---

6804- قال في المجمع جلد5صفحه94' رواه الطبراني والبزار جلد 1صفحه285 زوائد البزار وفيه اسماعيل بن مسلم وهو متروك .

6807- قال في المجمع جلد2صفحه106' واسناده حسن .

أَنْ يَقْطَعَ أَحَدُنَا الشَّيْءَ" أَوِ السَّيْرَ بَيْنَ إِصْبَعَيْهِ عَتَبَيْنِ: عَتَبَ الْقَطْعِ، وَيُغْرَزُ بِيَدِهِ

**6808** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي نُعَيْمٍ الْوَاسِطِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ يَزِيدَ، ثنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اللَّهُمَّ بَاعِدْنِي مِنْ ذُنُوبِي كَمَا بَاعَدْتَ بَيْنَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ، وَنَقِّنِي مِنْ خَطِيئَتِي كَمَا نَقَّيْتَ الثَّوْبَ الْأَبْيَضَ مِنَ الدَّنَسِ

حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یہ دعا کرتے تھے: ''اللّٰھم باعدنی من ذنوبی الٰی آخرہٖ''۔

**6809** - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَلِيٍّ الْأَبَّارُ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ بَكْرِ بْنِ الرَّبِيعِ بْنِ مُسْلِمٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ حُمْرَانَ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ مُسْلِمٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ سَمُرَةَ، قَالَ: أَمَرَنَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا كُنَّا ثَلَاثَةً أَنْ نُقَدِّمَ أَحَدَنَا، فَيَكُونَ إِمَامًا، وَإِذَا كُنَّا اثْنَيْنِ صَفَفْنَا صَفًّا

حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہمیں حکم دیتے تھے کہ جب ہم تین ہوں تو ہم ایک کو امامت کے لیے آگے کریں اور اگر دو ہوں تو ایک ہی صف میں کھڑے ہونے کا حکم دیتے۔

**6810** - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْأَعْلَى، ثنا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، قَالَ: سَمِعْتُ إِسْمَاعِيلَ الْمَكِّيَّ يُحَدِّثُ عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ سَمُرَةَ، أَنَّ

حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب بارش کے لیے دعا کرتے تو اس طرح کرتے: ''اللّٰھم انزل فی ارضنا زینتھا الٰی آخرہٖ''۔



---

6808- ورواه الترمذی رقم الحدیث: 323' وله شواهد ولذا حسنه .

6810- قال فی المجمع جلد3صفحه158 رواه البزار والطبرانی فی الكبیر واسناده ضعیف . وقال جلد3صفحه148' وفیه اسماعیل بن مسلم المكی وهو ضعیف .

النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ إِذَا اسْتَسْقَى قَالَ: اللّٰهُمَّ أَنْزِلْ فِي أَرْضِنَا زِينَتَهَا، وَأَنْزِلْ فِي أَرْضِنَا سَكَنَهَا، وَارْزُقْنَا وَأَنْتَ خَيْرُ الرَّازِقِينَ

**6811** - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الطُّوسِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ الْبَصْرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي عَدِيٍّ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ مُسْلِمٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ سَمُرَةَ قَالَ: نَهَانَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ نَصِلَ رَمَضَانَ بِصَوْمٍ

حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے ہمیں لگاتار روزے رکھنے سے منع کیا' یعنی نہ رات کو افطار کرنا نہ دن کو۔

**6812** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ أَبَانَ، ثنا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ مُسْلِمٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ سَمُرَةَ، قَالَ: كُنَّا نُسَافِرُ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَإِذَا مَطَرَتِ السَّمَاءُ سَمِعْنَا مُنَادِيَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: صَلُّوا فِي رِحَالِكُمْ

حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور ﷺ کے ساتھ سفر کرتے' جب بارش ہوتی تو ہم حضور ﷺ کی طرف سے اعلان کرنے والے کے اعلان کو سنتے کہ اپنے گھروں میں نماز پڑھ لو۔

**6813** - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَلْمٍ الرَّازِيُّ، ثنا سَهْلُ بْنُ عُثْمَانَ، ثنا عَلِيُّ بْنُ هَاشِمٍ، وَالْمُحَارِبِيُّ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ مُسْلِمٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ سَمُرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْغُلَامُ مُرْتَهَنٌ بِعَقِيقَتِهِ، يُعَقُّ عَنْهُ يَوْمَ السَّابِعِ، وَيُسَمَّى، وَيُحْلَقُ رَأْسُهُ

حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: بچہ اپنے عقیقے کے بدلے گروی ہوتا ہے' اس کی طرف سے ساتویں دن عقیقہ کیا جائے' نام رکھا جائے اور اس کا سر منڈوایا جائے۔



---

6813- قال في المجمع جلد2صفحه180' رواه البزار رقم الحديث: 637,636' والطبراني في الكبير وفيه اسماعيل بن مسلم المكي وهو ضعيف . ورواه البيهقي جلد2صفحه120 .

**6814** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْعَبَّاسِ الطَّيَالِسِيُّ، ثنا أَبُو مَعْمَرٍ صَالِحُ بْنُ حَرْبٍ، ثنا سَلَّامُ بْنُ أَبِي خُبْزَةَ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ مُسْلِمٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ سَمُرَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِذَا نَعَسَ أَحَدُكُمْ يَوْمَ الْجُمُعَةِ، وَالْإِمَامُ يَخْطُبُ، فَلْيَقُمْ مِنْ مَقْعَدِهِ، وَلْيُجْلِسْ أَخَاهُ فِي مَكَانِهِ

حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کسی کو جمعہ کے دن اونگھ آنے لگے اور امام خطبہ دے رہا ہو تو وہ اپنی جگہ سے کھڑا ہو جائے اور اپنے بھائی کو اس جگہ پر بٹھائے۔

**6815** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْعَبَّاسِ الطَّيَالِسِيُّ، ثنا أَبُو مَعْمَرٍ صَالِحُ بْنُ حَرْبٍ، ثنا سَلَّامُ بْنُ أَبِي خُبْزَةَ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ مُسْلِمٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ، قَالَ: نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْإِقْعَاءِ فِي الصَّلَاةِ

حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے نماز میں پنڈلی اور ران ملا کر کھڑی کر کے کولہوں کے بل بیٹھنے سے منع کیا۔

## مُبَارَكُ بْنُ فَضَالَةَ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ سَمُرَةَ

## مبارک بن فضالہ، حضرت حسن سے وہ حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

**6816** - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْوَلِيدِ بْنِ مُحَمَّدٍ الْأُبُلِّيُّ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا مُبَارَكُ بْنُ فَضَالَةَ، عَنِ

حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: ایک آدمی کا کھانا دو کے لیے اور دو کا کھانا چار کے لیے کافی ہوتا ہے۔

مبارك بن فضالة عن الحسن عن سمرة

---

6814- قال في المجمع جلد2صفحه136' وفيه سلام بن أبي خبزة وهو متروك .

6815- قال في المجمع جلد5صفحه21 فيه من لم أعرفه .

6816- قال في المجمع جلد 5صفحه33' رواه البزار (جلد 1صفحه273 زوائد البزار) الطبراني وله في رواية المنافق بدل الكافر وفيه الوليد بن محمد الأبلي وقد روى عنه جماعة ولم يضعفه أحد وقد أورده ابن عدي في الكامل .

الْحَسَنِ، عَنْ سَمُرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: طَعَامُ الْوَاحِدِ يَكْفِي الِاثْنَيْنِ، وَطَعَامُ الِاثْنَيْنِ يَكْفِي الْأَرْبَعَةَ

**6817** - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْوَلِيدِ بْنِ مُحَمَّدٍ الْأُبُلِّيُّ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا مُبَارَكُ بْنُ فَضَالَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ سَمُرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْمُؤْمِنُ يَأْكُلُ فِي مِعًى وَاحِدٍ، وَالْمُنَافِقُ يَأْكُلُ فِي سَبْعَةِ أَمْعَاءٍ

حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: مؤمن ایک آنت میں کھاتا ہے اور کافر سات آنتوں میں کھاتا ہے۔

**6818** - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ الْحَسَنِ الصَّابُونِيُّ التُّسْتَرِيُّ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُسْتَمِرِّ الْعُرُوقِيُّ، ثنا خَلَّادُ بْنُ بَزِيعٍ الْهَرَّانِيُّ صَاحِبُ الْمَحَامِلِ، عَنْ مُبَارَكِ بْنِ فَضَالَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ سَمُرَةَ، قَالَ: نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، أَنْ تُصَبَّرَ الْبَهِيمَةُ، وَأَنْ يُؤْكَلَ لَحْمُهَا إِذَا صُبِّرَتْ

حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے جانور کو باندھ کر مارنے سے منع کیا اور زندہ جانور کا گوشت کاٹنے سے منع کیا۔

## جَرِيرُ بْنُ حَازِمٍ عَنِ الْحَسَنِ

## جریر بن حازم' حضرت حسن سے' وہ حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ سے



6817- قال في الذهبي في الميزان جلد 1صفحه656' والمتن محفوظ لكنه بسند آخر' قال في المجمع جلد 4صفحه 31' وفيه خالد بن بزيغ ولم يجرحه أحد .

6818- قال في المجمع جلد 4صفحه154' رواه البزار رقم الحديث: 1260' والطبراني في الكبير والأوسط ( 170 مجمع البحرين)' وفيه عبد الله بن اسماعيل الجوداني قال أبو حاتم: لين' وبقية رجال البزار ثقات .

## عَنْ سَمُرَةَ

**6819** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ بَكْرٍ السَّرَّاجُ الْعَسْكَرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي سَمِينَةَ، ثنا أَبُو مَالِكٍ الْجُودَانِيُّ، ثنا جَرِيرُ بْنُ حَازِمٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ سَمُرَةَ، أَنَّ رَجُلًا أَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنَّ أَبِي اجْتَاحَ مَالِي، قَالَ: أَنْتَ وَمَالُكَ لِأَبِيكَ

## روایت کرتے ہیں

حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آیا' اس نے عرض کی: یارسول اللہ! میرا باپ میرا مال پوچھے بغیر لے لیتا ہے' آپ نے فرمایا: تُو اور تیرا مال تیرے باپ کے لیے ہے۔

## أَبُو بَكْرٍ الْهُذَلِيُّ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ سَمُرَةَ

**6820** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي نُعَيْمٍ الْوَاسِطِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ يَزِيدَ، عَنْ أَبِي بَكْرٍ الْهُذَلِيِّ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَفْضَلُ الصَّدَقَةِ اللِّسَانُ ' قِيلَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، وَمَا صَدَقَةُ اللِّسَانِ؟ قَالَ: الشَّفَاعَةُ يُفَكُّ بِهَا الْأَسِيرُ، وَيُحْقَنُ بِهَا

## ابوبکر الہذلی' حضرت حسن سے' وہ حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: سب سے زیادہ افضل صدقہ زبان ہے' عرض کی: یا رسول اللہ! زبان کے صدقے سے کیا مراد ہے؟ آپ نے فرمایا: قیدی کو آزاد کروانا' کسی کی جان کی حفاظت کرنا' اپنے مسلمان بھائی سے نیکی اور احسان کرنا اور اس سے کوئی ناپسند شی دور کرنا۔



---

6819- قال فى المجمع جلد 8صفحه194 وفيه بكر الهذلى وهو ضعيف . قلت: ورواه المصنف فى مكارم الأخلاق رقم الحديث: 131' والبيهقى فى الشعب والقضاعى فى مسند الشهاب رقم الحديث: 1279 .

6820- ورواه البزار جلد 1صفحه272 زوائد البزار)' ولفظه (طعام الواحد يكفى الاثنين وطعام الاثنين يكفى الأربعة و... الله تعالى على الجماعة) قال فى المجمع جلد5صفحه21' وفيه أبو بكر الهذلى وهو ضعيف جدًا .

الدَّمِ، وَتَجُرُّ بِهَا الْمَعْرُوفَ وَالْإِحْسَانَ إِلَى أَخِيكَ، وَتَدْفَعُ عَنْهُ الْكَرِيهَةَ

**6821** - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ، ثنا أَيُّوبُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْوَزَّانُ، ثنا فُهَيْرٌ يَحْيَى بْنُ زِيَادٍ، ثنا ابْنُ جُرَيْجٍ، ثنا أَبُو بَكْرٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ سَمُرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: طَعَامُ الِاثْنَيْنِ كَافِي الْأَرْبَعَةِ، وَطَعَامُ الْأَرْبَعَةِ كَافِي الثَّمَانِيَةِ

حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: دو آدمیوں کا کھانا چار کے لیے اور چار کا آٹھ کے لیے کافی ہوتا ہے۔

**6822** - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُبَيْدِ بْنِ عَقِيلٍ الْمُقْرِءُ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ سَلْمٍ الْهُجَيْمِيُّ، ثنا عَوْنُ بْنُ عُمَارَةَ، ثنا أَبُو بَكْرٍ الْهُذَلِيُّ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا تَصَدَّقَ النَّاسُ بِصَدَقَةٍ مِثْلَ عِلْمٍ يُنْشَرُ

حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: علم پھیلانے سے زیادہ لوگوں پر صدقہ کرنے سے بہتر کوئی نہیں ہے۔

## عَبْدُ الرَّحْمَنِ أَبُو الْأَشْعَثِ عَنْ سَمُرَةَ

## عبدالرحمٰن ابواشعث، حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

**6823** - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ الْقَاسِمِ الْجَوْهَرِيُّ، ثنا عَفَّانُ، وَحَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، قَالَا: ثنا

حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی نے عرض کی: یارسول اللہ! میں نے خواب دیکھا گویا کہ آسمان سے ایک ڈول اُترا، حضرت ابوبکر تشریف



6821- قال في المجمع جلد1صفحه166، وفيه عون بن عمارة وهو ضعيف . قلت وأبو بكر الهذلي ضعيف جدًا .

6822- ورواه أحمد جلد5صفحه21 قال في المجمع جلد7صفحه180 بعد أن نسبه الى أحمد فقط ورجاله ثقات .

حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، ح وَحَدَّثَنَا أَبُو خَلِيفَةَ الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ الْجُمَحِيُّ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الطَّوِيلُ، أنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنِ الْأَشْعَثِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ، أَنَّ رَجُلًا قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، رَأَيْتُ كَأَنَّ دَلْوًا دُلِّيَتْ مِنَ السَّمَاءِ، فَجَاءَ أَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَأَخَذَ بِعَرَاقِيبِهَا ' فَشَرِبَ شُرْبًا ضَعِيفًا، ثُمَّ جَاءَ عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَأَخَذَ بِعَرَاقِيبِهَا حَتَّى تَضَلَّعَ، ثُمَّ جَاءَ عُثْمَانُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَأَخَذَ بِعَرَاقِيبِهَا، فَشَرِبَ حَتَّى تَضَلَّعَ، ثُمَّ جَاءَ عَلِيٌّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَأَخَذَ بِعَرَاقِيبِهَا، فَاشْتَطَّتْ مِنْهُ، وَانْتَضَحَ

لائے' آپ نے اس کے ڈنڈوں سے پکڑا اور پیا لیکن آپ کا پینا تھوڑا تھا' پھر حضرت عمر آئے اور آپ نے اس کو اس کے ڈنڈوں سے پکڑا' آپ نے سیر ہو کر پیا' پھر حضرت عثمان آئے اور اُنہوں نے اسے اس کے ڈنڈوں سے پکڑا' آپ نے بھی سیر ہو کر پیا' پھر حضرت علی تشریف لائے اور آپ نے اس کو ڈنڈوں سے پکڑا تو آپ سے دور ہو گیا اور آپ نے چھڑک دیا۔

## هَيَّاجُ بْنُ عِمْرَانَ عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ

## ہیاج بن عمران' حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

**6824** - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ الْقَاسِمِ بْنِ مُسَاوِرٍ، ثنا عَفَّانُ، ثنا هَمَّامٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ هَيَّاجِ بْنِ عِمْرَانَ، عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنْهَى عَنِ الْمُثْلَةِ، وَيَحُثُّ عَلَى الصَّدَقَةِ

حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو مثلہ سے منع فرماتے ہوئے اور صدقہ پر اُبھارتے ہوئے سنا۔



---

6824- ورواه أحمد جلد5صفحه18,12' والترمذي رقم الحديث:3704' وقال حسن صحيح .

## يَزِيدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الشِّخِّيرِ، أَبُو الْعَلَاءِ عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ

**6825** - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا يَحْيَى بْنُ مَعِينٍ، ح وَحَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، قَالَا: ثنا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، أنا سُلَيْمَانُ التَّيْمِيُّ، عَنْ أَبِي الْعَلَاءِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الشِّخِّيرِ، عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أُتِيَ بِقَصْعَةٍ مِنْ ثَرِيدٍ، فَوُضِعَتْ بَيْنَ يَدَيِ الْقَوْمِ، فَتَعَاقَبُوهَا إِلَى الظُّهْرِ مِنْ غُدْوَةٍ يَقُومُ قَوْمٌ، وَيَجْلِسُ آخَرُونَ فَقَالَ رَجُلٌ لِسَمُرَةَ: أَكَانَتْ تُمَدُّ؟ فَقَالَ سَمُرَةُ: مِنْ أَيِّ شَيْءٍ تَعْجَبُ؟ مَا كَانَتْ تُمَدُّ إِلَّا مِنْ هَهُنَا، وَأَشَارَ بِيَدِهِ إِلَى السَّمَاءِ

## یزید بن عبداللہ بن شخیر ابوالعلاء، حضرت سمرہ بن جندب سے روایت کرتے ہیں

حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کے پاس ثرید کا پیالا لایا گیا' آپ نے لوگوں کے ہاتھوں کے درمیان دستِ مبارک رکھا' لوگ صبح سے لے کر ظہر تک لگا تار کھاتے رہے' کچھ لوگ کھا کر اُٹھتے تو دوسرے آ جاتے' ایک آدمی نے حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ سے کہا: کیا وہ لمبا تھا؟ حضرت سمرہ نے کہا: تمہیں کیا شی تعجب میں ڈالتی ہے؟ وہ یہاں تک لمبا تھا' آپ نے اپنے ہاتھ سے آسمان کی طرف اشارہ کیا۔

## أَبُو أَيُّوبَ الْعَتَكِيُّ عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ

**6826** - حَدَّثَنَا أَبُو زُرْعَةَ الدِّمَشْقِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَكَّارٍ، ثنا سَعِيدُ بْنُ بَشِيرٍ، عَنْ

## ابوایوب عتکی، حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے اس کی مثال بیان فرمائی جو جمعہ کے لیے



6825- ورواه المصنف فی مسند الشاميين رقم الحديث: 2765 .

قَتَادَةَ، عَنْ أَبِي أَيُّوبَ، عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ: أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ضَرَبَ مَثَلَ الْمُهَجِّرِ يَوْمَ الْجُمُعَةِ كَالنَّاحِرِ بَدَنَةً، وَكَذَابِحِ الْبَقَرَةِ، وَكَذَابِحِ الشَّاةِ، وَكَذَابِحِ الطَّيْرِ، حَتَّى انْتَهَى إِلَى الْعُصْفُورَةِ

جلدی آتا ہے' اس کے لیے اتنا ثواب ہے جتنا اونٹ کی قربانی والے کو ملتا ہے اور اس کے بعد آنے والے کو گائے کی قربانی جتنا ثواب ملتا ہے' اس کے بعد بکری کی قربانی والے کی مثل ثواب ملتا ہے' اس کے بعد آنے والے کو پرندہ صدقہ کرنے جتنا ثواب ملتا ہے' آپ نے چڑیا تک کی مثال بیان کی۔



## أَبُو نَضْرَةَ الْمُنْذِرُ بْنُ مَالِكٍ عَنْ سَمُرَةَ

## ابونضرہ منذر بن مالک' حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

**6827** - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ حَمْزَةَ الدِّمَشْقِيُّ، ثنا أَبُو الْجُمَاهِرِ مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ، ثنا سَعِيدُ بْنُ بَشِيرٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَبِي نَضْرَةَ، عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مِنْ أَهْلِ النَّارِ مَنْ تَأْخُذُهُ إِلَى كَعْبَيْهِ، وَمِنْهُمْ مَنْ تَأْخُذُهُ إِلَى رُكْبَتَيْهِ، وَمِنْهُمْ مَنْ تَأْخُذُهُ إِلَى حُجْزَتِهِ، وَمِنْهُمْ مَنْ تَأْخُذُهُ إِلَى تَرَاقِيهِ

حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: اہل نار سے وہ بھی ہوں گے جن کے ٹخنوں تک اور بعض کے گھٹنوں تک اور بعض کی کمر تک اور بعض کے گلے تک آگ آ رہی ہوگی۔

**6828** - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَنْبَرٍ الْبَصْرِيُّ، ثنا الْعَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيدِ النَّرْسِيُّ، ثنا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، ثنا سَعِيدُ بْنُ أَبِي عَرُوبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَبِي نَضْرَةَ، عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: دوزخیوں میں سے بعض کو آگ ٹخنوں سے' بعض کو گھٹنوں سے' بعض کو کمر سے اور بعض کو گلے سے پکڑے گی۔

---

6827- ورواه أحمد جلد5 صفحه18,10' ومسلم رقم الحديث: 2845 .

6828- ورواه أحمد جلد5 صفحه15,9 .

مِنهُم مَنْ تَأْخُذُهُ النَّارُ إِلَى كَعْبَيْهِ، وَمِنهُم مَنْ تَأْخُذُهُ إِلَى حُجْزَتِهِ، وَمِنهُم مَنْ تَأْخُذُهُ إِلَى تَرْقُوَتِهِ

## الْأَسْقَعُ بْنُ الْأَسْلَعِ عَنْ سَمُرَةَ

6829 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ السَّوْطِيُّ، ثنا عَفَّانُ بْنُ مُسْلِمٍ، ثنا وُهَيْبُ بْنُ خَالِدٍ، ح وَحَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا عَارِمٌ أَبُو النُّعْمَانِ، ثنا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، ثنا دَاوُدُ بْنُ أَبِي هِنْدَ، عَنْ أَبِي قَزَعَةَ، عَنِ الْأَسْقَعِ بْنِ الْأَسْلَعِ، عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا تَحْتَ الْكَعْبَيْنِ مِنَ الْإِزَارِ فِي النَّارِ

## اسقع بن اسلع، حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو ٹخنوں سے نیچے تہبند کا کپڑا لٹک رہا ہو وہ جہنم میں چلا جائے گا۔

## أَبُو الدَّهْمَاءِ عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ

6830 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ التُّسْتَرِيُّ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ يَحْيَى الرَّازِيُّ، ثنا إِسْحَاقُ بْنُ إِدْرِيسَ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ دِينَارٍ، ثنا حُمَيْدُ بْنُ هِلَالٍ، عَنْ أَبِي الدَّهْمَاءِ، عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ

## ابو الدہماء، حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب رزقِ حلال ملے پھر تم میں سے کوئی بھی اپنی بھوک دور کرنے کے لیے اپنے آپ کو تکلیف نہ دے۔



---

6829- قال في المجمع جلد4صفحه164، وفيه الحسن بن دينار وهو ضعيف .

6830- ورواه أحمد جلد5صفحه15 .

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَضُرُّ أَحَدَكُمْ مَا يَسُدُّ بِهِ الْجُوعَ إِذَا أَصَابَ حَلَالًا

## الْمُهَلَّبُ بْنُ أَبِي صُفْرَةَ عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ

## مہلب بن ابی صفرہ' حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

6831 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ السَّوْطِيُّ، ثنا عَفَّانُ بْنُ مُسْلِمٍ، ثنا وَهْبُ بْنُ خَالِدٍ، ح وَحَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو النُّعْمَانِ، ح وَحَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، قَالَ: سَمِعْتُ الْمُهَلَّبَ بْنَ أَبِي صُفْرَةَ يَخْطُبُ يَقُولُ: قَالَ سَمُرَةُ بْنُ جُنْدُبٍ: عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ' قَالَ: لَا تُصَلُّوا حِينَ تَطْلُعُ الشَّمْسُ، وَلَا حِينَ تَسْقُطُ، فَإِنَّهَا تَسْقُطُ بَيْنَ قَرْنَيْ شَيْطَانٍ، وَتَغِيبُ بَيْنَ قَرْنَيِ الشَّيْطَانِ

حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: سورج کے غروب اور طلوع ہونے کے وقت نماز نہ پڑھو کیونکہ سورج شیطان کے دو سینگوں کے درمیان طلوع اور غروب ہوتا ہے۔

6832 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا أَبُو دَاوُدَ الطَّيَالِسِيُّ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، قَالَ: سَمِعْتُ الْمُهَلَّبَ بْنَ أَبِي صُفْرَةَ يُحَدِّثُ عَنْ سَمُرَةَ بْنِ

حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: سورج کے غروب اور طلوع ہونے کے وقت نماز نہ پڑھو کیونکہ سورج شیطان کے دو سینگوں کے درمیان طلوع اور غروب ہوتا ہے۔



---

6831- ورواه الطيالسى رقم الحديث:315' وابن أبى شيبة جلد2صفحه349 .

6832- ورواه عبد الرزاق رقم الحديث:6198 .

جُنْدُبٍ، قَالَ: نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يُصَلَّى بَعْدَ الصُّبْحِ حَتَّى تَطْلُعَ الشَّمْسُ، فَإِنَّهَا تَطْلُعُ عَلَى قَرْنَيْ شَيْطَانٍ

## أَبُو الْمُهَلَّبِ عَمُّ أَبِي قِلَابَةَ الْجَرْمِيِّ عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ

## ابوقلابہ الجرمی کے چچا حضرت ابومہلب' حضرت سمرہ بن جندب سے روایت کرتے ہیں

**6833** - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ أَيُّوبَ، عَنْ أَبِي قِلَابَةَ، عَنْ أَبِي الْمُهَلَّبِ، عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: عَلَيْكُمْ بِهَذَا الْبَيَاضِ، لِيَلْبَسْهُ أَحْيَاؤُكُمْ، وَكَفِّنُوا فِيهَا مَوْتَاكُمْ، فَإِنَّهَا مِنْ خِيَارِ ثِيَابِكُمْ

حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ یہ سفیدی تم پر لازم ہے تاکہ تمہارے زندہ لوگ اس کو اپنا لباس بنائیں اور تم ان میں اپنے مُردوں کو کفن دو کیونکہ یہ تمہارے کپڑوں میں سے بہترین ہے۔

**6834** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا الْعَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيدِ النَّرْسِيُّ، ثنا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي عَرُوبَةَ، عَنْ أَيُّوبَ، عَنْ أَبِي قِلَابَةَ، عَنْ عَمِّهِ أَبِي الْمُهَلَّبِ، عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: عَلَيْكُمْ بِالْبَيَاضِ، لِيَلْبَسْهُ أَحْيَاؤُكُمْ، وَكَفِّنُوا فِيهَا مَوْتَاكُمْ، فَإِنَّهُ مِنْ خِيَارِ ثِيَابِكُمْ

حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ' نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: تم پر سفیدی لازم ہے' تمہارے زندہ لوگ اس کا لباس پہنیں اور اس میں تم اپنے مُردوں کو کفن دو کیونکہ یہ تمہارے کپڑوں میں سے بہترین ہے۔



---

6834- ورواه ابن أبي شيبة جلد3صفحه266 .

**6835** - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا إِسْمَاعِيلُ ابْنُ عُلَيَّةَ، عَنْ أَيُّوبَ، عَنْ أَبِي قِلَابَةَ، عَنْ سَمُرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: عَلَيْكُمْ بِهَذِهِ الثِّيَابِ الْبَيَاضِ، فَلْيَلْبَسْهَا أَحْيَاؤُكُمْ، وَكَفِّنُوا فِيهَا مَوْتَاكُمْ وَلَمْ يَذْكُرِ ابْنُ عُلَيَّةَ أَبَا الْمُهَلَّبِ

حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے راوی ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تم پر یہ سفید کپڑے لازم ہیں پس چاہیے کہ تمہارے زندہ اس کو پہنیں اور ان میں اپنے فوت شدگان کو کفن دو۔ اور حضرت ابن علیہ نے ابومہلب کا ذکر نہیں کیا۔

## أَبُو مِجْلَزٍ لَاحِقُ بْنُ حُمَيْدٍ عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ

## ابومجلز لاحق بن حمید' حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

**6836** - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا أَبُو الْوَلِيدِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَاصِمٍ الْأَحْوَلِ، عَنْ أَبِي مِجْلَزٍ، عَنْ سَمُرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: مَنْ نَسِيَ صَلَاةً فَلْيُصَلِّهَا إِذَا ذَكَرَهَا مِنَ الْغَدِ لِلْوَقْتِ

حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو نماز پڑھنا بھول جائے تو وہ اس کو پڑھ لے جب دوسرے دن وقت آنے کی وجہ سے اسے یاد آئے۔

## قُدَامَةُ بْنُ وَبَرَةَ الْعُجَيْفِيُّ عَنْ

## قدامہ بن وبرہ عجیفی' حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ سے روایت



6835- قال فی المجمع جلد 1صفحه322' ورجاله رجال الصحيح . قلت: أبو مجلز لاحق بن حميد قال ابن المدينی لم يلق سمرة' ثم انه مخالف للأحاديث الصحيحة .

6836- ورواه أحمد جلد 5صفحه41,8' وأبو داؤد رقم الحديث: 1041,1040' والنسائی جلد3صفحه89' وفی اسناده قدامة بن وبرة وهو مجهول وفی اسناد أبی داؤد الثانی جهالة وانقطاع ورواه ابن ماجه رقم الحديث: 1128 بسند آخر قال المنذری: منقطع .

سَمُرَةَ

6837 - حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ، ح وَحَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا عَفَّانُ بْنُ مُسْلِمٍ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ الْمُنْذِرِ الْقَزَّازُ، ثنا أَبُو عُمَرَ الْحَوْضِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ الرَّازِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ، قَالُوا: ثنا هَمَّامٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ قُدَامَةَ بْنِ وَبَرَةَ، عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ تَرَكَ جُمُعَةً مِنْ غَيْرِ عُذْرٍ فَلْيَتَصَدَّقْ بِدِينَارٍ، فَإِنْ لَمْ يَجِدْ فَبِنِصْفِ دِينَارٍ

کرتے ہیں

حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس نے بغیر عذر کے جمعہ چھوڑا' وہ ایک دینار صدقہ دے' جو ایک دینار نہ پائے وہ آدھا دینار صدقہ کرے۔

## سَوَادَةُ بْنُ حَنْظَلَةَ الْقُشَيْرِيُّ عَنْ سَمُرَةَ

## سوادہ بن حنظلہ قشیری' حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

6838 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، وَأَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، قَالَا: ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا هَمَّامٌ، ثنا سَوَادَةُ بْنُ حَنْظَلَةَ، إِمَامُ مَسْجِدِ بَنِي قُشَيْرٍ قَالَ: سَمِعْتُ سَمُرَةَ بْنَ جُنْدُبٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تمہیں بلال کی اذان دھوکہ میں نہ ڈالے' نہ وہ سفیدی جو سحری کے وقت بلندی پر دیکھی جاتی ہے۔



6837- ورواه أحمد جلد 5 صفحه 7,9,13,14,18' ومسلم رقم الحديث: 1094' والنسائي جلد4 صفحه148' وأبو داؤد رقم الحديث: 2329' والترمذي رقم الحديث: 701' وأبو عوانة جلد1 صفحه 373 .

وَسَلَّمَ: لَا يَغُرَّنَّكُمْ نِدَاءُ بِلَالٍ وَلَا بَيَاضٌ يُرَى بِأَعْلَى السَّحَرِ

6839 - حَدَّثَنَا يُوسُفُ الْقَاضِي، ثنا عَمْرُو بْنُ مَرْزُوقٍ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ سَوَادِ بْنِ حَنْظَلَةَ الْقُشَيْرِيِّ، قَالَ: سَمِعْتُ سَمُرَةَ بْنَ جُنْدُبٍ، يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَغُرَّنَّكُمْ أَذَانُ بِلَالٍ وَلَا هَذَا السَّوَادُ، حَتَّى يَنْفَجِرَ هَكَذَا وَقَالَ بِيَدِهِ عَرْضًا

حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: تمہیں بلال کی اذان اور یہ سیاہی دھوکہ میں نہ ڈالے یہاں تک کہ اس طرح سفیدی نہ ہو جائے‘ آپ نے اپنے ہاتھ سے چوڑائی کی طرف اشارہ کیا۔

6840 - حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ نُصَيْرٍ، وَأَبُو عُمَرَ الضَّرِيرُ ح وَحَدَّثَنَا يُوسُفُ الْقَاضِي، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، ح وَحَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْقَطِرَانِيُّ، ثنا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، ح وَحَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الزِّيَادِيُّ، ثنا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، قَالُوا: ثنا أَبُو هِلَالٍ، عَنْ سَوَادَةَ بْنِ حَنْظَلَةَ، عَنْ سَمُرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَمْنَعُكُمْ مِنَ السُّحُورِ أَذَانُ بِلَالٍ وَلَا الصُّبْحُ الْمُسْتَطِيلُ، وَلَكِنِ الصُّبْحُ الْمُسْتَطِيلُ فِي الْأُفُقِ وَاللَّفْظُ لِحَجَّاجِ بْنِ نُصَيْرٍ

حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: تمہیں بلال کی اذان اور صبح کا پھیلنا‘ نہ کہ وہ صبح جو اُفق پر پھیلتی ہے‘ وہ سحری کھانے سے نہ روکے۔ یہ الفاظ حدیث حجاج بن نصیر کے ہیں۔

6841 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا عَارِمٌ أَبُو النُّعْمَانِ، وَحَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ

حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: تمہیں بلال کی اذان دھوکہ میں نہ



6841- ورواه أحمد جلد5صفحه8-9‘ والبخاري رقم الحديث: 7047,6096,4674,3354,1143 مختصر ومطولا. والنسائي في الكبرى‘ واستدركه الحاكم على الشيخين جلد4صفحه397 فأخطأ . ورواه ابن أبي شيبة جلد11صفحه62-66 .

أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ، قَالَا: ثنا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَوَادَةَ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: سَمِعْتُ سَمُرَةَ بْنَ جُنْدُبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَغُرَّنَّكُمْ مِنْ سُحُورِكُمْ أَذَانُ بِلَالٍ وَلَا بَيَاضُ الصُّبْحِ هَكَذَا -وَرَفَعَ يَدَيْهِ -حَتَّى يَطِيرَ فِي الْأُفُقِ، وَعَرَّضَ بِيَدِهِ

ڈالے نہ وہ صبح کی سفیدی اس طرح (اور اپنے ہاتھوں کو بلند کیا) یہاں تک کہ وہ آسمان کے کناروں میں پھیل جائے اور آپ نے چوڑائی میں اپنے ہاتھوں سے اشارہ کیا۔

# أَبُو رَجَاءٍ الْعُطَارِدِيُّ عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ

# ابو رجاء عطاردی' حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

**6842** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَبَّاسِ الْمُؤَدِّبُ، ثنا هَوْذَةُ بْنُ خَلِيفَةَ، ثنا عَوْفٌ، عَنْ أَبِي رَجَاءٍ الْعُطَارِدِيِّ، ثنا سَمُرَةُ بْنُ جُنْدُبٍ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فِيمَا يَقُولُ لِأَصْحَابِهِ: هَلْ رَأَى أَحَدٌ مِنْكُمْ رُؤْيَا؟ قَالَ: فَنَقُصُّ عَلَيْهِ مَا شَاءَ اللّٰهُ أَنْ نَقُصَّ، قَالَ: فَقَالَ ذَاتَ غَدَاةٍ: إِنَّهُ أَتَانِي اللَّيْلَةَ اثْنَانِ ' أَوْ آتِيَانِ فَابْتَعَثَانِي، وَقَالَا لِي: انْطَلِقْ، فَانْطَلَقْتُ مَعَهُمَا ' وَإِنَّا أَتَيْنَا عَلَى رَجُلٍ مُضْطَجِعٍ، فَإِذَا آخَرُ قَائِمٌ عَلَيْهِ بِصَخْرَةٍ ' وَإِذَا هُوَ يَهْوِي بِالصَّخْرَةِ لِرَأْسِهِ، فَيَثْلَغُ رَأْسَهُ

حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس بات میں ہوتے تھے جو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم صحابہ سے فرمایا کرتے تھے: کیا تم میں سے کسی نے خواب دیکھا ہے؟ راوی کا بیان ہے: پس آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سامنے ہم بیان کرتے جو اللہ چاہتا کہ ہم بیان کریں۔ راوی کا بیان ہے کہ ایک دن آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: بے شک شان یہ ہے کہ آج رات میرے پاس دو آدمی آئے یا دو آنے والے پس اُنہوں نے مجھے اُٹھایا اور مجھ سے کہا: چلو! پس میں ان کے ساتھ چلا' ہم ایک پہلو کے بل لیٹے ہوئے آدمی کے پاس آئے۔ پس ایک دوسرا آدمی اس پر چٹان کے ساتھ کھڑا تھا جبکہ وہ اس کے سر کے لیے چٹان کو نیچے

فَيَتَدَهْدَهُ الْحَجَرُ فَيَذْهَبُ هٰهُنَا، فَيَتْبَعُهُ فَيَأْخُذُهُ ، فَلَا يَرْجِعُ إِلَيْهِ ، حَتَّى يَصِحَّ رَأْسُهُ كَمَا كَانَ، ثُمَّ يَعُودُ عَلَيْهِ فَيَفْعَلُ مِثْلَ فِعْلِ الْمَرَّةِ الْأُولَى، قُلْتُ لَهُمَا: سُبْحَانَ اللّٰهِ ، مَا هٰذَا؟ قَالَا لِي: انْطَلِقْ، فَانْطَلَقْنَا، فَأَتَيْنَا عَلَى رَجُلٍ مُسْتَلْقٍ لِقَفَاهُ ، وَإِذَا آخَرُ قَائِمٌ بِكَلُّوبٍ مِنْ حَدِيدٍ، وَإِذَا هُوَ يَأْتِي إِحْدَى شِقَّيْ وَجْهِهِ، فَيُشَرْشِرُ شِدْقَهُ إِلَى قَفَاهُ، ثُمَّ يَتَحَوَّلُ إِلَى الْجَانِبِ الْآخَرِ، فَيَفْعَلُ بِهِ مِثْلَ ذٰلِكَ، فَمَا يَفْرُغُ مِنْهُ حَتَّى يَصِحَّ ذٰلِكَ الْجَانِبُ كَمَا كَانَ، ثُمَّ يَعُودُ إِلَيْهِ ، فَيَفْعَلُ بِهِ كَمَا فَعَلَ الْمَرَّةَ الْأُولَى، قَالَ: قُلْتُ لَهُمَا: سُبْحَانَ اللّٰهِ ، مَا هٰذَانِ؟ قَالَا لِي: انْطَلِقْ، فَانْطَلَقْنَا، فَأَتَيْنَا عَلَى بِنَاءٍ مِثْلِ التَّنُّورِ -قَالَ: فَأَحْسِبُ أَنَّهُ قَالَ -فَسَمِعْنَا لَغَطًا وَأَصْوَاتًا - قَالَ -فَاطَّلَعْنَا فِيهِ، فَإِذَا فِيهِ رِجَالٌ وَنِسَاءٌ عُرَاةٌ، وَإِذَا هُوَ يَأْتِيهِمْ لَهَبٌ مِنْ أَسْفَلَ مِنْهُمْ، فَإِذَا أَتَاهُمْ ذٰلِكَ اللَّهَبُ ضَوْضَوْا قُلْتُ لَهُمَا: سُبْحَانَ اللّٰهِ ، مَا هٰؤُلَاءِ؟ قَالَا لِي: انْطَلِقْ - قَالَ: فَانْطَلَقْنَا فَأَتَيْنَا عَلَى نَهَرٍ -حَسِبْتُ أَنَّهُ قَالَ: -أَحْمَرَ مِثْلِ الدَّمِ، وَإِذَا فِي النَّهَرِ رَجُلٌ يَسْبَحُ، وَإِذَا عَلَى شَاطِئِ النَّهَرِ رَجُلٌ قَدْ جَمَعَ عِنْدَهُ حِجَارَةً، وَإِذَا ذٰلِكَ السَّابِحُ يَسْبَحُ مَا يَسْبَحُ، ثُمَّ يَأْتِي ذٰلِكَ الَّذِي قَدْ جَمَعَ عِنْدَهُ حِجَارَةً فَيَفْغَرُ لَهُ فَاهُ فَيُلْقِمُهُ حَجَرًا، فَيَذْهَبُ

کرتا ہے۔ پس وہ اس کا سر کچل دیتا ہے۔ پس پتھر لڑھک جاتا ہے۔ پس وہ اس کو پکڑ لیتا ہے' پس وہ اس کی طرف واپس نہیں آتا ہے یہاں تک کہ اس کا سر درست ہو جاتا ہے جس طرح پہلے ہوتا ہے' پھر وہ لوٹتا ہے تو اسی طرح کرتا ہے جس طرح اس نے پہلے کیا ہوتا ہے (یہ عمل مسلسل جاری ہے)۔ میں نے ان دو آدمیوں سے کہا: اللہ پاک ہے! یہ کیا ہے؟ انہوں نے مجھے کہا: چلو! پس ہم چلے' پس ہم ایک ایسے آدمی کے پاس آئے جو گدی کے بل چت لیٹا ہوا ہے۔ جبکہ ایک دوسرا آدمی لوہے کی موٹی سلاخ لے کر کھڑا ہے اور اچانک وہ آتا ہے' اس کے چہرے کے دونوں حصوں میں سے ایک کے پاس۔ پس وہ اس کی باچھ سے اس کی گدی تک درانتی کی طرح دندانے بنا دیتا ہے پھر وہ دوسری طرف پھر جاتا ہے۔ پس اس کے ساتھ بھی وہی کام کرتا ہے' پس وہ اس کام سے مکمل طور پر فارغ نہیں ہوتا ہے یہاں تک کہ اس کی پہلی طرف درست ہو جاتی ہے جس طرح پہلے تھی' پھر وہ اس کی طرف لوٹتا ہے' پس وہ اس کے ساتھ اسی طرح کرتا ہے جیسے پہلی مرتبہ کیا تھا۔ آپ ﷺ فرماتے ہیں: میں نے ان سے کہا: یہ دو کیا ہیں؟ اُنہوں نے مجھ سے کہا: چلو! پس ہم چلے تو ایک تنور جیسی دیوار پر آئے۔ راوی کا بیان ہے: میرا گمان ہے کہ آپ نے فرمایا: پس میں نے اوٹ پٹانگ باتیں اور آوازیں سماعت کیں۔ فرماتے ہیں: ہم نے اس میں جھانک کر دیکھا تو ہماری نظر پڑی کہ کچھ ننگے مرد اور عورتیں ہیں اور اچانک ان کے نیچے سے آگ کا شعلہ آتا ہے' پس

فَيَسْبَحُ مَا يَسْبَحُ، ثُمَّ يَرْجِعُ، كُلَّمَا رَجَعَ فَغَرَ لَهُ فَاهُ فَأَلْقَمَهُ حَجَرًا، قُلْتُ لَهُمَا: مَا هَذَا؟ قَالَا لِي: انْطَلِقْ فَانْطَلَقْنَا، فَأَتَيْنَا عَلَى رَجُلٍ كَرِيهِ الْمَرْآةِ كَأَكْرَهِ مَا أَنْتَ رَاءٍ رَجُلًا مِرْآةً، وَإِذَا نَارٌ يَحُشُّهَا وَيَسْعَى حَوْلَهَا -قَالَ -قُلْتُ لَهُمَا: مَا هَذَا؟ قَالَا لِي: انْطَلِقْ انْطَلِقْ، فَانْطَلَقْنَا، فَأَتَيْنَا رَوْضَةً مُعْشِبَةً فِيهَا مِنْ كُلِّ الرَّبِيعِ، وَإِذَا بَيْنَ ظَهْرَانَيِ الرَّوْضَةِ رَجُلٌ طَوِيلٌ لَا أَكَادُ أَنْ أَرَى رَأْسَهُ طُولًا فِي السَّمَاءِ، وَإِذَا حَوْلَ الرَّجُلِ مِنْ أَكْثَرِ وِلْدَانٍ رَأَيْتُهُمْ قَطُّ وَأَحْسَنِهِمْ -قَالَ -قُلْتُ لَهُمَا: سُبْحَانَ اللَّهِ مَا هَذَا؟ وَمَا هَؤُلَاءِ؟ قَالَا لِي: انْطَلِقْ فَانْتَهَيْنَا إِلَى دَوْحَةٍ عَظِيمَةٍ لَمْ أَرَ دَوْحَةً قَطُّ أَعْظَمَ مِنْهَا، وَلَا أَحْسَنَ -قَالَ -قَالَا لِي: ارْقَ فِيهَا، فَارْتَقَيْنَا، فَانْتَهَيْنَا إِلَى مَدِينَةٍ مَبْنِيَّةٍ بِلَبِنِ ذَهَبٍ وَلَبِنِ فِضَّةٍ، فَأَتَيْنَا بَابَ الْمَدِينَةِ، فَاسْتَفْتَحْنَاهَا، فَفُتِحَ لَنَا، فَدَخَلْنَاهَا، فَتَلَقَّانَا فِيهَا رِجَالٌ شَطْرٌ مِنْ خَلْقِهِمْ كَأَحْسَنِ مَا أَنْتَ رَاءٍ، وَشَطْرٌ كَأَقْبَحِ مَا أَنْتَ رَاءٍ رَجُلًا -قَالَ -فَقَالَا: اذْهَبُوا فَقَعُوا فِي ذَلِكَ النَّهْرِ، وَإِذَا نَهْرٌ مُعْتَرِضٌ يَجْرِي كَأَنَّ مَاءَهُ الْمَحْضُ بِالْبَيَاضِ -قَالَ: فَذَهَبُوا فَوَقَعُوا فِيهِ، ثُمَّ رَجَعُوا إِلَيْنَا وَقَدْ ذَهَبَ عَنْهُمُ السُّوءُ، وَصَارُوا فِي أَحْسَنِ صُورَةٍ - قَالَ: قَالَا لِي: هَذِهِ جَنَّةُ عَدْنٍ، وَهَا هُوَ ذَاكَ

جب انہیں آگ کا شعلہ پہنچتا ہے تو وہ شور کرتے ہیں۔ میں نے ان دونوں سے کہا: سبحان اللہ! یہ کیا ہیں؟ اُنہوں نے مجھ سے کہا: چلو! پس ہم چلے تو ایک نہر پر آئے۔ (راوی کہتا ہے:) میرا گمان ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا: سرخ خون کی مانند۔ اس نہر میں ایک آدمی تیر رہا تھا اور اس نہر کے کنارے ایک آدمی تھا جس نے پتھر اکٹھے کر رکھے تھے‘ تیرنے والا آدمی تیرتا جتنا وہ تیرتا پھر وہ اس کے پاس آتا جس نے پتھر اکٹھے کر رکھے تھے۔ پس وہ اس کے سامنے اپنا منہ کھولتا اور وہ اس میں ایک پتھر ڈال دیتا تھا۔ پس وہ چلا جاتا‘ وہ تیرتا رہتا جتنا وہ تیرتا‘ پھر ہو لوٹ آتا‘ جب بھی وہ لوٹتا تو وہ اپنا منہ کھولتا اور دوسرا آدمی اس کے منہ میں پتھر پھینک دیتا تھا۔ میں نے ان دونوں سے کہا: یہ کیا ہے؟ اُنہوں نے مجھ سے کہا: چلو! پس ہم چل کر ایک ایسے آدمی کے پاس آئے جو انتہائی بھیانک منظر والا تھا‘ جتنا ناپسندیدہ آپ نے کوئی نہ دیکھا ہوگا‘ ایک آگ ہے جسے وہ بھڑکاتا ہے اور اس کے گرد چکر لگاتا ہے۔ فرماتے ہیں: میں نے دونوں سے کہا: یہ کیا ہے؟ ان دونوں نے مجھے کہا: چلو! پس ہم چلے۔ پس ہم ایک گھاس والے باغ پر آئے‘ اس میں ہر قسم کی گھاس تھی‘ اس باغ کے درمیان ایک لمبا تڑنگا آدمی تھا‘ قریب تھا کہ میں اس کے سر کو لمبائی میں آسمان میں جاتا ہوا دیکھوں‘ اس کے اردگرد بہت سارے خوبصورت بچے تھے۔ فرماتے ہیں کہ میں نے ان دونوں سے کہا: سبحان اللہ! یہ کیا ہے؟ اور یہ بچے کیا ہیں؟ ان دونوں نے مجھ سے کہا: چلو! پس ہم ایک بہت بڑے پھیلے ہوئے گنجان

مَنْزِلُكَ، فَسَمَا بَصَرِي مُصْعِدًا -قَالَ- فَإِذَا قَصْرٌ مِثْلُ الرَّبَابَةِ الْبَيْضَاءِ -قَالَ: قَالَا: هُوَ ذَاكَ مَنْزِلُكَ، فَقُلْتُ لَهُمَا: بَارَكَ اللّٰهُ فِيكُمَا، خَلِّيَانِي، ذَرَانِي أَدْخُلْهُ، قَالَا لِي: أَمَّا الْآنَ، فَلَا، وَأَنْتَ دَاخِلُهُ -قَالَ- فَقُلْتُ لَهُمَا: إِنِّي قَدْ رَأَيْتُ مُنْذُ اللَّيْلَةِ عَجَبًا، فَمَا هَذَا الَّذِي رَأَيْتُ؟ -قَالَ- قَالَا لِي: أَمَا إِنَّا سَنُخْبِرُكَ: أَمَّا الرَّجُلُ الْأَوَّلُ الَّذِي أَتَيْتَ عَلَيْهِ يُثْلَغُ رَأْسُهُ بِالْحَجَرِ فَإِنَّهُ رَجُلٌ يَأْخُذُ الْقُرْآنَ، وَيَنَامُ عَنِ الصَّلَاةِ الْمَكْتُوبَةِ، وَأَمَّا الرَّجُلُ الَّذِي أَتَيْتَ عَلَيْهِ يُشَرْشَرُ شِدْقُهُ وَعَيْنُهُ وَمِنْخَرَاهُ إِلَى قَفَاهُ، فَإِنَّهُ الرَّجُلُ يَغْدُو مِنْ بَيْتِهِ، فَيَكْذِبُ الْكَذِبَةَ تَبْلُغُ الْآفَاقَ، وَأَمَّا الرِّجَالُ وَالنِّسَاءُ الْعُرَاةُ الَّذِينَ فِي مِثْلِ بِنَاءِ التَّنُّورِ، فَإِنَّهُمُ الزُّنَاةُ وَالزَّوَانِي، وَأَمَّا الرَّجُلُ الَّذِي يَسْبَحُ فِي النَّهْرِ، وَيُلْقَمُ الْحِجَارَةَ، فَإِنَّهُ آكِلُ الرِّبَا، وَأَمَّا الرَّجُلُ الَّذِي عِنْدَهُ الْكَرِيهُ الْمَرْآةِ فَإِنَّهُ مَالِكٌ خَازِنُ جَهَنَّمَ، وَأَمَّا الرَّجُلُ الَّذِي فِي الرَّوْضَةِ فَإِنَّهُ إِبْرَاهِيمُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَأَمَّا الْوِلْدَانُ الَّذِينَ حَوْلَهُ فَكُلُّ مَوْلُودٍ عَلَى الْفِطْرَةِ قَالَ: وَقَالَ بَعْضُ الْمُسْلِمِينَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، وَأَوْلَادُ الْمُشْرِكِينَ؟ قَالَ: وَأَوْلَادُ الْمُشْرِكِينَ، وَأَمَّا الْقَوْمُ الَّذِينَ كَانُوا شَطْرًا مِنْهُمْ حَسَنًا وَشَطْرًا مِنْهُمْ قَبِيحًا، فَإِنَّهُمْ قَوْمٌ خَلَطُوا عَمَلًا صَالِحًا



درخت تک پہنچے۔ میں نے اتنا بڑا اور اتنا خوبصورت درخت نہ دیکھا تھا۔ فرماتے ہیں: ان دونوں نے مجھے کہا: اس میں چڑھیں' پس ہم ایک شہر تک پہنچے جو سونے اور چاندی کی اینٹوں سے بنا ہوا تھا' پس ہم شہر کے دروازے کے پاس پہنچے' پس ہم نے اس کے کھلنے کی خواہش کی تو ہمارے لیے اسے کھولا گیا۔ پس ہم اس میں داخل ہوئے تو ہمیں اس میں کچھ لوگ ملے جن کی طرف تو اتنی خوبصورت تھی جیسی تُو نے دیکھی نہ ہو اور ایک طرف اتنی بدصورت کہ تُو نے ایسا آدمی نہ دیکھا ہو۔ آپ فرماتے ہیں: تو ان دونوں نے کہا: جاؤ! اس نہر میں داخل ہو جاؤ جبکہ وہاں ایک ایسی نہر تھی جس میں بہت زیادہ سفید پانی چلتا تھا۔ فرماتے ہیں: وہ جا کر اس میں داخل ہو گئے پھر لوٹ کر ہماری طرف آئے اس حال میں کہ وہ تکلیف اُن سے دور ہو چکی تھی' ان کی شکل خوبصورت ہو چکی تھی۔ فرماتے ہیں: ان دونوں نے مجھ سے کہا: یہ جنت عدن ہے اور یہ وہ جگہ ہے جو آپ کی منزل ہے۔ پس میں نے اپنی نظروں کو اوپر اُٹھایا۔ فرماتے ہیں: مجھے سفید بادل کی مانند ایک محل نظر آیا۔ فرماتے ہیں: اُنہوں نے مجھے بتایا: یہ آپ کی منزل ہے۔ میں نے ان سے کہا: اللہ آپ کو برکت دے! مجھے اجازت دو! مجھے چھوڑو! میں تو اس میں جاتا ہوں۔ اُنہوں نے مجھ سے کہا: لیکن ابھی آپ داخل نہ ہوں گے۔ فرماتے ہیں: میں نے ان سے کہا: بے شک آج رات میں نے تعجب خیز چیزیں دیکھی ہیں۔ پس یہ کیا ہے جو میں نے دیکھا ہے (لوگوں کی خاطر حکایت بنانے کیلئے پوچھا ورنہ

وَآخَرَ سَيِّئًا فَتَجَاوَزَ اللّٰهُ عَنْهُمْ

آپ ﷺ کو علم تھا) اُنہوں نے مجھ سے کہا: (اب) ہم آپ کو خبر دیتے ہیں کہ وہ پہلا آدمی جس پر آئے جس کا سر پتھر سے کچلا جا رہا تھا' اس کی وجہ یہ تھی کہ وہ قرآن کا علم حاصل کرنے والا تھا لیکن فرض نماز کے وقت سو جاتا تھا' بہرحال وہ آدمی جس پر آپ آئے اور اس کی باچھوں' آنکھوں اور ناک کے دندانے بنائے جا رہے تھے تو وہ آدمی گھر سے نکلتا تھا تو جھوٹ بولتا تھا جو آسمان کے کناروں میں پھیل جاتا تو وہ ننگے مرد اور عورتیں جو تنور جیسی چار دیواری میں تھے وہ زانی تھے' لیکن وہ آدمی جو نہر میں تیر رہا تھا اور پتھر نگل رہا تھا' وہ سود کھانے والا تھا۔ بہرحال وہ آدمی جس کے پاس مکروہ صورت عورت تھی تو وہ خازن جہنم مالک تھا' وہ آدمی جو باغ میں تھا وہ حضرت ابراہیم علیہ السلام تھے اور وہ بچے جوان کے اردگرد تھے وہ ہر بچہ فطرتِ اسلام پر پیدا ہوتا ہے۔ راوی کا بیان ہے: اور بعض مسلمانوں نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! کیا وہ مشرکین کے بچے تھے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ہاں! وہ مشرکین کے بچے تھے اور وہ گروہ جن کی ایک طرف خوبصورت اور دوسری بدصورت تھی' وہ ایسے لوگ تھے جنہوں نے بعض اعمال اچھے کیے اور بعض اعمال بُرے کیے لیکن اللہ تعالیٰ نے ان پر مہربانی فرمائی' ان کو معاف کر دیا۔

**6843** - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ دَاوُدَ الْمَكِّيُّ، بِمِصْرَ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَطَاءٍ الْخُزَاعِيُّ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ عَوْفٍ، عَنْ أَبِي رَجَاءٍ الْعُطَارِدِيِّ، عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ، قَالَ: كَانَ

حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ جب بھی صبح کرتے تو صحابہ کرام سے فرماتے: کیا تم میں سے کسی نے کوئی خواب دیکھا ہے؟ راوی کا بیان ہے: ایک دن' رسول کریم ﷺ نے صبح

رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كُلَّمَا أَصْبَحَ قَالَ لِأَصْحَابِهِ: هَلْ رَأَى أَحَدٌ مِنْكُمْ رُؤْيَا؟ قَالَ: وَإِنَّهُ أَصْبَحَ ذَاتَ يَوْمٍ، فَقَالَ: إِنِّي رَأَيْتُ كَأَنَّ اثْنَيْنِ أَتَيَانِي، فَقَالَا: انْطَلِقِ انْطَلِقْ، فَانْطَلَقْتُ مَعَهُمَا، حَتَّى انْتَهَيَا بِي عَلَى شَيْخٍ أَبْيَضَ الرَّأْسِ وَاللِّحْيَةِ، كَئِيبٍ حَزِينٍ عِنْدَهُ نَارٌ وَهُوَ يَحُشُّهَا وَيُصْلِحُ مِنْهَا، فَقُلْتُ: بَارَكَ اللّٰهُ فِيكُمَا، مَنْ هَذَا الشَّيْخُ؟ وَمَا هَذِهِ النَّارُ؟ فَقَالَا لِيَ: انْطَلِقِ انْطَلِقْ، فَانْطَلَقْتُ مَعَهُمَا، حَتَّى انْتَهَيَا بِي إِلَى رَجُلٍ، وَإِذَا رَجُلٌ قَائِمٌ عَلَى رَأْسِهِ وَإِذَا بِيَدِهِ كَلُّوبٌ مِنْ حَدِيدٍ، وَهُوَ يُشَرْشِرُ فَمَهُ إِلَى قَفَاهُ، وَمَنْخَرَهُ إِلَى قَفَاهُ وَعَيْنَهُ إِلَى قَفَاهُ، ثُمَّ يَفْعَلُ بِهَذِهِ النَّاحِيَةِ الْأُخْرَى، فَمَا يَفْرُغُ مِنْهَا حَتَّى تَعُودَ تِلْكَ النَّاحِيَةُ كَأَصَحِّ مَا كَانَتْ، فَقُلْتُ: يَا بَارَكَ اللّٰهُ فِيكُمْ مَا هَذَانِ الرَّجُلَانِ؟ قَالَا لِيَ: انْطَلِقِ انْطَلِقْ، فَانْطَلَقْتُ مَعَهُمَا حَتَّى أَتَيَا بِي إِلَى رَجُلٍ مُسْتَلْقٍ عَلَى قَفَاهُ، وَإِذَا رَجُلٌ قَائِمٌ عَلَى رَأْسِهِ بِيَدِهِ صَخْرَةٌ، وَهُوَ يَثْلَغُ بِهَا رَأْسَهُ، فَيُدَهْدِهُ الْحَجَرُ مَكَانًا أَتَاكَ أَتَاكَ، فَيَذْهَبُ فَيَأْخُذُهُ، فَمَا يَرْجِعُ إِلَى صَاحِبِهِ حَتَّى يَرْجِعَ رَأْسُهُ كَأَصَحِّ مَا كَانَ، فَيَفْعَلُ نَحْوَ مَا فَعَلَ، فَقُلْتُ: يَا بَارَكَ اللّٰهُ فِيكُمَا، مَا هَذَانِ؟ قَالَا: انْطَلِقِ انْطَلِقْ، فَانْطَلَقْتُ مَعَهُمَا، حَتَّى انْتَهَيَا بِي إِلَى شِبْهِ الْبِرْكَةِ، وَإِذَا فِيهَا رَجُلٌ



فرمائی تو فرمایا: میں نے (خواب) دیکھا ہے گویا دو آدمی میرے پاس آئے' کہا: چلو چلو! پس میں ان کے ساتھ چلا' حتیٰ کہ ہم ایک سفید سر اور سفید ریش آدمی کے پاس پہنچے جو غمگین اور پریشان تھا' اس کے پاس آگ تھی اور وہ اُسے بھڑکا رہا تھا اور اس سے اصلاح کر رہا تھا۔ میں نے ان سے کہا: اللہ آپ کو برکت دے! یہ بوڑھا آدمی کون ہے اور یہ آگ کیا ہے؟ اُنہوں نے مجھ سے کہا: چلو چلو! میں ان کے ساتھ چلا حتیٰ کہ وہ مجھے ایک آدمی کے پاس لائے' جس کے سر پر دوسرا آدمی کھڑا تھا' جس کے ہاتھ میں لوہے کی سلاخ تھی' وہ اس کے منہ سے اس کی گدی تک دندانے بنا رہا تھا درانتی کی طرح' ناک سے گدی تک اور اس کی آنکھ سے گدی تک' پھر وہ اس دوسری طرف سے ایسا کرتا ہے' پس وہ دوسری طرف سے ابھی فارغ نہیں ہوا ہوتا کہ اس کا پہلا حصہ بالکل پہلے کی طرح درست ہو جاتا ہے۔ میں نے ان سے کہا: اللہ آپ دونوں کو برکت دے! یہ دو آدمی کیا ہیں؟ اُنہوں نے مجھ سے کہا: آگے چلو' آگے چلو! پس میں ان کے ساتھ چلا حتیٰ کہ وہ مجھے ایک گدی کے بل لیٹے ہوئے آدمی کے پاس لائے' اس کے سر پر ایک آدمی کھڑا تھا جس کے ہاتھ میں پتھر ہے' اس کے ساتھ وہ اس کا سر کچل دیتا ہے' پس وہ پتھر لڑھک جاتا ہے' ایک جگہ آہستہ آہستہ۔ پس وہ جاتا ہے اور اس کو پکڑ لاتا ہے۔ پس وہ اس آدمی کی طرف لوٹ کر آتا ہے تو اتنے تک اس کا سر بھی درست ہو جاتا ہے' پس وہ پہلے جیسا کام کرتا ہے۔ میں نے کہا: اللہ آپ کو برکت دے! یہ دونوں کیا ہیں؟ ان دونو

يَسْبَحُ، وَإِذَا رَجُلٌ قَائِمٌ عَلَى شَفَةِ الْبِرْكَةِ بِيَدِهِ صَخْرَةٌ، فَيَجِيءُ السَّابِحُ فَيَفْغَرُ لَهُ فَاهُ، فَيُلْقِمُهُ ذَلِكَ الْحَجَرَ، فَقُلْتُ: يَا بَارَكَ اللّٰهُ فِيكُمَا، مَا هَذَانِ؟ قَالَا لِيَ: انْطَلِقِ انْطَلِقْ، فَانْطَلَقْتُ مَعَهُمَا حَتَّى انْتَهَيَا بِي إِلَى شِبْهِ التَّنُّورِ، وَإِذَا فِيهِ رِجَالٌ وَنِسَاءٌ، فَيَأْتِيهِمْ لَهَبٌ أَسْفَلَ مِنْهُمْ فَيُضَوْضِوُوا، فَقُلْتُ: يَا بَارَكَ اللّٰهُ فِيكُمَا، مَا هَؤُلَاءِ؟ فَقَالَا لِيَ: انْطَلِقِ انْطَلِقْ، فَانْطَلَقْتُ مَعَهُمَا حَتَّى انْتَهَيَا بِي إِلَى أَرْضٍ بَيْضَاءَ كَأَنَّهَا الْفِضَّةُ، وَإِذَا فِيهَا كُلُّ نَوْرِ رَبِيعٍ، وَإِذَا رَجُلٌ أَبْيَضُ الرَّأْسِ وَاللِّحْيَةِ كَأَجْمَلِ مَا أَنْتَ رَاءٍ مِنَ الرِّجَالِ، وَإِذَا عِنْدَهُ وِلْدَانٌ فَهُوَ مُحَوِّشُهُمْ وَيُصْلِحُ مِنْهُمْ، فَقُلْتُ: يَا بَارَكَ اللّٰهُ فِيكُمَا، مَنْ هَذَا الشَّيْخُ؟ وَمَنْ هَؤُلَاءِ الْوِلْدَانُ؟ قَالَا لِيَ: انْطَلِقِ انْطَلِقْ، فَانْطَلَقْتُ مَعَهُمَا حَتَّى انْتَهَيَا بِي إِلَى أَرْضٍ بَيْضَاءَ كَأَنَّهَا الْفِضَّةُ، وَإِذَا فِيهَا نَهَرٌ يَجْرِي، وَيَجِيءُ قَوْمٌ نِصْفُ أَجْسَادِهِمْ كَأَحْسَنِ مَا أَنْتَ رَاءٍ، وَنِصْفُ أَجْسَادِهِمْ كَأَقْبَحِ مَا أَنْتَ رَاءٍ، فَيَدْخُلُونَ فِي ذَلِكَ النَّهَرِ كَأَنَّمَا أُمِرُوا بِهِ، فَيَخْرُجُونَ مِنْهُ كَأَنَّمَا دُهِنُوا بِالدِّهَانِ، فَقُلْتُ: يَا بَارَكَ اللّٰهُ فِيكُمَا، مَا هَؤُلَاءِ؟ قَالَا: انْطَلِقِ انْطَلِقْ، فَانْطَلَقْتُ مَعَهُمَا حَتَّى انْتَهَيَا بِي إِلَى سِدْرَةِ الْمُنْتَهَى، وَهِيَ جَنَّةُ عَدْنٍ، وَذَاكَ مَنْزِلُكَ، قُلْتُ: يَا بَارَكَ اللّٰهُ فِيكُمَا

**6886** - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ هَارُونَ، ثنا مَرْوَانُ بْنُ جَعْفَرٍ السَّمُرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ خُبَيْبِ بْنِ سُلَيْمَانَ بْنِ سَمُرَةَ، ثنا جَعْفَرُ بْنُ سَعْدِ بْنِ سَمُرَةَ، عَنْ خُبَيْبِ بْنِ سُلَيْمَانَ بْنِ سَمُرَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ لَنَا: لَا تَحْلِفُوا بِالطَّوَاغِيتِ، وَلَا تَحْلِفُوا بِآبَائِكُمْ، وَاحْلِفُوا بِاللّٰهِ، فَإِنَّهُ أَحَبُّ إِلَيْهِ أَنْ تَحْلِفُوا بِهِ، وَلَا تَحْلِفُوا بِشَيْءٍ مِنْ دُونِهِ

حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ ہمیں فرماتے تھے: نہ تو بتوں اور اپنے آباء کی قسمیں اُٹھاؤ، قسم اللہ کے نام کی اُٹھانی چاہیے کیونکہ مجھے اس کی قسم اُٹھانا پسند ہے اس کے علاوہ کسی شی کی قسم نہ اُٹھاؤ۔

**6887** - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ هَارُونَ، ثنا مَرْوَانُ بْنُ جَعْفَرٍ السَّمُرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ خُبَيْبٍ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ خُبَيْبِ بْنِ سُلَيْمَانَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ سَمُرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَأْمُرُنَا أَنْ نَقْرَأَ الْقُرْآنَ الْكَرِيمَ كَمَا أَقْرَأْنَاهُ، وَقَالَ: إِنَّهُ أُنْزِلَ عَلَى ثَلَاثَةِ أَحْرُفٍ، لَا تَخْتَلِفُوا فِيهِ، وَلَا تُحَاجُّوا فِيهِ، فَإِنَّهُ مُبَارَكٌ، فَاقْرَأُوهُ كَالَّذِي أُقْرِئْتُمُوهُ

حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ ہمیں قرآن پڑھنے کا حکم دیتے جس طرح ہم پڑھیں اور فرمایا: قرآن تین قرأتوں پر نازل ہوا ہے اس میں اختلاف نہ کرو اس میں نہ جھگڑو کیونکہ یہ بابرکت ہے اس کو پڑھو جس طرح اس کو نازل کیا گیا ہے۔



---

6886- قال في المجمع جلد 4 صفحه 177' ورواه البزار جلد 2 صفحه 155 (زوائد البزار) مختصرًا وفي اسناد الطبراني مساتير وفي اسناد البزار ضعيف .

6887- ورواه البزار قال في المجمع جلد 7 صفحه 152' واسنادهما ضعيف .

6888 - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ هَارُونَ، ثنا مَرْوَانُ بْنُ جَعْفَرٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، ثنا جَعْفَرُ بْنُ سَعْدِ بْنِ سَمُرَةَ، عَنْ خُبَيْبِ بْنِ سُلَيْمَانَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ سَمُرَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ الْعَرَبَ بَنُو سَامِ بْنِ نُوحٍ، وَإِنَّ الرُّومَ بَنُو يَافِثَ بْنِ نُوحٍ، وَإِنَّ الْحَبَشَةَ بَنُو حَامِ بْنِ نُوحٍ

حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: عرب‘ سام بن نوح کی اولاد سے ہیں اور روم والے یافث بن نوح کی اولاد سے ہیں اور حبشہ والے حام بن نوح کی اولاد سے ہیں۔

6889 - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ هَارُونَ، ثنا مَرْوَانُ بْنُ جَعْفَرٍ السَّمُرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ خُبَيْبِ بْنِ سُلَيْمَانَ بْنِ سَمُرَةَ، ثنا جَعْفَرُ بْنُ سَعْدِ بْنِ سَمُرَةَ، عَنْ خُبَيْبِ بْنِ سُلَيْمَانَ بْنِ سَمُرَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ سَمُرَةَ، قَالَ: إِنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَأْمُرُنَا إِنْ شُغِلَ أَحَدُنَا عَنِ الصَّلَاةِ، أَوْ نَسِيَهَا حَتَّى يَذْهَبَ حِينُهَا الَّذِي تُصَلَّى فِيهِ، أَنْ نُصَلِّيَهَا مَعَ الَّتِي تَلِيهَا مِنَ الصَّلَاةِ الْمَكْتُوبَةِ

حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ ہمیں حکم دیتے تھے کہ جب ہم میں سے کوئی نماز پڑھنا بھول جائے یہاں تک کہ اسکا وقت چلا جائے جس میں نماز پڑھی جاتی ہے‘ ہم اس کو اس فرض نماز کے ساتھ پڑھ لیں جو اس سے ملی ہوئی ہے۔

6890 - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ هَارُونَ، ثنا مَرْوَانُ بْنُ جَعْفَرٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، ثنا جَعْفَرُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ خُبَيْبِ بْنِ سُلَيْمَانَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ الشَّهْرَ لَا يَكْمُلُ ثَلَاثِينَ لَيْلَةً قَالَ مُوسَى بْنُ هَارُونَ:

حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: مہینہ تیس دنوں کا مکمل نہیں ہوتا ہے۔ حضرت موسیٰ بن ہارون فرماتے ہیں: اس کا مطلب ہے کہ ہر ماہ تیس دنوں کا نہیں ہوتا ہے‘ کبھی کبھی انتیس دنوں کا بھی ہوتا ہے۔



6889- ورواه البزار رقم الحديث:397 كشف الأستار وفى اسناده يوسف بن خالد السمتى وهو كذاب . قلت: وليس هو اسناد الطبرانى . وانظر المجمع جلد1صفحه321-322 .

مَعْنَاهُ: أَنَّهُ لَا يَكْمُلُ كُلُّ شَهْرٍ ثَلَاثِينَ، أَيْ أَنَّهُ أَحْيَانًا يَكُونُ تِسْعَةً وَعِشْرِينَ

**6891** - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ هَارُونَ، ثنا مَرْوَانُ بْنُ جَعْفَرٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، ثنا جَعْفَرُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ خُبَيْبِ بْنِ سُلَيْمَانَ بْنِ سَمُرَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِذَا قُمْتُمْ إِلَى الصَّلَاةِ فَلَا تَسْبِقُوا قَارِئَكُمْ فِي الرُّكُوعِ وَالسُّجُودِ وَالْقِيَامِ، وَلَكِنْ لِيَسْبِقْكُمْ تُدْرِكُونَ مَا سُبِقْتُمْ بِهِ فِي ذَلِكَ، إِذَا كَانَ هُوَ يَرْفَعُ رَأْسَهُ فِي الرُّكُوعِ وَالسُّجُودِ وَالْقِيَامِ قَبْلَكُمْ، فَتُدْرِكُوا مَا فَاتَكُمْ بِهِ حِينَئِذٍ

حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب تم نماز پڑھو تو امام سے پہلے رکوع و سجود و قیام میں جلدی نہ کرو جو تم پالو وہ پڑھ لو اور جو رہ جائے تو وہ بعد میں پڑھ لو اپنا سر رکوع و سجود اور قیام میں پھیلایا نہ کرو جو رہ جائے وہ پڑھ لو۔

**6892** - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ هَارُونَ، ثنا مَرْوَانُ بْنُ جَعْفَرٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، ثنا جَعْفَرُ بْنُ سَعْدِ بْنِ سَمُرَةَ، عَنْ خُبَيْبِ بْنِ سُلَيْمَانَ بْنِ سَمُرَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ لَنَا: إِذَا قَاتَلْتُمُ الْمُشْرِكِينَ فَاقْتُلُوا شُيُوخَهُمْ، فَإِنَّ أَلْيَنَهُمْ قُلُوبًا شَرْخُهُمْ

حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ ہمیں فرماتے تھے: تم مشرکوں کو مارو ان کے بڑوں کو مارو کیونکہ ان کے بچوں کے دل زیادہ نرم ہوتے ہیں۔

**6893** - وَبِإِسْنَادِهِ عَنْ سَمُرَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِذَا

حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی نماز میں تھوکے تو اپنے



6891- قال في المجمع جلد 2 صفحه 78' وروى البزار (47 كشف الأستار) بعضه وهو ضعيف . وقال الحافظ في زوائد البزار: فيه ضعف بين .

6893- ورواه البزار (412 كشف الأستار) .

نَفَثَ أَحَدُكُمْ وَهُوَ فِي صَلَاتِهِ، فَلَا يَنْفُثْ قُدَّامَ وَجْهِهِ، وَلَا عَنْ يَمِينِهِ، وَلْيَنْفُثْهَا تَحْتَ قَدَمِهِ، فَيُدْلِكْهَا بِالْأَرْضِ

چہرے کے سامنے نہ تھوکے اور نہ دائیں جانب بلکہ اپنے قدموں کے نیچے تھوکے اور زمین پر مل دے۔

6894 - وَبِإِسْنَادِهِ عَنْ سَمُرَةَ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَأْمُرُنَا أَنَّهُ مَنْ ضَلَّ لَهُ مَالٌ أَوِ اسْتُرِقَ فَعَرَفَهُ، وَجَاءَ عَلَيْهِ سَنَةٌ، فَإِنَّ مَالَهُ يُؤَدَّى إِلَيْهِ، وَإِنَّ الَّذِي ابْتَاعَهُ يَبِيعُ ثَمَنَهُ عِنْدَ بَيْعِهِ الَّذِي ابْتَاعَ مِنْهُ

حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ ہمیں حکم دیتے تھے کہ جس کا مال گم ہو جائے یا چوری کر لیا جائے تو اس کا اعلان کرے ایک سال تک اس کا اعلان کرے اس کا مال اس کو واپس کر دیا جائے گا' وہ جس نے خریدا ہے اس کو پیسوں کے بدلے فروخت کر دے وہ جس نے خریدنا ہے۔

6895 - وَبِإِسْنَادِهِ عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ زَمَنَ الْفَتْحِ: إِنَّ هَذَا عَامُ الْحَجِّ الْأَكْبَرِ، قَالَ: اجْتَمَعَ حَجُّ الْمُسْلِمِينَ وَحَجُّ الْمُشْرِكِينَ فِي ثَلَاثَةِ أَيَّامٍ مُتَتَابِعَاتٍ، وَاجْتَمَعَ حَجُّ الْمُسْلِمِينَ وَالْمُشْرِكِينَ وَالنَّصَارَى، وَالْيَهُودِ الْعَامَ فِي سِتَّةِ أَيَّامٍ مُتَتَابِعَاتٍ، وَلَمْ يَجْتَمِعْ مُنْذُ خُلِقَتِ السَّمَاوَاتُ وَالْأَرْضُ كَذَلِكَ قَبْلَ الْعَامِ، وَلَا يَجْتَمِعُ بَعْدَ الْعَامِ حَتَّى تَقُومَ السَّاعَةُ

حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فتح کے سال فرمایا: بے شک یہ حج اکبر کا سال فرمایا: مسلمان اور مشرکین تین دن لگاتار جمع ہوئے ہیں' اس سال مسلمان' یہودی اور عیسائی لگاتار چھ دن جمع ہوئے' اسی طرح اس سال سے پہلے' جب سے زمین و آسمان پیدا کیے گئے ہیں' جمع نہ ہوئے تھے اور اس سال کے بعد قیامت تک اکٹھے ہوں گے۔

6896 - وَبِإِسْنَادِهِ عَنْ سَمُرَةَ: أَنَّ

حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ



---

6894- ورواه البزار جلد2صفحه167 (زوائد البزار) .

6895- قال في المجمع جلد8صفحه102' وفيه من لم أعرفهم . ورواه البزار جلد 1صفحه190 (زوائد البزار)' وفيه يوسف بن خالد السمتي وهو ضعيف .

6896- قال في المجمع جلد7صفحه291 وفيه من لم أعرفه . ورواه البزار وفي اسناده يوسف بن خالد السمتي وهو متروك .

رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَنْهَى النِّسَاءَ أَنْ يَضْطَجِعْنَ مَعَ بَعْضٍ، إِلَّا بَيْنَهُنَّ ثِيَابٌ، وَأَنْ يَضْطَجِعَ الرَّجُلُ مَعَ صَاحِبِهِ، إِلَّا وَبَيْنَهُمَا ثَوْبٌ

عورتوں کو منع کرتے تھے کہ ایک دوسرے کے ساتھ اکٹھی لیٹیں، ہاں اگر درمیان کپڑا ہو تو کوئی حرج نہیں اور مرد کو مرد کے ساتھ لیٹنے سے منع کیا، ہاں اگر درمیان میں کپڑا ہو تو کوئی حرج نہیں۔

6897 - بِإِسْنَادِهِ، عَنْ سَمُرَةَ: أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنْهَى الْمُسْلِمَ أَنْ يَسْتَلَّ عَلَى الْمُسْلِمِ السِّلَاحَ

حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے منع فرمایا کہ مسلمان، مسلمان پر اسلحہ نہ سونتے۔

6898 - وَبِإِسْنَادِهِ عَنْ سَمُرَةَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُولُ: الْمُؤْمِنُ يَأْكُلُ فِي مِعًى وَاحِدٍ، وَالْكَافِرُ يَأْكُلُ فِي سَبْعَةِ أَمْعَاءٍ

حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: مؤمن ایک آنت میں کھاتا ہے اور کافر سات آنتوں میں کھاتا ہے۔

6899 - وَبِإِسْنَادِهِ عَنْ سَمُرَةَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُولُ: أَيُّكُمْ مَا صَنَعَ طَعَامًا قَدْرَ مَا يَكْفِي رَجُلَيْنِ، فَإِنَّهُ يَكْفِي ثَلَاثَةً، أَوْ صَنَعَ لِثَلَاثَةٍ فَإِنَّهُ يَكْفِي أَرْبَعَةً، أَوْ لِأَرْبَعَةٍ فَإِنَّهُ يَكْفِي خَمْسَةً، فَكَنَحْوِ ذَلِكَ مِنَ الْعَدَدِ

حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: تم میں سے کون ہے جو اتنا کھانا بنائے جو دو آدمیوں کے لیے کافی ہو، کیونکہ وہ تین کیلئے کافی ہوتا ہے، یا تین کے لیے بنایا جائے تو وہ چار کے لیے کافی ہوتا ہے، یا چار کے لیے بنائے وہ پانچ کے لیے کافی ہوتا ہے، اسی طرح اس کی مقدار۔

6900 - وَبِإِسْنَادِهِ عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ، قَالَ: إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَأْمُرُنَا أَنْ نَشْهَدَ الْجُمُعَةَ، وَلَا نَتَغَيَّبَ عَنْهَا، وَإِذَا انْتُدِبَ الْمُؤْمِنُونَ بِنُدْبَةٍ يَوْمَ

حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ ہمیں نمازِ جمعہ کے لیے حاضر ہونے کا حکم دیتے اور اس سے غائب ہونے سے منع فرماتے، جب مسلمان جمعہ کے دن اکٹھے ہوں اور کھڑے ہوں تو ان میں سے ہر



6899- قال في المجمع جلد2صفحه170 بعد أن نسبه الى البزار صفحه99 (زوائد البزار للحافظ ابن حجر) فقط وفيه يوسف بن خالد السمتي وهو ضعيف .

6900- قال في المجمع جلد2صفحه179، وفي اسناده ضعيف .

الْجُمُعَةِ وَقَامُوا، فَإِنَّ أَحَدَهُمْ هُوَ أَحَقُّ بِمَقْعَدِهِ إِذَا رَجَعَ إِلَيْهِ

ایک اپنی اس جگہ میں بیٹھنے کا زیادہ حق دار ہے‘ جب وہ واپس آئے (جس میں وہ پہلے بیٹھا تھا)۔

**6901** - وَبِإِسْنَادِهِ عَنْ سَمُرَةَ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، أَنَّهُ أَتَاهُ رَجُلٌ مِنَ الْأَعْرَابِ يَسْتَفْتِيهِ فِي الَّذِي يَحْرُمُ عَلَيْهِ، وَالَّذِي يَحِلُّ لَهُ، وَفِي نُسُكِهِ وَمَاشِيَتِهِ وَفِي عَنْزِهِ وَفَرْعِهِ مِنْ نَتَجِ إِبِلِهِ وَغَنَمِهِ؟ فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَحِلُّ لَكَ الطَّيِّبَاتُ، وَيَحْرُمُ عَلَيْكَ الْخَبَائِثُ، إِلَّا أَنْ تَفْتَقِرَ إِلَى طَعَامٍ لَا يَحِلُّ لَكَ فَتَأْكُلَ مِنْهُ حَتَّى تَسْتَغْنِيَ عَنْهُ وَأَنَّهُ سَأَلَ رَجُلٌ حِينَئِذٍ، فَقَالَ: مَا فَقْرِي، وَمَا الَّذِي آكُلُ مِنْ ذٰلِكَ إِذَا بَلَغْتُهُ، وَمَا غِنَايَ الَّذِي يُغْنِينِي عَنْهُ؟ فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا كُنْتَ تَرْجُو نَتَجًا فَتَبْلُغَ بِلُحُومِ مَاشِيَتِكَ إِلَى نَتَجِكَ، أَوْ كُنْتَ تَرْجُو غَيْثًا تَظُنُّهُ مُدْرِكَكَ، فَتَبْلُغَ بِلُحُومِ مَاشِيَتِكَ، أَوْ كُنْتَ تَرْجُو مِيرَةً تَنَالُهَا، فَتَبْلُغَ إِلَيْهَا مِنْ لُحُومِ مَاشِيَتِكَ، وَإِنْ كُنْتَ لَا تَرْجُو مِنْ ذٰلِكَ شَيْئًا، فَأَطْعِمْ أَهْلَكَ مِمَّا بَدَا لَكَ حَتَّى تَسْتَغْنِيَ عَنْهُ فَقَالَ الْأَعْرَابِيُّ: مَا غِنَايَ الَّذِي أَدَعُهُ إِذَا وَجَدْتُهُ؟ فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا رَوَيْتَ أَهْلَكَ غَبُوقًا مِنَ

حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ‘ رسول کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ ﷺ کے پاس دیہاتیوں میں سے ایک آیا‘ وہ فتویٰ مانگ رہا تھا‘ اس چیز کے بارے میں جو اس کیلئے حلال ہے اور وہ چیز جو اس کیلئے حرام ہے‘ اس کی قربانی‘ مال مویشی‘ بکریوں اور ان کے بچوں میں اور اونٹوں اور بھیڑوں کے بچوں میں سے؟ پس رسول کریم ﷺ نے فرمایا: پاک وطیب چیزیں تیرے لیے حلال اور پلید وخبیث چیزیں تیرے لیے حرام ہیں مگر یہ کہ تُو ایسا کھانا کھانے پر مجبور جو تیرے لیے حلال نہیں ہے‘ پس تُو اس میں بقدرِ ضرورت کھا۔ اور اسی وقت ایک آدمی نے سوال کیا: مجبوری کب معتبر ہوگی؟ اس میں سے جس کو میں کھاؤں‘ جب میں اس تک پہنچوں‘ وہ کیا ہے اور کب سمجھوں کہ میں اس سے بے پرواہ ہوگیا ہوں؟ تو رسول کریم ﷺ نے اس سے فرمایا: جب آپ کو جانوروں سے بچے ملنے کی اُمید ہو تو تیرے جانوروں کا گوشت تیرے (جانوروں) کے بچوں تک پہنچ جائے گا‘ تجھے گھاس کی اُمید ہوتی ہے جس کے بارے تیرا گمان ہے کہ تُو اسے پالے گا تو بھی اس تک تیرے جانوروں کا گوشت پہنچ جائے گا‘ اور اگر ان میں سے کسی چیز کی تجھے اُمید نہیں ہے تو تُو اپنے گھر والوں کو کھلا جو تیرے لیے ظاہر ہو‘ حتیٰ کہ تُو اس



6901- قال فی المجمع جلد 4صفحہ164 رواہ الطبرانی والبزار باختصار کثیر وفی اسناد الطبرانی مساتیر‘ واسناد البزار ضعیف۔

الـلَّبَنِ، فَاجْتَنِبْ مَا حُرِّمَ عَلَيْكَ مِنَ الطَّعَامِ، أَمَّا مَـالُكَ فَـإِنَّهُ مَيْسُورٌ لَكَ كُلُّهُ، لَيْسَ فِيهِ حَرَامٌ غَيْـرَ أَنَّ فِـي نَتَجِكَ مِنْ إِبِلِكَ فَرَعًا وَفِي نَتَجِكَ مِنْ غَـنَـمِكَ فَـرَعًـا، تَغْذُوهُ مَـاشِيَتَكَ حَتَّى تَسْتَغْـنِـيَ، ثُـمَّ إِنْ شِـئْـتَ أَطْعَمْتَهُ أَهْلَكَ، وَإِنْ شِـئْـتَ تَصَـدَّقْتَ بِلَحْمِهِ وَأَمَرَهُ لِيَعْتِرَ مِنَ الْغَنَمِ مِنْ كُلِّ سَائِمَةٍ عَتِيرَةً.

سے بے پرواہ ہو جائے۔ پس دیہاتی بولا: میری اس غنا سے کیا مراد ہے، جس کو میں پاؤں تو اسے چھوڑ دوں؟ تو رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جب تُو نے اپنے گھر والوں کو ایک گھونٹ بھی دودھ پلا لیا تو جو کھانا تیرے لیے حرام ہے وہ انہیں مت کھلا لیکن جو تیرا مال ہے اس کو تُو استعمال کر سکتا ہے، جس میں کوئی چیز تیرے لیے حرام نہیں ہے سوائے تیرے اونٹوں کے بچوں کے اور تیری بکریوں کے بچوں کے جو تیرے جانور بنیں گے یہاں تک کہ تُو مستغنی ہو جائے، پھر اگر تُو چاہے تو اپنے گھر والوں کو کھلا، اگر چاہے تو صدقہ کر اس کا گوشت اور اس کو حکم دیا کہ ہر چرنے والی بکری (اونٹنی) کی زکوٰۃ دے۔

**6902** - وَبِإِسْنَادِهِ عَنْ سَمُرَةَ: أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَأْمُرُ بِرَقِيقِ الرَّجُلِ، وَالْمَرْأَةِ الَّذِي هُمْ تِلَادِهِ وَهُمْ عَمَلَتُهُ لَا يُرِيدُ بَيْعَهُمْ، فَكَانَ يَأْمُرُنَا أَنْ لَا نُخْرِجَ عَنْهُمْ مِنَ الصَّدَقَةِ شَيْئًا، وَكَانَ يَأْمُرُنَا أَنْ نُخْرِجَ الصَّدَقَةَ مِنَ الرَّقِيقِ الَّذِي يُعَدُّ لِلْبَيْعِ

حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہمیں حکم دیتے کہ ان کی طرف سے صدقہ کی کوئی شی نہ دیں اور ہمیں صدقہ نکالنے کا حکم دیتے، اس غلام سے جس کو بیع کے لیے تیار کر کے رکھا جاتا ہے۔

**6903** - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ هَارُونَ، ثنا مَرْوَانُ بْنُ جَعْفَرٍ السَّمُرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ خُبَيْبِ بْنِ سُلَيْمَانَ بْنِ سَمُرَةَ، ثنا جَعْفَرُ بْنُ سَعْدِ بْنِ سَمُرَةَ، عَنْ خُبَيْبِ بْنِ سُلَيْمَانَ بْنِ سَمُرَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ سَمُرَةَ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ:

حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی نماز پڑھے تو یہ دعا کرے: ''اللّٰهم باعدبيني وبين خطيئتي الى آخره''۔



---

6903- ورواه البزار رقم الحديث: 523 كشف الأستار قال في المجمع جلد2صفحه106، واسناده ضعيف .

إِذَا صَلَّى أَحَدُكُمْ فَلْيَقُلِ: اللَّهُمَّ بَاعِدْ بَيْنِي وَبَيْنَ خَطِيئَتِي، كَمَا بَاعَدْتَ بَيْنَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ، اللَّهُمَّ أَعُوذُ بِكَ أَنْ تَصُدَّ عَنِّي وَجْهَكَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، اللَّهُمَّ نَقِّنِي عَنْ خَطِيئَتِي، كَمَا نَقَّيْتَ الثَّوْبَ الْأَبْيَضَ مِنَ الدَّنَسِ، اللَّهُمَّ أَحْيِنِي مُسْلِمًا، وَأَمِتْنِي مُسْلِمًا



**6904** - وَبِإِسْنَادِهِ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَنَا يَوْمًا: قَدْ قِيلَ لِيَ: اقْرَأْ عَلَى ابْنِ الْخَطَّابِ فَدَعَاهُ فَأَمَرَ أَنْ يَحْضُرَ الْقُرْآنَ إِذَا أُنْزِلَ، لِيَقْرَأَهُ عَلَيْهِ

حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے ہمیں ایک دن فرمایا: مجھے کہا گیا کہ ابن خطاب کو قرآن سناؤں' آپ نے حضرت عمر کو بلوایا' آپ نے قرآن لانے کا حکم دیا جب نازل ہوا تا کہ آپ پر پڑھا جائے۔

**6905** - وَبِإِسْنَادِهِ عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنْهَى عَنِ النُّهْبَةِ، حَتَّى إِنَّهُ لَيَأْمُرُ الرُّفْقَةَ بِلَحْمِ الشَّاةِ، وَهُمْ يَطْبُخُونَ، يَقُولُ: لَا تَطْعَمُوهُ

حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نوچنے سے منع فرماتے' آپ بکری کے گوشت کو پکاتے وقت قافلے کو حکم فرماتے تھے: اس کو نہ کھاؤ۔

**6906** - وَبِإِسْنَادِهِ عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: إِنَّمَا الْمَرْأَةُ كَالضِّلَعِ إِذَا أَرَدْتَ أَنْ تُقِيمَهَا حَتَّى تَكْسِرَهَا، أَوْ تَتْرُكَهَا وَهِيَ عَوْجَاءُ

حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: عورت ٹیڑھی پسلی سے پیدا کی گئی ہے' اگر سیدھی کرو گے تو ٹوٹ جائے گی' اس کے ساتھ اسی طرح زندگی گزارو۔

**6907** - وَبِإِسْنَادِهِ عَنْ سَمُرَةَ، قَالَ:

حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ

---

6905- رواه الطبراني والبزار باختصار وفي اسناده ضعيف واسناد الطبراني فيه من لم أعرفهم كذا في المجمع جلد 5 صفحه337 .

6907- قال في المجمع جلد8صفحه201' وفيه من لم أعرفهم .

كَانَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: إِنَّ الْأَنْبِيَاءَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ كُلُّ اثْنَيْنِ مِنْهُمْ خَلِيلَانِ دُونَ سَائِرِهِمْ، قَالَ: فَخَلِيلِي مِنْهُمْ يَوْمَئِذٍ خَلِيلُ اللّٰهِ إِبْرَاهِيمُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

نے فرمایا: انبیاء قیامت کے دن ہر دو ایک دوسرے کے دوست ہوں گے' دوسروں کے علاوہ میرے دوست ان میں سے اس دن خلیل اللہ علیہ السلام ہوں گے۔

**6908** - وَبِإِسْنَادِهِ عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ الْأَنْبِيَاءَ يَتَبَاهَوْنَ أَيُّهُمْ أَكْثَرُ أَصْحَابًا مِنْ أُمَّتِهِ، فَأَرْجُو أَنْ أَكُونَ يَوْمَئِذٍ أَكْثَرَهُمْ كُلِّهِمْ وَارِدَةً، فَإِنَّهُ كُلُّ رَجُلٍ مِنْهُمْ يَوْمَئِذٍ قَائِمٌ عَلَى حَوْضٍ مَلْآنَ، مَعَهُ عَصًا، يَدْعُو مَنْ عَرَفَ مِنْ أُمَّتِهِ، وَلِكُلِّ أُمَّةٍ سِيمَاءٌ يَعْرِفُهُمْ بِهَا نَبِيُّهُمْ

حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: انبیاء فخر کریں گے کہ ان کی اُمت کے لوگ زیادہ ہیں' میں یقین کرتا ہوں کہ اس دن میں ان تمام سے زیادہ اُمت والا ہوں گا' ان میں سے ہر ایک آدمی میرے بھرے ہوئے حوض پر کھڑا ہوگا' اس کے ساتھ عصا ہوگا' وہ بلوائیں گے اپنی اُمت جس کو پہچانیں گے' ہر اُمت کی نشانی ہوگی جس کی وجہ سے وہ نبی ان کو پہچان جائیں گے۔

**6909** - وَبِإِسْنَادِهِ عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مِنَ الْأُمَمِ أُمَّةٌ ضُرِبَ لَهُمْ مَثَلٌ كَمَثَلِ أُجَرَاءَ اسْتَأْجَرَهُمْ رَجُلٌ، يَعْمَلُونَ لَهُ يَوْمًا كُلَّهُ، وَجَعَلَ لَهُمْ قِيرَاطًا، فَعَمِلُوا حَتَّى إِذَا انْتَصَفَ النَّهَارُ سَئِمُوا، فَقَالُوا لِلرَّجُلِ: حَاسِبْنَا، فَحَسَبَهُمْ، فَكَانَ لَهُمْ نِصْفُ قِيرَاطٍ، فَقَالَ: مَنْ يَكْمِلُ لِي عَمَلِي إِلَى اللَّيْلِ عَلَى قِيرَاطٍ قِيرَاطٍ، فَعَمِلَ قَوْمٌ آخَرُونَ، فَعَمِلُوا، حَتَّى إِذَا كَانَ

حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: پہلی اُمتوں میں ایک اُمت کی مثال بیان کی گئی کہ اس آدمی کی طرح ہے جو مزدوری کرنے والا اُجرت لیتا ہے' وہ سارا دن کام کرتا ہے تو اس کے لیے ایک قیراط مزدوری مقرر کی جاتی ہے' اُنہوں نے محنت کی' جب دن کا آدھا حصہ گزر گیا' وہ تھک گئے تو اُنہوں نے آدمی سے کہا: ہمارا حساب لگائیں' ان کا حساب لگایا گیا تو ان کے لیے نصف قیراط دیا گیا' اس آدمی نے کہا: جو میرا کام رات تک کرے گا اُس کے لیے ایک قیراط



قال في المجمع جلد 10 صفحه 363' وفيه مروان بن جعفر السمري وثقة ابن أبي حاتم وقال الأزدي يتكلمون فيه وبقية رجاله ثقات . قلت: بل فيه غيره ممن تكلم فيهم .

قال في المجمع جلد 10 صفحه 70' وفيه من لم أعرفهم .

قَرِيبًا مِنْ صَلَاةِ الْعَصْرِ سَئِمُوا، فَقَالُوا: حَاسِبْنَا، فَحَاسَبَهُمْ، فَكَانَ لَهُمْ نِصْفُ قِيرَاطٍ، وَأَحَبَّ الرَّجُلُ أَنْ يُقْضَى لَهُ عَمَلُهُ قَبْلَ اللَّيْلِ، فَائْتَجَرَ قَوْمًا عَلَى أَنْ يُكْمِلُوا مَا غَبَرَ مِنْ عَمَلِهِ إِلَى اللَّيْلِ عَلَى قِيرَاطَيْنِ، فَقَالَ لَنَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنِّي لَأَرْجُو إِنْ شَاءَ اللَّهُ، أَنْ تَكُونُوا أَنْتُمْ أَصْحَابَ الْقِيرَاطَيْنِ

**6910** - وَبِإِسْنَادِهِ عَنْ سَمُرَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، أَتَاهُ رَجُلٌ مِنَ الْأَنْصَارِ يَسْتَفْتِيهِ فِي الْكَلَالَةِ: أَنْبِئْنِي يَا رَسُولَ اللَّهِ، أَكَلَالَةٌ الرَّجُلُ يُرِيدُ إِخْوَةً مِنْ أُمِّهِ وَأَبِيهِ؟ فَلَمْ يَقُلْ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَيْئًا، غَيْرَ أَنَّهُ قَرَأَ عَلَيْهِ آيَةَ الْكَلَالَةِ الَّتِي فِي سُورَةِ النِّسَاءِ، ثُمَّ عَادَ الرَّجُلُ يَسْأَلُهُ، فَكُلَّمَا سَأَلَهُ قَرَأَهَا، حَتَّى أَكْثَرَ وَصَخِبَ الرَّجُلُ، فَاشْتَدَّ صَخَبُهُ مِنْ حِرْصٍ عَلَى أَنْ يُبَيِّنَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَرَأَ عَلَيْهِ الْآيَةَ، ثُمَّ قَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنِّي وَاللَّهِ لَا أَزِيدُكَ عَلَى مَا أُعْطِيتُ، إِنِّي وَاللَّهِ لَا أَزِيدُكَ عَلَى مَا أُعْطِيتُ حَتَّى أُزَادَ عَلَيْهِ، فَجَلَسَ حِينَئِذٍ الرَّجُلُ، وَسَكَتَ

**6911** - وَبِإِسْنَادِهِ عَنْ سَمُرَةَ: أَنَّ

اجر ہوگا' دوسرے لوگوں نے مزدوری کی' جب نمازِ عصر کا وقت قریب ہوا تو وہ تھک گئے' اُنہوں نے کہا: ہمارا حساب لگائیں' اُنہوں نے حساب لگایا تو ان کے لیے نصف قیراط مقرر کیا' آدمی نے پسند کیا کہ اسکا کام رات سے پہلے ہو' لوگوں نے کام شروع کیا رات تک دو قیراط پر۔ ہمیں حضورﷺ نے فرمایا: میں اُمید کرتا ہوں کہ اگر اللہ نے چاہا تو تم دو قیراط والے ہی ہوگے۔

حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ کے پاس انصار سے ایک آدمی کلالہ کے متعلق پوچھنے کے لیے آیا' عرض کی: یارسول اللہ! مجھے بتائیں کہ کیا کلالہ آدمی اپنے بھائی کا حصہ لے گا' اپنی ماں اور باپ سے؟ حضورﷺ نے اسے کوئی جواب نہیں دیا سوائے اس کے کہ آپ نے سورۂ نساء کی آیتِ کلالہ پڑھی۔ اس آدمی نے دوبارہ پوچھا' اُس نے جب بھی پوچھا تو آپﷺ نے وہ آیت پڑھ دی' وہ آدمی پریشان ہوا' اس کی خواہش تھی کہ حضورﷺ اس کے لیے بیان کریں' آپ نے دوبارہ آیت پڑھی' حضورﷺ نے اسے فرمایا: اللہ کی قسم! جو مجھے دیا گیا میں اس پر اضافہ نہیں کروں گا' اللہ کی قسم! جو مجھے دیا گیا میں اس پر اضافہ نہیں کروں گا' یہاں تک کہ وہ (اللہ) اس پر اضافہ کرے' اس وقت وہ آدمی بیٹھ گیا اور خاموش ہوگیا۔

حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ



6910- قال في المجمع جلد4صفحه28' وفي اسناده ضعف .

6911- ورواه البزار باختصار قال في المجمع جلد 4صفحه103' وفيه مروان بن جعفر السمري وثقه ابن أبي حاتم

رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَنْهَى رَبَّ النَّخْلِ أَنْ يَدِينَ فِي ثَمَرِ نَخْلِهِ حَتَّى يُؤْكَلَ مِنْ ثَمَرَتِهَا، مَخَافَةَ أَنْ يَدِينَ بِدَيْنٍ كَثِيرٍ، تَفْسُدُ الثَّمَرَةُ، فَلَا تُوَفِّي عَنْهُ، وَكَانَ يَنْهَى رَبَّ الزَّرْعِ أَنْ يَدِينَ فِي زَرْعِهِ حَتَّى يَبْلُغَ الْحَصَدَ، وَكَانَ يَنْهَى رَبَّ الذَّهَبِ إِذَا بَاعَهَا بِطَعَامٍ فِي الثَّمَرِ أَنَّ يَبِيعَ الطَّعَامَ بِالذَّهَبِ حَتَّى يُكَالَ الطَّعَامُ، فَيَقْبِضَهُ مَخَافَةَ الرِّبَا

نے کھجور کے مالک کو منع کیا کرتے کہ وہ پھل پکنے سے پہلے فروخت کرے اس خوف کی وجہ سے کہ وہ بہت زیادہ قرض کے بدلے فروخت کرے، ممکن ہے کہ اس کا پھل خراب ہو جائے وہ اس کو پورا نہ کر سکے گا' کھیتی کے مالک کو منع کرتے کہ اپنی کھیتی اُدھار دے یہاں تک کہ کھیتی پک جائے اور اس کے مالک کو منع کرتے جب طعام پھل کے بدلے فروخت کرتے کہ کھانا سونے کے بدلے فروخت کرے یہاں تک کہ کھانا ناپ لیا جائے' وہ سود کے ڈر سے اس پر قبضہ کر لے۔

**6912** - وَبِإِسْنَادِهِ عَنْ سَمُرَةَ، قَالَ: إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُولُ لَنَا: إِنَّ أَبَا بَكْرٍ تَأَوَّلَ الرُّؤْيَا، وَإِنَّ الرُّؤْيَا الصَّالِحَةَ حَظٌّ مِنَ النُّبُوَّةِ

حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ فرمایا کرتے تھے: بے شک ابوبکر نے خواب کی تعبیر کی ہے' اور اچھا خواب نبوت کے حصے سے ہے۔

**6913** - وَبِإِسْنَادِهِ عَنْ سَمُرَةَ، قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا لَعَنَ الْمُشْرِكِينَ فِي الصَّلَاةِ يَبْدَأُ بِقُرَيْشٍ، ثُمَّ يُتْبِعُهُمْ بَعْدَ ذَلِكَ قَبَائِلَ كَثِيرَةً مِنَ الْعَرَبِ، فَقِيلَ لَهُ مَرَّةً: الْعَنْ كُفَّارَ قُرَيْشٍ، فَجَعَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ إِذَا أَرَادَ أَنْ يَلْعَنَ قَبِيلَةً: اللّٰهُمَّ الْعَنْ كُفَّارَ قُرَيْشٍ بَنِي فُلَانٍ

حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نماز میں مشرکوں پر لعنت کرتے تو قریش سے ابتداء کرتے' پھر اس کے بعد عرب کے بہت زیادہ قبائل سے' آپ سے ایک مرتبہ عرض کی گئی: قریش کے کافروں پر لعنت کریں' حضور ﷺ جب کسی قبیلہ پر لعنت کرتے (تو کہتے:) اے اللہ! قریش کے بنی فلاں کے کافروں پر لعنت فرما!

**6914** - وَبِإِسْنَادِهِ عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ ہمیں فرماتے تھے کہ کسی مسلمان کے لیے جائز نہیں ہے کہ



وقال الأزدی یتکلمون فیه .

6912- ورواه البزار قال فی المجمع جلد7صفحه173' وفی اسناد الطبرانی من لم أعرفه واسناد البزار ساقط .

وَسَلَّمَ يَقُولُ لَنَا: لَا يَحِلُّ لِرَجُلٍ مُسْلِمٍ أَنْ يَجْدَعَ عَبْدَهُ، وَلَا يُخْصِيَهُ، وَمَنْ نَعْلَمُهُ فَعَلَ مِنْ ذَلِكَ شَيْئًا نَفْعَلْ بِهِ مِثْلَهُ

اپنے غلام کے کان کاٹے اور اس کو خصی کرے، جس کے متعلق ہمیں معلوم ہوا کہ وہ ایسا کرتا ہے تو ہم بھی اسی کی مثل کریں گے۔

**6915** - وَبِإِسْنَادِهِ عَنْ سَمُرَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُولُ: لَا يُقْطَعُ طَرِيقٌ، وَلَا يُمْنَعُ فَضْلُ مَاءٍ، وَلِابْنِ السَّبِيلِ عَارِيَةُ الدَّلْوِ وَالرِّشَا وَالْحَوْضِ إِنْ لَمْ يَكُنْ أَدَّاهُ بِعَيْنِهِ، وَيُخَلَّى بَيْنَهُ وَبَيْنَ الرَّكِيَّةِ يَسْقِي، وَلَا يُمْنَعُ الْمِحْفَرَ إِذَا نَزَلَ الْحَافِرُ خَمْسَةً وَعِشْرِينَ ذِرَاعًا عَطَنًا لِلْمَاشِيَةِ

حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: راستہ ختم نہ کیا جائے' زیادہ پانی سے نہ روکا جائے' مسافر کو ڈول' رسّی' حوض عاریتاً دینے سے منع نہ کرے' جس کے پاس اصل نہ ہو وہ اپنے درمیان اور اس کے درمیان پانی نکالنے سے منع نہ کرے۔

**6916** - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ هَارُونَ، ثنا مَرْوَانُ بْنُ جَعْفَرٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ خُبَيْبِ بْنِ سُلَيْمَانَ بْنِ سَمُرَةَ، ثنا جَعْفَرُ بْنُ سَعْدِ بْنِ سَمُرَةَ، عَنْ خُبَيْبِ بْنِ سُلَيْمَانَ بْنِ سَمُرَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ: أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقْرِي الضَّيْفَ

حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مہمان نوازی کرتے تھے۔

**6917** - وَبِإِسْنَادِهِ عَنْ سَمُرَةَ بْنِ

حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

سلیمان بن سمرة عن ابيه

---

6915- قال فی المجمع جلد4صفحه125' وفی اسناده مساتیر . فی روایة فاطمة ابن سبیل .

6916- ورواه البزار رقم الحدیث: 1924' واسناده ضعیف کما فی المجمع جلد8صفحه175 .

6917- قال فی المجمع جلد2صفحه256' وفی اسناده بعض الضعف ورواه البزار باسناد ضعیف . وقال جلد 3 صفحه 12 رواه الطبرانی فی الکبیر والأوسط بنحوه ورواه البزار وفی بعضها أشد حسرات بنی آدم علی ثلاث رجل کانت له امرأة حسناء جمیلة - فذکر نحوه باختصار وله سندان أحدهما حسن لیس فیه غیر سعید بن بشیر وقد وثق .

جُنْدُبٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَنْهَى أَنْ يُحْلَبَ مَاشِيَةُ الرَّجُلِ إِلَّا بِإِذْنِهِ، وَيَقُولُ: إِنَّمَا أَلْبَانُهَا كَمَا فِي حَقِيلَتِكُمْ لَيْسَ أَحَدُهُمَا بِأَحَلَّ مِنَ الْآخَرِ

حضور ﷺ منع کرتے تھے کہ آدمی کسی کے جانور کا دودھ مالک کی اجازت کے بغیر دوھے' فرماتے تھے کہ دودھ والے جانوروں کے تھنوں میں جو ہے' وہ دوسرے کے لیے جائز نہیں ہے۔

**6918** - وَبِإِسْنَادِهِ عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُولُ: إِنَّ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ لَا يَنْخَسِفُ لِمَوْتِ أَحَدٍ مِنْكُمْ، وَلَا لِشَيْءٍ تُحْدِثُونَهُ، وَلَكِنَّ ذَلِكُمْ مِنْ آيَاتِ اللّٰهِ يُعْبِرُ بِهَا عِبَادَهُ لِيَشْكُرَ مَنْ يَخَافُهُ وَيَذْكُرَهُ، فَإِذَا رَأَيْتُمْ بَعْضَ آيَاتِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ فَافْزَعُوا إِلَى ذِكْرِ اللّٰهِ، فَاذْكُرُوهُ وَاخْشَوْهُ، وَكَانَ صَلَّى لَنَا يَوْمَ خَسَفَتِ الشَّمْسُ، ثُمَّ وَعَظَنَا وَذَكَّرَنَا، ثُمَّ قَالَ: مَا رَأَيْتُمْ فِي شَيْءٍ فِي الدُّنْيَا لَهُ لَوْنٌ، وَلَا نُبِّئْتُمْ بِهِ فِي الْجَنَّةِ وَلَا فِي النَّارِ إِلَّا وَقَدْ صُوِّرَ لِي فِي قِبَلِ هَذَا الْجِدَارِ مُنْذُ صَلَّيْتُ لَكُمْ صَلَاتِي هَذِهِ، فَنَظَرْتُ إِلَيْهِ مَنْظُورًا فِي جِدَارِ الْمَسْجِدِ

حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ فرماتے تھے کہ سورج و چاند کو تم میں سے کسی کی موت کی وجہ سے اور نہ کسی ایسی چیز کی وجہ سے جو تم بیان کرتے ہو گرہن نہیں لگتا ہے' بلکہ یہ اللہ کی نشانیوں میں سے نشانی ہے' اللہ عزوجل اس کے ذریعے اپنے بندوں کو ڈراتا ہے تاکہ جو ڈرے اور نصیحت حاصل کرے تو وہ شکر ادا کرے' جب تم اللہ عزوجل کی بعض نشانیاں دیکھو تو اللہ کا ذکر کرو' اس کو یاد کرو اور ڈرو' ایک دن سورج گرہن کے وقت ہمیں نماز پڑھائی' پھر ہمیں وعظ کیا اور نصیحت کی' پھر فرمایا: تم نے دنیا میں کوئی رنگ نہیں دیکھا ہوگا' اور تمہیں جنت اور دوزخ کے متعلق خبر نہیں ہوگی مگر وہ اس دیوار کی طرف صورت بنا کر میرے سامنے کی گئی' جب میں نے تمہیں نماز پڑھائی' میں نے اس مسجد کی دیوار میں اس کو دیکھا تھا۔

**6919** - وَبِإِسْنَادِهِ عَنْ سَمُرَةَ، قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ لَنَا: لَيْسَ فِي الدُّنْيَا حَسَدٌ إِلَّا فِي اثْنَيْنِ: الرَّجُلِ يَحْسُدُ الرَّجُلَ أَنْ يُعْطِيَهُ اللّٰهُ الْمَالَ الْكَثِيرَ،

حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ ہمیں فرماتے تھے کہ دنیا میں رشک کرنا صرف دو آدمیوں پر جائز ہے: (۱) جو اس آدمی پر رشک کرے جس کو اللہ عزوجل نے بہت زیادہ مال دیا ہو' وہ اس سے



6918- قال فی المجمع جلد2صفحه209' وفیه ضعیف .

6919- ورواه البزار رقم الحدیث: 1325 قال فی المجمع جلد4صفحه163' واسناد الطبرانی فیه مستور واسناد الطبرانی ضعیف قلت: أحدهما البزار .

فَيُنْفِقَ مِنْهُ فَيُكْثِرَ النَّفَقَةَ، يَقُولُ الْآخَرُ: لَوْ كَانَ لِي مِثْلُ هَذَا لَأَنْفَقْتُ مِثْلَ مَا يُنْفِقُ وَأَحْسَنَ، فَهُوَ يَحْسُدُهُ، وَرَجُلٍ يَقْرَأُ الْقُرْآنَ، فَيَقُومُ بِهِ اللَّيْلَ، وَعِنْدَهُ رَجُلٌ إِلَى جَنْبِهِ لَا يَعْلَمُ الْقُرْآنَ، فَهُوَ يَحْسُدُهُ عَلَى قِيَامِهِ، وَعَلَى مَا عَلَّمَهُ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ الْقُرْآنَ، فَيَقُولُ: لَوْ عَلَّمَنِي اللَّهُ مِثْلَ هَذَا لَقُمْتُ مِثْلَ مَا يَقُومُ

زیادہ اللہ کی راہ میں خرچ کرتا ہے' دوسرا آدمی یہ عرض کرے: اگر میرے پاس بھی اس کی طرح مال ہوتا تو میں اس کی طرح خرچ کرتا اور اچھا خرچ کرتا' یہ شک جائز ہے۔ (۲) ایک وہ آدمی جو قرآن پڑھتا ہے' رات کو قیام کرتا ہے' اس کے پاس ایک آدمی جس کو قرآن کا علم نہیں ہے' وہ اس کے قیام پر رشک کرتا ہے کہ اللہ عزوجل نے اس کو سکھایا ہے' وہ عرض کرے: اگر اللہ نے مجھے بھی اس کی طرح سکھایا ہوتا تو میں اس کی طرح قیام کرتا۔

**6920** - وَبِإِسْنَادِهِ عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ، قَالَ: إِنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُولُ لَنَا: لَا تَلَقَّوُا الْأَجْلَابَ قَبْلَ أَنْ تَأْتِيَ سُوقَهَا

حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ ہمیں فرماتے تھے: سامان منڈی میں آنے سے پہلے سامان لانے والوں سے مت ملو۔

**6921** - وَبِإِسْنَادِهِ عَنْ سَمُرَةَ، قَالَ: إِنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُولُ: لَا تَبِيعُوا الْأَعْرَابَ، وَإِنْ كَانَ أَخَا أَحَدِكُمْ أَوْ أَبَاهُ أَوْ أُمَّهُ

حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: دیہات والوں سے بیع نہ کرو' اگرچہ وہ تمہارا بھائی یا باپ یا ماں ہو۔

**6922** - وَبِإِسْنَادِهِ عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُولُ: مَنْ بَاعَ أَرْضًا أَوْ دَارًا، فَإِنَّ جَارَ الْأَرْضِ، وَجَارَ الدَّارِ هُوَ أَحَقُّ بِابْتِيَاعِهَا إِذَا أَقَامَ ثَمَنَهَا

حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے زمین فروخت کی یا گھر فروخت کیا تو زمین کا پڑوسی اور گھر کا پڑوسی اسے خریدنے کا زیادہ حق رکھتا ہے' جب اس کے پاس پیسے ہوں۔

**6923** - وَبِإِسْنَادِهِ عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُولُ: إِذَا أُنْكِحَتِ امْرَأَةٌ يَنْكِحُهَا رَجُلَانِ

حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ فرمایا کرتے تھے: جس عورت کا نکاح کر دیا گیا اور اس کا نکاح کرنے والے دو مختلف آدمی ہیں

شَتَّى ' كِلاهُمَا مَوْلًى فَأَحَقُّ النَّاكِحَيْنِ أَوَّلُهُمَا، وَالْبَيْعُ إِذَا ابْتَاعَ رَجُلَانِ سِلْعَةً وَاحِدَةً فَإِنَّ أَحَقَّهُمَا بِهَا أَوَّلُهُمَا

اور وہ دونوں حقدار ہیں تو نکاح کرنے والوں میں سے وہ زیادہ حقدار ہے جس نے پہلے نکاح کر کے دیا اور بیع جو دو آدمیوں نے ایک سامان خریدا تو اس مال کا حقدار وہ آدمی ہے جس نے پہلے خریدا۔

**6924** - وَبِإِسْنَادِهِ عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ: أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَنْهَى عَنِ الشِّغَارِ بِالنِّسَاءِ

حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم عورتوں کے نکاح شغار سے منع کرتے تھے (یعنی ادلہ بدلہ کا نکاح)۔

**6925** - وَبِإِسْنَادِهِ عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ: أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَنْهَى ثَلَاثَةً أَنْ يَنْتَجِيَ اثْنَانِ مِنْهُمْ دُونَ الْآخَرِ

حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم منع کرتے تھے کہ جب تین آدمی ہوں تو دو آدمی آپس میں گفتگو کریں تیسرے کو چھوڑ کر۔

**6926** - وَبِإِسْنَادِهِ عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَأْمُرُنَا إِذَا غَزَوْنَا، فَدَعَا رَجُلٌ فِي أُخْرَى الْقَوْمِ فَقَالَ: يَا أَيُّهَا الْأَوَّلُ، أَنْ يَنْتَظِرَهُ حَتَّى يَلْحَقَ

حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب ہم جہاد کرتے تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہمیں حکم دیتے تھے: آپ دوسری قوم میں ایک آدمی نے پکارا' پس کہا: اے اوّل! انتظار کرنا یہاں تک کہ وہ پیچھے سے مل جائے۔

**6927** - وَبِإِسْنَادِهِ عَنْ سَمُرَةَ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنْهَى

حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم منع کرتے تھے کہ جب کسی آدمی کو کھانے کی



---

6924- ورواه البزار وقال فى المجمع جلد4صفحه266' واسنادهما ضعيف .

6925- ورواه البزار رقم الحديث: 2057 قال فى المجمع جلد 8صفحه266' وفى اسناد الطبرانى من لم أعرفه' وفى اسناد البزار يوسف بن خالد السمتى وهو متروك .

6926- قال فى المجمع جلد5صفحه266 رواه البزار رقم الحديث: 1682' والطبرانى وفيه يوسف بن خالد وهو ضعيف .

6927- ورواه البزار رقم الحديث: 1246 (كشف الأستار) قال فى المجمع جلد 4صفحه55' واسناده ليس بالمطروح .
قلت: بل اسناد البزار مطروح فيه يوسف بن خالد السمتى وتقديم حاله مرارًا .

إِذَا دُعِيَ الرَّجُلُ عَلَى الطَّعَامِ أَنْ يَدْعُوَ مَعَهُ أَحَدًا، إِلَّا أَنْ يَأْمُرَهُ أَهْلُ الطَّعَامِ

دعوت دی جائے تو وہ اپنے ساتھ کسی دوسرے کو لے آئے، ہاں اگر جس نے دعوت دی وہ اجازت دے تو کوئی حرج نہیں ہے۔

**6928** - وَبِإِسْنَادِهِ عَنْ سَمُرَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَتَاهُ رَجُلٌ يَسْتَفْتِيهِ فِي أَكْلِ الضَّبِ، فَقَالَ: لَسْتُ آمِرًا بِهِ وَلَا نَاهِيًا عَنْهُ أَحَدًا، غَيْرَ أَنَّا آلَ مُحَمَّدٍ لَسْنَا طَاعِمِيهِ

حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ کے پاس ایک آدمی آیا' اس نے آپ سے گوہ کھانے کے متعلق پوچھا' آپ نے فرمایا: نہ میں کسی کو اسے کھانے کا حکم دیتا ہوں نہ منع کرتا ہوں' سوائے اس کے کہ آلِ محمدﷺ نہیں کھاتے ہیں۔

**6929** - وَبِإِسْنَادِهِ عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ، قَالَ: إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَانَا مَرَّةً بِاللَّيْلِ وَنَحْنُ عَلَى حُفْرَةٍ نَازِلُونَ أَنْ نَأْكُلَ لَحْمَ حِمَارِ الْأَهْلِيِّ، وَأَمَرَنَا بِلَحْمٍ مَعَنَا، فَأَلْقَيْنَاهُ

حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے ایک رات ہمیں منع کیا' ہم کنویں میں اترنے والے تھے کہ ہم پالتو گدھوں کا گوشت کھائیں جو ہمارے پاس گوشت تھا' اسے پھینکنے کا حکم دیا' ہم نے پھینک دیا۔

**6930** - وَبِإِسْنَادِهِ عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ، قَالَ: إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُولُ لَنَا: إِنِّي وَاللّٰهِ مَا سَرَّنِي أَنَّ لِي أُحُدًا ذَهَبًا كُلَّهُ ثُمَّ أُوَرِّثُهُ

حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ ہمیں فرماتے تھے: اللہ کی قسم! مجھے پسند نہیں ہے کہ میرے پاس مکمل اُحد پہاڑ سونا ہو' پھر میں اس کا وارث بناؤں۔

**6931** - وَبِإِسْنَادِهِ عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ ہمیں فرماتے تھے: تم میں سے ہر ایک کے



---

6928- ورواه البزار رقم الحديث: 1218 البزار قال في المجمع جلد4صفحه37' وفيه محمد بن ابراهيم بن خبيب ولم أعرفه . قلت: بل هو معروف .

6929- قال في المجمع جلد5صفحه49 رواه البزار وفيه يوسف بن خالد السمتي وهو ضعيف .

6930- قال في المجمع جلد3صفحه124 .

6931- قال في المجمع جلد10صفحه252 رواه البزار والطبراني باسناد ضعيف .

كَانَ يَقُولُ لَنَا: إِنَّ لِأَحَدِكُمْ يَوْمَ يَمُوتُ ثَلَاثَةَ أَخِلَّاءَ: مِنْهُمْ مَنْ يَمْنَعُهُ مِمَّا يَسْأَلُ، فَذَلِكَ مَالُهُ، وَمِنْهُمْ خَلِيلٌ يَنْطَلِقُ مَعَهُ حَتَّى يَلِجَ الْقَبْرَ، وَلَا يُعْطِيهِ شَيْئًا، وَلَا يَصْحَبُهُ بَعْدَ ذَلِكَ، فَأُولَئِكَ قَرَابَتُهُ، وَمِنْهُمْ خَلِيلٌ يَقُولُ: أَنَا وَاللَّهِ ذَاهِبٌ مَعَكَ حَيْثُ ذَهَبْتَ، وَلَسْتُ مُفَارِقَكَ أَبَدًا، فَذَلِكَ عَمَلُهُ، إِنْ كَانَ خَيْرًا ' وَإِنْ كَانَ شَرًّا

مرتے وقت تین دوست ہوتے ہیں: ان میں سے ایک وہ ہے جو منع کرے اس سے جو وہ مانگے' یہ اس کا مال ہے' ان میں سے ایک دوست جو اس کے ساتھ قبر میں داخل کرنے تک جاتا ہے' اور اس کو کوئی شی نہیں دیتا اور نہ اس کا ساتھی بنتا ہے' یہ اس کے رشتے دار ہیں' اور ان میں سے ایک دوست ایسا ہوتا ہے کہ وہ کہتا ہے: اللہ کی قسم! میں تمہارے ساتھ جاؤں گا' تو جہاں بھی جائے میں تیرا ساتھ ہمیشہ کے لیے نہیں چھوڑوں گا' یہ اس کا عمل ہے' اگرچہ اچھا ہو یا بُرا ہو۔

**6932** - وَبِإِسْنَادِهِ عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ، قَالَ: إِنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُولُ لَنَا: إِنَّكُمْ تُحْشَرُونَ إِلَى بَيْتِ الْمَقْدِسِ ثُمَّ تَجْتَمِعُونَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تم بیت المقدس کی طرف اکٹھے کیے جاؤ گے پھر قیامت کے دن جمع ہو جاؤ گے۔

**6933** - وَبِإِسْنَادِهِ عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ، قَالَ: إِنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَنْهَى أَحَدَنَا أَنْ يَحُزَّ السَّيْرَ بَيْنَ إِصْبَعَيْهِ، فَيَقُولُ: إِنَّ فِي ذَلِكَ عَيْنَيْنِ اثْنَيْنِ

حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہمیں منع فرمایا کرتے تھے کہ دو انگلیوں کے درمیان رکھ کر تسمہ کاٹیں' پس فرماتے: بے شک اس میں دو چشمے یا دو آنکھیں ہیں۔

**6934** - وَبِإِسْنَادِهِ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُولُ: إِذَا خَاصَمَ الرَّجُلُ الْآخَرَ، فَدَعَا أَحَدُهُمَا صَاحِبَهُ إِلَى الرَّسُولِ لِيَقْضِيَ بَيْنَهُمَا، مَنْ أَبَى أَنْ يَجِيءَ فَلَا

حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جب ایک آدمی دوسرے سے لڑے تو ان میں سے ایک اپنے ساتھی کو رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف بلائے تاکہ ان کے درمیان فیصلہ کیا جائے' جو آنے سے انکار کرے تو



---

6932- ورواه البزار قال في المجمع جلد10صفحه343' واسناد الطبراني حسن. قلت: وهذا مخالف لما سبق وسيأتي من كلامه على هذا الاسناد .

6933- قال في المجمع جلد4صفحه198' وفي اسناده مساتير .

حَقَّ لَهُ

اس کے لیے کوئی حق نہیں ہے۔

**6935** - وَبِإِسْنَادِهِ عَنْ سَمُرَةَ، قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْتَغْفِرُ لِلْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَلِلْمُسْلِمِينَ وَلِلْمُسْلِمَاتِ كُلَّ يَوْمِ جُمُعَةٍ

حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ مؤمن مرد و عورتوں، مسلمان مرد و عورتوں کے لیے ہر جمعہ کے دن بخشش مانگتے تھے۔

**6936** - وَبِإِسْنَادِهِ عَنْ سَمُرَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ إِذَا مُطِرْنَا فِي السَّفَرِ، وَنُودِيَ بِالصَّلَاةِ، مِنْ كَرَاهِيَةِ أَنْ يَشُقَّ عَلَيْنَا، يَأْمُرُ الْمُؤَذِّنَ أَنْ: صَلُّوا فِي رِحَالِكُمْ

حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کی عادت مبارکہ تھی کہ جب ہم پر سفر میں بارش برستی تھی تو نماز کے لیے اذان دی جاتی، ہم پر مشقت کے خوف سے مؤذن کو حکم ہوتا اعلان کرنے کا کہ اپنے اپنے مقام پر نماز پڑھ لو۔

**6937** - وَبِإِسْنَادِهِ عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُولُ لَنَا: إِنِّي أَتَغَيَّظُ عَلَيْكُمْ وَأَعْذُرُكُمْ، ثُمَّ أَدْعُو اللّٰهَ بَيْنِي وَبَيْنَهُ: اللّٰهُمَّ مَا لَعَنْتُهُمْ أَوْ شَتَمْتُهُمْ أَوْ تَغَيَّظْتُ عَلَيْهِمْ، فَاجْعَلْهُ لَهُمْ بَرَكَةً وَرَحْمَةً وَمَغْفِرَةً وَصَلَاةً، فَإِنَّهُمْ أَهْلِي وَإِنِّي لَهُمْ نَاصِحٌ

حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ ہمیں فرماتے: میں تم پر غصہ کرتا ہوں اور تم سے معذرت کرتا ہوں، پھر میں اللہ سے دعا کرتا ہوں: میرے اور اپنے درمیان، اے اللہ! جس کو میں نے بُرا کہا یا میں نے گالی دی یا میں نے ان پر سختی کی، ان کے لیے یہ برکت اور رحمت اور بخشش اور رحمت بنا دے، کیونکہ وہ میرے اہل ہیں، اور میں ان کے لیے نصیحت کرنے والا ہوں۔

**6938** - وَبِإِسْنَادِهِ عَنْ سَمُرَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُولُ: إِنَّ الْمَسِيحَ الدَّجَّالَ أَعْوَرُ عَيْنِ الشِّمَالِ، عَلَيْهَا ظَفَرَةٌ غَلِيظَةٌ، وَإِنَّهُ يُبْرِئُ الْأَكْمَهَ،

حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: دجال نکلے گا، وہ بائیں آنکھ سے کانا ہوگا، اس کے ناخن سخت، وہ کوڑھ، برص والوں کو ٹھیک کرے گا اور مرے ہوؤں کو زندہ کرے گا، لوگوں سے کہے گا: میں



6935- قال في المجمع جلد2صفحه190-191، رواه البزار رقم الحديث: 641، والطبراني في الكبير وقال البزار: لا نعلمه عن النبي صلى الله عليه وآله وسلم الا بهذا الاسناد، وفي اسناد البزار يوسف بن خالد السمتي وهو ضعيف .

6937- قال في المجمع في المجمع جلد8صفحه267، وفيه من لم أعرفهم .

وَالْأَبْرَصَ، وَيُحْيِي الْمَوْتَى، وَيَقُولُ: أَنَا رَبُّكُمْ، فَمَنِ اعْتَصَمَ بِاللّٰهِ ' فَقَالَ: رَبِّيَ اللّٰهُ، ثُمَّ أَبَى ذَلِكَ، حَتَّى يَمُوتَ، فَلا عَذَابَ عَلَيْهِ وَلَا فِتْنَةَ، وَمَنْ قَالَ: أَنْتَ رَبِّي، فَقَدْ فُتِنَ ' وَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ الْمَسِيحَ الدَّجَّالَ يَلْبَثُ فِي الْأَرْضِ مَا شَاءَ اللّٰهُ، ثُمَّ يَجِيءُ عِيسَى ابْنُ مَرْيَمَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْمَشْرِقِ مُصَدِّقًا بِمُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَلَى مِلَّتِهِ، ثُمَّ يَقْتُلُ الْمَسِيحَ الدَّجَّالَ

تمہارا رب ہوں' پس جس نے اللہ کی رسی کو مضبوطی سے پکڑا اور اس نے کہا: میرا رب تو اللہ ہے' پھر اس کا انکار کیا حتیٰ کہ فوت ہوا تو اس پر نہ عذاب ہے نہ آزمائش اور جس نے کہا: تُو میرا رب ہے' دجال کیلئے جتنی دیر اللہ چاہے گا وہ زمین پر رہے گا' پھر عیسیٰ علیہ السلام مشرق کی جانب سے آئیں گے' محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دین پر ہوں گے' پھر دجال کو قتل کریں گے۔

**6939** - وَبِإِسْنَادِهِ عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: سَوْفَ تَرَوْنَ قَبْلَ أَنْ تَقُومَ السَّاعَةُ أَشْيَاءَ تَسْتَنْكِرُونَهَا عِظَامًا، تَقُولُونَ: هَلْ كُنَّا حُدِّثْنَا بِهَذَا، فَإِذَا رَأَيْتُمْ ذَلِكَ، فَاذْكُرُوا اللّٰهَ تَعَالَى، وَاعْلَمُوا أَنَّهَا أَوَائِلُ السَّاعَةِ حَتَّى قَالَ: سَوْفَ تَرَوْنَ جِبَالًا تَزُولُ قَبْلَ حَقِّ الصَّيْحَةِ وَكَانَ يَقُولُ لَنَا: لَا تَقُومُ السَّاعَةُ حَتَّى يَدُلَّ الْحَجَرُ عَلَى الْيَهُودِيِّ مُخْتَبِئًا كَانَ يَطْرُدُهُ رَجُلٌ مُسْلِمٌ، فَاطَّلَعَ قُدَّامَهُ، فَاخْتَفَى، فَيَقُولُ الْحَجَرُ: يَا عَبْدَ اللّٰهِ، هَذَا مَا تَبْغِي

حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: عنقریب تم قیامت سے پہلے ایسے کام دیکھو گے جو تم ناپسند کرو گے' تم کہو گے: ہم ہلاک ہو گئے' ہمیں اس کے متعلق بیان کرو' جب تم یہ دیکھو تو اللہ کا ذکر کرو اور جان لو کہ یہ قیامت کی ابتدائی نشانیاں ہیں' عنقریب تم دیکھو گے کہ تندرستی سے ہے سستی اور آپ ہمیں فرماتے کہ قیامت آنے سے پہلے پتھر بتائے گا کہ یہودی اس کے پیچھے چھپا ہوا ہے' مسلمان آدمی اسے تلاش کرے گا' اس کو آگے پائے گا' وہ چھپے گا تو پتھر کہے گا: اے اللہ کے بندے! یہ میرے پیچھے ہے۔

**6940** - وَبِإِسْنَادِهِ عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُولُ: لَيْسَ فِي الدُّنْيَا حَسْرَةٌ إِلَّا فِي ثَلَاثٍ:

حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرمایا کرتے تھے: دنیا میں نہیں حسرت مگر تین میں: (۱) وہ آدمی جس کا کنواں ہو اور اس کی ایک



6939- قال في المجمع جلد7صفحه327 رواه الطبراني والبزار باختصار واسناده ضعيف' وفيه من لم أعرفهم .

رَجُلٍ كَانَ لَهُ سَقْيٌ، وَلَهُ سَانِيَةٌ يَسْقِي عَلَيْهَا أَرْضَهُ، فَلَمَّا اشْتَدَّ ظَمَأُ أَرْضِهِ، وَخَرَجَ ثِمَارُهَا مَاتَتْ سَانِيَتُهُ، فَيَجِدُ حَسْرَةً عَلَى سَانِيَتِهِ الَّذِي قَدْ عَلَّمَهُ السَّقْيَ أَنْ يَجِدَ مِثْلَهُ، وَيَجِدُ حَسْرَةً عَلَى ثَمَرَةِ أَرْضِهِ أَنْ تَفْسَدَ قَبْلَ أَنْ يُحِيلَ لَهَا حِيلَةً، وَرَجُلٍ كَانَ لَهُ فَرَسٌ جَوَادٌ ' فَلَقِيَ جَمْعًا مِنَ الْكُفَّارِ، فَلَمَّا دَنَا بَعْضُهُمْ مِنْ بَعْضٍ انْهَزَمَ أَعْدَاءُ اللّٰهِ، فَسَبَقَ الرَّجُلُ عَلَى فَرَسِهِ، فَلَمَّا كَرَبَ أَنْ يَلْحَقَ كُسِرَتْ بِهِ فَرَسُهُ، وَتُرِكَ قَائِمًا عِنْدَهُ، يَجِدُ حَسْرَةً عَلَى فَرَسِهِ أَنَّ لَا يَجِدَ مِثْلَهُ، وَيَجِدُ حَسْرَةً عَلَى مَا فَاتَهُ مِنَ الظَّفَرِ الَّذِي كَانَ قَدْ أَشْرَفَ عَلَيْهِ، وَرَجُلٍ تَحْتَهُ امْرَأَةٌ قَدْ رَضِيَ هَيْأَتَهَا وَدِينَهَا، فَنَفَسَتْ غُلَامًا، فَمَاتَتْ بِنَفَسِهِ، فَيَجِدُ حَسْرَةً عَلَى امْرَأَتِهِ يَظُنُّ أَنَّهُ لَنْ يُصَادِفَ مِثْلَهَا، وَيَجِدُ حَسْرَةً عَلَى وَلَدِهَا يَخْشَى أَنْ يَهْلِكَ ضَيْعَةً قَبْلَ أَنْ يَجِدَ لَهُ مُرْضِعَةً قَالَ: وَهَذِهِ أَكْثَرُ أُولَئِكَ الْحَسَرَاتِ

اونٹنی ہوجس پر وہ اپنی زمین سیراب کرتا ہو‘ پس جب اس کی زمین کی پیاس سخت ہو اور اس کا پھل نکل آئے تو اس کی اونٹنی مر جائے‘ پس وہ اپنی اونٹنی پر حسرت محسوس کرتا ہے جس کو اس نے سیراب کرنا سکھایا کہ وہ اس جیسی دوسری پالے اور اپنی زمین کے پھل پر حسرت پاتا ہے کہ اس کو سیراب کرنے کا کوئی حیلہ کرنے سے پہلے وہ خراب ہوجائے گی۔ دوسرا وہ آدمی جس کے پاس عمدہ گھوڑا ہو۔ پس کافروں کی جماعت سے اس کی مڈھ بھیڑ ہو‘ پس جب وہ ایک دوسرے کے قریب ہوں تو اللہ کے دشمن شکست کھا جائیں‘ پس وہ آدمی اپنے گھوڑے پر سوار ہو کر آگے نکل جائے۔ پس جب (اپنے لشکر سے) جا کر ملنا قریب ہو‘ اس کے گھوڑے کی ٹانگ ٹوٹ جائے اور وہ اس کے پاس کھڑا رہ جائے۔ وہ اپنے گھوڑے پر حسرت پائے گا کہ وہ اب اس جیسا نہ پائے گا اور اس پر بھی حسرت محسوس کرے گا جو کامیابی اس سے رہ گئی ہے‘ جس پر وہ جھانک رہا تھا (یعنی کامیابی قریب تھی) تیسرا وہ آدمی جس کی بیوی ہو جس کی شکل اور دین پر وہ خوش ہو‘ پس وہ بچہ پیدا کرے تو مر جائے‘ پس وہ اپنی بیوی پر حسرت محسوس کرے گا‘ جس کے بارے گمان کرتا تھا کہ اس سے اس قسم کا حادثہ نہ ہوگا یا وہ اس جیسی نہ پا سکے گا اور اس کے بچے پر حسرت پائے گا کہ جس کیلئے کوئی دایہ پانے سے پہلے اس کے مرجانے کا خوف ہے۔ فرمایا: یہ آخری پہلی حسرتوں سے بڑی حسرت ہے۔

**6941** - وَبِإِسْنَادِهِ عَنْ سَمُرَةَ بْنِ

حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

6941- ورواه البزار رقم الحديث: 506 .

جُنْدُبٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَأْمُرُ الْمُهَاجِرِينَ، وَالْأَنْصَارَ أَنْ يَكُونُوا فِي مُقَدَّمِ الصُّفُوفِ، وَيَقُولُ: هُمْ أَعْلَمُ بِالصَّلَاةِ مِنَ الْأَعْرَابِ وَالسُّفَهَاءِ، وَيَأْتَمُّ بِهِمْ مَنْ وَرَاءَهُمْ، وَلَا أُحِبُّ أَنْ يَكُونَ الْأَعْرَابُ قُدَّامَهُمْ، لَا يَدْرُونَ كَيْفَ الصَّلَاةُ

حضور ﷺ مہاجرین و انصار کو پہلی صف میں کھڑے ہونے کا حکم دیتے تھے اور فرماتے: یہ نماز کے متعلق زیادہ جانتے ہیں دیہات کے رہنے والے اور ان پڑھ لوگوں سے یہ لوگ ان کے پیچھے کھڑے ہوں میں پسند نہیں کرتا ہوں کہ دیہات کے لوگ آگے ہوں اور ان کو نماز کے متعلق علم نہیں ہے۔

**6942** - وَبِإِسْنَادِهِ عَنْ سَمُرَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ فِي الْجَنَّةِ شَجَرَةً مُسْتَقِلَّةً عَلَى سَاقٍ وَاحِدٍ، عَرْضُ سَاقِهَا مَسِيرَةُ سَبْعِينَ سَنَةً

حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جنت میں ایک درخت ہے وہ ایک شاخ پر کھڑا ہے اس کی ایک شاخ اتنی لمبی ہے جتنا کوئی ستر سال تک چلتا رہے۔

**6943** - وَبِإِسْنَادِهِ عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ لَنَا: إِنَّ اسْمَ الرَّجُلِ الْمُؤْمِنِ فِي الْكُتُبِ الْكَرْمُ، مِنْ أَجْلِ مَا كَرَّمَهُ اللّٰهُ عَلَى الْخَلِيقَةِ، وَإِنَّكُمْ تَدْعُونَ الْحَائِطَ مِنَ الْعِنَبِ الْكَرْمَ، وَإِنَّمَا اسْمُهُ الْحَفْرُ، وَالرَّجُلُ هُوَ الْكَرْمُ

حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: مؤمن آدمی کا نام کتابوں میں کرم ہے وجہ یہ ہے کہ اللہ عزوجل نے اس کو اپنی تمام مخلوق پر عزت دی ہے تم دیوار پر چڑھنے والی انگور کی بیل کو کرم کہتے ہو اس کا نام حفر ہے آدمی کرم ہے۔

**6944** - وَبِإِسْنَادِهِ عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُولُ: إِنَّ الْفِرْدَوْسَ هِيَ رَبْوَةُ الْجَنَّةِ الْوُسْطَى الَّتِي هِيَ أَرْفَعُهَا وَأَحْسَنُهَا

حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جنت الفردوس درمیانی جنت کا ٹیلہ ہے جو بلند اور خوبصورت ہے۔



---

6942- قال في المجمع جلد10 صفحه390 رواه البزار والطبراني واسناد الطبراني حسن .

6943- ورواه البزار رقم الحديث: 1989 قال في المجمع جلد8 صفحه55' وفي اسناد الطبراني مجاهيل وفي اسناد الطبراني مجاهيل وفي اسناد البزار يوسف بن خالد السمتي وهو متروك .

**6945** - وَبِإِسْنَادِهِ عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُولُ: إِنِّي لَا أَجِدُ صِنْفًا مِنَ الدَّوَابِّ، الدَّابَّةُ الْوَاحِدَةُ مِنْهَا خَيْرٌ مِنْ مِائَةٍ مِنْ صَوَاحِبِهِ غَيْرَ الرَّجُلِ، يَجِدُ الرَّجُلَ هُوَ خَيْرٌ مِنْ مِائَةِ رَجُلٍ

حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میں جانوروں کی قسم نہیں پاتا ہوں' ایک جانور ان سے سو جانوروں سے بہتر ہو سوائے آدمی کے کہ ایک (اچھا) آدمی' سو آدمیوں سے بہتر ہے۔

**6946** - وَبِإِسْنَادِهِ عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُولُ: مَنْ رَهَنَ أَرْضًا بِدَيْنٍ عَلَيْهِ، فَإِنَّهُ يَقْضِي مِنْ ثَمَرَتِهَا مَا فَضَلَ بَعْدَ نَفَقَتِهَا، وَيَقْضِي ذَلِكَ لَهُ مِنْ حِينِهِ ذَلِكَ الَّذِي عَلَيْهِ بَعْدَ أَنْ يَحْسِبَ لِصَاحِبِهَا الَّذِي عِنْدَهُ عَمَلَهُ ' وَنَفَقَتَهُ بِالْعَدْلِ

حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس نے زمین رہن رکھی اُس پر قرض ہوگا' وہ اس کا قرض اس کا خرچ دینے کے بعد ادا کرے گا' یا اپنے خرچ کا حساب لگا کر اس کا قرض دے گا' اس کا خرچ درمیانہ ہوتا ہے۔

**6947** - وَبِإِسْنَادِهِ عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ، قَالَ: إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَانَا يَوْمَ وَرَدَ حِجْرَ ثَمُودَ عَلَى رَكِيَّةٍ عِنْدَ جَانِبِ الْمَدِينَةِ أَنْ نَشْرَبَ مِنْهَا ' أَوْ نَسْقِيَ بِهَا، وَنَهَى أَنْ نُولِجَ بُيُوتَهُمْ، وَنَبَّأَنَا أَنَّ وَلَدَ النَّاقَةِ ارْتَقَى فِي قَارَةٍ سَمِعْتُ النَّاسَ يَدْعُونَهَا كِنَانَةَ، وَأَنَّ أَثَرَ وَلَدِ النَّاقَةِ مُبَيَّنٌ فِي قُبُلِهَا

حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس دن آپ وارد ہوئے مدینہ کے مضافات میں حجر ثمود پر کہ اس کے کنویں سے پانی نہ پئیں' اپنے جانوروں کو بھی اس کا پانی نہ پلائیں' اور ان کے گھروں میں داخل ہونے سے منع فرمایا' ہمیں بتایا کہ اونٹنی کا بچہ' میں نے لوگوں سے سنا کہ کنانہ کے نام سے پکارتے تھے' اونٹنی کے بچے کا اثر اس سے پیچھے واضح ہوتا ہے۔

---

6945- قال فی المجمع جلد5صفحه318' وفيه من لم أعرفهم . ورواه البزار وفيه يوسف بن خالد السمتی وهو ضعيف .

6946- قال فی المجمع جلد4صفحه142 وفی اسناده مساتير .

6947- قال فی المجمع جلد10صفحه290' وفيه من لم أعرفهم .

**6948** - وَبِإِسْنَادِهِ عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا غَزَا أَوْ سَافَرَ، فَأَقْبَلَ رَاجِعًا إِلَى الْمَدِينَةِ يَقُولُ: آيِبُونَ لِرَبِّنَا حَامِدُونَ ' لِرَبِّنَا عَابِدُونَ

حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ جب جہاد سے یا سفر سے واپس مدینہ کی طرف آتے تو آپ یہ دعا کرتے: ہم اپنے رب کی طرف لوٹنے والے ہیں' حمد کرنے والے ہیں' اپنے رب کی عبادت کرنے والے ہیں۔

**6949** - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ هَارُونَ، ثنا مَرْوَانُ بْنُ جَعْفَرٍ السَّمُرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ خُبَيْبِ بْنِ سَمُرَةَ، ثنا جَعْفَرُ بْنُ سَعْدِ بْنِ سَمُرَةَ، عَنْ خُبَيْبِ بْنِ سُلَيْمَانَ بْنِ سَمُرَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَهُ رَجُلٌ مَرَّةً: إِذَا جَاءَتِ الْأَحْزَابُ حَرِّمْ عَلَى أَهْلِ الْمَدِينَةِ سَقْيَ النَّخْلِ، فَقَالَ: لَوْ أَنِّي أُحَرِّمُ عَلَيْكُمُ احْتَرَقْتُمْ، وَإِنَّ تَحْرِيمَ الْأَنْبِيَاءِ لَا تُطِيقُهُ الْجِبَالُ

حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ سے ایک آدمی نے ایک مرتبہ کہا: جب احزاب آئے تو آپ نے اہل مدینہ پر کھجور کی نبیذ حرام کی' آپ ﷺ نے فرمایا: اگر تم پر حرام کروں تو تم جلا دو' بے شک جس چیز کو انبیاء حرام کرتے ہیں' اسے پہاڑ بھی نہیں ٹال سکتے۔

## حضرت شبل بن معبد مدنی رضی اللہ عنہ

**7077** - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ سُلَيْمَانَ التَّيْمِيِّ، عَنْ أَبِي عُثْمَانَ النَّهْدِيِّ، قَالَ: شَهِدَ أَبُو بَكْرَةَ، وَنَافِعٌ، وَشِبْلُ بْنُ مَعْبَدٍ عَلَى الْمُغِيرَةِ بْنِ شُعْبَةَ أَنَّهُمْ نَظَرُوا إِلَيْهِ كَمَا يُنْظَرُ إِلَى الْمِرْوَدِ فِي الْمُكْحُلَةِ، فَجَاءَ زِيَادٌ، فَقَالَ

حضرت ابوعثمان نہدی فرماتے ہیں کہ ابوبکر' نافع' شبل بن معبد نے مغیرہ بن شعبہ کے خلاف گواہی دی کہ اُنہوں نے اس کو دیکھا ہے جس طرح سرمہ دانی میں سلائی دیکھی جاتی ہے' زیاد آیا' حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ایک آدمی آیا ہے جو حق کی گواہی دیتا ہے' اس نے کہا: میں نے بُرا منظر دیکھا ہے' حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس کو حد



7077- قال في المجمع جلد6صفحه280' ورجاله رجال الصحيح . قلت: رواه عبد الرزاق رقم الحديث:13566 .

عُمَرُ: جَاءَ رَجُلٌ لَا يَشْهَدُ إِلَّا بِحَقٍّ، فَقَالَ: رَأَيْتُ مَنْظَرًا قَبِيحًا وَابْتِهَارًا قَالَ: فَجَلَدَهُمْ عُمَرُ الْحَدَّ

کے لیے کوڑے لگائے۔

## شَيْبَانُ أَبُو يَحْيَى الْأَنْصَارِيُّ جَدُّ أَبِي هُبَيْرَةَ

## شیبان ابو یحییٰ انصاری رضی اللہ عنہ حضرت ابوہبیرہ کے دادا

**7078** - حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ السَّدُوسِيُّ، ثنا عَاصِمُ بْنُ عَلِيٍّ، ثنا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ، عَنْ أَشْعَثَ بْنِ سَوَّارٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ عَبَّادٍ، عَنْ جَدِّهِ شَيْبَانَ أَنَّهُ غَدَا إِلَى الْمَسْجِدِ، فَجَلَسَ إِلَى بَعْضِ حُجَرِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَسَمِعَ صَوْتَهُ، فَقَالَ: أَبَا يَحْيَى قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: ادْخُلْ فَدَخَلَ، فَإِذَا النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَغَذَّى، فَقَالَ: هَلُمَّ إِلَى الْغَدَاءِ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللهِ، إِنِّي أُرِيدُ الصِّيَامَ، قَالَ: وَأَنَا أُرِيدُ الصِّيَامَ، إِنَّ مُؤَذِّنَنَا فِي بَصَرِهِ سُوءٌ، أَذَّنَ قَبْلَ الْفَجْرِ

حضرت شیبان فرماتے ہیں کہ وہ مسجد کی طرف آئے' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعض حجرات کے پاس بیٹھ گئے' آپ نے ان کی آواز سنی' آپ نے فرمایا: ابویحییٰ! میں نے عرض کی: جی ہاں! آپ نے فرمایا: داخل ہو جاؤ! حضرت ابویحییٰ داخل ہوئے' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کھانا کھا رہے تھے' آپ نے فرمایا: آؤ کھانا کھاؤ! عرض کی: یارسول اللہ! میں نے روزہ کا ارادہ کیا ہے' آپ نے فرمایا: میں نے بھی روزے کا ارادہ کیا ہے' عرض کی: ہمارے مؤذن کی آنکھ خراب ہے' وہ فجر سے پہلے اذان دے دیتا ہے۔

## شُرَيْحُ بْنُ أَبْرَهَةَ

## حضرت شریح بن ابرہہ رضی اللہ عنہ

**7079** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ نُصَيْرٍ

حضرت شریح بن ابرہہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ



---

7078- قال فی المجمع جلد3صفحه153 رواه الطبرانی فی الكبير والأوسط (131 مجمع البحرين)، وفيه قيس ابن الربيع وثقة شعبة والثوری وفيه كلام .

7079- قال فی المجمع جلد3صفحه264 رواه الطبرانی فی الكبير والأوسط (152 مجمع البحرين) بنحوه وفيه شرقی بن القطامی وهو ضعيف . قلت: الشاذكونی اتهم بوضع الحديث، وفيه من لم نر لهم ترجمة، كذا فی المخطوطة تبعًا للاصابة محل بن وداعة والذی فی الجرح ولاتعديل والتجريد وأسد الغابة محلم بن وداعة . وضعف الحافظ

الْأَصْبَهَانِيُّ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ الشَّاذَكُونِيُّ، ثنا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْأَنْصَارِيُّ، ثنا شَرْقِيُّ بْنُ الْقَطَامِيِّ، عَنْ عَمْرِو بْنِ قَيْسٍ، عَنْ مُحِلِّ بْنِ وَدَاعَةَ، عَنْ شُرَيْحِ بْنِ أَبْرَهَةَ، قَالَ: رَأَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَبَّرَ فِي أَيَّامِ التَّشْرِيقِ مِنْ صَلَاةِ الظُّهْرِ يَوْمَ النَّحْرِ حَتَّى خَرَجَ مِنْ مِنًى

میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھا کہ آپ نے تشریق کے دنوں میں نمازِ ظہر نحر کے دن تکبیر کہی یہاں تک کہ آپ منیٰ سے نکلے۔

**7080** - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْكَرِيمِ الزَّعْفَرَانِيُّ الْعَسْكَرِيُّ، ثنا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ الشَّيْبَانِيُّ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ السَّعْدِيُّ أَبُو دَاوُدَ، ثنا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْأَنْصَارِيُّ، ثنا شَرْقِيُّ بْنُ قَطَامِيٍّ، عَنْ عَمْرِو بْنِ قَيْسٍ، عَنْ مُحِلِّ بْنِ وَدَاعَةَ، عَنْ شُرَيْحِ بْنِ أَبْرَهَةَ، قَالَ: رَأَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُكَبِّرُ أَيَّامَ التَّشْرِيقِ حَتَّى يَخْرُجَ مِنْ مِنًى، يُكَبِّرُ فِي دُبُرِ كُلِّ صَلَاةٍ

حضرت شریح بن ابرہہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھا کہ منیٰ سے نکلنے تک تشریق کے دنوں میں تکبیر کہتے ہوئے آپ ہر فرض نماز کے بعد تکبیر کہتے تھے۔

# مَنِ اسْمُهُ شِهَابٌ

# جس کا نام شہاب ہے

## شِهَابٌ رَجُلٌ مِنَ الصَّحَابَةِ، كَانَ يَنْزِلُ مِصْرَ

## صحابہ میں سے ایک آدمی حضرت شہاب رضی اللہ عنہ آپ ملک مصر آئے تھے

**7081** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُعَاذٍ

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے صحابہ میں سے ایک حضرت شہاب

---

اسناده في الاصابة جلد3صفحه333 .

7081- قال في المجمع جلد 6صفحه247 لم أعرف سلم بن أبي الذيال وأبا سنان المدني' قلت: ذكر ابن حبان سلم

الْحَلَبِيُّ، ثنا الْقَعْنَبِيُّ، ثنا مُعْتَمِرٌ، عَنْ سُلَيْمَانَ، عَنْ سَلْمِ بْنِ أَبِي الذَّيَّالِ، عَنْ أَبِي سِنَانٍ، رَجُلٍ مِنَ أَهْلِ الْمَدِينَةِ، سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ يُحَدِّثُ، عَنْ شِهَابٍ -رَجُلٍ مِنْ أَصْحَابِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، كَانَ يَنْزِلُ مِصْرَ، أَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ سَتَرَ عَلَى مُؤْمِنٍ عَوْرَةً فَكَأَنَّمَا أَحْيَا مَيْتًا

جو مصر آئے تھے (وہ فرماتے ہیں کہ) انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: جس نے مؤمن کے عیب پر پردہ ڈالا' گویا اس نے مردکو زندہ کیا۔

## شِهَابُ بْنُ الْمَجْنُونِ جَدُّ عَاصِمِ بْنِ كُلَيْبٍ

## حضرت عاصم بن کلیب کے دادا حضرت شہاب بن مجنون رضی اللہ عنہ

وَاخْتُلِفَ فِي اسْمِهِ، وَقَالَ بَعْضُهُمْ: اسْمُهُ شَبِيبٌ، وَقَالَ بَعْضُهُمْ: شُتَيْرٌ

آپ کے نام میں اختلاف ہے' بعض نے کہا: آپ کا نام شبیب ہے' بعض کہتے ہیں: شتیر ہے۔

**7082** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا مُعَلَّى بْنُ أَسَدٍ الْعَمِّيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عِمْرَانَ، ثنا أَبُو مَعْدَانَ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ كُلَيْبٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، قَالَ: دَخَلْتُ الْمَسْجِدَ، وَرَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاضِعٌ يَدَهُ عَلَى فَخِذِهِ يُشِيرُ بِالسَّبَّابَةِ، وَيَقُولُ: يَا مُقَلِّبَ الْقُلُوبِ، ثَبِّتْ قَلْبِي عَلَى دِينِكَ

حضرت عاصم بن کلیب اپنے والد سے' وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ میں مسجد میں داخل ہوا' رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنا دست مبارک اپنی ران مبارک پر رکھا تھا اور سبابہ انگلی سے اشارہ کر رہے تھے اور یہ دعا کر رہے تھے: اے دلوں کو پلٹنے والے! میرے دل کو اپنے دین پر ثابت رکھ (تعلیم اُمت کے لیے دعا ہے)۔

---

هذا في الثقات' وذكره البخاري في التاريخ الكبير ولم يذكر فيه جرحًا ولا تعديلًا . فهو مجهول .

7082- ورواه الترمذي رقم الحديث:3657' وقال: حديث غريب من هذا الوجه . قلت: وله شواهد من حديث أنس وجابر والنواس بن سمعان . وقال الحافظ في الاصابة جلد 3صفحه365' ورجاله موثقون' الا أن أبا داؤد قال: عاصم بن كليب عن أبيه عن جده ليس بشيء .

# شَبِيبُ بْنُ نُعَيْمٍ، لَمْ يُنْسَبْ

# حضرت شبیب بن نعیم رضی اللہ عنہ جن کا نسب معلوم نہیں ہے

**7083** - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا سُوَيْدُ بْنُ سَعِيدٍ، ثنا بَقِيَّةُ بْنُ الْوَلِيدِ، عَنْ أَبِي بَكْرِ بْنِ أَبِي مَرْيَمَ، عَنْ رَاشِدِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ شَبِيبِ بْنِ نُعَيْمٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: أُمُّ مِلْدَمٍ تَأْكُلُ اللَّحْمَ، وَتَشْرَبُ الدَّمَ، بَرْدُهَا وَحَرُّهَا مِنْ جَهَنَّمَ

حضرت شبیب بن نعیم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ فرماتے ہیں: اُم ملدم (یعنی بخار) گوشت کھاتا ہے (یعنی کم کرتا ہے) اور خون پیتا ہے (یعنی کم کرتا ہے) اس کی سردی اور گرمی جہنم سے ہے۔

# شُعَيْبُ بْنُ عَمْرٍو، لَمْ يُنْسَبْ

# حضرت شعیب بن عمرو رضی اللہ عنہ آپ کا نسب معلوم نہیں

**7084** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الصَّقْرِ السُّكَّرِيُّ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ حُمَيْدِ بْنِ كَاسِبٍ، ثنا سَلَمَةُ بْنُ رَجَاءٍ، ثنا عَائِذُ بْنُ شُرَيْحٍ، أَنَّهُ سَمِعَ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ، وَشُعَيْبَ بْنَ عَمْرٍو، وَنَاجِيَةَ بْنَ عَمْرٍو قَالُوا: رَأَيْنَا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْضِبُ

حضرت انس بن مالک اور شعیب بن عمرو اور ناجیہ بن عمرو فرماتے ہیں کہ ہم نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا کہ آپ نے خضاب لگایا تھا۔

# شَطْبٌ الْمَمْدُودُ

# حضرت شطب الممدود



7083- قال في المجمع جلد2صفحه307، وفيه بقية بن الوليد وهو مدلس . قلت: أبو بكر بن أبي مريم ضعيف وفي سويد بن سعيد كلام .

7084- قال في المجمع جلد 5صفحه161-162، وفيه عائذ بن شريح وهو ضعيف . قال ابن عبد البر في الاستيعاب صفحه709 لا يصح حديثه .

# أَبُو طَوِيلٍ

**7085** - حَدَّثَنَا أَبُو زَيْدٍ أَحْمَدُ بْنُ يَزِيدَ الْحَوْطِيُّ، ثنا أَبُو الْمُغِيرَةِ، ثنا صَفْوَانُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ جُبَيْرٍ، عَنْ أَبِي طَوِيلٍ شَطْبِ الْمَمْدُودِ أَنَّهُ أَتَى رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: أَرَأَيْتَ رَجُلًا عَمِلَ الذُّنُوبَ كُلَّهَا، فَلَمْ يَتْرُكْ مِنْهَا شَيْئًا، وَهُوَ فِي ذَلِكَ لَمْ يَتْرُكْ حَاجَةً وَلَا دَاجَةً إِلَّا أَتَاهَا، فَهَلْ لَهُ مِنْ تَوْبَةٍ؟ قَالَ: فَهَلْ أَسْلَمْتَ؟ قَالَ: أَمَّا أَنَا فَأَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللهُ، وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ، وَأَنَّكَ رَسُولُ اللهِ، قَالَ: نَعَمْ، تَفْعَلُ الْخَيْرَاتِ، وَتَتْرُكُ السَّيِّئَاتِ، فَيَجْعَلُهُنَّ اللهُ لَكَ خَيْرَاتٍ كُلَّهُنَّ، قَالَ: وَغَدَرَاتِي وَفَجَرَاتِي؟ قَالَ: نَعَمْ قَالَ: اللهُ أَكْبَرُ، فَمَا زَالَ يُكَبِّرُ حَتَّى تَوَارَى

# ابوطویل رضی اللہ عنہ

حضرت ابوطویل شطب الممدود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ وہ حضور ﷺ کے پاس آئے، عرض کی: آپ بتائیں کہ کوئی ہے اس نے سارے گناہ کیے اس نے کوئی گناہ نہیں چھوڑا اس نے کوئی ضرورت نہ چھوڑی وہ کنواری اور ثیبہ کے ساتھ زنا کیا ہے؟ عرض کی: کیا اس کی توبہ ہوسکتی ہے؟ آپ نے فرمایا: کیا تُو اسلام لایا ہے؟ عرض کی: میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے علاوہ کوئی معبود نہیں ہے وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں ہے آپ اللہ کے رسول ہیں۔ آپ نے فرمایا: ٹھیک ہے! تُو نیکیاں کر اور گناہ چھوڑ دے اللہ عزوجل سب کو نیکیاں بنا دے گا۔ عرض کی: میری وعدہ خلافی اور بڑا پن؟ آپ نے فرمایا: ہاں! وہ بھی معاف ہو جائے گا۔ اس نے کہا: اللہ بہت بڑا ہے وہ مسلسل کہتا رہا: اللہ بہت بڑا ہے یہاں تک کہ غائب ہوگیا۔

# شُوَيْفِعٌ، لَمْ يُنْسَبْ

**7086** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خَالِدٍ

# حضرت شویفع رضی اللہ عنہ ان کا نسب معلوم نہیں

حضرت شویفع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ



7085- قال في المجمع جلد 1 صفحه 32 رواه الطبراني والبزار بنحوه ورجال البزار رجال الصحيح غير محمد بن هارون ابى نشيط وهو ثقة . وكذا في جلد 10 صفحه 202 . قال الحافظ في الاصابة جلد 3 صفحه 350 هو على شرط الصحيح، ثم ذكر له شاهدًا من حديث عمرو بن عبسة .

7086- قال الحافظ في الاصابة جلد 3 صفحه 367 الوليد بن سلمة ضعيف نسبوه الى وضع الحديث وأما الحافظ الهيثمي فقال في المجمع جلد 10 صفحه 284، وفيه من لم أعرفهم .

الرَّاسِبِيُّ، ثنا أَبُو مَيْسَرَةَ النَّهَاوَنْدِيُّ، ثنا الْوَلِيدُ بْنُ سَلَمَةَ الْحَرَّانِيُّ، ثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ شُوَيْفِعٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ شُوَيْفِعٍ قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ لَمْ يَسْتَحِ بِمَا قَالَ، أَوْ قِيلَ لَهُ فَهُوَ لِغَيْرِ رُشْدِهِ، حَمَلَتْهُ أُمُّهُ عَلَى غَيْرِ طُهْرٍ

حضور ﷺ نے فرمایا: جو حیاء نہ کرے اس کے ساتھ جو اس نے کہا' یا اس کو کہا جائے اس کے علاوہ' جو اس کے لیے ہدایت نہ ہو (تو اس کی وجہ یہ ہے کہ) اس کی ماں حاملہ ہوئی تھی حالتِ حیض میں۔



# الشَّرِيدُ بْنُ سُوَيْدٍ الثَّقَفِيُّ مَا رَوَى عَمْرُو بْنُ الشَّرِيدِ، عَنْ أَبِيهِ

# شرید بن سوید ثقفی' جو حدیثیں حضرت عمرو بن شرید اپنے والد سے روایت کرتے ہیں

**7087** - حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، وَالْحَسَنُ بْنُ سَهْلٍ الْمُجَوِّزُ الْبَصْرِيُّ، قَالَا: ثنا أَبُو عَاصِمٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الطَّائِفِيِّ، ثنا عَمْرُو بْنُ الشَّرِيدِ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: أَرْدَفَنِي النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَلْفَهُ، فَقَالَ: أَمَا تَرْوِي لِأُمَيَّةَ بْنِ أَبِي الصَّلْتِ شَيْئًا؟ قُلْتُ: بَلَى، قَالَ: هِيهِ: فَأَنْشَدْتُهُ مِائَةَ بَيْتٍ أَوْ قَافِيَةٍ، كُلَّمَا أَتَيْتُ عَلَى بَيْتٍ وأَوْ قَافِيَةٍ قَالَ: هِيهِ

حضرت عمرو بن شرید اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے مجھے پیچھے سوار کیا' آپ نے فرمایا: کیا تمہیں امیہ بن ابوصلت کے کچھ اشعار یاد ہیں؟ میں نے عرض کی: کیوں نہیں! آپ نے فرمایا: مزید پڑھو! میں نے ایک سو اشعار یا قافیہ پڑھے' جب ایک شعر یا قافیہ ختم کر لیتا تھا تو آپ فرماتے: اور پڑھو!

**7088** - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، ثنا الْحُمَيْدِيُّ، ثنا سُفْيَانُ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مَيْسَرَةَ، أَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ الشَّرِيدِ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ:

حضرت شرید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور ﷺ کے پیچھے سوار تھا' آپ نے فرمایا: تمہیں امیہ بن ابوصلت کے کچھ اشعار یاد ہیں؟ میں نے عرض کی: جی

7087- ورواه أحمد جلد4صفحه388,389,390' ومسلم رقم الحديث:2255' وابن ماجه رقم الحديث:3758 .

7088- ورواه الحميدي رقم الحديث:809 .

كُنْتُ رِدْفَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: هَلْ مَعَكَ مِنْ شِعْرِ أُمَيَّةَ بْنِ أَبِي الصَّلْتِ شَيْءٌ؟ قُلْتُ: نَعَمْ قَالَ: هِيهِ فَأَنْشَدْتُهُ بَيْتًا، فَلَمْ يَزَلْ يَقُولُ: هِيهِ ' فَأَنْشَدْتُهُ بَيْتًا، فَلَمْ يَزَلْ يَقُولُ: هِيهِ ' وَأُنْشِدُهُ ' حَتَّى أَنْشَدْتُهُ مِائَةَ بَيْتٍ

ہاں! آپ نے فرمایا: اور پڑھو! میں نے آپ کے سامنے ایک شعر پڑھا تو آپ مسلسل کہتے رہے: اور پڑھو! میں پڑھتا رہا' میں نے سو اشعار پڑھے۔

**7089** - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ، ثنا مُؤَمَّلُ بْنُ هِشَامٍ، ثنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، ثنا رَوْحُ بْنُ الْقَاسِمِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ مَيْسَرَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الشَّرِيدِ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: كُنْتُ رَدِيفَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: هَلْ مَعَكَ مِنْ شِعْرٍ؟ قُلْتُ: نَعَمْ ' قَالَ: فَأَنْشِدْنِي شَيْئًا فَأَنْشَدْتُهُ بَيْتًا، ثُمَّ سَكَتُّ، قَالَ: إِيهِ ' فَأَنْشَدْتُهُ بَيْتًا، ثُمَّ سَكَتُّ، قَالَ: إِيهِ ' فَأَنْشَدْتُهُ بَيْتًا، حَتَّى أَنْشَدْتُهُ مِائَةً، ثُمَّ سَكَتُّ ' وَسَكَتَ

حضرت شرید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور ﷺ کے پیچھے سوار تھا' آپ نے فرمایا: تمہیں کوئی شعر یاد ہے؟ میں نے عرض کی: جی ہاں! آپ نے فرمایا: کوئی شعر سناؤ! میں نے ایک شعر سنایا' پھر میں خاموش ہو گیا' آپ نے فرمایا: پڑھو! میں نے ایک شعر پڑھا پھر میں خاموش ہو گیا' آپ نے فرمایا: پڑھو! میں نے ایک اور شعر پڑھا' میں نے سو اشعار پڑھے پھر میں خاموش ہو گیا تو آپ بھی خاموش ہو گئے۔

**7090** - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، ثنا الْحُمَيْدِيُّ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ مَيْسَرَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الشَّرِيدِ، أَوْ يَعْقُوبَ بْنِ عَاصِمٍ - كَذَلِكَ كَانَ يَشُكُّ سُفْيَانُ -عَنِ الشَّرِيدِ، قَالَ: بَصُرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلًا قَدْ أَسْبَلَ إِزَارَهُ، فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ارْفَعْ إِزَارَكَ فَقَالَ الرَّجُلُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنِّي أَحْنَفُ يَصْطَكُّ رُكْبَتَايَ، قَالَ: ارْفَعْ

حضرت شرید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے ایک آدمی کو دیکھا کہ اُس نے اپنا تہبند لٹکایا ہوا تھا' حضور ﷺ نے اسے فرمایا: اپنا تہبند اُٹھاؤ! اُس آدمی نے عرض کی: یارسول اللہ! میرے گھٹنے (پنڈلیاں) بدصورت ہیں (اس لیے میں ان کو چھپائے رکھتا ہوں) آپ ﷺ نے فرمایا: اپنی چادر اُٹھاؤ! اللہ کی ساری مخلوق خوبصورت ہے' اس آدمی کو دیکھا گیا (بعد میں) تو اس نے اپنا تہبند نصف پنڈلی تک اُٹھایا ہوا تھا۔



7090- ورواه احمد جلد 4 صفحه 390 قال في المجمع جلد 5 صفحه 124' ورجال احمد رجال الصحيح . ورواه الحميدي رقم الحديث: 810 .

إِزَارَكَ، وَكُلُّ خَلْقِ اللّٰهِ حَسَنٌ' فَمَا رُؤِیَ ذٰلِكَ الرَّجُلُ إِلَّا وَإِزَارُهُ إِلَى نِصْفِ سَاقَيْهِ

**7091** - حَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ بْنُ دَاوُدَ، ثنا أَسَدُ بْنُ مُوسَى، ثنا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ مَيْسَرَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الشَّرِيدِ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: أَبْصَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلًا يُسْبِلُ إِزَارَهُ، فَأَسْرَعَ إِلَيْهِ' أَوْ هَرْوَلَ إِلَيْهِ' فَقَالَ: ارْفَعْ إِزَارَكَ، وَاتَّقِ اللّٰهَ' قَالَ: إِنِّي أَحْنَفُ السَّاقَيْنِ تَصْطَكُّ رُكْبَتِي، قَالَ: كُلُّ خَلْقِ اللّٰهِ حَسَنٌ قَالَ: فَمَا رُؤِیَ ذٰلِكَ الرَّجُلُ إِلَّا وَإِزَارُهُ إِلَى نِصْفِ سَاقَيْهِ، أَوْ يَضْرِبُ أَنْصَافَ سَاقَيْهِ لَمْ يَذْكُرْ أَسَدُ بْنُ مُوسَى فِي حَدِيثِهِ الشَّكَّ فِي عَمْرِو بْنِ الشَّرِيدِ، وَيَعْقُوبَ بْنِ عَاصِمٍ

حضرت عمرو بن شرید اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضورﷺ نے ایک آدمی کو دیکھا کہ وہ اپنا تہبند لٹکائے ہوئے تھا' آپ جلدی سے اس کی طرف گئے فرمایا: اپنا تہبند اُٹھا اور اللہ سے ڈر! اس نے عرض کی: میری پنڈلیاں کمزور ہیں' میرے گھٹنے ننگے ہوں گے۔ آپ نے فرمایا: اللہ کی تخلیق سب خوبصورت ہے' اس کے بعد اس آدمی کا تہبند نصف پنڈلی تک رہتا تھا۔ اسد بن موسیٰ نے اپنی حدیث میں شک ذکر نہیں کیا عمرو بن شرید اور یعقوب بن عاصم رضی اللہ عنہما۔

**7092** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا عِيسَى بْنُ يُونُسَ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ مَيْسَرَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الشَّرِيدِ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ بِهِ وَهُوَ قَاعِدٌ هٰكَذَا مُتَّكِءٌ عَلَى أَلْيَةِ يَدِهِ خَلْفَ ظَهْرِهِ، فَقَالَ: هٰذِهِ قَعْدَةُ الْمَغْضُوبِ عَلَيْهِمْ

حضرت شرید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ (میرے) پاس سے گزرے تو میں نے اپنے ہاتھ کی ہتھیلی پر پشت کے پیچھے رکھ کر ٹیک لگائے ہوئے تھا' آپ نے فرمایا: اس طرح وہ بیٹھتے ہیں جن پر غضب نازل ہوا ہے۔

**7093** - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ

حضرت شرید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ



7092- ورواه أحمد جلد4صفحه388' وأبو داؤد رقم الحديث:4827 .

7094- قال في المجمع جلد6صفحه278' وفيه عبد اللّٰه بن عتبة بن عروة بن مسعود الثقفي ولم أعرفه وبقية رجاله

التُّسْتَرِيُّ، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا مِنْدَلٌ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ مَيْسَرَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الشَّرِيدِ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: أَبْصَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلًا قَدْ جَلَسَ ' فَاتَّكَأَ عَلَى يَدِهِ الْيُسْرَى، فَقَالَ: هَذِهِ جِلْسَةُ الْمَغْضُوبِ عَلَيْهِمْ

(میرے) پاس سے گزرے تو میں نے اپنا ہاتھ اپنی پشت کے پیچھے رکھ کر ٹیک لگائے ہوئے تھا' آپ نے فرمایا: اس طرح وہ بیٹھتے ہیں جن پر غضب نازل ہوا ہے۔

**7094** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الرَّقَاشِيُّ، وَحَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عُمَرَ الْقَوَارِيرِيُّ، قَالَا: ثنا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ، حَدَّثَنِي عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عُتْبَةَ بْنِ عُرْوَةَ بْنِ مَسْعُودٍ الثَّقَفِيُّ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الشَّرِيدِ، عَنِ الشَّرِيدِ، قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: إِذَا شَرِبَ أَحَدُكُمْ فَاضْرِبُوهُ، فَإِنْ عَادَ فَاضْرِبُوهُ، ثُمَّ إِنْ عَادَ فَاضْرِبُوهُ، ثُمَّ إِنْ عَادَ الرَّابِعَةَ فَاقْتُلُوهُ

حضرت شرحبیل بن اوس کندی' رسول اللہ ﷺ کے صحابی فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب کوئی شراب پیے تو اسے کوڑے مارو' اگر دوسری مرتبہ پیے تو اسے کوڑے مارو' اگر تیسری مرتبہ پیے تو اسے کوڑے مارو' اگر چوتھی مرتبہ پیے تو اسے قتل کردو۔

**7095** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي أَبِي، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ الْمَكِّيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ مَعِينٍ، قَالَا: ثنا أَبُو عُبَيْدَةَ الْحَدَّادُ، عَنْ خَلَفِ بْنِ مِهْرَانَ أَبُو

حضرت شرید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے چڑیا سے کھیلتے ہوئے اسے قتل کیا وہ قیامت کے دن اللہ عزوجل سے شکایت کرے گی' عرض کی گئی: اے رب! یہ تیرے اس بندے نے مجھے فضول مارا

---

ثقات . قلت ورواه أحمد جلد 4صفحه388-389' والدارمي رقم الحديث: 2318' والحاكم جلد 4صفحه372' وابن حزم في المحلى جلد 11صفحه367' وصححه الحاكم على شرط مسلم ووافقه الذهبي . ورواه النسائي في الكبرى .

7095- ورواه أحمد جلد4صفحه389' والنسائي جلد7صفحه239 .

الرَّبِيعِ، عَنْ عَامِرٍ الْأَحْوَلِ، عَنْ صَالِحِ بْنِ دِينَارٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الشَّرِيدِ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ قَتَلَ عُصْفُورًا عَبَثًا، عَجَّ إِلَى اللَّهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، فَيَقُولُ: يَا رَبُّ، إِنَّ عَبْدَكَ هَذَا قَتَلَنِي عَبَثًا، وَلَمْ يَقْتُلْنِي بِمَنْفَعَةٍ

تھا، مجھے اپنے نفع کے لیے نہیں مارا۔

حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَلِيٍّ الْجَارُودِيُّ الْأَصْبَهَانِيُّ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ سُفْيَانَ، ثنا خَالِدُ بْنُ يَزِيدَ الْكَاهِلِيُّ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ أَبَانَ بْنِ صَالِحٍ، عَنِ ابْنِ دِينَارٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الشَّرِيدِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، مِثْلَهُ

حضرت عمرو بن شرید اپنے والد سے وہ حضور ﷺ سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں۔

**7096** - حَدَّثَنَا أَبُو خَلِيفَةَ الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ الْجُمَحِيُّ، ثنا أَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الْحُلْوَانِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ، قَالُوا: ثنا شَرِيكٌ، عَنْ يَعْلَى بْنِ عَطَاءٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الشَّرِيدِ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّ مَجْذُومًا أَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِيُبَايِعَهُ، فَأَتَيْتُهُ، فَذَكَرْتُ لَهُ، فَقَالَ: ائْتِهِ فَأَعْلِمْهُ أَنِّي قَدْ بَايَعْتُهُ، فَلْيَرْجِعْ

حضرت شرید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک مجذوم حضور ﷺ کے پاس بیعت کرنے کے لیے آیا، میں آپ کے پاس آیا تو میں نے اس کا ذکر کیا، آپ نے فرمایا: اس کے پاس جاؤ اور اسے بتاؤ کہ میں نے بیعت کر لی ہے، وہ واپس چلا جائے۔

---

7096- ورواه أحمد جلد 4 صفحه 390,389، ومسلم رقم الحديث: 2231، والنسائي جلد 7 صفحه 150، وابن ماجه رقم الحديث: 3544.

**7097** - حَدَّثَنَا خَيْرُ بْنُ عَرَفَةَ الْمِصْرِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْحَكَمِ، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ رَبِيعَةَ الصَّدَفِيِّ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الشَّرِيدِ، عَنْ أَبِيهِ: أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَسَحَ عَلَى الْخُفَّيْنِ

حضرت شرید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ موزوں پر مسح کرتے تھے۔

**7098** - حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا أَبُو عَاصِمٍ، عَنْ وَبَرِ بْنِ أَبِي دُلَيْلَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَيْمُونٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الشَّرِيدِ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَيُّ الْوَاجِدِ يُحِلُّ عِرْضَهُ وَعُقُوبَتَهُ

حضرت شرید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: شراب پینے والے کی شکایت کرنا اور قید کروانا جائز ہے۔

**7099** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيدِ بْنِ أَبِي مَرْيَمَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ الْفِرْيَابِيُّ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ وَبَرِ بْنِ أَبِي دُلَيْلَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَيْمُونٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الشَّرِيدِ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَيُّ الْوَاجِدِ يُحِلُّ عِرْضَهُ وَعُقُوبَتَهُ قَالَ سُفْيَانُ: يُحِلُّ عِرْضَهُ: أَنْ يَشْكُوهُ، وَعُقُوبَتَهُ: حَبْسُهُ وَالصَّوَابُ وَبَرُ بْنُ

حضرت شرید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: شراب پینے والے کو قید کروانا اور شکایت کرنا جائز ہے۔ سفیان نے فرمایا: یحل عرضه سے مراد شکایت کرنا اور عقوبته سے مراد قید کرنا ہے۔ بہتر وبر بن دلیلہ دال کے ضمہ کے ساتھ ہے، نعمان بن عبدالسلام حضرت سفیان سے روایت کرتے ہیں۔ حضرت عمرو فرماتے ہیں: وبر بن ابودلیلہ سے دال کے نصب کے ساتھ روایت ہے۔



7097- قال في المجمع جلد1صفحه257' وفيه ابن لهيعة وهو ضعيف .

7098- ورواه أحمد جلد4صفحه389,388' وأبو داؤد رقم الحديث: 3611' والنسائي جلد7صفحه317,316' وابن ماجه رقم الحديث: 2427' وصححه الحاكم ووافقها الذهبي . وقال الحافظ في الفتح جلد 5صفحه62' وصله أحمد واسحاق في مسنديهما وأبو داؤد والنسائي من حديث عمرو بن الشريد بن أوس الثقفي عن أبيه واسناده حسن . ورواه ابن حبان رقم الحديث: 1164 .

أَبِي دُلَيْلَةَ بِضَمِّ الدَّالِ وَرَوَاهُ النُّعْمَانُ بْنُ عَبْدِ السَّلَامِ، عَنْ سُفْيَانَ، فَقَالَ عَمْرٌو: عَنْ وَبَرِ بْنِ أَبِي دَلِيلَةَ بِنَصْبِ الدَّالِ

**7100** - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ نَائِلَةَ الْأَصْبَهَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُغِيرَةِ، ثنا النُّعْمَانُ بْنُ عَبْدِ السَّلَامِ، ح وَحَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ بْنُ دَاوُدَ الْمِصْرِيُّ، ثنا أَسَدُ بْنُ مُوسَى، ثنا حَاتِمُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ، ثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ هُرْمُزَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي الْفِتْيَانِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الشَّرِيدِ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْأَلُ عَنْ شَيْءٍ مِنْ أَمْرِ الْإِبِلِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: انْحَرْ سَمِينَتَهَا، وَاحْمِلْ عَلَى نَحِيفَتِهَا، وَاحْلِبْ يَوْمَ الْمَاءِ، وَادْخُلِ الْجَنَّةَ بِسَلَامٍ

حضرت شرید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آیا' اس نے اونٹ کے متعلق کوئی شی پوچھی تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: موٹے اونٹ کو نحر کرا ور کمزور پر سوار ہو' پانی کے دن اس کو دو' تو جنت میں سلامتی کے ساتھ داخل ہوگا۔

**7101** - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ الْحِزَامِيُّ، ثنا الْقَاسِمُ بْنُ رِشْدِينَ بْنِ عُمَيْرٍ، ثنا مَخْرَمَةُ بْنُ بُكَيْرٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الشَّرِيدِ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: رُجِمَتِ امْرَأَةٌ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمَّا فَرَغْنَا مِنْهَا جِئْتُ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ: قَدْ رَجَمْنَا هَذِهِ الْخَبِيثَةَ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حضرت شرید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے زمانہ میں ایک عورت کو رجم کیا گیا' جب ہم فارغ ہوئے تو میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آیا' میں نے عرض کی: ہم نے اس بُری عورت کو رجم کیا ہے' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: رجم کرنے سے اس کے گناہ معاف ہوگئے ہیں۔



---

7100- قال في المجمع جلد3صفحه107' واسناده حسن .

7101- ورواه النسائي في الكبرى عن يعقوب بن سفيان عن ابراهيم بن المنذر به .

وَسَلَّمَ: الرَّجْمُ كَفَّارَةُ مَا صَنَعَتْ

**7102** - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ح وَحَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، قَالَا: ثنا أَبُو أُسَامَةَ، عَنْ حُسَيْنٍ الْمُعَلِّمِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الشَّرِيدِ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْجَارُ أَحَقُّ بِسَقَبِهِ

حضرت شرید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: پڑوسی شفعہ کا زیادہ حق دار ہے۔

**7103** - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الْحُلْوَانِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْمُبَارَكِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَعْلَى، عَنْ عَمْرِو بْنِ الشَّرِيدِ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْجَارُ أَحَقُّ بِسَقَبِهِ قُلْتُ لِعُمَرَ: مَا السَّقَبُ؟ قَالَ: الْجِوَارُ

حضرت شرید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: پڑوسی شفعہ کا زیادہ حق دار ہے میں نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے عرض کی: سقب سے کیا مراد ہے؟ فرمایا: جوار۔

**7104** - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عَبْدَةُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الصَّفَّارُ، ثنا أَبُو دَاوُدَ الْحَفَرِيُّ، عَنْ يُونُسَ بْنِ الْحَارِثِ الطَّائِفِيِّ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الشَّرِيدِ، قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْضِي بِالشُّفْعَةِ فِي الْبِئْرِ، وَالدَّارِ، وَالْحَائِطِ قَبْلَ أَنْ يُقَسَّمَ

حضرت عمرو بن شرید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کنویں اور گھر اور دیوار میں شفعہ کا فیصلہ کرتے تھے تقسیم کرنے سے پہلے۔



---

7102- ورواه أحمد جلد 4صفحه389,390' والبخاري رقم الحديث: 2258,2496,6978,6980,6981' وأبو داؤد رقم الحديث: 3499' والنسائي جلد 7صفحه320' وابن حبان رقم الحديث: 2495,2496' والبيهقي جلد 6 صفحه105 .

7105 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ، ثنا أَبُو حَاتِمٍ الرَّازِيُّ، ثنا الْفَضْلُ بْنُ دُكَيْنٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ يَعْقُوبَ بْنِ عَطَاءٍ، أَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ الشَّرِيدِ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْجَارُ أَحَقُّ بِسَقَبِهِ مَا كَانَ أَحْوَجَ إِلَيْهِ

حضرت عمرو بن شرید رضی اللہ عنہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: پڑوسی شفعہ کا زیادہ حق دار ہے جب تک اسے اس کی ضرورت ہے۔

## أَبُو سَلَمَةَ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ عَنِ الشَّرِيدِ

## ابوسلمہ بن عبدالرحمٰن' حضرت شرید رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

7106 - حَدَّثَنَا أَبُو خَلِيفَةَ، ثنا أَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ، عَنِ الشَّرِيدِ بْنِ سُوَيْدٍ الثَّقَفِيِّ، قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، إِنَّ أُمِّي أَوْصَتْ أَنْ تُعْتَقَ عَنْهَا رَقَبَةٌ، وَعِنْدِي خَادِمٌ سَوْدَاءُ، فَقَالَ: ادْعُ بِهَا فَجَاءَ، فَقَالَ: مَنْ رَبُّكِ؟ قَالَتِ: اللَّهُ، قَالَ: مَنْ أَنَا؟ قَالَتْ: رَسُولُ اللَّهِ، قَالَ: فَأَعْتِقْهَا، فَإِنَّهَا مُؤْمِنَةٌ

حضرت شرید بن سوید ثقفی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میری والدہ نے غلام آزاد کرنے کی وصیت کی تھی اور میرے پاس سیاہ خادم ہے۔ آپ نے فرمایا: اس کا بلاؤ! اسے لایا گیا تو آپ نے فرمایا: تمہارا رب کون ہے؟ اس نے عرض کی: اللہ! آپ نے فرمایا: میں کون ہوں؟ اس نے عرض کی: اللہ کے رسول ہیں' آپ نے فرمایا: اس کو آزاد کرو کیونکہ یہ مؤمنہ ہے۔

## عَطَاءُ بْنُ أَبِي رَبَاحٍ، عَنِ الشَّرِيدِ

## عطاء بن ابورباح' حضرت شرید رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

7107 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ

حضرت عطاء بن ابورباح فرماتے ہیں کہ حضرت شرید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ اُنہوں نے فتح مکہ



7106- ورواه أحمد جلد4صفحه389,388' وأبو داؤد رقم الحديث: 3261' والنسائي جلد6صفحه252' والبيهقي جلد7 صفحه388-389 .

عُمَرَ الْمَكِّيِّ، قَالَ: سَمِعْتُ عَطَاءَ بْنَ أَبِي رَبَاحٍ، قَالَ: جَاءَ الشَّرِيدُ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ الْفَتْحِ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنِّي نَذَرْتُ إِنِ اللّٰهُ فَتَحَ عَلَيْكَ مَكَّةَ أَنْ أُصَلِّيَ فِي بَيْتِ الْمَقْدِسِ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هَهُنَا فَصَلِّ -ثَلَاثَ مَرَّاتٍ

کے دن عرض کی: یارسول اللہ! میں نے نذر مانی تھی کہ اللہ نے اگر مکہ پر فتح دی تو میں بیت المقدس میں نماز پڑھوں گا‘ حضورﷺ نے فرمایا: یہاں نماز پڑھ لے‘ تین مرتبہ فرمایا۔

# عَمْرُو بْنُ رَافِعٍ، عَنِ الشَّرِيدِ

# عمرو بن رافع‘ حضرت شرید رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

**7108** - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ، ثنا عَبْدُ الْوَارِثِ بْنُ عَبْدِ الصَّمَدِ، حَدَّثَنِي أَبِي، حَدَّثَنِي أَبُو يُونُسَ الْقُشَيْرِيُّ، ثنا سِمَاكُ بْنُ حَرْبٍ، أَنَّ عَمْرَو بْنَ رَافِعٍ، حَدَّثَهُ، وَكَانَ مَوْلًى لِأَبِي سُفْيَانَ، أَنَّ الشَّرِيدَ بَيْنَمَا هُوَ يَمْشِي بَيْنَ مِنًى وَالشِّعْبِ فِي حَجَّةِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الَّتِي حَجَّ، قَالَ: وَإِذَا وَقْعُ نَاقَةٍ خَلْفِي، فَالْتَفَتُّ فَإِذَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَعَرَفَنِي، فَقَالَ: الشَّرِيدُ؟ قُلْتُ: نَعَمْ، قَالَ: أَلَا أَحْمِلُكَ خَلْفِي يَا شَرِيدُ؟ ، قُلْتُ: بَلَى يَا رَسُولَ اللّٰهِ، قَالَ: مَا بِي إِعْيَاءٌ وَلَا لُغُوبٌ، وَلَكِنْ أَلْتَمِسُ الْبَرَكَةَ فِي مَرْكَبِي مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا شَرِيدُ هَلْ مَعَكَ مِنْ شِعْرِ أُمَيَّةَ بْنِ أَبِي الصَّلْتِ شَيْءٌ؟ ، قُلْتُ: أَنَا أَرْوَى النَّاسِ، قَالَ: هَاتِ

حضرت سماک بن حرب فرماتے ہیں کہ حضرت عمرو بن رافع نے بیان کیا کہ حضرت ابوسفیان کے غلام بیان کرتے ہیں کہ حضرت شرید رضی اللہ عنہ‘ رسول اللہﷺ کے حج کے دوران منیٰ اور گھاٹی کے درمیان چل رہے تھے‘ اونٹنی کے قدموں کی آہٹ میرے پیچھے تھی تو میں نے دیکھا کہ وہ رسول اللہﷺ کی ذات تھی‘ آپ نے مجھے پہچان لیا‘ فرمایا: شرید ہے؟ میں نے عرض کی: جی ہاں! آپ نے فرمایا: اے شرید! کیا تم میرے پیچھے سوار ہوں گے؟ عرض کی: کیوں نہیں! یارسول اللہ! عرض کی: میں نہ تھکا ہوں نہ مجھے ضرورت ہے لیکن میں نے رسول اللہﷺ کے ساتھ سواری کرنے کی برکت حاصل کرنی تھی۔ آپ نے فرمایا: اے شرید! کیا تمہیں امیہ بن ابوصلت کے کچھ اشعار یاد ہیں؟ میں نے عرض کی: مجھے لوگوں سے زیادہ یاد ہیں‘ آپ نے فرمایا: وہ پڑھو! میں نے پڑھا تو حضورﷺ خاموش ہو گئے‘ میں بھی خاموش ہو گیا‘ پھر آپ نے فرمایا: پڑھو! میں

فَأَنْشَدْتُهُ، فَإِذَا سَكَتَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَكَتُّ، وَإِذَا قَالَ: إِيهِ أَنْشَدْتُهُ، حَتَّى إِذَا طَالَ ذٰلِكَ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِنْدَ ذٰلِكَ: عِنْدَ اللّٰهِ عِلْمُ أُمَيَّةَ بْنِ أَبِی الصَّلْتِ

نے پڑھنا شروع کیا' جب یہ بات لمبی ہوئی تو حضور ﷺ نے فرمایا: امیہ بن صلت کا علم اللہ کے پاس ہے۔

# بَابُ الصَّادِ مَنِ اسْمُهُ صَخْرٌ صَخْرُ بْنُ حَرْبِ بْنِ أُمَيَّةَ بْنِ عَبْدِ شَمْسِ بْنِ عَبْدِ مَنَافٍ أَبُو سُفْيَانَ مِنْ أَخْبَارِ أَبِی سُفْيَانَ وَوَفَاتِهِ

# صاد کا باب جن کا نام صخر ہے صخر بن حرب بن امیہ بن عبد شمس بن عبد مناف' ابوسفیان کی باتیں اور آپ کے وصال کے بیان میں



**7109** - أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ فُسْتُقَةُ، ثنا دَاوُدُ بْنُ رُشَيْدٍ، عَنِ الْهَيْثَمِ بْنِ عَدِيٍّ، قَالَ: هَلَكَ أَبُو سُفْيَانَ بْنُ حَرْبٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ لِتِسْعِ سِنِينَ مَضَيْنَ مِنْ إِمَارَةِ عُثْمَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، وَكَانَ كَفَّ بَصَرَ أَبِی سُفْيَانَ بْنِ حَرْبٍ

حضرت ہیثم بن عدی فرماتے ہیں کہ حضرت ابوسفیان بن حرب رحمہ اللہ کا وصال حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی خلافت سات سال گزرنے کے بعد ہوئی' حضرت ابوسفیان آنکھ سے نابینا تھے۔

**7110** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الْمَدِينِيُّ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعِيدٍ الْجَوْهَرِيُّ، عَنِ الْوَاقِدِيِّ قَالَ: وَفِيهَا مَاتَ أَبُو سُفْيَانَ صَخْرُ بْنُ

حضرت واقدی فرماتے ہیں کہ ابوسفیان صخر بن حرب کا وصال ۸۸ سال کی عمر میں ۳۱ ہجری کو ہوا۔

---

7109- فی روایة فاطمة حدثنا محمد بن علی .

حَرْبٍ، وَهُوَ ابْنُ ثَمَانٍ وَثَمَانِينَ سَنَةً، يَعْنِي سَنَةَ إِحْدَى وَثَلَاثِينَ

**7111** - حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ مُقْبِلٍ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ شَبِيبٍ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ مُحَمَّدٍ الزُّهْرِيُّ، ثنا مُجَاشِعُ بْنُ عَمْرٍو الْأَسَدِيُّ، حَدَّثَنِي لَيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ أَبِي الْأَسْوَدِ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ نَوْفَلٍ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ أَبِي سُفْيَانَ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، عَنْ أَبِي سُفْيَانَ بْنِ حَرْبٍ، أَنَّ أُمَيَّةَ بْنَ أَبِي الصَّلْتِ كَانَ بِغَزَّةَ -أَوْ قَالَ: بِإِيلِيَا -فَلَمَّا قَفَلْنَا، قَالَ لِي أُمَيَّةُ: يَا أَبَا سُفْيَانَ، إِنْ نَتَقَدَّمْ عَنِ الرُّفْقَةِ، فَنَتَحَدَّثُ؟ قُلْتُ: نَعَمْ .قَالَ: فَفَعَلْنَا فَقَالَ لِي: يَا أَبَا سُفْيَانَ، أَيُّهُنَّ عَنْ عُتْبَةَ بْنِ رَبِيعَةَ؟ قُلْتُ: أَيُّهُنَّ عَنْ عُتْبَةَ بْنِ رَبِيعَةَ؟ قَالَ: كَرِيمُ الطَّرَفَيْنِ، وَيَجْتَنِبُ الْمَظَالِمَ وَالْمَحَارِمَ؟ قُلْتُ: نَعَمْ .قَالَ: وَشَرِيفٌ مُسِنٌّ؟ قُلْتُ: وَشَرِيفٌ مُسِنٌّ .قَالَ: السِّنُّ وَالشَّرَفُ أَزْرَيَا بِهِ، فَقُلْتُ لَهُ: كَذَبْتَ، مَا ازْدَادَ سِنًّا إِلَّا ازْدَادَ شَرَفًا، قَالَ: يَا أَبَا سُفْيَانَ، إِنَّهَا لَكَلِمَةٌ مَا سَمِعْتُ أَحَدًا يَقُولُهَا لِي مُنْذُ تَنَصَّرْتُ لَا تَعْجَلْ عَلَيَّ حَتَّى أُخْبِرَكَ .قَالَ: هَاتِ، قَالَ: إِنِّي

حضرت معاویہ بن سفیان‘ حضرت سفیان بن حرب سے روایت کرتے ہیں کہ امیہ بن صلت‘ غزہ یا ایلیا کے مقام پر تھے‘ پس جب ہم واپس لوٹے تو امیہ نے مجھ سے کہا: اے ابوسفیان! ہم اپنے ساتھیوں کے قافلہ سے آگے نکل کر چند باتیں نہ کرلیں؟ ہم نے کہا: ٹھیک ہے! فرماتے ہیں: پس ہم نے ایسے ہی کیا۔ اس نے مجھ سے کہا: اے ابوسفیان! عتبہ بن ربیعہ کے بارے میں ان میں سے کون سی بات ہے؟ میں نے بھی آگے سے یہی کہا: عتبہ بن ربیعہ کے بارے میں ان میں سے کون سی بات ہے؟ اس نے کہا: کیا وہ حسب ونسب کے اعتبار سے کریم نہیں ہے‘ کیا وہ مظالم اور محارم سے اجتناب کرنے والا نہیں ہے؟ میں نے کہا: جی ہاں! اس نے کہا: کیا وہ بزرگ اور عمر رسیدہ نہیں ہے؟ میں نے کہا: وہ بزرگ اور عمر رسیدہ ہے۔ اس نے کہا: عمر اور بزرگی نے اس کو عیب دار بنا دیا ہے۔ میں نے کہا: تُو نے جھوٹ بولا ہے‘ عمر بزرگی کو زیادہ کرتی ہے۔ اس نے کہا: اے ابوسفیان! یہ ایسی بات ہے جو میں نے کسی سے نہیں سنی کہ اس نے میرے بارے کہی ہو‘ جب سے میں نصرانی بنا ہوں‘ مجھ پر جلدی سے کام نہ لے یہاں تک کہ میں تجھے خبر دوں۔ اس نے کہا: لاؤ! اس نے کہا: بے شک



7111- قال فی المجمع جلد 8صفحه232‘ وفيه مجاشع بن عمرو وهو ضعيف . ومن طريقه رواه أبو نعيم فی الدلائل (255) . كذا فی المخطوطة: ايهن‘ وفی الدلائل: ايه فی المكانين . وفی الدلائل: ﷺ الذی كنت تنعت‘ بدل: الذی كنت تنتظر .

كُنْتُ أَجِدُ فِي كُتُبِي نَبِيًّا يُبْعَثُ مِنْ حَرَّتِنَا هَذِهِ فَكُنْتُ أَظُنُّ، بَلْ كُنْتُ لا أَشُكُّ أَنِّي هُوَ، فَلَمَّا دَارَسْتُ أَهْلَ الْعِلْمِ إِذَا هُوَ مِنْ بَنِي عَبْدِ مَنَافٍ فَنَظَرْتُ فِي بَنِي عَبْدِ مَنَافٍ، فَلَمْ أَجِدْ أَحَدًا يَصْلُحُ لِهَذَا الْأَمْرِ غَيْرَ عُتْبَةَ بْنِ رَبِيعَةَ، فَلَمَّا أَخْبَرْتَنِي بِسِنِّهِ عَرَفْتُ أَنَّهُ لَيْسَ بِهِ حِينَ جَاوَزَ الْأَرْبَعِينَ، وَلَمْ يُوحَ إِلَيْهِ، قَالَ أَبُو سُفْيَانَ: فَضَرَبَ الدَّهْرُ مَنْ ضَرَبَهُ، وَأُوحِيَ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَخَرَجْتُ فِي رَكْبٍ مِنْ قُرَيْشٍ أُرِيدُ الْيَمَنَ فِي تِجَارَةٍ، فَمَرَرْتُ بِأُمَيَّةَ بْنِ أَبِي الصَّلْتِ، فَقُلْتُ لَهُ كَالْمُسْتَهْزِءِ بِهِ: يَا أُمَيَّةُ، قَدْ خَرَجَ النَّبِيُّ الَّذِي كُنْتَ تَنْتَظِرُ، قَالَ: أَمَا إِنَّهُ حَقٌّ فَاتَّبِعْهُ .قُلْتُ: مَا يَمْنَعُكَ مِنَ اتِّبَاعِهِ؟ قَالَ: مَا يَمْنَعُنِي مِنَ اتِّبَاعِهِ إِلَّا الِاسْتِحْيَاءُ مِنْ نَسَيَاتِ ثَقِيفٍ، إِنِّي كُنْتُ أُحَدِّثُهُنَّ أَنِّي هُوَ، ثُمَّ يُرِينَنِّي تَابِعًا لِغُلَامٍ مِنْ بَنِي عَبْدِ مَنَافٍ، ثُمَّ قَالَ أُمَيَّةُ: وَكَأَنِّي يَا أَبَا سُفْيَانَ إِنْ خَالَفْتُهُ قَدْ رُبِطْتُ كَمَا يُرْبَطُ الْجَدْيُ حَتَّى يُؤْتَى بِكَ إِلَيْهِ فَيَحْكُمَ فِيكَ مَا يُرِيدُ

میں نے اپنی کتابوں میں ایک نبی پایا ہے جو ہمارے اس گرم علاقے سے مبعوث ہوگا۔ پس میں گمان کرتا تھا' بلکہ میں شک بھی نہیں کرتا تھا کہ وہ میں ہوں۔ پس جب میں نے علماء سے تبادلۂ خیال کیا تو معلوم ہوا کہ وہ قبیلۂ عبد مناف سے ہوگا' تو میں نے بنوعبد مناف میں نظر دوڑائی تو میں نے سوائے عتبہ بن ربیعہ کے کسی کو اس قابل نہیں پایا۔ پس جب تُو نے مجھے اس کی عمر کی خبر دی تو میں پہچان گیا کہ یہ نہیں ہے' جب اس کی عمر چالیس سے اوپر ہوگئی ہے لیکن اس پر وحی نہیں آئی۔ ابوسفیان نے کہا: پس زمانے نے مارا جس کو مارا حالانکہ اللہ کے رسول ﷺ کے پاس وحی آ چکی ہے۔ میں قریش کے ایک قافلے میں نکلا' میرا ارادہ تھا کہ یمن میں جا کر تجارت کروں گا۔ پس میں اُمیہ بنت صلت کے پاس سے گزرا' پس میں نے اس سے مذاق کرنے والے کی طرح کہا: اے امیہ! وہ نبی ﷺ تشریف لا چکے ہیں' جن کا تُو انتظار کرتا تھا۔ اس نے کہا: بہرحال وہ سچے ہیں' تُو ان کی اتباع کر۔ میں نے کہا: اس کی پیروی سے تجھے کون سی چیز روک رہی ہے؟ اس نے کہا: مجھے ان کی اتباع سے جو چیز روک رہی ہے وہ بنوثقیف قبیلہ کی ذلت سے حیاء ہے کیونکہ میں ان سے کہا کرتا تھا کہ وہ میں ہوں' پھر وہ دیکھیں گے کہ میں بنوعبد مناف کے ایک لڑکے کا تابع ہوں' پھر اُمیہ نے کہا: اے ابوسفیان! گویا کہ میں اگر ان کے مخالف ہوں تو بھی ان سے مربوط ہوں جیسے پٹھورا بندھا ہوا ہوتا ہے حتیٰ کہ تجھے ان کی خدمت میں لایا جائے اور وہ تیرے بارے میں جو چاہیں فیصلہ فرمائیں۔

**7112** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا أَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ أَبِي الْأَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ، قَالَ: ثُمَّ خَرَجَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي اثْنَيْ عَشَرَ أَلْفًا مِنَ: الْمُهَاجِرِينَ، وَالْأَنْصَارِ، وَغِفَارٍ، وَأَسْلَمَ، وَمُزَيْنَةَ، وَجُهَيْنَةَ، وَبَنِي سُلَيْمٍ، وَقَادُوا الْخُيُولَ حَتَّى نَزَلُوا بِمَرِّ الظَّهْرَانِ، وَلَمْ تَعْلَمْ بِهِمْ قُرَيْشٌ، فَبَعَثُوا بِأَبِي سُفْيَانَ، وَحَكِيمِ بْنِ حِزَامٍ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَقَالُوا: خُذُوا لَنَا مِنْهُ جِوَارًا، أَوْ آذِنُوهُ بِالْحَرْبِ، فَخَرَجَ أَبُو سُفْيَانَ بْنُ حَرْبٍ، وَحَكِيمُ بْنُ حِزَامٍ، فَلَقِيَا بُدَيْلَ بْنَ وَرْقَاءَ، فَاسْتَصْحَبَاهُ حَتَّى إِذَا كَانُوا بِالْأَرَاكِ مِنْ مَكَّةَ، وَذَلِكَ عِشَاءً رَأَوُا الْفَسَاطِيطَ وَالْعَسْكَرَ، وَسَمِعُوا صَهِيلَ الْخَيْلِ، فَرَاعَهُمْ ذَلِكَ، وَفَزِعُوا مِنْهُ، وَقَالُوا: هَؤُلَاءِ بَنُو كَعْبٍ جَاشَتْهَا الْحَرْبُ، قَالَ بُدَيْلٌ: هَؤُلَاءِ أَكْثَرُ مِنْ بَنِي كَعْبٍ، مَا بَلَغَ تَأْلِيبُهَا هَذَا، أَفَتَنْتَجِعُ هَوَازِنُ أَرْضَنَا؟ وَاللّٰهِ مَا نَعْرِفُ هَذَا أَيْضًا، إِنَّ هَذَا لَمِثْلُ حَاجِّ النَّاسِ، وَكَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ بَعَثَ بَيْنَ يَدَيْهِ خَيْلًا يَقْبِضُ الْعُيُونَ، وَخُزَاعَةُ عَلَى الطَّرِيقِ لَا يَتْرُكُونَ أَحَدًا يَمْضِي، فَلَمَّا دَخَلَ أَبُو سُفْيَانَ

حضرت عروہ فرماتے ہیں: پھر رسول کریم ﷺ بارہ ہزار آدمیوں کے جھرمٹ میں نکلے جن میں مہاجرین' انصار' قبیلہ بنوغفار' بنواسلم' مزینہ' جہینہ اور بنوسلیم تھے۔ وہ گھوڑے کے آگے آگے تھے حتیٰ کہ وہ مرالظہر ان کے مقام پر جا اُترے جبکہ قریشیوں کو اس کا علم نہ تھا۔ پس اُنہوں نے ابوسفیان اور حکیم بن حزام کو رسول کریم ﷺ کی خدمت میں بھیجا اور کہا کہ ان سے ہمارے لیے لونڈیاں لینا یا ان کو جنگ کا چیلنج دینا۔ پس ابوسفیان اور حکیم بن حزام نکلے۔ پس وہ بدیل بن ورقاء سے ملے' اُنہوں نے اسے بھی اپنے ساتھ لے لیا یہاں تک کہ وہ مکہ کی جھاڑیوں والی جگہ پر تھے' عشاء کا وقت تھا' اُنہوں نے نگاہ اُٹھائی تو ان کو خیمے ہی خیمے نظر آئے اور عظیم لشکر۔ اُنہوں نے گھوڑوں کے ہنہنانے کی آوازیں بھی سنیں۔ پس وہ تینوں اس سے مرعوب ہو گئے اور اس سے گھبرا گئے۔ اُنہوں نے کہا: یہ قبیلہ بنوکعب والے ہیں' ان کو جنگ کا جوش چڑھا ہے۔ بدیل نے کہا: بنوکعب سے تو ان کی تعداد زیادہ ہے' ان کی اکثریت بھی اس کو نہیں پہنچی' کیا بنوہوازن ہماری زمین سے گھاس تلاش کر رہے ہیں؟ قسم بخدا! ہم اس کو نہیں پہچانتے' بے شک یہ حاجیوں کی تعداد کے برابر ہیں (ان کی مثل ہیں) (ادھر صورتِ حال یہ تھی کہ) رسول کریم ﷺ نے اس کے سامنے گھڑسوار بھیجے ہوئے تھے جو جاسوسوں کو گرفتار کر لیتے تھے اور بنوخزاعہ راستے پر تھے' وہ



7112- قال في المجمع جلد 6 صفحه 173 رواه الطبراني مرسلًا وفيه ابن لهيعة وحديثه حسن وفيه ضعف . قلت: تقدم ان هذا التحسين خطأ .

وَأَصْحَابُهُ عَسْكَرَ الْمُسْلِمِينَ أَخَذَتْهُمُ الْخَيْلُ تَحْتَ اللَّيْلِ، وَأُتُوا بِهِمْ خَائِفِينَ لِلْقَتْلِ فَقَامَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، إِلَى أَبِي سُفْيَانَ، فَوَجَأَ عُنُقَهُ، وَالْتَزَمَهُ الْقَوْمُ، وَخَرَجُوا بِهِ لِيَدْخُلُوا بِهِ عَلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَحَبَسَهُ الْحَرَسُ أَنْ يَخْلُصَ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَخَافَ الْقَتْلَ، وَكَانَ الْعَبَّاسُ بْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ خَالِصَةً لَهُ فِي الْجَاهِلِيَّةِ، فَنَادَى بِأَعْلَى صَوْتِهِ: أَلَا تَأْمُّوا بِي إِلَى عَبَّاسٍ، فَأَتَاهُ وَدَفَعَ عَنْهُ، وَسَأَلَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يَقْبِضَهُ إِلَيْهِ، وَمَشَى فِي الْقَوْمِ مَكَانَهُ، فَرَكِبَ بِهِ عَبَّاسٌ تَحْتَ اللَّيْلِ، فَسَارَ بِهِ فِي عَسْكَرِ الْقَوْمِ حَتَّى أَبْصَرُوهُ أَجْمَعُ، وَكَانَ عُمَرُ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ قَدْ قَالَ لِأَبِي سُفْيَانَ حِينَ وَجَأَ عُنُقَهُ: وَاللَّهِ لَا تَدْنُو مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى تَمُوتَ، فَاسْتَغَاثَ بِعَبَّاسٍ، فَقَالَ: إِنِّي مَقْتُولٌ فَمَنَعَهُ مِنَ النَّاسِ أَنْ يَنْتَهِبُوهُ، فَلَمَّا رَأَى كَثْرَةَ الْجَيْشِ وَطَاعَتَهُمْ قَالَ: لَمْ أَرَ كَاللَّيْلَةِ جَمْعًا لِقَوْمٍ فَخَلَّصَهُ عَبَّاسٌ مِنْ أَيْدِيهِمْ، وَقَالَ: إِنَّكَ مَقْتُولٌ إِنْ لَمْ تُسْلِمْ وَتَشْهَدْ أَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللَّهِ، فَجَعَلَ يُرِيدُ أَنْ يَقُولَ الَّذِي يَأْمُرُهُ عَبَّاسٌ بِهِ، وَلَا يَنْطَلِقُ لِسَانُهُ، فَبَاتَ مَعَ عَبَّاسٍ، وَأَمَّا حَكِيمُ بْنُ حِزَامٍ، وَبُدَيْلُ بْنُ

کسی کو نہیں گزرنے دیتے تھے۔ پس جب ابوسفیان اور اس کے دونوں ساتھی مسلمانوں کے لشکر میں داخل ہوئے تو گھڑ سواروں نے ان کو اندھیرے میں پکڑ لیا اور ان کو ڈرتے ہوئے لائے کہ کوئی قتل نہ کر دے۔ پس حضرت عمر بن خطاب کھڑے ہوئے' ابوسفیان کی طرف' اس کی گردن کو دبوچ لیا۔ قوم نے ان کو روک لیا اور اس کو لے کر باہر نکلے تاکہ اس کو رسول کریم ﷺ کی بارگاہ میں لائیں۔ پس رسول کریم ﷺ کے پاس لے جانے سے چوکیدار نے روک دیا' اسے قتل کا خواب ہوا۔ حضرت عباس رضی اللہ عنہ زمانۂ جاہلیت میں اس کے خالص دوست تھے۔ پس وہ بلند آواز سے پکارا: تم مجھے عباس کے پاس نہ لے جاؤ گے' پس وہ آپ کے اپس آیا تو آپ نے اس کا دفاع کیا اور رسول کریم ﷺ سے دریافت کیا: وہ ان کو گرفتار کر کے آپ کی بارگاہ میں لائیں اور قوم میں چلیں۔ پس رات کے سائے میں حضرت عباس نے ان کو سوار کر کے قوم کے لشکر میں چلے یہاں تک کہ لوگوں نے اسے دیکھ لیا اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے جب اس کی گردن دبائی تو ابوسفیان سے کہا تھا: قسم بخدا! تو رسول کریم ﷺ کے قریب نہیں جا سکے گا یہاں تک کہ تیرے اوپر موت آ جائے۔ پس اس حضرت عباس رضی اللہ عنہ کے وسیلے سے مدد طلب کی۔ پس اس نے کہا: مجھے قتل کر دیا جائے گا۔ پس حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے ن کی لوگوں سے حفاظت کی کہ اسے لوٹ نہ لیں پس جب اس نے لشکر کی کثرت اور ان کی اطاعت شعاری ملاحظہ کی تو کہا: آج کی رات کی طرح میں نے کسی قوم کا

وَرْقَاءَ، فَدَخَلا عَلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّه عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأَسْلَمَا وَجَعَلَ يَسْتَخْبِرُهُمَا عَلَى أَهْلِ مَكَّةَ، فَلَمَّا نُودِيَ لِصَلَاةِ الصُّبْحِ تَخَشْخَشَ الْقَوْمُ، فَفَزِعَ أَبُو سُفْيَانَ فَقَالَ: يَا عَبَّاسُ، مَاذَا تُرِيدُونَ؟ قَالَ: هُمُ الْمُسْلِمُونَ تَيَسَّرُوا لِحُضُورِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّه عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَخَرَجَ بِهِ عَبَّاسٌ، فَلَمَّا أَبْصَرَهُمْ أَبُو سُفْيَانَ يَمُرُّونَ إِلَى الصَّلَاةِ فِي صَلَاتِهِمْ يَرْكَعُونَ وَيَسْجُدُونَ إِذَا سَجَدَ، قَالَ: يَا عَبَّاسُ، أَمَا يَأْمُرُهُمْ بِشَيْءٍ إِلَّا فَعَلُوهُ؟ فَقَالَ عَبَّاسٌ: لَوْ نَهَاهُمْ عَنِ الطَّعَامِ وَالشَّرَابِ لَأَطَاعُوهُ .فَقَالَ: يَا عَبَّاسُ، فَكَلِّمْهُ فِي قَوْمِكَ هَلْ عِنْدَهُ مِنْ عَفْوٍ عَنْهُمْ؟ فَانْطَلَقَ عَبَّاسٌ بِأَبِي سُفْيَانَ، حَتَّى أَدْخَلَهُ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّه عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ عَبَّاسٌ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، هَذَا أَبُو سُفْيَانَ فَقَالَ أَبُو سُفْيَانَ: يَا مُحَمَّدُ، إِنِّي قَدِ اسْتَنْصَرْتُ إِلَهِي، وَاسْتَنْصَرْتُ إِلَهَكَ فَوَاللَّهِ، مَا لَقِيتُكَ مِنْ مَرَّةٍ إِلَّا ظَهَرْتَ عَلَيَّ، فَلَوْ كَانَ إِلَهِي مُحِقًّا، وَإِلَهُكَ مُبْطِلًا لَظَهَرْتُ عَلَيْكَ، فَشَهِدَ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ، وَأَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللَّهِ .فَقَالَ عَبَّاسٌ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، إِنِّي أُحِبُّ أَنْ تَأْذَنَ لِي إِلَى قَوْمِكَ، فَأُنْذِرَهُمْ مَا نَزَلَ، وَأَدْعُوَهُمْ إِلَى اللَّهِ وَإِلَى رَسُولِهِ، فَأَذِنَ لَهُ .فَقَالَ عَبَّاسٌ: كَيْفَ أَقُولُ لَهُمْ يَا رَسُولَ اللَّهِ بَيِّنْ لِي مِنْ ذَلِكَ أَمَانًا

کوئی لشکر نہیں دیکھا۔ پس حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے ان کو لوگوں کے ہاتھوں سے چھڑایا اور فرمایا: اگر تُو اسلام قبول نہیں کرے گا تو قتل کر دیا جائے گا اور اس بات کی گواہی نہیں دے گا کہ جن کا نام نامی محمد ہے‘ وہ اللہ کے رسول ہیں۔ پس وہ ارادہ کرنے لگا کہ وہی بات کہے جو حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے اسے فرمائی ہے اور اس کی زبان نہ پھسلے‘ پس اس نے رات حضرت عباس رضی اللہ عنہ کے پاس گزاری۔ پس جہاں تک بات ہے حضرت حکیم بن حزام اور بدیل بن ورقاء کی تو وہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوئے اور اسلام قبول کرلیا اور آپ ان سے مکہ والوں کی خبریں لینے لگے۔ پس جب صبح کی نماز کیلئے اذان ہوئی تو صحابہ کے ہتھیاروں کی آوازیں آنے لگیں (کیونکہ وہ ہتھیار لگا کر نماز پڑھتے تھے) پس ابوسفیان گھبرایا‘ اس نے کہا: اے عباس! تمہارا کیا ارادہ ہے؟ آپ نے فرمایا: یہ مسلمان ہیں‘ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں جائیں گے (یہ حاضری کا وقت ہوتا ہے) پس حضرت عباس رضی اللہ عنہ ان کو لے کر چلے‘ پس جب ابوسفیان نے ان کو دیکھا کہ وہ نماز کی طرف جا رہے ہیں‘ جب آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سجدہ کرتے تھے تو وہ سجدہ کرتے ہیں (اور جب آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم رکوع کرتے ہیں تو) وہ رکوع کرتے ہیں۔ حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے اس سے کہا: اے عباس! جو کام بھی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ان کو فرماتے ہیں وہ بجالاتے ہیں؟ تو حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا: (جی ہاں!) اگر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ان کو کھانے اور پینے سے منع کر دیں تو وہ کھانا پینا چھوڑ

يَطْمَئِنُّونَ إِلَيْهِ؟ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تَقُولُ لَهُمْ: مَنْ شَهِدَ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ، وَشَهِدَ أَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللّٰهِ، وَكَفَّ يَدَهُ فَهُوَ آمِنٌ، وَمَنْ جَلَسَ عِنْدَ الْكَعْبَةِ فَوَضَعَ سِلَاحَهُ فَهُوَ آمِنٌ، وَمَنْ أَغْلَقَ عَلَيْهِ بَابَهُ فَهُوَ آمِنٌ

دیتے ہیں۔ اس نے حضرت عباس رضی اللہ عنہ سے کہا: اے عباس! پس تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اپنی قوم کے بارے میں بات کر' کیا ان کے پاس ان کو معاف کرنے کی کوئی صورت ہے؟ پس حضرت عباس' حضرت ابوسفیان کو اپنے ساتھ لے کر چلے حتیٰ کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں لائے' تو حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے عرض کی: اے محمد! یہ ابوسفیان ہے! تو ابوسفیان نے کہا: اے محمد! میں نے اپنے معبودوں سے بھی مدد مانگی ہے اور آپ کے معبود سے بھی مدد طلب کی ہے' پس قسم بخدا! جب بھی آپ سے میری جنگ ہوئی تو آپ ہی غالب رہے' پس اگر میرے معبود برحق ہوتے اور آپ کا معبود باطل تو میں آپ پر غالب آتا۔ پس اس نے گواہی دی کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور بے شک محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اللہ کے رسول ہیں۔ پس حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! میں پسند کرتا ہوں کہ آپ مجھے اپنی قوم (مکہ والوں) کے پاس جانے کی اجازت دیں' پس میں ان کو ڈراؤں جو مصیبت اتری ہے اور میں ان کو اللہ اور اس کے رسول کی طرف دعوت دوں۔ پس آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کو اجازت دے دی۔ پس حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے کہا: میں ان سے کیسے بات کروں' اے اللہ کے رسول! مجھے کوئی امان بتائیں جو میں ان کو بتاؤں' تو وہ مطمئن ہو جائیں۔ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ان سے کہنا: جو گواہی دے کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں' وہ اکیلا ہے' اس کا کوئی شریک نہیں اور گواہی دے کہ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اللہ کے رسول ہیں اور اپنا ہاتھ

روک لے تو اسے امان ہے اور جو کعبہ کے پاس آ کر بیٹھ جائے اور اپنے ہتھیار رکھ دے تو اسے امان ہے' جو اپنا دروازہ بند کر لے اسے امان ہے۔

**7113** - قَالَ عَبَّاسٌ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أَبُو سُفْيَانَ ابْنُ عَمِّنَا، وَأَحَبَّ أَنْ يَرْجِعَ مَعِي، وَلَوْ أَخْصَصْتَهُ بِمَعْرُوفٍ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ دَخَلَ دَارَ أَبِي سُفْيَانَ فَهُوَ آمِنٌ فَجَعَلَ أَبُو سُفْيَانَ يَسْتَفْقِهُهُ، وَدَارُ أَبِي سُفْيَانَ بِأَعْلَا مَكَّةَ، وَقَالَ: مَنْ دَخَلَ دَارَ حَكِيمِ بْنِ حِزَامٍ، وَكَفَّ يَدَهُ فَهُوَ آمِنٌ وَدَارُ حَكِيمِ بْنِ حِزَامٍ بِأَسْفَلِ مَكَّةَ

حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے عرض کی: اے اللہ کے رسول:! ابوسفیان میرے چچا کا بیٹا ہے اور میں پسند کرتا ہوں کہ وہ میرے ساتھ واپس جائے اور اگر آپ اس کے حوالے سے بھی (اپنی قوم سے) کوئی نیکی مخصوص ردیں (تو بہتر ہے) پس نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو ابوسفیان کے گھر داخل ہو جائے' اسے امان ہے۔ پس ابوسفیان بھی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی باتیں سمجھنے لگا' حال یہ تھا کہ ابوسفیان کا گھر اعلائے مکہ میں تھا اور کہا: جو حکیم بن حزام کے گھر داخل ہو اور ہاتھ روک لے وہ امن میں ہو۔ جبکہ حکیم بن حزام کا گھر مکہ کی نچلی طرف تھا۔

**7114** - وَحَمَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلِيًّا عَلَى بَغْلَتِهِ الْبَيْضَاءِ الَّتِي كَانَ أَهْدَاهَا لَهُ دِحْيَةُ الْكَلْبِيُّ، فَانْطَلَقَ عَبَّاسٌ بِأَبِي سُفْيَانَ قَدْ أَرْدَفَهُ، فَلَمَّا سَارَ عَبَّاسٌ بَعَثَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي أَثَرِهِ فَقَالَ: أَدْرِكُوا عَبَّاسًا، فَرُدُّوهُ عَلَيَّ وَحَدَّثَهُمْ بِالَّذِي خَافَ عَلَيْهِ فَأَدْرَكَهُ الرَّسُولُ، فَكَرِهَ عَبَّاسٌ الرُّجُوعَ، وَقَالَ: أَيَرْهَبُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يُرْجِعَ أَبَا سُفْيَانَ رَاغِبًا فِي قِلَّةِ النَّاسِ فَيَكْفُرَ بَعْدَ إِسْلَامِهِ؟ فَقَالَ: احْبِسْهُ، فَحَبَسَهُ

اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو اپنی سفید اونٹنی پر سوار کیا جو حضرت دحیہ کلبی نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو بطور ہدیہ پیش کی تھی۔ حضرت عباس' حضرت ابوسفیان کو اپنی سواری پر اپنے پیچھے بٹھا کر لے چلے۔ پس جب حضرت عباس رضی اللہ عنہ چلے تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کے پیچھے آدمی بھیجا' فرمایا: حضرت عباس سے مل کر انہیں میرے پاس واپس لے آؤ اور صحابہ کرام سے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے وہ بات کی جس کا اس پر خوف تھا۔ پس قاصد نے ان کو پالیا۔ پس حضرت عباس نے واپس آنا مناسب نہ سمجھا اور کہا کہ کیا رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اس بات کا ڈر ہے کہ

7114- قال في المجمع جلد6صفحه167' ورجاله رجال الصحيح . هو في سيرة ابن هشام جلد4صفحه17-24 .

فَقَالَ أَبُو سُفْيَانَ: أَغَدْرًا يَا بَنِي هَاشِمٍ فَقَالَ عَبَّاسٌ: إِنَّا لَسْنَا نَغْدِرُ، وَلَكِنْ لِي إِلَيْكَ بَعْضُ الْحَاجَةِ .قَالَ: وَمَا هِيَ، فَأَقْضِيهَا لَكَ؟ فَقَالَ: يُعَادُهَا حِينَ يَقْدَمُ عَلَيْكَ خَالِدُ بْنُ الْوَلِيدِ وَالزُّبَيْرُ بْنُ الْعَوَّامِ، فَوَقَفَ عَبَّاسٌ بِالْمَضِيقِ دُونَ الْأَرَاكِ مِنْ مِنًى، وَقَدْ وَعَى أَبُو سُفْيَانَ عَنْهُ حَدِيثَهُ، ثُمَّ بَعَثَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمْ عُبُورَ الْخَيْلِ بَعْضَهَا عَلَى أَثَرِ بَعْضٍ، وَقَسَمَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمِ الْخَيْلَ شَطْرَيْنِ، فَبَعَثَ الزُّبَيْرَ وَرِدْفَهُ خَالِدًا بِالْجَيْشِ مِنْ أَسْلَمَ وَغِفَارٍ وَقُضَاعَةَ، فَقَالَ أَبُو سُفْيَانَ: رَسُولُ اللهِ، هَذَا يَا عَبَّاسُ؟ قَالَ: لَا وَلَكِنْ خَالِدُ بْنُ الْوَلِيدِ، وَبَعَثَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمْ سَعْدَ بْنَ عُبَادَةَ بَيْنَ يَدَيْهِ فِي كَتِيبَةٍ مِنَ الْأَنْصَارِ، فَقَالَ: الْيَوْمُ يَوْمُ الْمَلْحَمَةِ، الْيَوْمُ تُسْتَحَلُّ الْحُرْمَةُ، ثُمَّ دَخَلَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمْ فِي كَتِيبَةِ الْإِيمَانِ مِنَ الْمُهَاجِرِينَ وَالْأَنْصَارِ، فَلَمَّا رَأَى أَبُو سُفْيَانَ وُجُوهًا كَثِيرَةً لَا يَعْرِفُهَا قَالَ: يَا رَسُولَ اللهِ أَكْثَرْتَ إِذًا، أَوِ اخْتَرْتَ هَذِهِ الْوُجُوهَ عَلَى قَوْمِكَ؟ .قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَنْتَ فَعَلْتَ ذَلِكَ وَقَوْمُكَ، إِنَّ هَؤُلَاءِ صَدَّقُونِي إِذْ كَذَّبْتُمُونِي، وَنَصَرُونِي إِذْ أَخْرَجْتُمُونِي .وَمَعَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ

ابوسفیان کم لوگ دکھ کر اسلام لانے کے بعد کفر کی طرف پھر جائے گا' اس لیے واپس بلانا چاہتے ہیں؟ کہا: اسے روکو۔ پس انہوں نے روکا تو ابوسفیان نے کہا: اے بنو ہاشم! کیا دھوکہ ہے؟ حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے کہا: ہم دھوکہ کرنے والے نہیں ہیں لیکن مجھے آپ سے ایک کام ہے۔ اس نے کہا: وہ کیا ہے؟ جو میں کر دوں؟ تو انہوں نے کہا: اسے دُہرایا جائے گا جب آپ پر حضرت خالد بن ولید اور حضرت زبیر بن عوام آئیں گے۔ پس حضرت عباس رضی اللہ عنہ منیٰ کی جھاڑیوں کے نیچے تنگ جگہ پر رُک گئے اور ابوسفیان نے ان سے ان کی بات کو یاد کیا' پھر رسول کریم ﷺ نے ایک دوسرے کے آگے پیچھے گھوڑوں والے بھیجے۔ رسول کریم ﷺ نے گھوڑوں کو دو حصوں میں تقسیم فرما دیا' پہلے حضرت زبیر کو اور ان کے پیچھے حضرت خالد کو لشکر دے کر بھیجا جو بنو اسلم' بنو غفار اور بنو قضاعہ والوں پر مشتمل تھا۔ پس ابوسفیان نے کہا: اللہ کے رسول یہ ہیں؟ اے عباس! اُنہوں نے کہا: نہیں! بلکہ یہ خالد بن ولید ہیں اور رسول کریم ﷺ نے حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ کو اپنے سامنے انصاریوں کے ایک لشکر میں بھیجا۔ پس اُنہوں نے کہا: آج جنگ کا دن ہے' آج کے دن حرام چیز یا عزت حلال کی جائے گی' پھر رسول کریم ﷺ خود داخل ہوئے' آپ ﷺ کے ساتھ مہاجرین و انصار میں سے ایمان والوں کا ایک مختصر سا لشکر تھا۔ پس جب حضرت ابوسفیان نے بہت سارے چہرے دیکھے تو ان کو پہچان نہ سکا۔ کہا: اے اللہ کے رسول! اب

وَسَلَّمَ يَوْمَئِذٍ الْأَقْرَعُ بْنُ حَابِسٍ وَعَبَّاسُ بْنُ مِرْدَاسٍ وَعُيَيْنَةُ بْنُ بَدْرٍ الْفَزَارِيُّ، فَلَمَّا أَبْصَرَهُمْ حَوْلَ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: مَنْ هَؤُلَاءِ يَا عَبَّاسُ؟ قَالَ: هَذِهِ كَتِيبَةُ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَمَعَ هَذِهِ الْمَوْتُ الْأَحْمَرُ، هَؤُلَاءِ الْمُهَاجِرُونَ وَالْأَنْصَارُ، قَالَ: امْضِ يَا عَبَّاسُ، فَلَمْ أَرَ كَالْيَوْمِ جُنُودًا قَطُّ، وَلَا جَمَاعَةً، فَسَارَ الزُّبَيْرُ بِالنَّاسِ حَتَّى وَقَفَ بِالْحَجُونِ، وَانْدَفَعَ خَالِدٌ حَتَّى دَخَلَ مِنْ أَسْفَلِ مَكَّةَ، فَلَقِيَتْهُ أَوْبَاشُ بَنِي بَكْرٍ، فَقَاتَلُوهُمْ، فَهَزَمَهُمُ اللّٰهُ، وَقُتِلُوا بِالْحَزْوَرَةِ حَتَّى دَخَلُوا الدُّورَ، وَارْتَفَعَ طَائِفَةٌ مِنْهُمْ عَلَى الْخَيْلِ عَلَى الْخَنْدَمَةِ، وَاتَّبَعَهُمُ الْمُسْلِمُونَ، فَدَخَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي أُخْرَيَاتِ النَّاسِ، وَنَادَى مُنَادٍ: مَنْ أَغْلَقَ عَلَيْهِ دَارَهُ وَكَفَّ يَدَهُ فَإِنَّهُ آمِنٌ، وَنَادَى أَبُو سُفْيَانَ بِمَكَّةَ: أَسْلِمُوا تَسْلَمُوا، وَكَفَّهُمُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ عَنْ عَبَّاسٍ، وَأَقْبَلَتْ هِنْدُ بِنْتُ عُتْبَةَ، فَأَخَذَتْ بِلِحْيَةِ أَبِي سُفْيَانَ، ثُمَّ نَادَتْ: يَا غَالِبُ، اقْتُلُوا هَذَا الشَّيْخَ الْأَحْمَقَ، قَالَ: فَأَرْسِلِي لِحْيَتِي فَأُقْسِمُ لَكِ لَئِنْ أَنْتِ لَمْ تُسْلِمِي لَيُضْرَبَنَّ عُنُقُكِ، وَيْلَكِ جَاءَ نَا بِالْحَقِّ فَادْخُلِي أَرِيكَتَكِ -أَحْسَبُهُ قَالَ: وَاسْكُتِي

آپ کثیر ہو گئے یا آپ نے ان چہروں کو اپنی قوم کے خلاف لڑنے کیلئے انتخاب فرمایا ہے۔ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: یہ تیرا اور قوم کا کیا کرایا ہے' بے شک ان لوگوں نے میری تصدیق کی جب تم لوگوں نے میری تکذیب کی۔ انہوں نے میری مدد کی' جب تم نے مجھے نکال دیا۔ اس دن رسول کریم ﷺ کے ساتھ حضرت اقرع بن حابس' عباس بن مرداس اور عیینہ بن بدر فزاری تھے۔ پس جب اس نے ان کو نبی کریم ﷺ کے گرد دیکھا تو کہا: اے عباس! یہ کون ہیں؟ آپ نے فرمایا: یہ نبی کریم ﷺ کا حفاظتی دستہ ہے اور اس کے ساتھ سرخ موت ہے۔ یہ مہاجرین اور انصار ہیں۔ اس نے کہا: اے عباس! چلو! آج کی طرح میں نے کبھی کوئی لشکر نہیں دیکھا اور نہ کوئی جماعت دیکھی ہے۔ پس حضرت زبیر لوگوں کو لے کر چلے یہاں تک کہ حجون کے مقام پر آ کر ٹھہرے۔ حضرت خالد چل کر مکہ کی نچلی طرف سے داخل ہو۔ پس بنو بکر قبیلہ کے اوباشوں سے ان کی مڈھ بھیڑ ہوئی۔ پس اُنہوں نے ان سے قتال کیا' پس اللہ نے ان اوباشوں کو شکست دی۔ حزورہ کے مقام پر قتل کر دیئے گئے حتیٰ کہ وہ گھروں میں داخل ہوئے' ان میں سے ایک گروہ گھوڑوں پر سوار ہو کر خندمہ پر چڑھا' مسلمان ان کے پیچھے گئے۔ پس نبی کریم ﷺ سب لوگوں سے آخر میں داخل ہوئے' ایک منادی نے نداء دی: جو اپنے اوپر دروازہ بند کر لے اور ہاتھ روک لے تو اسے امان ہے۔ اور حضرت ابوسفیان نے مکہ میں نداء دی: اسلام لے آؤ' محفوظ رہو گے۔ اللہ نے ان کو حضرت عباس سے روک لیا

اور ہند بنت عتبہ آگے بڑھی' اُس نے ابوسفیان کو داڑھی سے پکڑ لیا پھر آواز دی: اے غالب (اکثریت) اس بے وقوف جاہل بوڑھے کو قتل کر دو۔ اس نے کہا: میری داڑھی چھوڑ دے! میں تجھے قسم دیتا ہوں کہ اگر تُو نے اسلام قبول نہ کیا تو تیری گردن اُتار دی جائے گی' تیرے لیے ہلاکت ہو' آپ ہمارے پاس حق لے کر آئے ہیں' پس تُو اپنے پلنگ پر چلی جا' میرا گمان ہے ابوسفیان نے کہا: خاموش ہو جا!

صخر بن حرب بن امية بن عبد شمس

**7115** - حَدَّثَنَا أَبُو شُعَيْبٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا أَبُو جَعْفَرٍ النُّفَيْلِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ، حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ مُسْلِمٍ الزُّهْرِيُّ، عَنْ عُبَيْدِ اللهِ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُتْبَةَ بْنِ مَسْعُودٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: ثُمَّ مَضَى رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَاسْتَخْلَفَ عَلَى الْمَدِينَةِ أَبَا رُهْمٍ كُلْثُومَ بْنَ حُصَيْنٍ الْغِفَارِيَّ، وَخَرَجَ لِعَشْرٍ مَضَيْنَ مِنْ رَمَضَانَ، فَصَامَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَصَامَ النَّاسُ مَعَهُ حَتَّى إِذَا كَانَ بِالْكَدِيدِ مَا بَيْنَ عُسْفَانَ وَأَمَجَ أَفْطَرَ، ثُمَّ مَضَى حَتَّى نَزَلَ مَرَّ الظَّهْرَانِ فِي عَشَرَةِ آلَافٍ مِنَ الْمُسْلِمِينَ مِنْ مُزَيْنَةَ وَسُلَيْمٍ، وَفِي كُلِّ الْقَبَائِلِ عَدَدٌ وَإِسْلَامٌ، وَأَوْعَبَ مَعَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالْمُهَاجِرُونَ وَالْأَنْصَارُ، فَلَمْ يَتَخَلَّفْ مِنْهُمْ أَحَدٌ، فَلَمَّا نَزَلَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ

حضرت عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: پھر رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تشریف لے چلے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مدینہ پر ابورہم کلثوم بن حصین غفاری کو نائب بنایا۔ رمضان المبارک کے دس دن گزر گئے' رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے روزہ رکھا' آپ کے ساتھ صحابہ نے بھی روزے رکھے حتیٰ کہ جب آپ عسفان اور امج کے درمیان کدید کے مقام پر تھے تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے افطار کیا (کہ شام ہوگئی) پھر آپ چل کر مرالظہران پر اُترے' دس ہزار مسلمانوں کے لشکر میں جو مزینہ اور بنوسلیم میں تھا۔ ہر قبیلہ سے ایک مخصوص تعداد تھی اور سارے مسلمان تھے۔ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ مل کر (دشمن سے) لڑائی کیلئے نکل کھڑے ہوئے اور مہاجرین وانصار (بھی اسی مقصد کو نکلے) پس ان میں سے کوئی بھی پیچھے نہیں رہا۔ پس جب رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مرالظہران کے مقام پر اُترے تو قریش کے بارے میں خبریں آنا بند ہو گئیں۔ پس ان کے بارے میں رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کوئی خبر نہ آئی (یعنی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان

وَسَلَّمَ بِمَرِّ الظَّهْرَانِ، وَقَدْ عَمِيَتِ الْأَخْبَارُ عَنْ قُرَيْشٍ، فَلَمْ يَأْتِهِمْ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰه عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَبَرٌ، وَلَا يَدْرُونَ مَا هُوَ فَاعِلٌ، خَرَجَ فِي تِلْكَ اللَّيْلَةِ أَبُو سُفْيَانَ بْنُ حَرْبٍ، وَحَكِيمُ بْنُ حِزَامٍ، وَبُدَيْلُ بْنُ وَرْقَاءَ يَتَحَسَّسُونَ وَيَنْتَظِرُونَ هَلْ يَجِدُونَ خَبَرًا، أَوْ يَسْمَعُونَ بِهِ، وَقَدْ كَانَ الْعَبَّاسُ بْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ أَتَى رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰه عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِبَعْضِ الطَّرِيقِ، وَقَدْ كَانَ أَبُو سُفْيَانَ بْنُ الْحَارِثِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ، وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَبِي أُمَيَّةَ بْنِ الْمُغِيرَةِ قَدْ لَقِيَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰه عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فِيمَا بَيْنَ مَكَّةَ وَالْمَدِينَةِ، فَالْتَمَسَا الدُّخُولَ عَلَيْهِ، فَكَلَّمَتْهُ أُمُّ سَلَمَةَ فِيهِمَا، فَقَالَتْ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، ابْنُ عَمِّكَ وَابْنُ عَمَّتِكَ وَصِهْرُكَ. قَالَ: لَا حَاجَةَ لِي بِهِمَا، أَمَّا ابْنُ عَمِّي فَهَتَكَ عِرْضِي، وَأَمَّا ابْنُ عَمَّتِي وَصِهْرِي، فَهُوَ الَّذِي قَالَ لِي بِمَكَّةَ مَا قَالَ. فَلَمَّا أُخْرِجَ إِلَيْهِمَا بِذَلِكَ، وَمَعَ أَبِي سُفْيَانَ بُنَيٌّ لَهُ، فَقَالَ: وَاللّٰهِ لَيَأْذَنَنَّ لِي أَوْ لَآخُذَنَّ بِيَدِ ابْنِيَّ هَذَا، ثُمَّ لَنَذْهَبَنَّ فِي الْأَرْضِ حَتَّى نَمُوتَ عَطَشًا وَجُوعًا، فَلَمَّا بَلَغَ ذَلِكَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰه عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَقَّ لَهُمَا، ثُمَّ أَذِنَ لَهُمَا فَدَخَلَا وَأَسْلَمَا، فَلَمَّا نَزَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰه عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَرِّ الظَّهْرَانِ قَالَ الْعَبَّاسُ:

کا ذکر کرنا چھوڑ دیا) اور نہ ہی ان کو معلوم تھا کہ آپ ﷺ کیا کر رہے ہیں' اس رات ابوسفیان بن حرب' حکیم بن حزام اور بدیل بن ورقاء نکلے' محسوس کر رہے تھے اور انتظار کر رہے تھے کہ کیا وہ کوئی خبر پاتے یا سنتے ہیں (یا نہیں) جبکہ حضرت عباس رضی اللہ عنہ کسی راستے سے رسول کریم ﷺ کی بارگاہ میں آئے تھے اور ابوسفیان بن حارث بن عبدالمطلب اور عبداللہ بن ابوامیہ بن مغیرہ بھی رسول کریم ﷺ سے ملے یعنی مکہ اور مدینہ کے درمیان۔ پس ان دونوں نے رسول کریم ﷺ کی خدمت میں حاضری کا راستہ تلاش کیا۔ پس اُم المؤمنین حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا نے ان کے بارے میں رسول کریم ﷺ سے بات کی' پس عرض کی: اے اللہ کے رسول! ایک آپ کے چچا کا بیٹا ہے اور ایک آپ کی پھوپھی کا بیٹا ہے اور آپ کے سسرال سے ہے۔ فرمایا: مجھے ان کی کوئی ضرورت نہیں' بہرحال میرے چچا کے بیٹے نے میری عزت کا خیال نہیں کیا اور میری پھوپھی کے بیٹے نے مکہ میں مجھے جو کچھ کہا وہ بتانے کے لائق نہیں۔ پس جب ان دونوں تک یہ بات پہنچی اور ابوسفیان کے ساتھ اس کے بیٹے تھے تو اس نے کہا: قسم بخدا! مجھے وہ ضرور اجازت دیں گے یا میں اس بیٹے کا ہاتھ پکڑوں گا' پھر ہم ضرور زمین میں نکل جائیں گے یہاں تک کہ ہم بھوکے پیاسے مر جائیں گے۔ پس جب بات رسول کریم ﷺ تک پہنچی تو آپ ﷺ کا دل ان کے لیے نرم ہوا۔ پھر آپ نے ان دونوں کو اجازت دی' وہ دونوں حاضر ہو کر مسلمان ہو گئے۔ پس جب رسول

وَاصَبَاحَ قُرَيْشٍ، وَاللّٰهِ لَئِنْ دَخَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَكَّةَ عَنْوَةً قَبْلَ أَنْ يَسْتَأْمِنُوهُ، إِنَّهُ لَهَلَاكُ قُرَيْشٍ إِلَى آخِرِ الدَّهْرِ قَالَ: فَجَلَسْتُ عَلَى بَغْلَةِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْبَيْضَاءِ، فَخَرَجْتُ عَلَيْهَا حَتَّى جِئْتُ الْأَرَاكَ فَقُلْتُ: لَعَلِّي أَلْقَى بَعْضَ الْحَطَّابَةِ، أَوْ صَاحِبَ لَبَنٍ، أَوْ ذَا حَاجَةٍ يَأْتِي مَكَّةَ، فَيُخْبِرُهُمْ بِمَكَانِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِيَخْرُجُوا إِلَيْهِ، فَيَسْتَأْمِنُوهُ قَبْلَ أَنْ يَدْخُلَهَا عَلَيْهِمْ عَنْوَةً .قَالَ: فَوَاللّٰهِ، إِنِّي لَأَسِيرُ عَلَيْهَا، وَأَلْتَمِسُ مَا خَرَجْتُ لَهُ إِذْ سَمِعْتُ كَلَامَ أَبِي سُفْيَانَ، وَبُدَيْلِ بْنِ وَرْقَاءَ وَهُمَا يَتَرَاجَعَانِ، وَأَبُو سُفْيَانَ يَقُولُ: مَا رَأَيْتُ كَالْيَوْمِ قَطُّ نِيرَانًا وَلَا عَسْكَرًا قَالَ: يَقُولُ بُدَيْلٌ: هَذِهِ وَاللّٰهِ نِيرَانُ خُزَاعَةَ حَمَشَتْهَا الْحَرْبُ .قَالَ: يَقُولُ أَبُو سُفْيَانَ: خُزَاعَةُ، وَاللّٰهِ أَذَلُّ وَأَلْأَمُ مِنْ أَنْ تَكُونَ هَذِهِ نِيرَانُهَا وَعَسْكَرُهَا .قَالَ فَعَرَفْتُ صَوْتَهُ، فَقُلْتُ: يَا أَبَا حَنْظَلَةَ، فَعَرَفَ صَوْتِي، فَقَالَ أَبُو الْفَضْلِ فَقُلْتُ: نَعَمْ .قَالَ: مَالَكَ فِدَاكَ أَبِي وَأُمِّي .فَقُلْتُ: وَيْحَكَ يَا أَبَا سُفْيَانَ، هَذَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي النَّاسِ وَاصَبَاحَ قُرَيْشٍ وَاللّٰهِ قَالَ: فَمَا الْحِيلَةُ، فِدَاكَ أَبِي وَأُمِّي؟ قَالَ: قُلْتُ: وَاللّٰهِ لَئِنْ ظَفِرَ بِكَ لَيَضْرِبَنَّ عُنُقَكَ، فَارْكَبْ مَعِي

کریم ﷺ مرالظہران کے مقام پر اُترے۔ حضرت عباس نے عرض کی: ہائے قریشیوں کی (بُری) صبح! قسم بخدا! اگر رسول کریم ﷺ جنگ کرتے ہوئے مکہ میں داخل ہو گئے اس سے پہلے کہ مکہ والے آپ سے امان طلب کریں تو قریشیوں کی ہلاکت ہے سارا زمانہ (پھر وہ سنبھل نہ سکیں گے)۔ کہتے ہیں: میں رسول کریم ﷺ کے سفید خچر پر بیٹھ کر نکلا یہاں تک کہ (مکہ کی) جھاڑیوں میں آیا۔ پس میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے کہا: میں کسی لکڑیاں اُٹھانے والے دودھ والے یا کسی کام والے سے ملوں گا جو مکہ جا کر رسول کریم ﷺ کی جگہ کی ان کو خبر دے گا تا کہ رسول کریم ﷺ کی جگہ کی ان کو خبر دے گا تا کہ وہ آ کر امان مانگ لیں اس سے پہلے کہ رسول کریم ﷺ جنگ کرتے ہوئے مکہ میں داخل ہوں۔ اُنہوں نے جواب دیا: قسم بخدا! میں اس پر چلتا رہوں گا اور وہی چیز تلاش کروں گا جس کے لیے میں نکلا ہوں جب میں نے ابوسفیان اور بدیل بن ورقاء کا کلام سنا جبکہ وہ لوٹ رہے تھے اور ابوسفیان کہہ رہے تھے: آج کی طرح میں نے کبھی اتنی زیادہ آگ نہیں دیکھی اور کبھی کوئی لشکر (دیکھا ہے)۔ فرماتے ہیں: بدیل بن ورقاء کی زبان پر یہ بات تھی: قسم بخدا! اتنی یہ آگیں یہ تو بنوخزاعہ کی آگیں ہیں جنہوں نے جنگ کو بھڑکایا ہے۔ کہتے ہیں: ابوسفیان کہہ رہا تھا: قسم بخدا! خزاعہ تھوڑے اور کم ہیں اس سے کہ یہ ان کی آگ اور ان کا لشکر ہو۔ فرماتے ہیں: میں اس کی آواز پہچان گیا پس میں نے کہا: اے ابوحنظلہ! پس وہ میری

هَـٰذِهِ الْبَغْلَةَ حَتَّى آتِيَ بِكَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمْ أَسْتَأْمِنُهُ لَكَ، قَالَ: فَرَكِبَ خَلْفِي وَرَجَعَ صَاحِبَاهُ، فَحَرَّكْتُ بِهِ كُلَّمَا مَرَرْتُ بِنَارٍ مِنْ نِيرَانِ الْمُسْلِمِينَ قَالُوا: مَنْ هَذَا؟ فَإِذَا رَأَوْا بَغْلَةَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰه عَلَيْهِ وَسَلَّمْ قَالُوا: عَمُّ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰه عَلَيْهِ وَسَلَّمْ عَلَى بَغْلَتِهِ حَتَّى مَرَرْتُ بِنَارِ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَقَالَ: مَنْ هَذَا؟ وَقَامَ إِلَيَّ، فَلَمَّا رَأَى أَبَا سُفْيَانَ عَلَى عَجُزِ الْبَغْلَةِ، قَالَ أَبُو سُفْيَانَ عَدُوُّ اللّٰهِ، الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي أَمْكَنَ مِنْكَ بِغَيْرِ عَقْدٍ وَلَا عَهْدٍ، ثُمَّ خَرَجَ يَشْتَدُّ نَحْوَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰه عَلَيْهِ وَسَلَّمْ، وَرَكَضَتِ الْبَغْلَةُ، فَسَبَقَتْهُ بِمَا تَسْبِقُ الدَّابَّةُ الْبَطِيءُ الرَّجُلَ الْبَطِيءَ، فَاقْتَحَمْتُ عَنِ الْبَغْلَةِ، فَدَخَلْتُ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰه عَلَيْهِ وَسَلَّمْ وَدَخَلَ عُمَرُ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، هَذَا أَبُو سُفْيَانَ قَدْ أَمْكَنَ اللّٰهُ مِنْهُ بِغَيْرِ عَقْدٍ وَلَا عَهْدٍ، فَدَعْنِي فَلَأَضْرِبَ عُنُقَهُ .قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنِّي أَجَرْتُهُ، ثُمَّ جَلَسْتُ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰه عَلَيْهِ وَسَلَّمْ فَأَخَذْتُ بِرَأْسِهِ فَقُلْتُ: لَا وَاللّٰهِ لَا يُنَاجِيهِ اللَّيْلَةَ رَجُلٌ دُونِي، فَلَمَّا أَكْثَرَ عُمَرُ فِي شَأْنِهِ قُلْتُ: مَهْلًا يَا عُمَرُ، أَمَا وَاللّٰهِ لَوْ كَانَ مِنْ رِجَالِ بَنِي عَدِيِّ بْنِ كَعْبٍ مَا قُلْتُ هَذَا، وَلَكِنَّكَ عَرَفْتَ أَنَّهُ رَجُلٌ

آواز پہچان گیا۔ پس ابوالفضل (عباس) کہتے ہیں: میں نے کہا: جی ہاں! اس نے کہا: تجھے کیا ہے! میرے ماں باپ تیرے اوپر قربان ہوں! پس میں نے کہا: تیرے لیے ہلاکت! اے ابوسفیان! لوگوں میں یہ اللہ کے رسول ہیں ہائے قریشیوں کی صبح! قسم بخدا! اس نے کہا: کوئی حیلہ بتاؤ؟ میرے ماں باپ تجھ پر قربان! فرماتے ہیں: میں نے کہا: اگر وہ تیرے اوپر غالب آ گئے تو تیری گردن بھی مار دیں گے۔ میرے ساتھ اس خچر پر سوار ہو جا حتیٰ کہ میں تجھے رسول کریم ﷺ کی بارگاہ میں لے جاؤں اور آپ ﷺ سے تیرے لیے امان طلب کروں۔ فرماتے ہیں: وہ میرے پیچھے سوار ہوا اور اس کے دونوں ساتھی واپس چلے گئے' پس میں نے اسے ایڑ لگائی' جب بھی میں مسلمانوں میں سے کسی کی آگ کے پاس سے گزرتا تو وہ کہتے: یہ کون ہے؟ پس جب اُنہوں نے رسول کریم ﷺ کے دراز گوش کو دیکھا تو کہا: آپ ﷺ کے دراز گوش پر رسول کریم ﷺ کے چچا ہیں یہاں تک کہ میں حضرت عمر بن خطاب کی آگ کے پاس سے گزرا تو اُنہوں نے کہا: یہ کون ہے؟ اور اُٹھ کر میری طرف آئے' پس جب اُنہوں نے ابوسفیان کو خچر کی پیٹھ پر دیکھا تو کہا: ابوسفیان اللہ کا دشمن ہے' اللہ کا شکر ہے جس نے بغیر عقد و مجاہدہ کے تجھ سے یہ چیز ممکن بنائی ہے۔ پھر وہ سختی کرتے ہوئے نکلے اور سیدھے رسول کریم ﷺ کی بارگاہ میں آئے' سواری تیز چلی اور ان سے آگے نکل گئی جس طرح سست سواری بھی سست آدمی سے آگے نکل جاتی ہے' میں سواری سے اُتر کر رسول

صخر بن حرب بن امية بن عبد شمس

مِنْ رِجَالِ بَنِي عَبْدِ مَنَافٍ قَالَ: مَهْلًا يَا عَبَّاسُ، فَوَاللّٰهِ لَإِسْلَامُكَ يَوْمَ أَسْلَمْتَ كَانَ أَحَبَّ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ إِسْلَامِ الْخَطَّابِ لَوْ أَسْلَمَ، وَمَا بِي إِلَّا أَنِّي قَدْ عَرَفْتُ أَنَّ إِسْلَامَكَ كَانَ أَحَبَّ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ إِسْلَامِ الْخَطَّابِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اذْهَبْ بِهِ إِلَى رَحْلِكَ يَا عَبَّاسُ، فَإِذَا أَصْبَحَ فَائْتِنِي بِهِ. فَذَهَبْتُ بِهِ إِلَى رَحْلِي فَبَاتَ عِنْدِي، فَلَمَّا أَصْبَحَ غَدَوْتُ بِهِ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمَّا رَآهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: وَيْحَكَ يَا أَبَا سُفْيَانَ، أَلَمْ يَأْنِ لَكَ أَنْ تَعْلَمَ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ؟ قَالَ: بِأَبِي أَنْتَ وَأُمِّي، مَا أَكْرَمَكَ وَأَوْصَلَكَ، وَاللّٰهِ لَقَدْ ظَنَنْتُ أَنْ لَوْ كَانَ مَعَ اللّٰهِ غَيْرُهُ لَقَدْ أَغْنَى عَنِّي شَيْئًا قَالَ: وَيْحَكَ يَا أَبَا سُفْيَانَ، أَلَمْ يَأْنِ لَكَ أَنْ تَعْلَمَ أَنِّي رَسُولُ اللّٰهِ؟ قَالَ: بِأَبِي أَنْتَ وَأُمِّي، مَا أَحْلَمَكَ وَأَكْرَمَكَ وَأَوْصَلَكَ هَذِهِ، وَاللّٰهِ كَانَ فِي نَفْسِي مِنْهَا شَيْءٌ حَتَّى الْآنَ. قَالَ الْعَبَّاسُ: وَيْحَكَ يَا أَبَا سُفْيَانَ أَسْلِمْ، وَاشْهَدْ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ، وَأَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللّٰهِ قَبْلَ أَنْ تُضْرَبَ عُنُقُكَ، قَالَ: فَشَهِدَ بِشَهَادَةِ الْحَقِّ وَأَسْلَمَ. قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنَّ أَبَا سُفْيَانَ رَجُلٌ يُحِبُّ هَذَا الْفَخْرَ، فَاجْعَلْ لَهُ شَيْئًا قَالَ: نَعَمْ مَنْ دَخَلَ

صخر بن حرب بن امیۃ بن عبد شمس

کریم ﷺ کی خدمت میں آیا اور ادھر سے حضرت عمر رضی اللہ عنہ بھی داخل ہوئے۔ کہا: اے اللہ کے رسول! یہ ابوسفیان ہے۔ اللہ نے بغیر عقد و مجاہدہ کے قدرت دی ہے‘ پس آپ مجھے اجزت دیں تو اس کی گردن اُتار دوں۔ فرماتے ہیں: میں نے عرض کی: اے اے اللہ کے رسول! میں نے اسے اجر دیا ہے۔ پھر میں رسول کریم ﷺ کے پاس بیٹھ گیا۔ میں نے اس کا سر پکڑ کر کہا: نہیں! قسم بخدا! آج رات میرے سوا کوئی آدمی آپ ﷺ سے سرگوشی نہیں کر سکے گا۔ پس جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ ان کے معاملہ میں بڑھے تو میں نے کہا: اے عمر! ذرا ٹھہرو! قسم بخدا! اگر اس کا تعلق بنوعدی سے ہوتا تو میں یہ بات نہ کہتا لیکن تجھے معلوم ہے کہ بنوعبد مناف کا آدمی ہے۔ اُنہوں نے کہا: ٹھہرو! اے عباس! قسم بخدا! جس دن آپ اسلام لائے‘ آپ کا اسلام لانا رسول کریم ﷺ کو خطاب کے اسلام لانے سے زیادہ پسند تھا‘ اگر وہ اسلام لاتے‘ مجھے کوئی اور بات نہیں ہے مگر میں جانتا ہوں کہ آپ کا اسلام لانا خطاب کے اسلام لانے سے رسول کریم ﷺ کو زیادہ پسند تھا۔ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: اسے اپنی رہائش پر لے جاؤ جب حکم ہو تو اسے لے کر آنا‘ پس میں اس کو اپنی رہائش پر لے گیا۔ پس اس نے میرے پاس رات گزاری۔ پس جب صبح ہوئی تو میں اس کو رسول کریم ﷺ کی بارگاہ میں لایا‘ پس جب رسول کریم ﷺ نے اسے دیکھا تو فرمایا: افسوس! اے ابوسفیان! کیا ابھی وہ وقت قریب نہیں آیا کہ تُو جان لے کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں‘

دَارَ أَبِي سُفْيَانَ فَهُوَ آمِنٌ، وَمَنْ أَغْلَقَ بَابَهُ فَهُوَ آمِنٌ، وَمَنْ دَخَلَ الْمَسْجِدَ فَهُوَ آمِنٌ . فَلَمَّا ذَهَبَ لِيَنْصَرِفَ، قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا عَبَّاسُ، احْبِسْهُ بِمَضِيقِ الْوَادِي عِنْدَ خَطْمِ الْجَبَلِ، حَتَّى تَمُرَّ بِهِ جُنُودُ اللهِ فَيَرَاهَا . قَالَ: فَخَرَجْتُ بِهِ حَتَّى حَبَسْتُهُ حَيْثُ أَمَرَنِي رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ أَحْبِسَهُ قَالَ: وَمَرَّتْ بِهِ الْقَبَائِلُ عَلَى رَايَاتِهَا كُلَّمَا مَرَّتْ قَبِيلَةٌ قَالَ: مَنْ هَؤُلَاءِ؟ فَأَقُولُ: سُلَيْمٌ . فَيَقُولُ: مَالِي وَلِسُلَيْمٍ؟ قَالَ: ثُمَّ تَمُرُّ الْقَبِيلَةُ قَالَ: مَنْ هَؤُلَاءِ؟ فَأَقُولُ: مُزَيْنَةُ . فَيَقُولُ: مَا لِي وَلِمُزَيْنَةَ؟ حَتَّى تَعَدَّتِ الْقَبَائِلُ لَا تَمُرُّ قَبِيلَةٌ إِلَّا قَالَ: مَنْ هَؤُلَاءِ؟ فَأَقُولُ: بَنُو فُلَانٍ . فَيَقُولُ: مَالِي وَلِبَنِي فُلَانٍ . حَتَّى مَرَّ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْخَضْرَاءِ كَتِيبَةٌ فِيهَا الْمُهَاجِرُونَ وَالْأَنْصَارُ لَا يُرَى مِنْهُمْ إِلَّا الْحَدَقُ، قَالَ: سُبْحَانَ اللهِ، مَنْ هَؤُلَاءِ يَا عَبَّاسُ؟ قُلْتُ: هَذَا رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْمُهَاجِرِينَ وَالْأَنْصَارِ . قَالَ: مَا لِأَحَدٍ بِهَؤُلَاءِ قِبَلٌ وَلَا طَاقَةٌ، وَاللهِ يَا أَبَا الْفَضْلِ، لَقَدْ أَصْبَحَ مُلْكُ ابْنِ أَخِيكَ الْغَدَاةَ عَظِيمًا . قُلْتُ: يَا أَبَا سُفْيَانَ، إِنَّهَا النُّبُوَّةُ . قَالَ: فَنَعَمْ إِذَنْ، قُلْتُ: النَّجَاءَ إِلَى قَوْمِكَ . قَالَ: فَخَرَجَ حَتَّى إِذَا جَاءَهُمْ صَرَخَ بِأَعْلَى صَوْتِهِ يَا

اس نے کہا: میرے ماں باپ آپ پر قربان! آپ کتنے عزت والے ہیں اور کتنے صلہ رحمی کرنے والے ہیں۔ قسم بخدا! میرا یقین ہے کہ اگر اللہ کے ساتھ کوئی دوسرا ہوتا تو وہ مجھے ضرور کوئی فائدہ پہنچاتا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تجھ پر افسوس! اے ابوسفیان! کیا وہ وقت قریب نہیں آیا کہ تجھے معلوم ہو جائے کہ میں اللہ کا سچا رسول ہوں؛ اس نے کہا: میرے ماں باپ آپ پر قربان! آپ کتنے بردبار ہیں؛ کتنے معزز اور کتنے بڑے صلہ رحمی کرنے والے ہیں؛ قسم بخدا! میرے دل میں ایک بات تھی جو اب تک ہے۔ حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے کہا: تجھ پر افسوس! اے ابوسفیان! اسلام قبول کر اور گواہی دے کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اللہ کے رسول ہیں؛ اس سے پہلے کہ تیری گردن مار دی جائے۔ حضرت عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: اس نے حق کی شہادت دی اور اسلام لایا۔ میں نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! بے شک ابوسفیان ایسا آدمی ہے جو اس فخر کو پسند کرتا ہے؛ پس آپ اس کے لیے کوئی چیز مخصوص فرما دیں۔ آپ نے فرمایا: جی ہاں! جو ابوسفیان کے گھر داخل ہو گیا اسے امان ہے؛ جس نے اپنا دروازہ بند کر لیا اسے امان ہے اور جو مسجد حرام میں داخل ہو گیا اسے امان ہے۔ پس جب واپس جانے کیلئے وہ چلا تو رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے عباس! پہاڑ کے پاس تنگ وادی میں جا کر اسے روک لینا یہاں تک کہ وہاں سے اللہ کے لشکر گزریں اور یہ ان کو دیکھے۔ فرماتے ہیں: پس میں ان کے ساتھ نکلا حتیٰ کہ میں نے اسے اس مقام پر

مَعْشَرَ قُرَيْشٍ، هَذَا مُحَمَّدٌ قَدْ جَاءَكُمْ بِمَا لَا قِبَلَ لَكُمْ بِهِ، فَمَنْ دَخَلَ دَارَ أَبِي سُفْيَانَ فَهُوَ آمِنٌ، فَقَامَتْ إِلَيْهِ امْرَأَتُهُ هِنْدُ بِنْتُ عُتْبَةَ، فَأَخَذَتْ بِشَارِبِهِ، فَقَالَتْ: اقْتُلُوا الدَّسَمَ الْأَحْمَسَ، فَبِئْسَ مِنْ طَلِيعَةِ قَوْمٍ. قَالَ: وَيْحَكُمْ، لَا تَغُرَّنَّكُمْ هَذِهِ مِنْ أَنْفُسِكُمْ، فَإِنَّهُ قَدْ جَاءَ مَا لَا قِبَلَ لَكُمْ بِهِ، مَنْ دَخَلَ دَارَ أَبِي سُفْيَانَ، فَهُوَ آمِنٌ قَالُوا: وَيْلَكَ وَمَا تُغْنِي عَنَّا دَارُكَ. قَالَ: وَمَنْ أَغْلَقَ بَابَهُ فَهُوَ آمِنٌ، وَمَنْ دَخَلَ الْمَسْجِدَ فَهُوَ آمِنٌ فَتَفَرَّقَ النَّاسُ إِلَى دُورِهِمْ وَإِلَى الْمَسْجِدِ



روک لیا جس جگہ روکنے کا حکم رسول کریم ﷺ نے دیا تھا۔ فرماتے ہیں: مختلف قبیلے اپنے اپنے جھنڈے لے کر اس کے پاس سے گزرے، پس جب بھی کوئی قبیلہ اس کے پاس سے گزرتا تو وہ کہتا: یہ کون ہیں؟ میں کہتا: بنوسلیم۔ پس وہ کہتا: میں بنوسلیم کو کیوں نہیں پہچانتا؟ فرماتے ہیں: پھر قبیلہ گزرتا تو وہ کہتا: یہ کون ہیں: میں کہتا: مزینہ! وہ کہتا: مجھے مزینہ سے کیا غرض ہے؟ حتیٰ کہ متعدد قبیلے گزرے کوئی قبیلہ بھی نہیں گزرا مگر اس نے کہا: یہ کون ہیں؟ میں کہتا رہا: بنوفلاں اور وہ کہتا رہا: مجھے بنوفلاں سے کیا غرض ہے؟ حتیٰ کہ رسول کریم ﷺ گزرے سبزی میں یعنی سبز جھنڈا۔ ایک لشکر تھا جس میں مہاجرین اور انصار تھے اس نے کہا: سبحان اللہ! اے عباس! یہ کون ہیں؟ میں نے کہا: یہ رسول کریم ﷺ ہیں ساتھ مہاجرین وانصار ہیں۔ اس نے کہا: ان کا سامنا کرنے کی کسی میں طاقت نہیں قسم ہے اے ابوالفضل! کل صبح ہر شی تیرے بھائی کے بیٹے کی ملکیت ہو گی۔ میں نے کہا: اے ابوسفیان! یہ نبوت ہے۔ اس نے کہا: پھر تو ٹھیک ہے۔ میں نے کہا: نجات تیری قوم کی طرف ہے۔ فرماتے ہیں: پس وہ نکلا حتیٰ کہ جب وہ ان کے پاس آیا تو بلند آواز سے پکارا: اے گروہِ قریش! یہ محمد ہیں تمہارے پاس وہ چیز لائے ہیں جو پہلے کوئی نہیں لایا۔ پس جو ابوسفیان کے گھر داخل ہوا اسے امان ہے۔ اس کی بیوی ہند بنت عتبہ اُٹھی اس نے اس کی مونچھوں سے پکڑ لیا اور کہا: قتل کر دو اس بوڑھے کو! پس کتنا بُرا قوم کا فرد ہے۔ اس نے کہا: تم پر افسوس! یہ عورت تم کو دھوکہ نہ دے تمہاری

جانوں سے کیونکہ آپ ﷺ وہ چیز لائے ہیں جو پہلے تمہارے پاس کوئی نہیں لایا۔ جو ابوسفیان کے گھر داخل ہو اسے امان ہے۔ اُنہوں نے کہا: تُو برباد ہو! تیرا گھر ہمیں کیا فائدہ دے گا۔ اس نے کہا: جو دروازہ بند کر لے' جو مسجد میں داخل ہو' اسے امان ہے' پس لوگ اپنے گھروں اور مسجد کی طرف لوٹ گئے۔

حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْمَعْمَرِيُّ، ثنا إِسْحَاقُ بْنُ مُوسَى الْأَنْصَارِيُّ، ثنا يُونُسُ بْنُ بُكَيْرٍ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ بُرْقَانَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُتْبَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، فَذَكَرَ مِثْلَ حَدِيثِ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ

ایک اور سند کے ساتھ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے محمد بن اسحاق کی حدیث کی مثل حدیث روایت ہے۔

**7116** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَيَّانَ الْمَازِنِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، أَنَا ثَابِتٌ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ رَبَاحٍ، قَالَ: وَفَدْنَا إِلَى مُعَاوِيَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، وَفِينَا أَبُو هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، فَكَانَ هَذَا يَصْنَعُ يَوْمَ الطَّعَامِ فَيَدْعُو هَذَا، وَيَصْنَعُ هَذَا يَوْمَ الطَّعَامِ فَيَدْعُو هَذَا، قُلْتُ: يَا أَبَا هُرَيْرَةَ، الْيَوْمُ يَوْمِي فَجَاءَ قَبْلَ أَنْ يَحْضُرَ الطَّعَامُ فَقُلْتُ: يَا أَبَا هُرَيْرَةَ، حَدِّثْنَا بِشَيْءٍ سَمِعْتَهُ مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى يُدْرِكَ طَعَامُنَا، قَالَ: شَهِدْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ

حضرت عبداللہ بن ابورباح فرماتے ہیں کہ ہم حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے پاس آئے' ہم میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بھی تھے' یہ دن کھانا بنانے کا تھا' اس کی دعوت کی جاتی تھی' اس دن کھانا بنایا جاتا تھا اور اس کی دعوت کی جاتی تھی۔ میں نے عرض کی: اے ابوہریرہ! آج کا دن اشارہ کرنے کا ہے' کھانا آنے سے پہلے آیا ہے۔ میں نے عرض کی: اے ابوہریرہ! ہمیں ایسی حدیث سنائیں جو آپ نے رسول اللہ ﷺ سے سنی ہے' کھانا آنے تک۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں فتح مکہ کے دن حضور ﷺ کے پاس تھا' آپ نے فرمایا: اے ابوہریرہ! میرے پاس انصار کو بلاؤ! میں نے

7116- رواه أحمد جلد 2 صفحه 538-539' ومسلم رقم الحديث: 1780' وابن أبي شيبة في المصنف جلد 14 صفحه 471-472 .

وَسَلَّمَ يَوْمَ الْفَتْحِ، فَقَالَ: يَا أَبَا هُرَيْرَةَ، ادْعُ لِيَ الْأَنْصَارَ .فَدَعَوْتُهُمْ فَجَاءُوا يُهَرْوِلُونَ، فَقَالَ: هَلْ تَرَوْنَ أَوْبَاشَ النَّاسِ؟ قَالُوا: نَعَمْ .قَالَ: فَإِذَا لَقِيتُمُوهُمْ غَدًا، فَاحْصُدُوهُمْ حَصْدًا، ثُمَّ مَوْعِدُكُمُ الصَّفَا .قَالَ: وَاسْتَعْمَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰه عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَالِدَ بْنَ الْوَلِيدِ عَلَى إِحْدَى الْمُجَنِّبَتَيْنِ، وَالزُّبَيْرَ بْنَ الْعَوَّامِ عَلَى الْمُجَنِّبَةِ الْأُخْرَى رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، وَاسْتَعْمَلَ أَبَا عُبَيْدَةَ بْنَ الْجَرَّاحِ عَلَى النَّادِفَةِ فِي بَطْنِ الْوَادِي، فَلَمَّا جَاءَ الْقَوْمُ لَقِينَاهُمْ فَمَا تَقَدَّمَ أَحَدٌ إِلَّا أَنَامُوهُ وَفُتِحَ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَجَاءَ فَصَعِدَ الصَّفَا، وَجَاءَتِ الْأَنْصَارُ فَأَطَافُوا بِالصَّفَا، وَجَاءَ أَبُو سُفْيَانَ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أُبِيحَتْ خَضْرَاءُ قُرَيْشٍ لَا قُرَيْشَ بَعْدَ الْيَوْمِ، فَقَالَ: مَنْ أَغْلَقَ بَابَهُ فَهُوَ آمِنٌ، وَمَنْ أَلْقَى السِّلَاحَ فَهُوَ آمِنٌ، وَمَنْ دَخَلَ دَارَ أَبِي سُفْيَانَ فَهُوَ آمِنٌ

ان کو بلایا تو انصار دوڑتے ہوئے آئے' آپ نے فرمایا: کیا تم لوگوں کو ہوشیار دیکھتے ہو؟ اُنہوں نے عرض کی: جی ہاں! آپ نے فرمایا: جب کل تم نے ان سے ملنا ہے' ان کو مارنا ہے' پھر تمہارے لیے وعدہ کی جگہ' صفا ہے۔ راوی کا بیان ہے: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کو دو گروہوں میں سے ایک پر مقرر کیا اور حضرت زبیر بن عوام رضی اللہ عنہ کو دوسرے پر' حضرت ابوعبیدہ بن جراح کو بطن وادی پر۔ جب لوگ آئے تو ان سے ملے' انصار آئے تو اُنہوں نے صفا کا چکر لگایا۔ حضرت سفیان نے آ کر عرض کی: اے اللہ کے رسول! پس آپ نے فرمایا: جو اپنا دروازہ بند کر لے وہ امن والا ہے' جو ہتھیار ڈال دے اسے امن ہے اور جو ابوسفیان کے گھر داخل ہو جائے' وہ امن میں ہے۔

**7117** - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا شَبَابَةُ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ الْمُغِيرَةِ، ثنا ثَابِتٌ الْبُنَانِيُّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ رَبَاحٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا دَخَلَ مَكَّةَ يَوْمَ الْفَتْحِ، جَاءَ أَبُو سُفْيَانَ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أُبِيحَتْ قُرَيْشٌ لَا قُرَيْشَ بَعْدَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب فتح مکہ کے دن مکہ میں داخل ہوئے تو ابوسفیان آیا' اُس نے عرض کی: یارسول اللہ! قریش کو جائز قرار دیا ہے' قریش آج کے بعد نہیں ہے' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو اپنا دروازہ بند کرے اُس کے لیے امن ہے' جو ابوسفیان کے گھر داخل ہوا اُس کے لیے امن ہے' اس کے بعد حماد بن سلمہ والی حدیث ذکر کی۔

الْيَوْمِ، فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ أَغْلَقَ بَابَهُ فَهُوَ آمِنٌ، وَمَنْ دَخَلَ دَارَ أَبِي سُفْيَانَ فَهُوَ آمِنٌ فَذَكَرَ نَحْوَ حَدِيثِ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ

**7118** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ أَعْيَنَ الْبَغْدَادِيُّ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ بِشْرٍ الْبَجَلِيُّ، ثنا الْحَكَمُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: لَمَّا كُنَّا بِسَرِفَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ أَبَا سُفْيَانَ قَرِيبٌ مِنْكُمْ، فَاحْذَرُوهُ. فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَسْلِمْ يَا أَبَا سُفْيَانَ. قَالَ: يَا رَسُولَ اللهِ، قَوْمِي قَوْمِي قَالَ: فَإِنَّ قَوْمَكَ مَنْ أَغْلَقَ بَابَهُ فَهُوَ آمِنٌ. قَالَ: اجْعَلْ لِي شَيْئًا. قَالَ: مَنْ دَخَلَ دَارَكَ فَهُوَ آمِنٌ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب ہم مقامِ سرف میں تھے تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ابوسفیان تمہارے قریب ہے' اس سے بچو! حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے ابوسفیان! ایمان لے آؤ! حضرت ابوسفیان نے عرض کی: یارسول اللہ! میری قوم! میری قوم! آپ نے فرمایا: اگر تیری قوم دروازہ بند کرے تو اس کے لیے بھی امان ہے۔ حضرت ابوسفیان نے عرض کی: میرے لیے بھی کوئی شی مقرر کریں' آپ نے فرمایا: جو تمہارے گھر میں داخل ہو اُس کے لیے بھی امان ہے۔

## مَا أَسْنَدَ أَبُو سُفْيَانَ صَخْرُ بْنُ حَرْبٍ

## حضرت ابوسفیان صخر بن حرب کی روایت کردہ احادیث

**7119** - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، أَخْبَرَنِي عُبَيْدُ اللهِ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُتْبَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، حَدَّثَنِي أَبُو سُفْيَانَ بْنُ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ مجھے حضرت ابوسفیان بن حرب نے بتایا منہ سے کانوں تک سنا' حضرت ابوسفیان نے کہا: میں اس مدت میں چلا جو ہمارے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے درمیان طے تھی' ہم ملک شام میں



7119- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 9724' وأحمد رقم الحديث: 2370,2371,2372' والبخاري رقم الحديث: 7,51,2681,2804,2941,2978,3174,3553,5980,6260,7196,7541' ومسلم رقم الحديث: 1773' وأبو داؤد رقم الحديث: 5114,3005' والترمذي رقم الحديث: 2860 .

حَرْبٍ، مِنْ فِيهِ إِلَى أُذُنِى قَالَ: انْطَلَقْتُ فِى الْمُدَّةِ الَّتِى كَانَتْ بَيْنَنَا وَبَيْنَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: فَبَيْنَا أَنَا بِالشَّامِ إِذْ جِىءَ بِكِتَابٍ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمْ إِلَى هِرَقْلَ، قَالَ: وَكَانَ دِحْيَةُ الْكَلْبِىُّ جَاءَ بِهِ، فَدَفَعَهُ إِلَى عَظِيمِ بُصْرَى، فَدَفَعَهُ إِلَى هِرَقْلَ، فَقَالَ هِرَقْلُ: هَهُنَا رَجُلٌ مِنْ قَوْمِ هَذَا الرَّجُلِ الَّذِى يَزْعُمُ أَنَّهُ نَبِىٌّ؟ قَالُوا: نَعَمْ .قَالَ: فَدُعِيتُ فِى نَفَرٍ مِنْ قُرَيْشٍ فَدَخَلْنَا عَلَى هِرَقْلَ فَأَجْلَسَنَا بَيْنَ يَدَيْهِ، فَقَالَ: أَيُّكُمْ أَقْرَبُ نَسَبًا مِنْ هَذَا الرَّجُلِ الَّذِى يَزْعُمُ أَنَّهُ نَبِىٌّ؟ قَالَ أَبُو سُفْيَانَ: قُلْتُ: أَنَا .فَأَجْلَسُونِى بَيْنَ يَدَيْهِ وَأَجْلَسُوا أَصْحَابِى خَلْفِى، ثُمَّ دَعَا بِتَرْجُمَانِهِ، فَقَالَ: قُلْ لَهُمْ: إِنِّى سَائِلٌ عَنْ هَذَا الرَّجُلِ الَّذِى يَزْعُمُ أَنَّهُ نَبِىٌّ، فَإِنْ كَذَبَنِى فَكَذِّبُوهُ، فَقَالَ أَبُو سُفْيَانَ: وَايْمُ اللّٰهِ، لَوْلَا أَنْ يُؤْثَرَ عَلَىَّ الْكَذِبُ لَكَذَبْتُ، ثُمَّ قَالَ لِتَرْجُمَانِهِ سَلْهُ: كَيْفَ حَسَبُهُ فِيكُمْ؟ قَالَ: هُوَ فِينَا ذُو حَسَبٍ .قَالَ: فَهَلْ كَانَ مِنْ آبَائِهِ مَلِكٌ؟ قُلْتُ: لَا .قَالَ: فَهَلْ كُنْتُمْ تَتَّهِمُونَهُ بِالْكَذِبِ قَبْلَ أَنْ يَقُولَ مَا قَالَ؟ قُلْتُ: لَا .قَالَ: مَنْ يَتْبَعُهُ أَشْرَافُ النَّاسِ، أَمْ ضُعَفَاؤُهُمْ؟ قَالَ: قُلْتُ: بَلْ ضُعَفَاؤُهُمْ .فَقَالَ: أَيَزِيدُونَ، أَمْ يَنْقُصُونَ؟ فَقُلْتُ: لَا، بَلْ يَزِيدُونَ .قَالَ: فَهَلْ يَرْتَدُّ أَحَدٌ مِنْهُمْ عَنْ دِينِهِ

تھے'رسول اللہ ﷺ کا خط ہرقل کی طرف آیا' حضرت دحیہ کلبی لے کر آئے تھے' وہ خط سردار کو دیا گیا تو اس نے ہرقل کو دیا' ہرقل نے کہا: یہاں اس آدمی کی قوم کا کوئی آدمی ہے جس کا گمان ہے کہ وہ نبی ہے؟ اُنہوں نے کہا: جی ہاں! مجھے قریش کے ایک کو بلا کر پیش کیا جائے' ہم ہرقل کے پاس آئے' اُس نے ہمیں آگے بٹھایا' اس نے کہا: تم میں رشتے کے لحاظ سے اس آدمی کے زیادہ قریب کون ہے جس کا کہنا ہے کہ وہ نبی ہے؟ حضرت ابوسفیان نے کہا: میں ہوں! اس نے مجھے اپنے آگے بٹھایا اور میرے ساتھیوں کو میرے پیچھے' پھر اس نے اپنے ترجمان کو بلایا' اس نے کہا: اس کو کہو کہ میں تم سے اس آدمی کے متعلق پوچھتا ہوں جو نبی ہونے کا دعویٰ کرتا ہے' اگر وہ مجھ پر جھوٹ بولے تو تم اس کی بات جھٹلا دو۔ ابوسفیان نے کہا: قسم بخدا! اگر جھوٹ کو مجھ پر ترجیح نہ دی جاتی تو میں ضرور جھوٹ بولتا' پھر اس نے اپنے ترجمان سے کہا: اس سے سوال کرو۔ تم میں اس آدمی کا حسب کیا ہے؟ ابوسفیان نے کہا: وہ ہم میں اچھے حسب والا ہے۔ اس نے کہا: کیا اس کے آباء میں سے کوئی بادشاہ ہوا ہے۔ میں نے کہا: نہیں! اس نے کہا: کیا اس کے کچھ کہنے سے پہلے تم اسے جھوٹا کہتے تھے؟ میں نے کہا: نہیں! اس نے کہا: اس کی پیروی کرنے والے لوگوں میں سے بڑے ہیں یا کمزور؟ کہتے ہیں: میں نے کہا: بلکہ کمزور لوگ ہیں۔ اس نے کہا: کیا وہ زیادہ ہو رہے ہیں یا کم ہو رہے ہیں؟ میں نے کہا: جی نہیں! بلکہ زیادہ ہو رہے ہیں۔ اس نے کہا: جب کوئی آدمی اس

بَعْدَ أَنْ يَدْخُلَ فِيهِ سَخْطًا لَهُ؟ قُلْتُ: لَا .قَالَ: فَهَلْ قَاتَلْتُمُوهُ؟ قُلْتُ: نَعَمْ .قَالَ: فَكَيْفَ كَانَ قِتَالُكُمْ إِيَّاهُ؟ قُلْتُ: يَكُونُ الْحَرْبُ بَيْنَنَا وَبَيْنَهُ سِجَالًا يُصِيبُ مِنَّا وَنُصِيبُ مِنْهُ .قَالَ: فَهَلْ يَغْدِرُ؟ قُلْتُ: لَا، وَنَحْنُ مِنْهُ فِي هُدْنَةٍ لَا نَدْرِي مَا هُوَ صَانِعٌ فِيهَا .قَالَ: فَوَاللَّهِ، مَا أَمْكَنَنِي مِنْ كَلِمَةٍ أُدْخِلُ فِيهَا شَيْئًا غَيْرُ هَذِهِ .قَالَ: فَهَلْ قَالَ هَذَا الْقَوْلَ أَحَدٌ قَبْلَهُ .قُلْتُ: لَا .قَالَ لِتَرْجُمَانِهِ: قُلْ لَهُ: إِنِّي سَأَلْتُكَ عَنْ حَسَبِهِ، فَزَعَمْتَ أَنَّهُ فِيكُمْ ذُو حَسَبٍ، وَكَذَلِكَ الرُّسُلُ تُبْعَثُ فِي أَحْسَابِ قَوْمِهَا، وَسَأَلْتُكَ هَلْ كَانَ مِنْ آبَائِهِ مَلِكٌ فَزَعَمْتَ أَنْ لَا، فَقُلْتُ: لَوْ كَانَ مِنْ آبَائِهِ مَلِكٌ قُلْتُ: رَجُلٌ يَطْلُبُ مُلْكَ آبَائِهِ، وَسَأَلْتُكَ عَنْ أَتْبَاعِهِ أَضْعَفَاؤُهُمْ أَمْ أَشْرَافُهُمْ؟ فَقُلْتَ بَلْ ضُعَفَاؤُهُمْ وَهُمْ أَتْبَاعُ الرُّسُلِ، وَسَأَلْتُكَ هَلْ أَنْتُمْ تَتَّهِمُونَهُ بِالْكَذِبِ قَبْلَ أَنْ يَقُولَ مَا قَالَ؟ فَزَعَمْتَ أَنْ لَا فَقَدْ عَرَفْتُ أَنَّهُ لَمْ يَكُنْ لِيَدَعَ الْكَذِبَ عَلَى النَّاسِ، ثُمَّ يَذْهَبَ فَيَكْذِبَ عَلَى اللَّهِ، وَسَأَلْتُكَ هَلْ يَرْتَدُّ أَحَدٌ مِنْهُمْ عَنْ دِينِهِ بَعْدَ أَنْ يَدْخُلَ فِيهِ سَخْطًا لَهُ؟ فَزَعَمْتَ أَنْ لَا، وَكَذَلِكَ الْإِيمَانُ إِذَا خَالَطَ بَشَاشَةَ الْقُلُوبِ، وَسَأَلْتُكَ هَلْ يَزِيدُونَ أَمْ يَنْقُصُونَ؟ فَزَعَمْتَ أَنَّهُمْ يَزِيدُونَ، وَكَذَلِكَ الْإِيمَانُ حَتَّى يَتِمَّ وَسَأَلْتُكَ هَلْ قَاتَلْتُمُوهُ؟

کے دین میں داخل ہو جاتا ہے تو کیا اس کی ناراضگی کی وجہ سے کسی نے اس کا دین چھوڑا بھی ہے؟ میں نے کہا: جی نہیں! اس نے کہا: کیا ان سے تمہاری جنگ بھی ہوئی ہے؟ میں نے کہا: جی ہاں! اس نے کہا: تمہاری ان سے جنگ کیسی رہی؟ میں نے کہا: ہمارے اور ان کے درمیان مقابلہ خوب ہوا' کچھ ہم میں سے اور کچھ اُن میں سے مارے گئے۔ اس نے کہا: کیا وہ غدر کرتا ہے؟ میں نے کہا: نہیں! لیکن اب ان سے ہماری عارضی صلح ہوئی ہے' دیکھیں! وہ کیا کرتے ہیں۔ ابوسفیان کہتے ہیں: قسم بخدا! اس کے علاوہ کوئی کلمہ اس میں داخل کرنا میرے لیے ممکن نہ ہوا۔ اس نے کہا: اس سے پہلے بھی اس نے کبھی اس طرح کی بات کی ہے؟ میں نے کہا: جی نہیں! اس نے اپنے ترجمان سے کہا: اس سے کہہ کہ میں نے اس سے اس کے حسب کے بارے پوچھا تو تیرا گمان ہے کہ وہ تم میں حسب والا ہے' تو رسولوں کی شان یہی ہوتی ہے کہ وہ اپنی قوم میں حسب والے بنا کر بھیجے جاتے ہیں۔ میں نے اس سے سوال کیا کہ اس آباء سے کوئی بادشاہ ہوا ہے' تو تیرا گمان ہے کہ نہیں' میں نے کہا: اگر اس آباء سے کوئی بادشاہ ہوتا تو میں کہتا کہ وہ ایسا آدمی ہے جو اپنے آباء کا ملک لینا چاہتا ہے۔ میں نے اس کی پیروی کرنے والوں کے بارے سوال کیا کہ وہ کمزور ہیں یا اشرافیہ ہے' تو تُو نے کہا: بلکہ وہ کمزور ہیں اور رسولوں کی پیروی کرنے والے کمزور ہی ہوتے ہیں۔ میں نے تجھ سے سوال کیا کہ کیا تم یہ کہنے سے پہلے بھی اس پر جھوٹ کی تہمت لگاتے تھے؟ تیرا گمان ہے

فَزَعَمْتَ أَنَّكُمْ قَاتَلْتُمُوهُ فَيَكُونُ الْحَرْبُ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُ سِجَالًا يَنَالُ مِنْكُمْ وَتَنَالُونَ مِنْهُ، وَكَذَلِكَ الرُّسُلُ تُبْتَلَى، ثُمَّ تَكُونُ لَهُمُ الْعَاقِبَةُ، وَسَأَلْتُكَ هَلْ يَغْدِرُ؟ فَزَعَمْتَ أَنَّهُ لَا يَغْدِرُ، وَكَذَلِكَ الرُّسُلُ لَا تَغْدِرُ وَسَأَلْتُكَ: هَلْ قَالَ هَذَا الْقَوْلَ أَحَدٌ قَبْلَهُ؟ فَزَعَمْتَ أَنْ لَا، فَقُلْتُ: لَوْ كَانَ قَالَ هَذَا الْقَوْلَ أَحَدٌ قَبْلَهُ قُلْتُ رَجُلٌ ائْتَمَّ بِقَوْلٍ قِيلَ قَبْلَهُ، ثُمَّ قَالَ: فَبِمَا يَأْمُرُكُمْ؟ قُلْتُ: يَأْمُرُنَا بِالصَّلَاةِ وَالزَّكَاةِ وَالصِّلَةِ وَالْعَفَافِ .قَالَ: فَإِنْ يَكُ مَا تَقُولُ فِيهِ حَقًّا إِنَّهُ نَبِيٌّ، وَقَدْ كُنْتُ أَعْلَمُ أَنَّهُ خَارِجٌ، وَلَمْ أَكُنْ أَظُنُّهُ مِنْكُمْ، وَلَوْ كُنْتُ أَعْلَمُ أَنِّي أَخْلُصُ لَأَحْبَبْتُ لِقَاءَهُ، وَلَوْ كُنْتُ عِنْدَهُ لَغَسَلْتُ عَنْ قَدَمَيْهِ، وَلَيَبْلُغَنَّ مُلْكُهُ مَا تَحْتَ قَدَمَيَّ، ثُمَّ دَعَا بِكِتَابِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَرَأَهُ، فَإِذَا فِيهِ: بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيمِ مِنْ مُحَمَّدٍ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، إِلَى هِرَقْلَ عَظِيمِ الرُّومِ، سَلَامٌ عَلَى مَنِ اتَّبَعَ الْهُدَى أَمَّا بَعْدُ، فَإِنِّي أَدْعُوكَ بِدِعَايَةِ الْإِسْلَامِ أَسْلِمْ تَسْلَمْ، وَأَسْلِمْ يُؤْتِكَ اللَّهُ أَجْرَكَ مَرَّتَيْنِ، وَإِنْ تَرَكْتَ فَإِنَّ عَلَيْكَ إِثْمَ الْأَرِيسِيِّينَ، وَ (يَا أَهْلَ الْكِتَابِ تَعَالَوْا إِلَى كَلِمَةٍ سَوَاءٍ بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ) (آل عمران: 64) إِلَى قَوْلِهِ (بِأَنَّا مُسْلِمُونَ) (آل عمران: 64)" ، فَلَمَّا فَرَغَ مِنْ قِرَاءَةِ

کہ نہیں! پس میں پہچان گیا کہ جو لوگوں پر جھوٹ نہیں بولتا وہ اللہ پر جھوٹ کیسے بولے گا۔ میں نے تجھ سے سوال کیا کہ اس کے دین میں داخل ہونے کے بعد اس سے ناراض ہو کر کوئی پھرا ہے؟ تیرا گمان ہے کہ نہیں! اسی طرح ہوتا ہے جب ایمان دل میں رچ بس جاتا ہے (تو پھر رچ بس ہی جاتا ہے) اور میں نے تجھ سے سوال کیا کہ کیا اس کے ماننے والے زیادہ ہو رہے ہیں یا کم ہو رہے ہیں؟ تو تیرا گمان ہے کہ وہ زیادہ ہو رہے ہیں' اسی طرح ایمان کی شان ہے حتیٰ کہ وہ مکمل ہو کر رہتا ہے۔ میں نے تجھ سے پوچھا کہ کیا تم نے اس سے جنگ کی ہے؟ تو تیرا گمان ہے کہ تم نے اس سے جنگ کی ہے تو مقابلہ برابر رہا ہے' کچھ تمہارے آدمی کام آئے اور کچھ ان کے آدمی کام آئے ہے بھی ایسے ہی کہ رسولوں کی آزمائش کی جاتی ہے پھر انجام ان کیلئے ہوگا' میں نے اس کے غدر (وعدہ خلافی) کے حوالے سے پوچھا تو تیرا گمان ہے کہ وہ وعدہ خلافی نہیں کرتا' اور رسولوں کی شان یہی ہے کہ وہ وعدہ خلافی نہیں کرتے' میں نے تجھ سے پوچھا کہ کیا کسی ایک نے اس سے پہلے بھی یہ بات کی؟ تیرا گمان ہے کہ نہیں! میں نے کہا: اگر اس سے پہلے کسی نے یہ بات کی ہوتی تو میں کہتا کہ یہ اس کی نقل کر رہا ہے۔ پھر اس نے کہا: آپ تمہیں کیا حکم دیتے ہیں؟ میں نے کہا: وہ ہمیں نماز' زکوٰۃ' صلہ رحمی اور پاکیزہ رہنے کا حکم دیتے ہیں۔ اس نے کہا: اگر یہی بات ہے جو تُو اس کے بارے کہہ رہا ہے تو وہ اللہ کے سچے نبی ہیں' یقیناً مجھے ان کی تشریف آوری کا علم تھا لیکن مجھے اس

الْكِتَابِ ارْتَفَعَتِ الْأَصْوَاتُ عِنْدَهُ وَكَثُرَ اللَّغَطُ، وَأُمِرَ بِنَا فَأُخْرِجْنَا فَقُلْتُ لِأَصْحَابِي حِينَ خَرَجْنَا: لَقَدْ أَمِرَ أَمْرُ ابْنِ أَبِي كَبْشَةَ إِنَّهُ لَيَخَافُهُ مَلِكُ بَنِي الْأَصْفَرِ، فَمَا زِلْتُ مُوقِنًا بِأَمْرِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ سَيَظْهَرُ حَتَّى أَدْخَلَ اللّٰهُ عَلَيَّ الْإِسْلَامَ قَالَ الزُّهْرِيُّ: فَدَعَا هِرَقْلُ عُظَمَاءَ الرُّومِ، فَجَمَعَهُمْ فِي دَارٍ لَهُ، فَقَالَ: يَا مَعْشَرَ الرُّومِ، هَلْ لَكُمْ فِي الْفَلَاحِ وَالرَّشَدِ آخِرَ الْأَبَدِ؟ وَأَنْ يَثْبُتَ لَكُمْ مُلْكُكُمْ؟ قَالَ: فَحَاصُوا حَيْصَةَ حُمُرِ الْوَحْشِ إِلَى الْأَبْوَابِ، فَوَجَدُوهَا قَدْ غُلِّقَتْ، فَدَعَا بِهِمْ: إِنِّي إِنَّمَا اخْتَبَرْتُ شِدَّتَكُمْ عَلَى دِينِكُمْ فَقَدْ رَأَيْتُ مِنْكُمُ الَّذِي أَحْبَبْتُ، فَسَجَدُوا لَهُ وَرَضُوا عَنْهُ

کے تم میں سے ہونے کا گمان نہ تھا' اگر مجھے علم ہوتا کہ مجھے فرصت ملے گی تو میں اس ملاقات کو پسند کرتا اور اگر میں ان کے پاس ہوتا تو میں ان کے پاؤں دھوتا اور ضرور بضرور ان کا ملک میرے قدموں کے نیچے والے زمین تک پہنچے گا' پھر اس نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا خط منگوا کر پڑھا تو اس میں تھا: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ! محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف سے' روم کے بادشاہ ہرقل کی طرف! سلام اس پر جس نے ہدایت کی پیروی کی' اس کے بعد میں آپ کو اسلام کی دعوت دیتا ہوں' اسلام لے آئیں سلامتی پائیں' اسلام لائیں' اللہ تعالیٰ آپ کو دوبار اجر عطا فرمائے گا' اگر آپ نے ترک کیا تو تیرے اوپر رعایا کا گناہ بھی ہوگا اور اے اہل کتاب! آؤ اس کلمہ کی طرف جو ہمارے اور تمہارے درمیان برابر ہے' اس فرمان تک: کہ ہم مسلمان ہیں۔ پس جب اس نے خط پڑھ لیا تو اس کے پاس آوازیں بلند ہوئیں اور لوگوں نے غلط باتیں کیں۔ ہمیں نکال دینے کا حکم ملا' جب ہم نکل رہے تھے تو میں نے اپنے دوستوں سے کہا: ابوکبشہ کا بیٹا (حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) بادشاہ ہوگا کہ اس سے بنو اصفر کا بادشاہ بھی خوف کرے گا۔ مجھے یقین نہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم غالب آئیں' اس سے پہلے کہ اللہ ہمیں اسلام میں داخل کر دے۔ حضرت امام زہری کا قول ہے: پس ہرقل نے روم کے بڑے لوگوں کو بلا کر ایک گھر میں جمع کیا' کہا: اے روم کے گروہ! کیا تمہیں کوئی فائدہ معلوم ہوتا ہے کہ تم آخر زمانے تک کامیاب اور راہِ راحت پر رہو اور تمہارا ملک قائم رہے؟ امام زہری کہتے ہیں: رومی جنگلی

سرخ گدھوں کی طرح دروازوں کی طرف دوڑے تو دروازے بند تھے۔ ہرقل نے ان کو پھر بلایا: (کہا:) میں تمہاری آزمائش کر رہا تھا کہ تم اپنے دین پر کتنے مضبوط ہو؟ پس میں نے تم میں وہی چیز پائی ہے جو میں پسند کرتا تھا۔ پس اُنہوں نے اس کو سجدہ کیا اور راضی ہو گئے۔



**7120 - حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ كَامِلٍ** السَّرَّاجُ الْمِصْرِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، ثنا اللَّيْثُ، حَدَّثَنِي يُونُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ بْنِ مَسْعُودٍ، أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَبَّاسٍ أَخْبَرَهُ، أَنَّ أَبَا سُفْيَانَ بْنَ حَرْبٍ أَخْبَرَهُ، أَنَّ هِرَقْلَ أَرْسَلَ إِلَيْهِ فِي رَكْبٍ مِنْ قُرَيْشٍ، وَكَانُوا تُجَّارًا بِالشَّامِ فِي الْمُدَّةِ الَّتِي مَادَّ فِيهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَبَا سُفْيَانَ وَكُفَّارَ قُرَيْشٍ، فَأَتَوْهُ بِإِيلِيَاءَ فَدَعَاهُمْ فِي مَجْلِسٍ، وَحَوْلَهُ عُقَلَاءُ الرُّومِ، ثُمَّ دَعَا بِتَرْجُمَانِهِ، فَقَالَ: قُلْ لَهُمْ: أَيُّهُمْ أَقْرَبُ نَسَبًا بِهَذَا الرَّجُلِ الَّذِي يَزْعُمُ أَنَّهُ نَبِيٌّ؟ فَقَالَ أَبُو سُفْيَانَ: أَنَا أَقْرَبُهُمْ نَسَبًا، فَقَالَ: ادْنُ مِنِّي، وَقَرِّبُوا أَصْحَابَهُ فَجَعَلُوهُمْ عِنْدَ ظَهْرِهِ، ثُمَّ قَالَ لِتَرْجُمَانِهِ قُلْ لَهُمْ: إِنِّي سَائِلٌ هَذَا عَنْ هَذَا الرَّجُلِ، فَإِنْ كَذَبَنِي فَكَذِّبُوهُ .قَالَ أَبُو سُفْيَانَ: فَوَاللّٰهِ لَوْلَا الْحَيَاءُ أَنْ يَأْثُرُوا عَلَيَّ الْكَذِبَ لَكَذَبْتُهُ عَنْهُ، ثُمَّ قَالَ: أَوَّلُ شَيْءٍ سَأَلَنِي عَنْهُ قَالَ: فَكَيْفَ نَسَبُهُ فِيكُمْ؟ قُلْتُ: هُوَ فِينَا ذُو

حضرت ابوسفیان نے خبر دی کہ قریش کے لشکر میں ہرقل نے انؓ کی طرف پیغام بھیجا اس حال میں کہ وہ شام میں تاجر بن کر گئے ہوئے تھے۔ اسی زمانے میں‘ پس وہ اس کے پاس ایلیا آئے۔ پس ہرقل نے ان کو ایک مجلس میں بلایا جبکہ اس کے اردگرد روم کے عقلمند لوگ تھے‘ پھر اس نے اپنے ترجمان کو بلا کر کہا: ان سے پوچھ کہ ان میں سے کون ہے جو اس آدمی سے قریبی نسبی رشتہ رکھتا ہے‘ جس نے نبوت کا دعویٰ کیا ہے؟ پس ابوسفیان نے کہا: میں ان کا قریبی رشتہ دار ہوں۔ اس نے کہا: تم میرے قریب ہو جاؤ اور اس نے اپنے دوستوں کو بھی اپنے قریب کر لیا۔ پس ان کو ابوسفیان کی پیٹھ کے پاس بٹھا دیا۔ پھر اپنے ترجمان سے کہا: ان سے کہہ دے کہ میں نے ان سے اس آدمی کے بارے پوچھنا ہے‘ پس اگر یہ آدمی مجھے جھٹلائے مجھ سے جھوٹ بولے تو تم اسے جھٹلا دینا۔ حضرت ابوسفیان کہتے ہیں: قسم بخدا! اگر اس بات کی حیاء نہ ہوتی کہ مجھ پر جھوٹ کی تہمت لگائیں گے تو میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بارے ضرور جھوٹ بولتا۔ پھر کہا: سب سے پہلی چیز جس کے بارے اس نے مجھ سے پوچھا‘ کہا: تمہارے اندر اس کا نسب کیا ہے؟ میں نے کہا: وہ شریف نسب والے ہیں۔ اس نے

نَسَبٍ .قَالَ: فَهَلْ قَالَ هَذَا الْقَوْلَ مِنكُمْ أَحَدٌ قَبْلَهُ؟ قُلْتُ: لَا .قَالَ: فَهَلْ كَانَ مِنْ آبَائِهِ مَلِكٌ؟ قُلْتُ: لَا .قَالَ: فَأَشْرَافُهُم اتَّبَعُوهُ أَمْ ضُعَفَاؤُهُمْ؟ قُلْتُ: بَلْ ضُعَفَاؤُهُمْ .قَالَ: يَزِيدُونَ أَمْ يَنْقُصُونَ؟ قُلْتُ: بَلْ يَزِيدُونَ .قَالَ: فَهَلْ مِنْهُمْ أَحَدٌ يَرْتَدُّ سَخْطَةً لِدِينِهِ بَعْدَ أَنْ يَدْخُلَ فِيهِ؟ قُلْتُ: لَا .قَالَ: فَهَلْ كُنْتُمْ تَتَّهِمُونَهُ بِالْكَذِبِ؟ قُلْتُ: لَا .قَالَ: فَهَلْ يَغْدِرُ؟ قُلْتُ: لَا، وَنَحْنُ مِنْهُ فِي مُدَّةٍ لَا نَدْرِي مَا هُوَ فَاعِلٌ فِيهَا .قَالَ: وَلَمْ يُمْكِنِّي كَلِمَةٌ أُدْخِلُ فِيهَا شَيْئًا غَيْرُ هَذِهِ الْكَلِمَةِ .قَالَ: فَهَلْ قَاتَلْتُمُوهُ؟ قُلْتُ: نَعَمْ .قَالَ: فَكَيْفَ كَانَ قِتَالُكُمْ إِيَّاهُ؟ قُلْتُ: يَكُونُ الْحَرْبُ بَيْنَنَا وَبَيْنَهُ سِجَالًا وَدُوَلًا يَنَالُ مِنَّا وَنَنَالُ مِنْهُ، قَالَ: مَاذَا يَأْمُرُكُمْ؟ قُلْتُ: يَقُولُ: اعْبُدُوا اللَّهَ وَلَا تُشْرِكُوا بِهِ شَيْئًا، وَاتْرُكُوا مَا كَانَ يَعْبُدُ آبَاؤُكُمْ، وَيَأْمُرُ بِالصَّلَاةِ وَالزَّكَاةِ وَالصَّدَقَةِ وَبِالْعَفَافِ وَبِالصِّلَةِ .فَقَالَ لِلتَّرْجُمَانِ: قُلْ لَهُ: سَأَلْتُكَ عَنْ نَسَبِهِ؟ فَزَعَمْتَ أَنَّهُ فِيكُمْ ذُو نَسَبٍ، وَكَذَلِكَ الرُّسُلُ تُبْعَثُ فِي نَسَبِ قَوْمِهِمْ، وَسَأَلْتُكَ: هَلْ قَالَ أَحَدٌ مِنكُمْ هَذَا الْقَوْلَ قَبْلَهُ؟ فَزَعَمْتَ أَنْ لَا، فَقُلْتُ: لَوْ كَانَ قَالَ هَذَا الْقَوْلَ أَحَدٌ قَبْلَهُ؛ قُلْتُ: رَجُلٌ ائْتَمَّ بِقَوْلٍ قِيلَ قَبْلَهُ، وَسَأَلْتُكَ هَلْ كَانَ مِنْ آبَائِهِ

کہا: اس سے پہلے بھی تم میں سے کسی نے یہ بات کی؟ میں نے جواب دیا: نہیں! اس نے کہا: اس کے آباء میں سے کوئی بادشاہ ہوا؟ میں نے جواب دیا: نہیں! اس نے کہا: بڑے لوگوں نے اس کی پیروی کی یا کمزور لوگوں نے؟ میں نے جواب دیا: بلکہ کمزور لوگوں نے۔ اس نے کہا: وہ زیادہ ہو رہے ہیں یا کم ہو رہے ہیں؟ میں نے جواب دیا: بلکہ وہ زیادہ ہو رہے ہیں۔ اس نے کہا: کیا ان میں سے کوئی ایک ناراض ہو کر اس کے دین سے پھرا' اس میں داخل ہونے کے بعد؟ میں نے جواب دیا: نہیں! اس نے کہا: تم اسے جھوٹا کہا کرتے تھے (پہلے)؟ میں نے جواب دیا: نہیں! اس نے کہا: کیا وہ وعدہ خلافی کرتا ہے؟ میں نے جواب دیا: نہیں! اب ایک مدت تک ہمارا ان سے عارضی معاہدہ ہے' ہمیں معلوم نہیں کہ وہ کیا کرنے والے ہیں۔ ابوسفیان کا قول ہے: میرے لیے ممکن نہ ہوا کہ اس بات کے علاوہ کوئی بات میں اپنے کلام میں داخل کرتا۔ اس نے کہا: کیا تمہاری ان سے جنگ ہوئی؟ میں نے جواب دیا: جی ہاں! اس نے کہا: تمہارا ان سے جنگ کرنا کیسا رہا؟ میں نے جواب دیا: ہمارے درمیان مقابلہ خوب ہوا' کچھ ہم میں سے' کچھ ان میں سے کام آئے' اس نے کہا: آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تمہیں کیا حکم دیتے ہیں؟ میں نے جواب دیا: وہ فرماتے ہیں: اللہ کی عبادت کرو' اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ بناؤ' ان کو چھوڑ دو' جن کی عبادت تمہارے آباء کرتے تھے' نماز' زکوٰۃ' صدقہ' پاکیزہ رہنے اور صلہ رحمی کا حکم دیتے ہیں۔ اس نے اپنے ترجمان سے کہا: میں نے تجھ سے اس کے نسب کے بارے

مَلِكٌ؟ فَزَعَمْتَ أَنْ لَا. فَقُلْتُ: لَوْ كَانَ فِي آبَائِهِ مَلِكٌ قُلْتُ: يَطْلُبُ مُلْكَ آبَائِهِ، وَسَأَلْتُكَ هَلْ كُنْتُمْ تَتَّهِمُونَهُ بِالْكَذِبِ قَبْلَ أَنْ يَقُولَ مَا قَالَ؟ فَزَعَمْتَ أَنْ لَا، فَقَدْ أَعْرِفُ أَنْ لَمْ يَكُنْ لِيَذَرَ الْكَذِبَ عَلَى النَّاسِ وَيَكْذِبَ عَلَى اللّٰهِ، وَسَأَلْتُكَ أَشْرَافُ النَّاسِ اتَّبَعُوهُ أَمْ ضُعَفَاؤُهُمْ؟ فَزَعَمْتَ أَنَّ ضُعَفَاءَ هُمُ الَّذِينَ اتَّبَعُوهُ، وَهُمْ أَتْبَاعُ الرُّسُلِ، وَسَأَلْتُكَ أَيَزِيدُونَ أَمْ يَنْقُصُونَ؟ فَزَعَمْتَ أَنَّهُمْ يَزِيدُونَ، وَكَذَلِكَ أَمْرُ الْإِيمَانِ حَتَّى يَتِمَّ، وَسَأَلْتُكَ: هَلْ يَرْتَدُّ أَحَدٌ مِنْهُمْ سَخْطَةً لِدِينِهِ بَعْدَ أَنْ يَدْخُلَ فِيهِ؟ فَزَعَمْتَ أَنْ لَا، وَكَذَلِكَ الْإِيمَانُ حِينَ يُخَالِطُ بَشَاشَةَ الْقُلُوبَ، وَسَأَلْتُكَ هَلْ يَغْدِرُ؟ فَزَعَمْتَ أَنْ لَا، وَكَذَلِكَ الرُّسُلُ لَا يَغْدِرُونَ، وَسَأَلْتُكَ كَيْفَ قِتَالُكُمْ إِيَّاهُ؟ فَزَعَمْتَ أَنَّ الْحَرْبَ بَيْنَكُمْ سِجَالٌ وَدُوَلٌ، وَكَذَلِكَ الرُّسُلُ تُبْتَلَى، ثُمَّ يَكُونُ لَهُمُ الْعَاقِبَةُ، وَسَأَلْتُكَ عَمَّا يَأْمُرُكُمْ بِهِ؟ فَزَعَمْتَ أَنَّهُ يَأْمُرُكُمْ أَنْ تَعْبُدُوا اللّٰهَ وَلَا تُشْرِكُوا بِهِ شَيْئًا وَيَنْهَاكُمْ عَنْ عِبَادَةِ الْأَوْثَانِ، وَيَأْمُرُكُمْ بِالصَّلَاةِ وَالصَّدَقَةِ وَالْعَفَافِ وَالصِّلَةِ، وَإِنْ كَانَ مَا تَقُولُ حَقًّا، فَيُوشِكُ أَنْ يَمْلِكَ مَوْضِعَ قَدَمَيَّ هَاتَيْنِ، وَقَدْ كُنْتُ أَعْلَمُ أَنَّهُ خَارِجٌ، وَلَكِنْ لَمْ أَكُنْ أَظُنُّ أَنَّهُ مِنْكُمْ، وَلَوْ أَعْلَمُ أَنْ أَخْلُصَ إِلَيْهِ لَالْتَمَسْتُ لُقِيَّهُ، وَلَوْ

پوچھا تو تیرا گمان تھا کہ وہ تم میں اچھے نسب والا ہے' اسی طرح رسول اپنی قوم میں اچھے نسب والے ہوتے ہیں۔ میں نے تجھ سے پوچھا کہ اس سے پہلے تم میں سے کسی نے یہ بات کی؟ تیرا گمان ہے کہ نہیں! تو میں نے کہا: اگر اس سے پہلے کسی نے یہ بات کی ہوتی تو میں کہتا: یہ ایسا آدمی ہے جو پہلے کہی ہوئی بات کو مکمل کر رہا ہے۔ میں نے تجھ سے پوچھا: کیا اس کے آباء میں سے کوئی بادشاہ ہوا؟ تیرا گمان ہے کہ نہیں! پس میں نے کہا: اگر اس کے آباء میں سے کوئی بادشاہ ہوا ہوتا تو میں کہتا کہ وہ اپنے آباء کا ملک مانگتا ہے۔ میں نے تجھ سے پوچھا کہ کیا تم لوگ یہ بات کہنے سے پہلے اس پر جھوٹ کی تہمت لگاتے تھے تو تیرا گمان ہے کہ نہیں! پس میں پہچان گیا کہ جو لوگوں پر جھوٹ نہیں بولتا وہ اللہ پر کیسے جھوٹ بولے گا۔ میں نے تجھ سے پوچھا کہ بڑے لوگ یا کمزور لوگ اس کی پیروی کر رہے ہیں؟ تیرا گمان ہے کہ اس کی پیروی کرنے والے کمزور ہیں' تو رسولوں کی پیروی کرنے والے ایسے ہی ہوتے ہیں۔ میں نے تجھ سے پوچھا کہ وہ زیادہ ہو رہے ہیں یا کم ہو رہے ہیں؟ تو تیرا گمان ہے کہ وہ زیادہ ہو رہے ہیں' ایمان کا معاملہ ایسے ہی ہوتا ہے کہ وہ مکمل ہو کر رہتا ہے۔ میں نے تجھ سے پوچھا کہ اس کے دین میں داخل ہونے کے بعد ناراض ہو کر کوئی ایک پھرا ہے؟ پس تیرا گمان ہے کہ نہیں! تو ایمان کا معاملہ ایسے ہی ہوتا ہے جب وہ دل سے چمٹ جاتا ہے۔ میں نے تجھ سے پوچھا کہ کیا وہ وعدہ خلافی کرتا ہے؟ تو تیرا گمان ہے کہ نہیں! تو رسولوں کی یہی شان

كُنْتُ عِنْدَهُ لَغَسَلْتُ قَدَمَيْهِ، ثُمَّ دَعَا بِكِتَابِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰه عَلَيْهِ وَسَلَّمِ الَّذِي بَعَثَ بِهِ دِحْيَةُ الْكَلْبِيُّ إِلَى عَظِيمِ بُصْرَى، فَدَفَعَهُ إِلَى هِرَقْلَ، فَقَرَأَهُ فَإِذَا فِيهِ: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ مِنْ مُحَمَّدٍ عَبْدِ اللّٰهِ وَرَسُولِهِ إِلَى هِرَقْلَ عَظِيمِ الرُّومِ سَلَامٌ عَلَى مَنِ اتَّبَعَ الْهُدَى، أَمَّا بَعْدُ فَإِنِّي أَدْعُوكَ بِدِعَايَةِ الْإِسْلَامِ أَسْلِمْ تَسْلَمْ، وَأَسْلِمْ يُؤْتِكَ اللّٰهُ أَجْرَكَ مَرَّتَيْنِ، فَإِنْ تَوَلَّيْتَ فَإِنَّ، عَلَيْكَ إِثْمَ الْأَرِيسِيِّينَ -قَالَ اللَّيْثُ: الْأَرِيسِيُّونَ: الْعَشَّارُونَ -وَ (يَا أَهْلَ الْكِتَابِ تَعَالَوْا إِلَى كَلِمَةٍ سَوَاءٍ بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ أَنْ لَا نَعْبُدَ إِلَّا اللّٰهَ وَلَا نُشْرِكَ بِهِ شَيْئًا وَلَا يَتَّخِذَ بَعْضُنَا بَعْضًا أَرْبَابًا مِنْ دُونِ اللّٰهِ، فَإِنْ تَوَلَّوْا فَقُولُوا اشْهَدُوا بِأَنَّا مُسْلِمُونَ) " قَالَ أَبُو سُفْيَانَ: فَلَمَّا قَالَ مَا قَالَ، وَفَرَغَ مِنْ قِرَاءَةِ الْكِتَابِ كَثُرَ عِنْدَهُ اللَّجَبُ، وَارْتَفَعَتِ الْأَصْوَاتُ وَخَرَجْنَا، فَقُلْتُ لِأَصْحَابِي حِينَ خَرَجْنَا: لَقَدِ ارْتَفَعَ أَمْرُ ابْنِ أَبِي كَبْشَةَ، إِنَّهُ يَخَافُهُ مَلِكُ بَنِي الْأَصْفَرِ فَمَا زِلْتُ مُسْتَيْقِنًا أَنَّهُ سَيَظْهَرُ حَتَّى أَدْخَلَ اللّٰهُ عَلَيَّ الْإِسْلَامَ وَكَانَ ابْنُ النَّاظُورِ صَاحِبُ إِيلِيَا وَهِرَقْلَ سُقُفًّا عَلَى نَصَارَى الشَّامِ يُحَدِّثُ: أَنَّ هِرَقْلَ حِينَ قَدِمَ إِيلِيَا أَصْبَحَ يَوْمًا خَبِيثَ النَّفْسِ، فَقَالَ لَهُ بَعْضُ بَطَارِقَتِهِ: لَقَدِ اسْتَنْكَرْنَا هَيْئَتَكَ قَالَ: وَكَانَ

**7142** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحَسَنِ الْمِصِّيصِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ يَزِيدَ بْنِ سِنَانٍ الرَّهَاوِيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبِي يَقُولُ: سَمِعْتُ عَطَاءَ بْنَ أَبِي رَبَاحٍ، يَقُولُ: سَمِعْتُ مُجَاهِدًا، يَقُولُ: سَمِعْتُ سَعِيدَ بْنَ الْمُسَيِّبِ، يَقُولُ: سَمِعْتُ صُهَيْبًا، يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰه عَلَيْهِ وَسَلَّمْ يَقُولُ: مَا آمَنَ بِالْقُرْآنِ مَنِ اسْتَحَلَّ مَحَارِمَهُ

حضرت صہیب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: جس کے قرآن کے حرام کو حلال جانا' وہ قرآن پر ایمان نہیں لایا۔

**7143** - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ

حضرت صہیب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول

7142- قال في المجمع جلد 1 صفحه 177' وفيه محمد بن يزيد بن سنان الرهاوي ضعفه البخاري وغيره وذكره ابن حبان في الثقات وأبو يزيد ضعفه أبو داؤد وغيره وقال البخاري: مقارب الحديث . قلت: ورواه الترمذي رقم الحديث: 3085' وضعفه . ورواه القضاعي في مسند الشهاب رقم الحديث: 778,776,775 .

7143- قال في المجمع جلد 6 صفحه 60' وفيه جماعة لم أعرفهم .

الْمُعِينُ الْأَصْبَهَانِيُّ، ثنا زَيْدُ بْنُ الْحَرِيشِ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثنا حُصَيْنُ بْنُ حُذَيْفَةَ، أَخْبَرَنِي أَبِي، وَعُمُومَتِي، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ صُهَيْبٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أُرِيتُ دَارَ هِجْرَتِكُمْ سَبخَةً بَيْنَ ظَهْرَانَيْ حَرَّةٍ، فَإِمَّا أَنْ يَكُونَ هَجَرَ، أَوْ يَكُونَ يَثْرِبَ. قَالَ وَخَرَجَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى الْمَدِينَةِ، وَخَرَجَ مَعَهُ أَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، وَكُنْتُ قَدْ هَمَمْتُ بِالْخُرُوجِ مَعَهُ، وَصَدَّنِي فِتْيَانٌ مِنْ قُرَيْشٍ، فَجَعَلْتُ لَيْلَتِي تِلْكَ أَقُومُ لَا أَقْعُدُ، فَقَالُوا: قَدْ شَغَلَهُ اللّٰهُ عَنْكُمْ بِبَطْنِهِ، وَلَمْ أَكُنْ شَاكِيًا فَنَامُوا فَخَرَجْتُ، فَلَحِقَنِي مِنْهُمْ نَاسٌ بَعْدَمَا سِرْتُ يُرِيدُونَ رَدِّي، فَقُلْتُ لَهُمْ: هَلْ لَكُمْ أَنْ أُعْطِيَكُمْ أَوَاقِيَ مِنْ ذَهَبٍ وَسِيَرًا لِي بِمَكَّةَ، وَتُخَلُّونَ سَبِيلِي، وَتَوْثُقُونَ لِي. فَفَعَلُوا فَتَبِعْتُهُمْ إِلَى مَكَّةَ فَقُلْتُ: احْفِرُوا تَحْتَ أُسْكُفَّةِ الْبَابِ، فَإِنَّ تَحْتَهَا الْأَوَاقِيَ، فَاذْهَبُوا إِلَى فُلَانَةَ بِآيَةِ كَذَا وَكَذَا، فَخُذُوا الْحُلَّتَيْنِ، وَخَرَجْتُ حَتَّى قَدِمْتُ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قُبَاءَ قَبْلَ أَنْ يَتَحَوَّلَ مِنْهَا، فَلَمَّا رَآنِي قَالَ: يَا أَبَا يَحْيَى، رَبِحَ الْبَيْعُ؟ ثَلَاثًا فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مَا سَبَقَنِي إِلَيْكَ أَحَدٌ، وَمَا أَخْبَرَكَ إِلَّا جِبْرِيلُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

کریم ﷺ نے فرمایا: مجھے تمہاری ہجرت والا گھر دکھایا گیا اس حال میں کہ وہ (ہجرت کرنے سے پہلے کی بات ہے' فرمایا:) یا وہ ہجر ہو گا یا یثرب۔ راوی کا بیان ہے: رسول کریم ﷺ مدینہ کی طرف نکلے' آپ کے ساتھ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نکلے' میں نے آپ ﷺ کے ساتھ نکلنے کا ارادہ کیا ہوا تھا۔ مجھے دو قریشی جوانوں نے روک لیا' میں نے وہ رات کھڑے ہو کر گزاری' بیٹھ تک نہیں۔ پس انہوں نے کہا: اللہ نے اسے اس کے پیٹ (کی خرابی) کی وجہ سے تم سے غافل کر دیا حالانکہ مجھے شکایت نہ تھی۔ پس وہ سو گئے تو میں نکل کھڑا ہوا' میرے چلنے کے بعد کچھ لوگ مجھے پیچھے سے آ کر ملے جو مجھے واپس لوٹانا چاہتے تھے۔ میں نے ان سے کہا: کیا تمہیں اس بات میں دلچسپی ہے کہ میں تمہیں چند اوقیہ سونا جو میرا مکہ میں ہے' دے دوں اور تم میرا راستہ چھوڑ دو اور تم مجھ پر یقین کر لو۔ پس اُنہوں نے ایسا ہی کیا۔ پس میں نے ان کو مکہ لوٹا دیا' پس میں نے کہا: دروازے کے کواڑوں کے نیچے سے کھودنا کیونکہ اس کے نیچے کئی اوقیہ سونا ہے۔ پس فلانی کے پاس یہ یہ نشانی لے جاؤ۔ پس انہوں نے دو زیورات لے لیے' میں نکل کر رسول کریم ﷺ کی بارگاہ میں آ گیا' آپ ﷺ قباء کے مقام پر تھے' ابھی پھرے نہ تھے' پس جب آپ ﷺ نے مجھے دیکھا تو فرمایا: اے ابویحییٰ! تو نے اپنی بیع میں نفع کمایا ہے' تین بار کہا' پس میں نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! کوئی آدمی مجھ سے پہلے نہیں آیا (دیکھو) آپ کو پھر حضرت جبریل نے ہی بتایا ہے۔

# أَسْلَمُ مَوْلَى عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ، عَنْ صُهَيْبٍ

**7144** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي مُصْعَبُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الزُّبَيْرِيُّ، حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ رَبِيعَةَ بْنِ عُثْمَانَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ سَلْمٍ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: خَرَجْتُ مَعَ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ حَتَّى دَخَلْتُ عَلَى صُهَيْبٍ حَائِطًا بِالْعَالِيَةِ، فَلَمَّا رَآهُ صُهَيْبٌ قَالَ: يَا نَاسُ يَا نَاسُ، فَقَالَ عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: مَا لَهُ لَا أَبَا لَهُ يَدْعُو عَلَيَّ النَّاسَ، قَالَ: وَإِنَّمَا يَدْعُو غُلَامًا لَهُ يُقَالُ لَهُ يَحْنَسُ قَالَ: يَا صُهَيْبُ، مَا فِيكَ شَيْءٌ أَعِيبُهُ إِلَّا ثَلَاثَ خِصَالٍ لَوْلَاهُنَّ مَا قَدَّمْتُ عَلَيْكَ أَحَدًا، قَالَ: مَا هُنَّ فَإِنَّكَ طَعَّانٌ. قَالَ: فَهَلْ هُوَ مُخْبِرِي عَنْهُنَّ؟ قَالَ: مَا أَنْتَ سَائِلِي عَنْ شَيْءٍ إِلَّا أَخْبَرْتُكَ بِهِ، قَالَ: وَمَا أَنْتَ بِمُخْبِرِي عَنْ شَيْءٍ إِلَّا صَدَّقْتُكَ، قَالَ:

# حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے غلام اسلم، حضرت صہیب سے روایت کرتے ہیں

حضرت زید بن اسلم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں، وہ فرماتے ہیں کہ میں حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے ساتھ نکلا، میں حضرت صہیب رضی اللہ عنہ کے پاس عالیہ کے مقام پر ایک باغ میں آیا، جب انہیں حضرت صہیب نے دیکھا تو فرمایا: اے لوگو! اے لوگو! حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ان کو کیا ہوا (اس کا باپ نہ ہو) یہ مجھ پر لوگوں کو بلاتے ہیں۔ حضرت صہیب رضی اللہ عنہ نے کہا: اپنے غلام جس کا نام یحنس ہے، اس کو بلا رہا ہوں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے صہیب! آپ میں کوئی عیب نہیں ہے سوائے ان تین باتوں کے! اگر یہ نہ ہوتیں تو میں آپ کے پاس نہ آتا۔ حضرت صہیب رضی اللہ عنہ نے فرمایا: وہ عیب کیا ہیں؟ کیونکہ طعن کرنے والے ہیں، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کیا ان کے بارے آپ مجھے بتائیں گے؟ حضرت صہیب رضی اللہ عنہ نے

---

7144- ورواه أحمد جلد 4صفحه333' جلد6صفحه16' ورواه ابن ماجه مقتصرًا على قصة الكنية رقم الحديث: 3738 قال في الزوائد اسناده حسن لأن عبد الله بن محمد مختلف فيه . وقال في المجمع جلد5صفحه17' وفيه عبد الله بن محمود بن عقيل وحديثه حسن وفيه ضعف وبقية رجاله ثقات . ونسبه الى أحمد فقط . قلت: رواية أحمد الأولى من طريق بهز عن حماد بن سلمة أن عمر فذكره والثانية من رواية عبد الله بن محمد بن عقيل عن حمزة بن صهيب عن أبيه وهو عند ابن سعد في الطبقات جلد 3صفحه226-227 . وفي رواية المصنف عبود الله والد مصعب لم يوثقه الا ابن حبان وضعفه ابن معين .

أَرَاكَ تُبَذِّرُ مَالَكَ، وتَكْتَنِي بِاسْمِ نَبِيٍّ بِأَبِي يَحْيَى، وَتُنسَبُ عَرَبِيًّا، وَلِسَانُكَ أَعْجَمِيٌّ قَالَ: أَمَّا تَبْذِيرِي مَالِي، فَمَا أُنفِقُهُ إِلَّا فِي حَقِّهِ، وَأَمَّا اكْتِنَائِي، فَإِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَنَّانِي بِأَبِي يَحْيَى، أَوَ أَتْرُكُهَا لِقَوْلِكَ، وَأَمَّا انْتِسَابِي فِي الْعَرَبِ، فَإِنَّ الرُّومَ سَبَتْنِي وَأَنَا صَغِيرٌ، فَإِنِّي لَا أَذْكُرُ أَهْلَ بَيْتِي، وَلَوْ أَنِّي انْفَلَقْتُ عَنْ رَوْثَةٍ انْتَسَبْتُ إِلَيْهَا

عرض کی: آپ مجھ سے کسی بھی شی کے متعلق سوال کریں گے (اگر وہ سچی ہوئی تو) میں آپ کو خبر کروں گا۔ انہوں نے فرمایا: آپ جو بھی مجھے خبر کریں گے' میں اس کی تصدیق کروں گا۔

## كَعْبُ الْأَحْبَارِ، عَنْ صُهَيْبٍ

## حضرت کعب احبار' حضرت صہیب سے روایت کرتے ہیں

**7145** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْمُبَارَكِ الصَّنْعَانِيُّ، ثنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ أَبِي أُوَيْسٍ، ثنا ابْنُ أَبِي الزِّنَادِ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ أَبِي مَرْوَانَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ كَعْبِ الْأَحْبَارِ قَالَ: إِنَّا نَجِدُ فِي التَّوْرَاةِ أَنَّ دَاوُدَ نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ إِذَا انْصَرَفَ مِنْ صَلَاتِهِ قَالَ: اللّٰهُمَّ أَصْلِحْ لِي دِينِي الَّذِي جَعَلْتَهُ عِصْمَةَ أَمْرِي، وَأَصْلِحْ لِي دُنْيَايَ الَّذِي جَعَلْتَ فِيهَا مَعَاشِي، اللّٰهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِرِضَاكَ مِنْ سَخَطِكَ، وَأَعُوذُ بِعَفْوِكَ مِنْ نِقْمَتِكَ، وَأَعُوذُ بِكَ مِنْكَ لَا مَانِعَ لِمَا أَعْطَيْتَ، وَلَا مُعْطِيَ لِمَا مَنَعْتَ، وَلَا

حضرت کعب احبار فرماتے ہیں کہ ہم تورات میں پاتے ہیں کہ حضرت داؤد علیہ السلام جب نماز پڑھ کر فارغ ہوتے تو یہ دعا کرتے: ''اللّٰھم اصلح لی دینی الذی جعلته عصمة امری الٰی آخرہٖ ''۔ حضرت کعب احبار فرماتے ہیں کہ مجھے حضرت صہیب رضی اللہ عنہ نے بتایا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نماز سے فارغ ہونے کے بعد یہ دعا کرتے تھے۔



7145- ورواه النسائي جلد 3 صفحه 73' وفي عمل اليوم والليلة رقم الحديث: 137 . وسنده حسن . ورواه ابن حبان رقم الحديث: 541 .

يَنْفَعُ ذَا الْجَدِّ مِنْكَ جَدُّهُ قَالَ كَعْبُ الْأَحْبَارِ: وَأَخْبَرَنِي صُهَيْبٌ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَنْصَرِفُ بِهَذَا الدُّعَاءِ مِنْ صَلَاتِهِ

**7146** - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْعُمَرِيُّ الْقَاضِي، ثنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ أَبِي أُوَيْسٍ، ح وحَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ عَبَّادٍ الْخَطَّابِيُّ الْبَصْرِيُّ، ثنا سُوَيْدُ بْنُ سَعِيدٍ، قَالَا: ثنا حَفْصُ بْنُ مَيْسَرَةَ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ أَبِي مَرْوَانَ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّ كَعْبًا حَلَفَ بِاللّٰهِ الَّذِي فَلَقَ الْبَحْرَ لِمُوسَى، أَنَّ صُهَيْبًا حَدَّثَهُ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، لَمْ يَرَ قَرْيَةً يُرِيدُ دُخُولَهَا إِلَّا قَالَ حِينَ يَرَاهَا: اللّٰهُمَّ رَبَّ السَّمَاوَاتِ السَّبْعِ وَمَا أَظْلَلْنَ، وَرَبَّ الْأَرَضِينَ السَّبْعِ وَمَا أَقْلَلْنَ، وَرَبَّ الشَّيَاطِينِ وَمَا أَضْلَلْنَ، وَرَبَّ الرِّيَاحِ وَمَا ذَرَيْنَ، إِنَّا نَسْأَلُكَ خَيْرَ هَذِهِ الْقَرْيَةِ، وَخَيْرَ أَهْلِهَا، وَنَعُوذُ بِكَ مِنْ شَرِّهَا وَشَرِّ أَهْلِهَا

حضرت عطاء بن ابومروان اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت کعب نے قسم کھائی کہ اس خدا کی قسم جس نے موسیٰ علیہ السلام کے لیے سمندر پھاڑ دیا' حضرت صہیب رضی اللہ عنہ نے بتایا کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جس گاؤں میں داخل ہونے کا ارادہ فرماتے تو اس کو دیکھتے وقت یہ دعا کرتے تھے: ''اللّٰھم رب السماوات السبع وما اظللن الٰی آخرہٖ''۔

**7147** - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ هَاشِمٍ الْبَغَوِيُّ، ثنا عَمْرُو بْنُ الْحُصَيْنِ الْقِيلِيُّ، ثنا

حضرت صہیب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یہ دعا کرتے تھے: ''اللّٰھم انک لست باله



---

7146- قال فى المجمع جلد 10 صفحه 135' ورجاله رجال الصحيح غير عطاء ابن أبى مروان وأبيه وكلاهما ثقة . ورواه النسائى فى عمل اليوم والليلة رقم الحديث: 544' وابن حبان رقم الحديث: 2377' والحاكم جلد 2 صفحه 100' وابن السنى رقم الحديث: 529' والبيهقى جلد 2 صفحه 252 .

7147- قال فى المجمع جلد 10 صفحه 183,179' وفيه عمرو بن الحصين العقيلى وهو متروك .

الْفُضَيْلُ بْنُ سُلَيْمَانَ، ثنا مُوسَى بْنُ عُقْبَةَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ أَبِي مَرْوَانَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ مُغِيثٍ، عَنْ كَعْبٍ، حَدَّثَنِي صُهَيْبٌ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدْعُو يَقُولُ: اللَّهُمَّ إِنَّكَ لَسْتَ بِإِلَهٍ اسْتَحْدَثْنَاهُ، وَلَا بِرَبٍّ ابْتَدَعْنَاهُ، وَلَا كَانَ لَنَا قَبْلَكَ إِلَهٌ نَلْجَأُ إِلَيْهِ، وَنَذَرُكَ، وَلَا أَعَانَكَ عَلَى خَلْقِنَا أَحَدٌ، فَنُشْرِكَهُ فِيكَ تَبَارَكْتَ وَتَعَالَيْتَ قَالَ كَعْبٌ: وَهَكَذَا كَانَ نَبِيُّ اللهِ دَاوُدُ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدْعُو

استحدثناه الى آخره''۔ حضرت کعب نے فرمایا: حضرت داؤد علیہ السلام یہ دعا کرتے تھے۔



## صَيْفِيُّ بْنُ صُهَيْبٍ، عَنْ صُهَيْبٍ

## صیفی بن صہیب' حضرت صہیب سے روایت کرتے ہیں

**7148** - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْفَسَوِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ يُوسُفَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ يَزِيدَ بْنِ صَيْفِيِّ بْنِ صُهَيْبٍ، عَنْ أَبِيهِ مُحَمَّدِ بْنِ يَزِيدَ، وَعَمِّهِ عَبْدِ الْحَمِيدِ بْنِ يَزِيدَ بْنِ صَيْفِيٍّ، عَنْ صَيْفِيِّ بْنِ صُهَيْبٍ، عَنْ صُهَيْبٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ أَصْدَقَ امْرَأَةً صَدَاقًا، وَهُوَ مُجْمِعٌ

حضرت صہیب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے عورت کا حق مہر مقرر کیا' اس کو پتا ہے کہ وہ نہیں دے سکتا ہے' وہ اللہ عزوجل سے اس حالت میں ملے گا کہ وہ زانی ہے اور جس نے قرض لیا' اس کو معلوم ہے کہ وہ دے نہیں سکے گا' وہ اللہ سے اس حالت میں ملے گا کہ وہ چور ہوگا۔

7148- ورواه ابن ماجه رقم الحديث: 2410 بالنسبة للدين فقط من طريق يوسف بن محمد به . وما بين المعكوفين من رواية فاطمة . ورواه أحمد جلد4صفحه332 من طريق آخر قال في المجمع جلد 4صفحه284 رواه أحمد والطبراني وفي اسناد أحمد رجل لم يسم وبقية رجاله ثقات وفي اسناد الطبراني من لم أعرفهم . قلت: ويوسف بن محمد قال الحافظ: مقبول' ويزاد قال الحافظ: صدوق' وعبد الحميد لين الحديث' وهم في سند ابن ماجه .

أَنْ لَا يُوفِيَهَا إِيَّاهُ، لَقِيَ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ وَهُوَ زَانٍ . وَمَنِ ادَّانَ دَيْنًا، وَهُوَ مُجْمِعٌ أَنْ لَا يُوفِيَهُ لَقِيَ اللّٰهَ وَهُوَ سَارِقٌ

**7149** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ أَبِي جَعْفَرٍ، ثنا عَمْرُو بْنُ دِينَارٍ وَكِيلُ الزُّبَيْرِ بْنِ شُعَيْبٍ الْبَصْرِيُّ أَنَّ بَنِي صُهَيْبٍ قَالُوا لِصُهَيْبٍ: يَا أَبَانَا، إِنَّ أَبْنَاءَ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُحَدِّثُونَ عَنْ آبَائِهِمْ، فَقَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ كَذَبَ عَلَيَّ مُتَعَمِّدًا، فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ

حضرت زبیر بن شعیب بصری فرماتے ہیں کہ حضرت صہیب کے بیٹوں نے عرض کی: اے ہمارے والد! حضور ﷺ کے اصحاب کے بیٹے اپنے آباء کے حوالے سے حدیث بیان کرتے ہیں' حضرت صہیب رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جس نے مجھ پر جان بوجھ کر جھوٹ باندھا تو اسے چاہیے کہ وہ اپنا ٹھکانہ جہنم میں بنالے۔

**7150** - وَسَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: أَيُّمَا رَجُلٍ تَزَوَّجَ امْرَأَةً، فَنَوَى أَنْ لَا يُعْطِيَهَا مِنْ صَدَاقِهَا شَيْئًا، مَاتَ يَوْمَ يَمُوتُ وَهُوَ زَانٍ، وَأَيُّمَا رَجُلٍ اشْتَرَى مِنْ رَجُلٍ بَيْعًا، فَنَوَى أَنْ لَا يُعْطِيَهُ مِنْ ثَمَنِهِ شَيْئًا، مَاتَ يَوْمَ يَمُوتُ وَهُوَ خَائِنٌ، وَالْخَائِنُ فِي النَّارِ

حضرت صہیب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جس آدمی نے کسی عورت کو حق مہر سے کوئی شی نہ دینے کی نیت کی تو وہ اس دن مرگیا وہ زانی ہوگا' جو کوئی کسی آدمی سے بیع کرے اور اسے دینے کی نیت نہ ہو تو وہ اس دن مرگیا تو وہ خائن ہوگا' خائن جہنم میں ہوگا۔

**7151** - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ الْعَلَّافُ، ثنا يُوسُفُ بْنُ عَدِيٍّ، ثنا يُوسُفُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَزِيدَ بْنِ صَيْفِيٍّ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ،

حضرت صہیب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کی محبت اختیار کی' آپ پر وحی نازل ہونے سے پہلے۔



---

7149- قال في المجمع جلد4صفحه131' وعمرو بن دينار هذا متروك . فهو حديث ضعيف جدًا . وروى الحديث الثاني ابن ماجه رقم الحديث:2410 من طريقين آخرين وفيهما من هم متكلمون فيهم . فراجعه .

7151- قال في المجمع جلد9صفحه305' وفيه من لم أعرفه .

عَنْ أَبِي جَدِّهِ، عَنْ صُهَيْبٍ قَالَ: صَحِبْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰه عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَبْلَ أَنْ يُوحَى إِلَيْهِ

**7152** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا عَمْرُو بْنُ عَوْفٍ الْوَاسِطِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ، ثنا عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ صَيْفِيٍّ -رَجُلٌ مِنْ وَلَدِ صُهَيْبٍ -عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، أَنَّ صُهَيْبًا، قَالَ: قَدِمْتُ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰه عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَبَيْنَ يَدَيْهِ تَمْرٌ وَخُبْزٌ، فَقَالَ: ادْنُ، فَكُلْ، فَأَخَذْتُ آكُلُ مِنَ التَّمْرِ، فَقَالَ: أَتَأْكُلُ تَمْرًا وَبِكَ رَمَدٌ؟ فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أَمُضُّهُ مِنَ النَّاحِيَةِ الْأُخْرَى، فَتَبَسَّمَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰه عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت صہیب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضورﷺ کے پاس آیا' آپ کے آگے کھجور اور روٹی پڑی ہوئی تھی' آپ نے فرمایا: قریب ہو کر کھاؤ! میں نے کھجور کھانے کے لیے پکڑی تو آپ نے فرمایا: کیا تم کھجور کھاؤ گے حالانکہ تمہیں داڑھ درد ہے؟ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں دوسری طرف سے چباؤں گا۔ تو حضورﷺ نے تبسم فرمایا۔

**7153** - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ بْنِ نَجْدَةَ الْحَوْطِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ صَالِحٍ الْوُحَاظِيُّ، ثنا جَابِرُ بْنُ غَانِمٍ، عَنِ ابْنِ صُهَيْبٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ صُهَيْبٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰه عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: صَلَاةُ الرَّجُلِ فِي جَمَاعَةٍ تَعْدِلُ صَلَاتَهُ وَحْدَهُ خَمْسًا وَعِشْرِينَ

حضرت صہیب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: نماز باجماعت پڑھنے کا ثواب اکیلے نماز پڑھنے سے پچیس گنا زیادہ ہے۔

**7154** - حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى

حضرت صہیب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

صيفي بن صهيب عن صهيب

---

7152- ورواه ابن ماجه رقم الحديث: 3443 قال في الزوائد: اسناده صحيح' رجاله ثقات .

7153- قال في المجمع جلد2صفحه38' وفيه من لم يسمع .

7154- قال في المجمع جلد 5صفحه94' ورجاله ثقات . قلت: بل الدفاع أبو روح القيسي ضعيف كما قال الحافظ في التقريب . وعبد الحميد هو ابن زياد بن صيفي وهو لين الحديث كما قال الحافظ . فالحديث ضعيف .

السَّاجِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُوسَى الْحَرَشِيُّ، ثنا عِيسَى بْنُ شُعَيْبٍ، ثنا الدَّفَّاعُ أَبُو رَوْحٍ الْقَيْسِيُّ، ثنا عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ صَيْفِيٍّ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: عَلَيْكُمْ بِالْحِجَامَةِ فِي جَوْزَةِ الْقَمَحْدُوَةِ، فَإِنَّهُ دَوَاءٌ مِنِ اثْنَيْنِ وَسَبْعِينَ دَاءً، وَخَمْسَةِ أَدْوَاءٍ: مِنَ الْجُنُونِ، وَالْجُذَامِ، وَالْبَرَصِ، وَوَجَعِ الْأَضْرَاسِ

حضورﷺ نے فرمایا: تم پر پچھنا لازم ہے کیونکہ یہ ۷۲ بیماریوں کی دواء ہے' ان میں سے پانچ یہ ہیں: جنون' جذام' برص اور داڑھ درد (کی بیماری) ہے۔

**7155** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ شَبِيبٍ الْأَصْبَهَانِيُّ، ثنا هَارُونُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَمَّالُ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ زَبَالَةَ الْمَخْزُومِيُّ، حَدَّثَنِي عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ بْنِ زِيَادِ بْنِ صَيْفِيِّ بْنِ صُهَيْبٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ صُهَيْبٍ، أَنَّ أَبَا بَكْرٍ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ مَرَّ بِأَسِيرٍ لَهُ لِيَسْتَأْمِنَ لَهُ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَصُهَيْبٌ جَالِسٌ فِي الْمَسْجِدِ، فَقَالَ لِأَبِي بَكْرٍ: مَنْ هَذَا مَعَكَ؟ قَالَ: أَسِيرٌ لِي مِنَ الْمُشْرِكِينَ، اسْتَأْمَنَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ صُهَيْبٌ: لَقَدْ كَانَ فِي عُنُقِ هَذَا مَوْضِعٌ لِلسَّيْفِ فَغَضِبَ أَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فَرَآهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: مَا لِي أَرَاكَ

حضرت صہیب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ قیدیوں کے پاس سے گزرے تاکہ ان کے لیے رسول اللہﷺ سے امن مانگیں' میں مسجد میں بیٹھا ہوا تھا' حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے آپﷺ نے فرمایا: آپ کے ساتھ کون ہے؟ فرمایا: مشرکوں میں سے میرا قیدی ہے' آپ رضی اللہ عنہ نے اس کیلئے حضورﷺ سے امن مانگا۔ حضرت صہیب رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اس کی گردن میں تلوار کے لیے جگہ ہے۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ ناراض ہوئے' حضورﷺ نے دیکھا اور فرمایا: میں تمہیں غصہ میں دیکھ رہا ہوں' حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں اپنے قیدی کے ساتھ حضرت صہیب کے پاس سے گزرا' اس نے کہا: یہ گردن کاٹنے کے زیادہ قابل ہے۔ حضورﷺ نے فرمایا: تُو نے اس کو تکلیف دی ہو۔ عرض کی: نہیں! قسم بخدا! فرمایا: اگر



ورواه أيضًا ابن السني وأبو نعيم في الطب النبوي بهذا الاسناد .

7155- قال في المجمع جلد9صفحه306' وفيه محمد بن الحسن بن زبالة وهو ضعيف . قلت: بل كذبه النقاد الأئمة .

غَضْبَانَ؟ ، فَقَالَ: مَرَرْتُ بِأَسِيرِى هَذَا عَلَى صُهَيْبٍ، فَقَالَ: لَقَدْ كَانَ فِي رَقَبَةِ هَذَا مَوْضِعٌ لِلسَّيْفِ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَلَعَلَّكَ آذَيْتَهُ .فَقَالَ: لَا، وَاللَّهِ، فَقَالَ: لَوْ آذَيْتَهُ لَآذَيْتَ اللَّهَ وَرَسُولَهُ

اس کو تو نے تکلیف دی تو تُو نے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو تکلیف دی۔

صيفي بن صهيب عن صهيب

**7156** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ شَبِيبٍ الْأَصْبَهَانِيُّ، ثنا هَارُونُ بْنُ عَبْدِ اللهِ الْحَمَّالُ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ زَبَالَةَ الْمَخْزُومِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ بْنِ زِيَادِ بْنِ صَيْفِيِّ بْنِ صُهَيْبٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ صُهَيْبٍ، أَنَّ الْمُشْرِكِينَ لَمَّا أَطَافُوا بِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأَقْبَلُوا عَلَى الْغَارِ، وَأَدْبَرُوا قَالَ: وَا صُهَيْبَاهُ، وَلَا صُهَيْبَ لِي، فَلَمَّا أَرَادَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْخُرُوجَ بَعَثَ أَبَا بَكْرٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ مَرَّتَيْنِ أَوْ ثَلَاثًا إِلَى صُهَيْبٍ، فَوَجَدَهُ يُصَلِّي، فَقَالَ أَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَجَدْتُهُ يُصَلِّي، فَكَرِهْتُ أَنْ أَقْطَعَ عَلَيْهِ صَلَاتَهُ .قَالَ: أَصَبْتَ ، وَخَرَجَا مِنْ لَيْلَتِهِمَا، فَلَمَّا أَصْبَحَ خَرَجَ حَتَّى أَتَى أُمَّ رُومَانَ زَوْجَةَ أَبِي بَكْرٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، فَقَالَتْ: أَلَا أَرَاكَ هَهُنَا، وَقَدْ خَرَجَ أَخَوَاكَ، وَوَضَعَا لَكَ شَيْئًا مِنْ زَادِهِمَا .قَالَ صُهَيْبٌ: فَخَرَجْتُ حَتَّى دَخَلْتُ

حضرت صہیب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مشرکین رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سامنے پھرنے لگے غار کے پاس واپس چلے گئے کہا: ہائے صہیب! کوئی صہیب میرے لیے نہیں ہے۔ جب حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نکلنے کا ارادہ کیا تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو دو مرتبہ یا تین مرتبہ حضرت صہیب رضی اللہ عنہ کی طرف بھیجا' انہوں نے آپ کو نماز پڑھتے ہوئے پایا' میں نے اس کی نماز توڑنا ناپسند کیا' آپ نے فرمایا: تُو نے اچھا کیا' آپ اور حضرت ابوبکر رات کو نکلے' جب صبح ہوئی تو نکلے' یہاں تک کہ حضرت ابوبکر کی بیوی حضرت اُم رومان کے پاس آئے' پس اُنہوں نے کہا: میں تمہیں یہاں کیوں دیکھ رہی ہوں جبکہ تمہارے دونوں بھائی نکل گئے ہیں اور اپنے زادِ راہ میں سے کچھ تمہارے لیے رکھ لیے ہیں۔ حضرت صہیب فرماتے ہیں: پس میں نکلا یہاں تک کہ اپنی بیوی اُم عمر کے پاس آیا۔ پس میں نے اپنی تلوار' زرہ اور اپنی کمان پکڑی یہاں تک کہ مدینہ میں رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو گیا۔ پس میں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو بیٹھے ہوئے تھے' پس جب حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ

7156- قال فی المجمع جلد6صفحه64' وفیه محمد بن الحسن بن زبالة وهو متروك . تقدم أنه كذاب .

عَلَى زَوْجَتِي أُمِّ عُمَرَ، فَأَخَذْتُ سَيْفِي وَجُعْبَتِي وَقَوْسِي حَتَّى أَقْدَمَ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَدِينَةَ، فَأَجِدُهُ وَأَبَا بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ جَالِسَيْنِ، فَلَمَّا رَآنِي أَبُو بَكْرٍ قَامَ إِلَيَّ فَبَشَّرَنِي بِالْآيَةِ الَّتِي نَزَلَتْ فِيَّ، وَأَخَذَ بِيَدِي فَلُمْتُهُ بَعْضَ اللَّائِمَةِ فَاعْتَذَرَ، وَرَبَّحَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰه عَلَيْهِ وَسَلَّمْ، فَقَالَ: رَبِحَ الْبَيْعُ أَبَا يَحْيَى

عنہ نے مجھے دیکھا تو اُٹھ کر میری طرف آئے اور مجھے اس آیت کی خوشخبری دی جو میرے حق میں نازل ہوئی تھی۔ اُنہوں نے میرا ہاتھ پکڑا تو میں نے ان کے سامنے ملامت کے الفاظ کہے۔ اُنہوں نے معذرت کے الفاظ دُہرائے او ررسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے نفع بخش بیع کی خوشخبری دی۔ اور فرمایا: بیع نفع والی ہے اے ابویحییٰ!

**7157** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ نَصْرِ بْنِ شَبِيبِ الْأَصْبَهَانِيُّ، ثنا هَارُونُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَمَّالُ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ الْمَخْزُومِيُّ، حَدَّثَنِي عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ بْنِ زِيَادِ بْنِ صَيْفِيِّ بْنِ صُهَيْبٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ صُهَيْبٍ قَالَ: لَمْ يَشْهَدْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰه عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَشْهَدًا قَطُّ إِلَّا كُنْتُ حَاضِرَهُ، وَلَمْ يُبَايِعْ بَيْعَةً قَطُّ إِلَّا كُنْتُ حَاضِرَهُ، وَلَمْ يُسِرَّ سَرِيَّةً قَطُّ إِلَّا كُنْتُ حَاضِرَهَا، وَلَا غَزَا غَزْوَةً قَطُّ أَوَّلَ الزَّمَانِ وَآخِرَهُ إِلَّا كُنْتُ فِيهَا عَنْ يَمِينِهِ أَوْ شِمَالِهِ، وَمَا خَافُوا أَمَامَهُمْ قَطُّ إِلَّا كُنْتُ أَمَامَهُمْ وَلَا مَا وَرَاءَ هُمْ إِلَّا كُنْتُ وَرَاءَ هُمْ، وَمَا جَعَلْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰه عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنِي وَبَيْنَ الْعَدُوِّ قَطُّ حَتَّى تُوُفِّيَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت صہیب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جس جنگ میں بھی گئے' میں بھی اس میں شریک تھا' اور ہر بیعت میں شریک تھا' شروع سے آخر تک جنگ میں رہتا تھا' جب آپ کی دائیں یا بائیں جانب ہوتا' اگر آگے سے ڈر ہوتا تو میں آپ کے آگے ہو جاتا اور پیچھے سے ڈرا ہوتا تو پیچھے ہو جاتا' رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میرے اور دشمن کے درمیان ہوتے تھے یہاں تک کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا وصال ہو گیا۔



---

7157- قال في المجمع جلد9صفحه306' وفيه محمد بن الحسن بن زبالة وهو ضعيف . تقدم أنه كذاب .

# حَمْزَةُ بْنُ صُهَيْبٍ عَنْ أَبِيهِ

7158 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا أَبِي ح، وحَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْفِرْيَابِيُّ، ثنا أَبُو جَعْفَرٍ النُّفَيْلِيُّ، قَالَا: ثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَقِيلٍ، عَنْ حَمْزَةَ بْنِ صُهَيْبٍ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ لَهُ: يَا صُهَيْبُ، اكْتَنَيْتَ وَلَيْسَ لَكَ وَلَدٌ، وَانْتَمَيْتَ إِلَى الْعَرَبِ وَأَنْتَ رَجُلٌ مِنَ الرُّومِ، فَقَالَ: يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ، أَمَّا قَوْلُكَ اكْتَنَيْتَ، وَلَيْسَ لَكَ وَلَدٌ، فَإِنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَنَّانِي بِأَبِي يَحْيَى، وَأَمَّا قَوْلُكَ انْتَمَيْتَ إِلَى الْعَرَبِ، وَأَنْتَ رَجُلٌ مِنَ الرُّومِ، فَإِنِّي رَجُلٌ مِنَ النَّمِرِ بْنِ قَاسِطٍ سُبِيتُ مِنَ الْمَوْصِلِ بَعْدَ أَنْ كُنْتُ غُلَامًا قَدْ عَرَفْتُ أَهْلِي وَنَسَبِي

# حضرت حمزہ بن صہیب' اپنے والد سے روایت کرتے ہیں

حضرت حمزہ بن صہیب اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے صہیب! آپ نے کنیت رکھی ہے' آپ کی اولاد نہیں ہے' آپ اپنے آپ کو عربی کہتے ہیں حالانکہ آپ روم کے رہنے والے ہیں۔ حضرت صہیب رضی اللہ عنہ نے عرض کی: اے امیر المؤمنین! بہر حال آپ کا قول کہ تُو نے کنیت رکھی ہے جبکہ آپ کی اولاد نہیں ہے' وجہ یہ ہے کہ حضور ﷺ نے میری کنیت ابویحییٰ رکھی ہے' آپ کا ارشاد: آپ عربی کہلاتے ہیں جبکہ روم کا آدمی ہوں' کیونکہ میں نمر بن قاسط کا آدمی ہوں' مجھے موصل سے قیدی بنا کر پکڑا گیا اس وقت میں بچہ تھا' جب بڑا ہوا تو میں نے اپنے اہل اور نسب کو پہچان لیا۔

# عُثْمَانُ بْنُ صُهَيْبٍ، عَنْ أَبِيهِ

7159 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ

# حضرت عثمان بن صہیب' اپنے والد سے روایت کرتے ہیں

حضرت صہیب اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ



---

7159- قال في المجمع جلد 9صفحه126 رواه الطبراني وأبو يعلى وفيه رشدين بن سعد وقد وثق وبقية رجاله ثقات .

قلت: رشدين ضعيف' وعثمان بن صهيب وان ذكره ابن حبان في الثقات فقد ذكره البخاري في التاريخ الكبير وابن أبي حاتم في الجرح والتعديل ولم يذكرا فيه جرحًا ولا تعديلًا . فهو مجهول على قاعدة ابن أبي حاتم .

الْحَضْرَمِيُّ، ثنا أَبُو كُرَيْبٍ، ح وحَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ عَبَّادٍ الْخَطَّابِيُّ، ثنا سُوَيْدُ بْنُ سَعِيدٍ، قَالَا: ثنا رِشْدِينُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْهَادِ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ صُهَيْبٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰه عَلَيْهِ وَسَلَّمْ، أَنَّهُ قَالَ يَوْمًا لِعَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: مَنْ أَشْقَى الْأَوَّلِينَ؟ قَالَ: الَّذِي عَقَرَ النَّاقَةَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ .قَالَ: صَدَقْتَ، فَمَنْ أَشْقَى الْآخِرِينَ؟ قَالَ: لَا عِلْمَ لِي يَا رَسُولَ اللّٰهِ .قَالَ: الَّذِي يَضْرِبُكَ عَلَى هَذِهِ، وَأَشَارَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰه عَلَيْهِ وَسَلَّمْ بِيَدِهِ إِلَى يَافُوخِهِ فَكَانَ عَلِيٌّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يَقُولُ لِأَهْلِ الْعِرَاقِ: أَمَا وَاللّٰهِ، لَوَدِدْتُ أَنَّهُ قَدِ انْبَعَثَ أَشْقَاكُمْ، فَخَضَبَ هَذِهِ -يَعْنِي لِحْيَتَهُ- مِنْ هَذِهِ، وَوَضَعَ يَدَهُ عَلَى مُقَدَّمِ رَأْسِهِ وَاللَّفْظُ لِحَدِيثِ سُوَيْدِ بْنِ سَعِيدٍ وَقَالَ الْحَضْرَمِيُّ فِي حَدِيثِهِ: وَأَشَارَ بِيَدِهِ إِلَى يَافُوخِهِ

حضورﷺ نے ایک دن حضرت علی رضی اللہ عنہ سے فرمایا: پہلے لوگوں میں سب سے بڑا بدبخت کون تھا؟ عرض کی: یارسول اللہ! جس نے اونٹ کی کونچیں کاٹی تھیں' آپ نے فرمایا: تم نے سچ کہا ہے! بعد والوں میں سب سے بڑا بدبخت کون ہے؟ عرض کی: یارسول اللہ! مجھے اس کا علم نہیں ہے' آپ نے فرمایا: جو تمہیں شہید کرے گا۔ حضورﷺ نے گردن کی طرف اشارہ کیا۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ عراق والوں کو فرمایا کرتے: اللہ کی قسم! مجھے پسند ہے کہ تم میں سے کوئی بدبخت اُٹھے اور اس داڑھی کو رنگ دے' یعنی آپ رضی اللہ عنہ کی داڑھی کو یہاں سے' آپ نے اپنا ہاتھ سر کے آگے والے حصے پر رکھا۔ اور یہ الفاظ حضرت سوید بن سعید کی حدیث کے ہیں اور ان کی حدیث میں حضرت حضرمی نے کہا: اور آپ رضی اللہ عنہ نے اپنے تالو کی طرف اشارہ کیا۔

**7160** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا عَاصِمُ بْنُ عَلِيٍّ، ثنا إِسْحَاقُ بْنُ يَحْيَى بْنِ طَلْحَةَ، عَنِ ابْنِ صُهَيْبٍ، عَنْ أَبِيهِ صُهَيْبٍ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰه عَلَيْهِ وَسَلَّمْ يَقُولُ: إِذَا نَهَقَ الْحِمَارُ فَتَعَوَّذُوا بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ

حضرت صہیب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ جب گدھا بولتا ہے تو آپ اللہ سے شیطان مردود کی پناہ مانگیں۔



---

7160- قال فی المجمع جلد10 صفحه145' وفيه اسحاق بن يحيى بن طلحة وهو متروك . قلت: لكن له شاهد من حديث أبي هريرة في الصحيحين وغيرهما' وآخر من حديث جابر عند أحمد وأبي داؤد وغيرهما .

## عُبَيْدُ بْنُ عُمَيْرٍ اللَّيْثِيُّ، عَنْ صُهَيْبٍ

7161 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ بْنِ صَالِحٍ، ثنا أَبُو الْأَسْوَدِ النَّضْرُ بْنُ عَبْدِ الْجَبَّارِ، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي حَبِيبٍ، أَنَّ جَعْفَرَ بْنَ عَبْدِ اللهِ، أَخْبَرَهُ أَنَّهُ سَمِعَ عُبَيْدَ بْنَ عُمَيْرٍ اللَّيْثِيَّ يُحَدِّثُ، عَنْ صُهَيْبِ بْنِ سِنَانٍ، قَالَ: لَمَّا عُرِضَ عَلَى رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَاءُ، ثُمَّ الْخَمْرُ، ثُمَّ اللَّبَنُ أَخَذَ اللَّبَنَ، فَقَالَ لَهُ جِبْرِيلُ: أَصَبْتَ أَخَذْتَ الْفِطْرَةَ، وَبِهَا عُذِّبَتْ كُلُّ دَابَّةٍ، وَلَوْ أَخَذْتَ الْخَمْرَ غَوِيتَ، وَغَوَتْ أُمَّتُكَ، وَكُنْتَ مِنْ أَهْلِ هَذِهِ، وَأَشَارَ إِلَى الْوَادِي الَّذِي يُقَالُ لَهُ: وَادِي جَهَنَّمَ، فَنَظَرْتُ فِيهِ فَإِذَا هُوَ يَلْتَهِبُ

## عبید بن عمیر لیثی، حضرت صہیب سے روایت کرتے ہیں

حضرت صہیب بن سنان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو پانی اور پھر شراب پیش کی گئی، پھر دودھ تو آپ نے دودھ پکڑا۔ حضرت جبریل علیہ السلام نے عرض کی: آپ نے درست کیا! آپ نے فطرت پر عمل کیا، اس کے ذریعے ہر جاندار کو عذاب دیا گیا تھا، اگر آپ شراب پکڑتے تو آپ کی اُمت گمراہ ہو جاتی اور آپ کی اُمت اگر پڑے گی تو جہنمی ہو گی، میں نے دیکھا کہ اس میں جل رہے تھے۔

## عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ أَبِي لَيْلَى، عَنْ صُهَيْبٍ

7162 - حَدَّثَنَا أَبُو يَزِيدَ الْقَرَاطِيسِيُّ،

## عبدالرحمٰن بن ابولیلیٰ، حضرت صہیب سے روایت کرتے ہیں

حضرت صہیب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

---

7161- قال في المجمع جلد 1 صفحه 78، وفيه ابن لهيعة . قلت: هو هنا ضعيف وفي يحيىٰ ابن عثمان شيخ المصنف كلام لينه بعضهم .

7162- ورواه أحمد جلد 4 صفحه 333,332، جلد 6 صفحه 15-16، ومسلم رقم الحديث: 681، والترمذي رقم الحديث: 2676، وابن ماجه رقم الحديث: 187، وابن خزيمة في التوحيد صفحه 181,180، وابن حبان وابن جرير (17626)، والطيالسي رقم الحديث: 2842، والنسائي في الكبرىٰ .

ثنا أَسَدُ بْنُ مُوسَى، ح وحَدَّثَنَا أَبُو أَيُّوبَ أَحْمَدُ بْنُ بِشْرٍ الطَّيَالِسِيُّ، ثنا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، قَالَا: ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى، عَنْ صُهَيْبٍ، أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمْ قَالَ: إِذَا دَخَلَ أَهْلُ الْجَنَّةِ الْجَنَّةَ، وَأَهْلُ النَّارِ النَّارَ نَادَى مُنَادٍ: يَا أَهْلَ الْجَنَّةِ، إِنَّ لَكُمْ عِنْدَ اللهِ مَوْعِدًا يُرِيدُ أَنْ يُنْجِزَكُمُوهُ، فَيَقُولُونَ: وَمَا هُوَ؟ أَلَمْ يُثَقِّلْ مَوَازِينَنَا، وَيُبَيِّضْ وُجُوهَنَا، وَأَدْخَلَنَا الْجَنَّةَ، وَأَخْرَجَنَا مِنَ النَّارِ .قَالَ: فَيُكْشَفُ الْحِجَابُ، فَيَنْظُرُونَ إِلَيْهِ، فَوَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ مَا أَعْطَاهُمْ شَيْئًا أَحَبَّ إِلَيْهِمْ مِنَ النَّظَرِ إِلَيْهِ

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جب جنت والے جنت میں داخل ہوں گے اور جہنم والے جہنم میں تو ایک آواز دینے والا آواز دے گا: اے جنت والو! تمہارے لیے اللہ کے ہاں وعدہ ہے' اللہ عزوجل اس کو پورا کرنے کا ارادہ رکھتا ہے' تو جنت والے کہیں گے: وہ کیا ہے؟ کیا ہمارے میزان کو بھاری نہیں کیا گیا اور ہمارے چہروں کو سفید نہیں کیا گیا اور ہمیں جنت میں داخل کیا اور اس نے ہمیں جہنم سے نکالا' اللہ عزوجل اپنا پردہ اُٹھائے گا' جتنے لوگ اسے دیکھیں گے' اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے! ان کو اللہ کی زیارت کرنے سے زیادہ کوئی شی محبوب نہیں ہوگی' جو ان کو دی گئی ہو۔

حَدَّثَنَا أَبُو خَلِيفَةَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ الْخُزَاعِيُّ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى، عَنْ صُهَيْبٍ، أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمْ قَرَأَ (لِلَّذِينَ أَحْسَنُوا الْحُسْنَى وَزِيَادَةٌ) (يونس: 26) قَالَ: إِذَا دَخَلَ أَهْلُ الْجَنَّةِ الْجَنَّةَ ، فَذَكَرَ نَحْوَهُ

حضرت صہیب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہ آیت: ''نیکی کرنے والوں کے لیے نیکی اور زیادہ ہے''۔ فرمایا: جب جنت والے جنت میں داخل ہوں گے' پس اس جیسی حدیث ذکر کی۔

**7163** - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا أَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، وَسُلَيْمَانُ بْنُ الْمُغِيرَةِ، كِلَاهُمَا عَنْ ثَابِتٍ

حضرت صہیب رضی اللہ عنہ' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: میں نصیحت کرتا ہوں کہ اللہ نے جو مؤمن کے لیے فیصلہ کیا' وہ سارے کا سارا بہتر



7163- ورواه أحمد جلد 4 صفحه 333,332' جلد 6 صفحه 16,15' ومسلم رقم الحديث: 2999' والدارمي رقم الحديث: 2780 .

الْبُنَانِيِّ، عَنِ ابْنِ أَبِي لَيْلَى، عَنْ صُهَيْبٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: عَجِبْتُ مِنْ قَضَاءِ اللهِ لِلْمُسْلِمِ كُلُّهُ خَيْرٌ إِنْ أَصَابَتْهُ سَرَّاءُ فَشَكَرَ آجَرَهُ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ، وَإِنْ أَصَابَتْهُ ضَرَّاءُ فَصَبَرَ آجَرَهُ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ زَادَ فِيهِ حَمَّادٌ: وَكُلُّ قَضَاءٍ قَضَاهُ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ لِلْمُسْلِمِ خَيْرٌ

ہے اگر کوئی تکلیف پہنچتی ہے تو اللہ کا شکر ادا کرتا ہے اگر کوئی مصیبت پہنچتی ہے تو وہ صبر کرتا ہے تو اللہ اس کو ثواب دیتا ہے۔ حماد نے اضافہ کیا ہے کہ مسلمان کے لیے جو اللہ نے فیصلہ کیا ہے وہ بہتر ہے۔

**7164** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبَانَ الْأَصْبَهَانِيُّ، ثنا عَمَّارُ بْنُ خَالِدٍ الْوَاسِطِيُّ، ثنا عَبْدُ الْحَكِيمِ بْنُ مَنْصُورٍ، عَنْ يُونُسَ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى، عَنْ صُهَيْبٍ، قَالَ: صَلَّيْتُ مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِحْدَى صَلَاتَيِ الْعِشَاءِ، فَلَمَّا انْصَرَفَ أَقْبَلَ إِلَيْنَا بِوَجْهِهِ ضَاحِكًا، فَقَالَ: أَلَا تَسْأَلُونِي مِمَّ ضَحِكْتُ؟ قَالُوا: اللَّهُ وَرَسُولُهُ أَعْلَمُ . قَالَ: عَجِبْتُ مِنْ قَضَاءِ اللهِ لِلْعَبْدِ الْمُسْلِمِ، إِنَّ كُلَّ مَا قَضَى اللهُ لَهُ خَيْرٌ، وَلَيْسَ أَحَدٌ كُلُّ قَضَاءِ اللهِ لَهُ خَيْرٌ إِلَّا الْعَبْدُ الْمُسْلِمُ

حضرت صہیب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ نمازِ عشاء پڑھی جب سلام پھیرا تو آپ ہماری طرف مسکراتے ہوئے متوجہ ہوئے آپ نے فرمایا: تم مجھ سے کیوں نہیں پوچھتے ہو کہ میں کیوں مسکرایا ہوں؟ صحابہ کرام نے عرض کی: اللہ اور اس کا رسول زیادہ جانتے ہیں! آپ نے فرمایا: میں اللہ کے فیصلہ پر متعجب ہوا جو اُس نے اپنے مسلمان بندہ کے لیے کیا ہے ہر فیصلہ درست کیا ہے ہر فیصلہ میں بھلائی ہے یہ صرف مسلمان بندہ کے لیے ہے۔

**7165** - حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا أَبُو عُمَرَ الضَّرِيرُ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، أَنَّ ثَابِتًا

حضرت صہیب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حنین کے دنوں میں جب بھی فجر کی نماز ادا

عبد الرحمن عن صهيب

7165- ورواه أحمد جلد 4صفحه332,333' جلد 6صفحه16' والدارمي رقم الحديث: 2446 مختصرًا والقضاعي في مسند الشهاب رقم الحديث: 1483' وراجع تعليقنا على مسند الشهاب ورواه النسائي في عمل اليوم والليلة رقم الحديث: 614 .

الْبُنَانِيَّ أَخْبَرَهُمْ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى، أَنَّ صُهَيْبًا قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُحَرِّكُ شَفَتَيْهِ بِشَيْءٍ فِي أَيَّامِ حُنَيْنٍ إِذَا صَلَّى الْغَدَاةَ، فَقُلْنَا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، لَا تَزَالُ تُحَرِّكُ شَفَتَيْكَ بِشَيْءٍ بَعْدَ صَلَاةِ الْغَدَاةِ، وَكُنْتَ لَا تَفْعَلُهُ، فَقَالَ: إِنَّ نَبِيًّا كَانَ قَبْلَنَا أَعْجَبَتْهُ كَثْرَةُ أُمَّتِهِ، فَقَالَ: لَا يَدُومُ هَؤُلَاءِ - أَحْسَبُهُ قَالَ شَيْئًا - فَأَوْحَى اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ إِلَيْهِ: أَنَّ خَيْرَ أُمَّتِكَ بَيْنَ إِحْدَى ثَلَاثٍ: إِمَّا أَنْ أُسَلِّطَ عَلَيْهِمُ الْمَوْتَ أَوِ الْعَدُوَّ أَوِ الْجُوعَ، فَعَرَضَ عَلَيْهِمْ ذَلِكَ، فَقَالُوا: أَمَّا الْجُوعُ فَلَا طَاقَةَ لَنَا بِهِ، وَلَا طَاقَةَ لَنَا بِالْعَدُوِّ، وَلَكِنِ الْمَوْتُ، فَمَاتَ مِنْهُمْ فِي ثَلَاثَةِ أَيَّامٍ سَبْعُونَ أَلْفًا، وَأَنَا الْيَوْمَ أَقُولُ: اللّٰهُمَّ بِكَ أُحَاوِلُ، وَبِكَ أُصَاوِلُ، وَبِكَ أُقَاتِلُ

کرتے تو آپ کے ہونٹ مبارک حرکت کرتے تھے‘ ہم نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ کے ہونٹ مبارک نمازِ فجر کے بعد کسی شی کے ساتھ حرکت کرتے رہتے ہیں‘ حالانکہ پہلے آپ ایسا تو نہیں کرتے تھے‘ آپ نے فرمایا: ہم سے پہلے ایک نبی تھے‘ ان کو اپنی اُمت کے زیادہ ہونے نے تعجب میں مبتلا کر دیا‘ تو اُنہوں نے عرض کی: یہ لوگ ہمیشہ نہ رہیں۔ (میرا گمان ہے کہ اُنہوں نے کوئی چیز کہی) تو اللہ تعالیٰ نے ان کی طرف وحی کی: تیری اُمت کی بھلائی تین چیزوں میں سے ایک میں ہے‘ یا تو میں ان پر موت مسلط کر دوں یا دشمن یا بھوک۔ پس اس نبی علیہ السلام نے یہ تینوں چیزیں اپنی اُمت پر پیش کیں تو اُنہوں نے عرض کی: جہاں تک تعلق ہے بھوک کا تو وہ ہم میں طاقت نہیں اور نہ ہی دشمن کی‘ ہم میں طاقت ہے لیکن مدت قبول ہے۔ پس تین دنوں میں ان میں سے ستر ہزار آدمی مر گئے اور آج میں کہتا ہوں: اے اللہ! تیری دی ہوئی توفیق سے ارادہ کرتا‘ حملہ کرتا اور جہاد کرتا ہوں۔

**7166** - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ

حضرت صہیب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ



7166- رواه عبد الرزاق رقم الحديث: 9751‘ ومن طريقه الترمذی رقم الحديث: 3398‘ وقال حسن غريب . قال ابن كثير فی تفسيره جلد 4صفحه494‘ وهذا السياق ليس فيه صراحة أن سياق هذه القصة من كلام النبی صلى الله عليه وآله وسلم . قال شيخنا أبو الحجاج المزی: فيحتمل أن يكون من كلام صهيب الرومی‘ فانه كأنه كان عنده علم من أخبار النصارى . وقال الحافظ فی الفتح جلد 8صفحه698 صرح برقع القصة بطولها حماد بن سلمة عن ثابت عن عبد الرحمن ابن أبی ليلى عن صهيب‘ ومن طريقه أخرجه مسلم رقم الحديث: 3005 . والنسائی فی السنن الكبرى وفی عمل اليوم والليلة رقم الحديث: 614 أی القسم الأوسل من الحديث كما تقدم . وأحمد جلد6صفحه17-18‘ ووقفها معمر عن ثابت الخ . قلت وليس عندهم الحديث الأول .

الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى، عَنْ صُهَيْبٍ قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا صَلَّى الْعَصْرَ هَمَسَ -وَالْهَمْسُ فِي قَوْلِ بَعْضِهِمْ يُحَرِّكُ شَفَتَيْهِ كَأَنَّهُ يَتَكَلَّمُ بِشَيْءٍ- فَقِيلَ لَهُ: يَا نَبِيَّ اللهِ، إِنَّكَ إِذَا صَلَّيْتَ الْعَصْرَ هَمَسْتَ؟ فَقَالَ: إِنَّ نَبِيًّا مِنَ الْأَنْبِيَاءِ كَانَ أُعْجِبَ بِأُمَّتِهِ، فَقَالَ: مَنْ يَقُومُ لِهَؤُلَاءِ؟ فَأَوْحَى اللهُ عَزَّ وَجَلَّ إِلَيْهِ أَنْ خَيِّرْهُمْ بَيْنَ أَنْ أَنْتَقِمَ مِنْهُمْ، وَبَيْنَ أَنْ أُسَلِّطَ عَلَيْهِمْ عَدُوَّهُمْ فَاخْتَارُوا النِّقْمَةَ، فَسَلَّطَ عَلَيْهِمُ الْمَوْتَ، فَمَاتَ مِنْهُمْ فِي يَوْمٍ سَبْعُونَ أَلْفًا

حضور ﷺ نمازِ عصر پڑھتے تو آپ کے ہونٹ مبارک حرکت کر رہے ہوتے' گویا کوئی گفتگو کر رہے ہیں' آپ سے عرض کی گئی: یارسول اللہ! جب آپ نمازِ عصر ادا کرتے ہیں تو آپ کے ہونٹ حرکت کرتے ہیں؟ آپ نے فرمایا: انبیاء میں سے ایک نبی تھے' ان کو اپنی اُمت سے تعجب ہوا' کہا: ان کے لیے کھڑا کون ہوگا؟ اللہ عزوجل نے ان کی طرف وحی کی' ان کو ان چیزوں کے درمیان اختیار ہے' ان سے انتقام لوں یا ان پر ان کا دشمن مسلط کروں۔ اُنہوں نے موت کو پسند کیا تو ان پر موت مسلط کی گئی' ان میں سے ایک دن میں ستر ہزار مرے۔

**7167** - قَالَ: فَكَانَ إِذَا حَدَّثَ بِهَذَا الْحَدِيثِ حَدَّثَ بِهَذَا الْحَدِيثِ الْآخَرِ قَالَ: كَانَ مَلِكٌ مِنَ الْمُلُوكِ، وَكَانَ لِذَلِكَ الْمَلِكِ كَاهِنٌ يَتَكَهَّنُ لَهُ فَقَالَ ذَلِكَ الْكَاهِنُ: انْظُرُوا لِي غُلَامًا فَطِنًا، أَوْ قَالَ: لَقِنًا أُعَلِّمُهُ عِلْمِي هَذَا، فَإِنِّي أَخَافُ أَنْ أَمُوتَ، فَيَنْقَطِعَ مِنْكُمْ هَذَا الْعِلْمُ، وَلَا يَكُونُ فِيكُمْ مَنْ يَعْلَمُهُ، فَنَظَرُوا لَهُ غُلَامًا عَلَى مَا وَصَفَ، وَأَمَرُوهُ أَنْ يَحْضُرَ ذَلِكَ الْكَاهِنَ، وَأَنْ يَخْتَلِفَ إِلَيْهِ قَالَ: وَكَانَ عَلَى طَرِيقِ الْغُلَامِ رَاهِبٌ فِي صَوْمَعَةٍ قَالَ مَعْمَرٌ: وَأَحْسَبُ أَنَّ أَصْحَابَ الصَّوَامِعِ كَانُوا يَوْمَئِذٍ مُسْلِمِينَ، فَجَعَلَ الْغُلَامُ يَسْأَلُ ذَلِكَ الرَّاهِبَ

حضرت صہیب فرماتے ہیں: پس جب آپ ﷺ نے یہ حدیث (اوپر والی) ارشاد فرمائی تھی تو ساتھ دوسری یہ حدیث (نیچے والی) بھی بیان کی تھی: بادشاہوں میں سے ایک بادشاہ تھا' اس بادشاہ کا ایک جادوگر (کاہن) تھا جو اس کے کہنے پر جادو کیا کرتا تھا۔ پس اس کاہن نے کہا: میرے لیے ایک ذہین و فطین بچہ دیکھو' جس میں اپنا یہ علم سکھاؤں کیونکہ مجھے خوف ہے کہ میں (اب) مر جاؤں گا (اگر میں کسی کو سکھائے بغیر مر گیا) تو یہ علم تم سے منقطع (جدا) ہو جائے گا اور تمہارے اندر کوئی ایسا آدمی نہ ہوگا جو اس کو جاننے والا ہو' پس اُنہوں نے اس کے بتائے اوصاف کے مطابق بچہ تلاش کیا اور اس لڑکے کو حکم دیا کہ وہ اس کاہن کے پاس آجایا کرے۔ راوی کا بیان ہے: اس

كُلَّمَا مَرَّ بِهِ عَنْ دِينِهِ حَتَّى أَخْبَرَهُ، فَقَالَ: إِنَّمَا أَعْبُدُ اللَّهَ، وَجَعَلَ الْغُلَامُ يَمْكُثُ عِنْدَ الرَّاهِبِ، وَيُبْطِءُ عَلَى الْكَاهِنِ، فَأَرْسَلَ الْكَاهِنُ إِلَى أَهْلِ الْغُلَامِ أَنَّهُ لَا يَكَادُ يَحْضُرُنِي، فَأَخْبَرَ الْغُلَامُ الرَّاهِبَ بِذَلِكَ، فَقَالَ لَهُ الرَّاهِبُ: إِذَا قَالَ لَكَ الْكَاهِنُ: أَيْنَ كُنْتَ؟ فَقُلْ: عِنْدَ أَهْلِي، وَإِذَا قَالَ لَكَ أَهْلُكَ: أَيْنَ كُنْتَ؟ فَقُلْ: عِنْدَ الْكَاهِنِ، فَبَيْنَمَا الْغُلَامُ عَلَى ذَلِكَ إِذْ مَرَّ بِجَمَاعَةٍ مِنَ النَّاسِ كَثِيرَةٍ قَدْ حَبَسَتْهُمْ دَابَّةٌ، فَقَالَ بَعْضُهُمْ: إِنَّ تِلْكَ الدَّابَّةَ كَانَتِ الْأَسَدَ، فَأَخَذَ الْغُلَامُ حَجَرًا فَقَالَ: اللَّهُمَّ إِنْ كَانَ مَا يَقُولُ الرَّاهِبُ حَقًّا، فَأَسْأَلُكَ أَنْ أَقْتُلَ هَذِهِ الدَّابَّةَ، وَإِنْ كَانَ مَا يَقُولُ الْكَاهِنُ حَقًّا أَنْ لَا أَقْتُلَهَا، ثُمَّ رَمَاهَا فَقَتَلَ الدَّابَّةَ، فَقَالَ النَّاسُ: مَنْ قَتَلَهَا؟ فَقَالُوا: الْغُلَامُ. فَفَزِعَ النَّاسُ إِلَيْهِ، وَقَالُوا: قَدْ عَلِمَ هَذَا الْغُلَامُ عِلْمًا لَمْ يَعْلَمْهُ أَحَدٌ، فَسَمِعَ بِهِ أَعْمَى فَجَاءَهُ، فَقَالَ لَهُ الْأَعْمَى: إِنْ أَنْتَ رَدَدْتَ عَلَيَّ بَصَرِي، فَإِنَّ لَكَ كَذَا وَكَذَا، فَقَالَ لَهُ الْغُلَامُ: لَا أُرِيدُ مِنْكَ هَذَا، وَلَكِنْ أَرَأَيْتَ إِنْ رَجَعَ إِلَيْكَ بَصَرُكَ أَتُؤْمِنُ بِالَّذِي رَدَّهُ عَلَيْكَ؟ قَالَ: نَعَمْ، فَدَعَا اللَّهَ عَزَّ وَجَلَّ، فَرَدَّ عَلَيْهِ بَصَرَهُ، فَآمَنَ الْأَعْمَى. فَبَلَغَ الْمَلِكَ أَمْرُهُمْ، فَبَعَثَ إِلَيْهِمْ فَأُتِيَ بِهِمْ، فَقَالَ: لَأَقْتُلَنَّ كُلَّ وَاحِدٍ مِنْكُمْ قِتْلَةً لَا أَقْتُلُهَا صَاحِبَهَا. فَأَمَرَ بِالرَّاهِبِ وَبِالرَّجُلِ الَّذِي كَانَ

لڑکے کے راستے پر ایک راہن کا گرجا تھا۔ حضرت معمر فرماتے ہیں: میرا گمان ہے کہ اس وقت کے گرجوں والے پکے مسلمان تھے۔ لڑکا اس راہب سے (بھی) سیکھنے (سوال کرنے) لگا اس کا دین' جب بھی وہ اس کے پاس سے گزرتا یہاں تک کہ اس راہب نے لڑکے کو اپنا دین بتا دیا۔ کہا: میں اللہ کی عبادت کرتا ہوں۔ اس لڑکےنے راہب کے پاس (کچھ دیر) ٹھہرنا شروع کر دیا اور کاہن کے پاس دیر سے جانیلگا۔ پس کاہن نے لڑکے کے گھر والوں کی طرف پیغام بھیجا کہ وہ میرے پاس پابندی سے حاضر نہیں ہوتا۔ پس لڑکے نے راہب کو یہ بات بتا دی تو راہب نے اس سے کہا: جب کاہن آپ سے کہے: کہاں تھا؟ تو اسے کہہ دے: گھر والوں کے پاس تھا اور جب تیرے گھر والے تجھے کہیں: کہاں تھا؟ تو کہہ دیا کہ کاہن کے پاس تھا۔ لڑکا اسی حال پر تھا کہ ایک دن وہ لوگوں کے ایسے جم غفیر کے پاس سے گزرا جن کو ایک خطرناک جانور نے روک رکھا تھا۔ پس ان میں سے بعض نے کہا کہ جانور' شیر تھا۔ پس لڑکے نے پتھر اُٹھا کر کہا: اے اللہ! جو کچھ راہب کہتا ہے اگر وہ سچ اور حق ہے تو عرض کرتا ہوں کہ اس جانور کو (اس پتھر سے) مار دے اور اگر کاہن کا قول سچ ہے تو اسے نہ مارنا۔ پھر اس نے پتھر مارا تو جانور کو قتل کر دیا' لوگوں نے پوچھنا شروع کر دیا کہ کس نے اس کو قتل کیا؟ پس دوسرے لوگوں نے بتایا: اس لڑکے نے قتل کیا ہے۔ پس لوگ گھبرا کر اس کی طرف آئے اور کہا: اس لڑکے نیوہ علم حاصل کر لیا ہے' جو کسی نے نہیں پڑھا پس ایک اندھے

عبد الرحمن عن صهيب

أَعْمَى فَوَضَعَ الْمِنْشَارَ عَلَى مَفْرِقِ أَحَدِهِمَا، فَقُتِلَ وَقَتَلَ الْآخَرَ بِقِتْلَةٍ أُخْرَى، ثُمَّ أَمَرَ بِالْغُلَامِ، فَقَالَ: انْطَلِقُوا بِهِ إِلَى جَبَلِ كَذَا وَكَذَا، فَأَلْقُوهُ مِنْ رَأْسِهِ، فَلَمَّا انْطَلَقُوا بِهِ إِلَى ذَلِكَ الْجَبَلِ، وَانْتَهَوْا إِلَى الْمَكَانِ الَّذِي أَرَادُوا جَعَلُوا يَتَهَافَتُونَ مِنَ الْجَبَلِ، وَيَتَرَدَّوْنَ مِنْهُ حَتَّى لَمْ يَبْقَ إِلَّا الْغُلَامُ، ثُمَّ رَجَعَ الْغُلَامُ فَأَمَرَ بِهِ الْمَلِكُ، فَقَالَ: انْطَلِقُوا بِهِ إِلَى الْبَحْرِ فَأَلْقُوهُ فِيهِ، فَانْطَلَقُوا بِهِ إِلَى الْبَحْرِ، فَغَرَّقَ اللَّهُ الَّذِينَ كَانُوا مَعَهُ، وَأَنْجَاهُ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ، فَقَالَ الْغُلَامُ: إِنَّكَ لَنْ تَقْتُلَنِي حَتَّى تَصْلُبَنِي، ثُمَّ تَرْمِيَنِي، وَتَقُولَ إِذَا رَمَيْتَنِي: بِسْمِ اللَّهِ رَبِّ هَذَا الْغُلَامِ -أَوْ قَالَ: بِسْمِ اللَّهِ رَبِّ الْغُلَامِ- فَأَمَرَ بِهِ فَصُلِبَ، ثُمَّ قَالَ: بِسْمِ اللَّهِ رَبِّ الْغُلَامِ، فَوَضَعَ الْغُلَامُ يَدَهُ عَلَى صُدْغِهِ، ثُمَّ مَاتَ، فَقَالَ النَّاسُ: لَقَدْ عَلِمَ هَذَا الْغُلَامُ عِلْمًا مَا عَلِمَهُ أَحَدٌ، فَإِنَّا نُؤْمِنُ بِرَبِّ هَذَا الْغُلَامِ، فَقِيلَ لِلْمَلِكِ: أَجَزِعْتَ أَنْ خَالَفَكَ ثَلَاثَةٌ؟ فَهَذَا النَّاسُ كُلُّهُمْ قَدْ خَالَفُوكَ، فَخَدَّ أُخْدُودًا أَلْقَى فِيهَا الْحَطَبَ وَالنَّارَ، ثُمَّ جَمَعَ النَّاسَ، ثُمَّ قَالَ: مَنْ رَجَعَ إِلَى دِينِهِ تَرَكْنَاهُ، وَمَنْ لَمْ يَرْجِعْ أَلْقَيْنَاهُ فِي هَذِهِ النَّارِ فَجَعَلَ يُلْقِيهِمْ فِي تِلْكَ الْأُخْدُودِ، فَذَلِكَ قَوْلُهُ عَزَّ وَجَلَّ: (قُتِلَ أَصْحَابُ الْأُخْدُودِ، النَّارِ ذَاتِ الْوَقُودِ) (البروج: 5) حَتَّى بَلَغَ (الْعَزِيزِ

نے اس کے بارے سنا تو وہ اس کے پاس آیا تو اندھے نے اس سے کہا: اگر میری بینائی لوٹا دے تو تیرے لیے فلاں فلاں چیز ہے۔ تو اس لڑکے نے کہا: مجھے کسی چیز کی ضرورت نہیں لیکن تجھے بینائی مل جائے تو اس ذات پر ایمان لائے گا جس نے تجھے بینائی دی؟ اس نے کہا: جی ہاں! اس لڑکے نے اللہ عزوجل سے دعا کی' پس اللہ نے اس کی آنکھیں لوٹا دیں' پس نابینا ایمان لایا' اس کی بات بادشاہ تک پہنچی' اس نے آدمی بھیجا ان کی طرف' ان کو لایا گیا۔ بادشاہ نے کہا: میں تم میں سے ہر ایک کو قتل کر دوں گا ایسے جیسے آج تک کسی کو قتل نہیں کیا۔ پس اس نے راہب اور اندھے کو قتل کرنیکا حکم دیا۔ پس ان میں سے ایک کے سر پر آری رکھی گئی اور اسے قتل کر دیا گیا اور دوسرے کو دوسرے طریقے سے قتل کیا۔ پھر اس نے لڑکے کے حوالے سے حکم دیا کہ اس کو پہاڑ پر لے جاؤ۔ پس اس کو سر کے بل پھینک دو۔ پس جب وہ اسے اس پہاڑ کی طرف لے گئے اور اس جگہ تک پہنچے جہاں کا اُنہوں نے ارادہ کیا تھا تو وہ پہاڑ سے گرے اور ہلاک ہونے لگے یہاں تک کہ (سارے ہلاک ہو گئے) صرف وہ لڑکا باقی رہا۔ پھر وہ لڑکا واپس لوٹ آیا' پھر بادشاہ نے اس کے حوالے سے حکم دیا' اسے سمندر میں لے جا کر غرق کر دو۔ پھر وہ اس کو سمندر کی طرف لے گئے' پس اللہ تعالیٰ نے اس کے ساتھ والوں کو غرق کر دیا اور اللہ نے اس لڑکے کو نجات دی۔ پس اس لڑکے نے کہا: تم مجھے ہرگز قتل نہ کر سکو گے حتیٰ کہ مجھے سولی چڑھاؤ' پھر مجھے تیر مارتے وقت یہ کہو: اللہ کے نام سے

الْحَمِيدِ) (البروج: 8) فَذُكِرَ أَنَّ الْغُلَامَ أُخْرِجَ فِي زَمَانِ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَاضِعًا يَدَهُ عَلَى صُدْغِهِ، كَمَا وَضَعَهَا حِينَ قُتِلَ

شروع جو اس لڑکے کا رب ہے۔ پس بادشاہ نے حکم دیا کہ اس کو سولی دے دی جائے' پھر کہا: اللہ کے نام سے شروع جو لڑکے کا رب ہے۔ پس لڑکے نے اپنا ہاتھ کنپٹی پر رکھا' پھر فوت ہوا۔ پس لوگوں نے کہا: تحقیق اس لڑکے کے پاس ایسا علم تھا جو کسی کے پاس نہیں۔ پس ہم تو اسی لڑکے کے رب پر ایمان لاتے ہیں۔ پس بادشاہ سے کہا گیا: تُو تین آدمیوں کی مخالفت سے عاجز آ گیا تھا؟ پس (اب تو) یہ سارے کے سارے لوگ تیرے مخالف بنے ہوئے ہیں۔ پس اس نے خندقیں کھدوائیں' ان میں لکڑی ڈال کر آگ جلوائی' پھر لوگوں کو جمع کیا' پھر کہا: جو اس کے دین کی طرف واپس آ جائے ہم اسے چھوڑ دیں گے اور جو نہ لوٹے گا اسے ہم اس آگ میں پھینک دیں گے۔ پس وہ لوگوں کو ان خندقوں میں ڈالنے لگا۔ پس یہی اللہ کا فرمان بتا رہا ہے: ''خندقوں والے شہید کر دیئے گئے جو آگ والی اور ایندھن والی تھیں' یہاں تک: العزیز الحمید''۔ پس ذکر کیا گیا کہ وہ لڑکا حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے دور میں (کسی کھدائی کے دوران) نکالا گیا اس حال میں کہ اسی طرح اس نے اپنا ہاتھ اپنی کنپٹی پر رکھا ہوا تھا' جس طرح اس نے شہید ہوتے وقت اپنا ہاتھ رکھا تھا۔



**7168** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ التَّمَّارُ الْبَصْرِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ عُثْمَانَ اللَّاحِقِيُّ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، أَنَا ثَابِتٌ الْبُنَانِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى، عَنْ صُهَيْبٍ، أَنَّ رَسُولَ

حضرت صہیب رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے بیان فرمایا کہ تم لوگوں سے پہلے جو اُمت گزری' اس میں ایک بادشاہ تھا اور اس کا ایک جادوگر تھا' جب جادوگر بوڑھا ہو گیا تو اس نے بادشاہ سے کہا کہ اب

7168- ورواه أحمد جلد6صفحه17-18' ومسلم رقم الحديث:3005' ولانسائی کما تقدم آنفًا .

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمْ قَالَ: كَانَ فِيمَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ مَلِكٌ لَهُ سَاحِرٌ، فَلَمَّا كَبِرَ السَّاحِرُ، قَالَ لِلْمَلِكِ: إِنِّي قَدْ كَبِرْتُ، فَادْفَعْ إِلَيَّ غُلَامًا أُعَلِّمُهُ السِّحْرَ، فَدَفَعَ إِلَيْهِ غُلَامًا، وَكَانَ يُعَلِّمُهُ السِّحْرَ، وَكَانَ بَيْنَ الْمَلِكِ وَبَيْنَ السَّاحِرِ رَاهِبٌ، فَسَمِعَ الْغُلَامُ مِنْ كَلَامِهِ فَأَعْجَبَهُ نَحْوَهُ وَكَلَامُهُ، فَكَانَ إِذَا أَتَى السَّاحِرَ جَلَسَ عِنْدَ الرَّاهِبِ، فَإِذَا أَتَى السَّاحِرَ ضَرَبَهُ يَقُولُ: مَا حَبَسَكَ؟ وَإِذَا رَجَعَ إِلَى أَهْلِهِ قَعَدَ عِنْدَ الرَّاهِبِ، فَإِذَا ذَهَبَ إِلَى أَهْلِهِ يَقُولُونَ: مَا يَحْبِسُكَ؟ فَيَضْرِبُونَهُ فَشَكَا ذَلِكَ إِلَى الرَّاهِبِ، وَقَالَ: إِذَا أَرَادَ السَّاحِرُ أَنْ يَضْرِبَكَ، فَقُلْ: حَبَسَنِي أَهْلِي، وَإِذَا أَرَادَ أَهْلُكَ أَنْ يَضْرِبُوكَ، فَقُلْ: حَبَسَنِي السَّاحِرُ، قَالَ: فَبَيْنَمَا هُوَ كَذَلِكَ، فَأَتَى يَوْمًا عَلَى دَابَّةٍ عَظِيمَةٍ قَدْ حَبَسَتِ النَّاسَ أَنْ يَجُوزُوهَا، فَقَالَ: الْيَوْمَ أَعْلَمُ أَمْرُ السَّاحِرِ أَحَبُّ إِلَى اللّٰهِ، أَوْ أَمْرُ الرَّاهِبِ، فَأَخَذَ حَجَرًا فَقَالَ: بِسْمِ اللّٰهِ اللّٰهُمَّ، إِنْ كَانَ أَمْرُ الرَّاهِبِ أَحَبَّ إِلَيْكَ وَأَفْضَلَ، فَاقْتُلْ هَذِهِ الدَّابَّةَ فَرَمَاهَا فَقَتَلَهَا، وَذَهَبَ النَّاسُ، فَبَلَغَ الرَّاهِبَ، فَقَالَ: أَيْ بُنَيَّ، أَنْتَ أَفْضَلُ مِنِّي، وَإِنَّكَ سَتُبْتَلَى، فَإِنِ ابْتُلِيتَ فَلَا تَدُلَّ عَلَيَّ، وَكَانَ الْغُلَامُ يُبْرِءُ الْأَكْمَهَ، وَالْأَبْرَصَ، وَهَذِهِ الْأَدْوَاءَ، وَكَانَ لِلْمَلِكِ جَلِيسٌ، فَعَمِيَ فَسَمِعَ

عبد الرحمن عن صهيب

میں بوڑھا ہو گیا ہوں (موت کا زمانہ قریب آ گیا) مجھے کوئی لڑکا دے دے تا کہ میں اس کو سحر سکھلا دوں۔ بادشاہ نے اس کو ایک لڑکا دے دیا تو اس کو وہ ہر روز جادو سکھلایا کرتا تھا۔ جب بادشاہ کے ہاں سے جادوگر کے ہاں جاتا تو راستے میں ایک راہب رہتا تھا۔ ایک روز یہ لڑکا اس راہب کے پاس گیا اور اس کی باتیں سن کر خوش ہوا اور یہ باتیں اس کو بہت پسند آئیں' ہر روز آتے اور جاتے وہ راہب کی خدمت میں بیٹھتا تھا اور جب وہ ساحر کے پاس دیر سے پہنچتا تو ساحر اس کو سزا دیتا کہ تُو کہاں بیٹھا رہا' جب گھر میں دیر سے آتا تو گھر والے مارتے تھے کہ کہاں بیٹھا رہتا ہے۔ لڑکا مذکور نے راہب سے یہ شکوہ کیا کہ میں اس مصیبت میں ہوں۔ راہب نے کہا کہ جب ساحر تجھ پر خفا ہو کر مارنا چاہے تو اس سے کہنا کہ میرے گھر والوں نے مجھے روک لیا تھا اور جب گھر والے مارنا چاہیں تو کہنا کہ ساحر نے مجھے روک لیا تھا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: ایک روز اتفاق سے اس نے راستے میں دیکھا کہ عظیم ہولناک درندے نے راہ روکی ہوئی ہے اور لوگ راستہ میں چلنے سے معذور ہیں۔ طفل مذکور نے کہا: آج میں جان جاؤں گا کہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک ساحر کا معاملہ پسند ہے یا راہب کا معاملہ پسند ہے۔ اس نے ایک پتھر لے کر کہا: الٰہی! اگر تیرے نزدیک راہب کا معاملہ اس جادوگر کے معاملے سے زیادہ پسندیدہ ہو تو اس درندہ کو قتل کر دے تا کہ لوگ گزر سکیں۔ پس راہب کے پاس پہنچا اور اس معاملے سے آگاہ کیا تو راہب نے کہا: آج تُو مجھ سے افضل ہے! لیکن

## عمرو بن عبداللہ حضرمی' حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

**7526** - حَدَّثَنَا سَلَامَةُ بْنُ نَاهِضٍ الْمَقْدِسِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ هَانِءٍ، ثنا ضَمْرَةُ بْنُ رَبِيعَةَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي عَمْرٍو السَّيْبَانِيُّ، عَنْ عَمْرِو بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى الله عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ اسْتَقْبَلَ بِيَ الشَّامَ، وَوَلَّى ظَهْرِيَ لِلْيَمَنِ، وَقَالَ لِي: يَا مُحَمَّدُ، جَعَلْتُ مَا تُجَاهَكَ غَنِيمَةً وَرِزْقًا، وَمَا خَلْفَ ظَهْرِكَ مَدَدًا، وَلَا يَزَالُ الْإِسْلَامُ يَزِيدُ وَيَنْقُصُ الشِّرْكُ وَأَهْلُهُ، حَتَّى تَسِيرَ الْمَرْأَتَانِ لَا تَخْشَيَانِ جَوْرًا

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ عزوجل نے ملک شام میرے سامنے کر دیا اور میری پیٹھ یمن کی طرف کی اور مجھے فرمایا: اے محمد! آپ کے سامنے والے کو آپ کے لیے غنیمت اور رزق بنایا اور آپ کی پشت کے پیچھے وہ آپ کی مدد کے لیے بنایا' اسلام زیادہ ہوگا' شرکت اور اس کے اہل کم ہوں گے یہاں تک کہ دو عورتیں چلیں گی' ان کو ظلم کا خوف نہ ہو گا۔

**7527** - ثُمَّ قَالَ: وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ، لَا تَذْهَبُ الْأَيَّامُ وَاللَّيَالِي حَتَّى يَبْلُغَ هَذَا الدِّينُ مَبْلَغَ هَذَا النَّجْمِ

پھر فرمایا: وہ ذات جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے! دن اور راتیں نہیں جائیں گی یہاں تک کہ یہ دین اس ستارہ تک نہ پہنچے۔



-7526 قال في المجمع جلد 10صفحه60' وفيه عبد الله بن هاني المتأخر الى زمن أبي حاتم وهو متهم بالكذب . ورواه المصنف في مسند الشاميين رقم الحديث: 859 بهذا الاسناد واللفظ ومن طريقه ابن عساكر في تاريخ دمشق جلد 1 صفحه378 لكن رواه أبو نعيم في الحلية جلد6صفحه107-108' وابن عساكر جلد 1 صفحه377-378 من غير هذا الطريق عن ضمره به . ولذا أورده شيخنا في سلسلة الصحيحة رقم: 35 مع أن شيخنا قال في الصحيحة جلد4صفحه599-560 ما يأتي ولعله صححه لشواهده .

**7528** - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عَبْدِ الْبَاقِي الْأَذَنِيُّ، ثنا أَبُو عُمَيْرٍ عِيسَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ النَّحَّاسُ، ثنا ضَمْرَةُ بْنُ رَبِيعَةَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي عَمْرٍو السَّيْبَانِيِّ، عَنْ عَمْرِو بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيِّ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ الْبَاهِلِيِّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا تَزَالُ طَائِفَةٌ مِنْ أُمَّتِي عَلَى الْحَقِّ ظَاهِرِينَ عَلَى مَنْ يَغْزُوهُمْ، قَاهِرِينَ لَا يَضُرُّهُمْ مَنْ نَاوَأَهُمْ، حَتَّى يَأْتِيَهُمْ أَمْرُ اللّٰهِ، وَهُمْ كَذَلِكَ .قِيلَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، وَأَيْنَ هُمْ؟ قَالَ: بِبَيْتِ الْمَقْدِسِ

حضرت ابوامامہ الباہلی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: میری اُمت کا ایک گروہ ہمیشہ حق پر رہے گا' جو ان سے جہاد کرے گا ان پر غالب رہیں گے' جو ان سے مقابلہ کرے گا ان کا نقصان نہیں کرے گا یہاں تک کہ اللہ کا حکم آ جائے' جبکہ وہ اسی حال پر ہوں۔عرض کی گئی: یارسول اللہ! وہ کہاں ہوں گے؟ آپ نے فرمایا: بیت المقدس میں۔

**7529** - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ رُزَيْقِ بْنِ

حضرت ابوامامہ الباہلی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

---

7528- قال فی المجمع جلد 7صفحه288 رواه عبد الله وجادة عن خط أبيه جلد 5صفحه269' والطبرانی ورجاله ثقات . ورواه المصنف فی مسند الشاميين رقم الحديث: 860 . قال شيخنا فی سلسلة الصحيحة جلد 4صفحه599-560' وهذا سند ضعيف لجهالة عمرو بن عبد الله الحضرمی قال الذهبی فی الميزان: ما علمت روى عنه سوى يحيى بن أبی عمرو السيبانی' وذكره ابن حبان فی الثقات على قاعدته التی لم يأخذ بها جمهور العلماء' ولذلك لم يوثقه الحافظ فی التقريب' وانما قال مقبول أی لين الحديث' وبقية رجال الاسناد ثقات . وزاد فی تخريجه للحديث قبل هذا أن العجلی أيضًا وثقه . وللحديث شواهد .

7529- ورواه ابن ماجه رقم الحديث:4077 عن علی بن محمد بن عبد الرحمٰن المحاربی عن اسماعيل بن رافع عن يحيى به . قال الحافظ المزی وكذا رواه سهيل بن عثمان عن المحاربی وهو وهم فاحش قال الحافظ ابن كثير فی نهاية البداية جلد 1صفحه89 . قلت: وقد جود اسناده أبو داؤد رقم الحديث: 4300 فرواه عن عيسٰى بن محمد عن ضمرة عن يحيى السيبانی عن عمرو بن عبد الله عن أبی أمامة . ورواه المصنف فی مسند الشاميين رقم الحديث: 861 بهذا الاسناد واللفظ' وفی الأحاديث الطوال ( 48) . ورواه ابن أبی عاصم فی السنة رقم الحديث: 391' والرويانی فی مسند الصحابة جلد 2صفحه814' والآجری فی الشريعة صفحه 375' والحاكم جلد 4صفحه536-537' وصححه على شر مسلم ووافقه الذهبی . أما شيخنا فضعفه بسبب عمرو الحضرمی' وألف رسالة فی تخريج هذا الحديث وتحقيق الكلام على فقراته الذی وجد لأكثرها شواهد تقويها .

جَامِعِ الْمِصْرِيُّ، ثنا عَمْرُو بْنُ سَوَّادٍ السَّرْحِيُّ، ثنا ابْنُ وَهْبٍ، أَخْبَرَنِي يُونُسُ بْنُ يَزِيدَ، عَنْ عَطَاءٍ الْخُرَاسَانِيِّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي عَمْرٍو السَّيْبَانِيِّ، عَنْ حَدِيثِ عَمْرٍو الْحَضْرَمِيِّ مِنْ أَهْلِ حِمْصٍ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ الْبَاهِلِيِّ قَالَ: خَطَبَنَا رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمًا، وَكَانَ أَكْثَرُ خُطْبَتِهِ ذِكْرَ الدَّجَّالِ، يُحَذِّرُنَاهُ يُحَدِّثُنَا عَنْهُ حَتَّى فَرَغَ مِنْ خُطْبَتِهِ، فَكَانَ فِيمَا قَالَ لَنَا يَوْمَئِذٍ: إِنَّ اللَّهَ عَزَّ وَجَلَّ لَمْ يَبْعَثْ نَبِيًّا إِلَّا حَذَّرَ أُمَّتَهُ، وَإِنِّي آخِرُ الْأَنْبِيَاءِ، وَأَنْتُمْ آخِرُ الْأُمَمِ، وَهُوَ خَارِجٌ فِيكُمْ لَا مَحَالَةَ، فَإِنْ يَخْرُجْ وَأَنَا بَيْنَ أَظْهُرِكُمْ، فَأَنَا حَجِيجُ كُلِّ مُسْلِمٍ، وَإِنْ يَخْرُجْ فِيكُمْ بَعْدِي فَكُلُّ امْرِءٍ حَجِيجُ نَفْسِهِ وَاللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ خَلِيفَتِي عَلَى كُلِّ مُسْلِمٍ. وَإِنَّهُ يَخْرُجُ مِنْ خَلَّةٍ بَيْنَ الْعِرَاقِ وَالشَّامِ عَاثَ يَمِينًا، وَعَاثَ شِمَالًا: يَا عِبَادَ اللهِ اثْبُتُوا، فَإِنَّهُ يَبْدَأُ يَقُولُ: أَنَا نَبِيٌّ، وَلَا نَبِيَّ بَعْدِي، وَإِنَّهُ مَكْتُوبٌ بَيْنَ عَيْنَيْهِ كَافِرٌ يَقْرَؤُهُ كُلُّ مُؤْمِنٍ، فَمَنْ لَقِيَهُ مِنْكُمْ فَلْيَتْفُلْ فِي وَجْهِهِ، وَلْيَقْرَأْ بِقَوَارِعِ سُورَةِ أَصْحَابِ الْكَهْفِ، وَإِنَّهُ يُسَلَّطُ عَلَى نَفْسٍ مِنْ بَنِي آدَمَ فَيَقْتُلُهَا، ثُمَّ يُحْيِيهَا، وَإِنَّهُ لَا يَعْدُو ذَلِكَ، وَلَا يُسَلَّطُ عَلَى نَفْسٍ مِنْ غَيْرِهَا، وَإِنَّ مِنْ فِتْنَتِهِ أَنَّ مَعَهُ جَنَّةً وَنَارًا، وَنَارُهُ جَنَّةٌ وَجَنَّتُهُ نَارٌ، فَمَنِ ابْتُلِيَ بِنَارِهِ فَلْيُغْمِضْ

حضور ﷺ نے ایک دن خطبہ دیا اور اپنے خطبہ میں دجال کا ذکر بہت زیادہ کیا' ہمیں اس سے ڈراتے رہے اور خطبہ مکمل ہونے تک بتاتے رہے' اس دن ہمیں فرمایا: اللہ عزوجل کے ہر نبی نے اپنی اُمت کو دجال سے ڈرایا' میں تمام نبیوں کے آخر میں ہوا اور تم اُمتوں میں آخری ہو' وہ یقیناً تم میں نکلے گا' اگر میری موجودگی میں نکلا تو میں ہر مسلمان کا نگہبان ہوں' اگر تم میں میرے بعد نکلے تو ہر آدمی اپنی جان کا نگہبان ہے' اللہ عزوجل ہر مسلمان کا نگہبان ہے' وہ عراق اور شام کے درمیان سے نکلے گا' دائیں بائیں پھرے گا' اے اللہ کے بندو! ثابت قدم رہو! وہ ابتداء کرے گا کہ میں نبی ہوں حالانکہ میرے بعد کوئی نبی نہیں ہے' اس کی دونوں آنکھوں کے درمیان کافر لکھا ہوا ہوگا جسے ہر مؤمن پڑھے گا' جو تم میں سے اس کو ملے اس کے چہرے کی طرف اپنا منہ کر کے تھوکے اور سورۂ کہف پڑھے وہ بنی آدم سے اپنے آپ کو مسلط کرنے تک' پھر قتل کرے گا اور زندہ کرے گا' اس کے علاوہ نہیں کرے گا' اس کے علاوہ سے مسلط نہیں ہوگا' اس کا فتنہ یہ ہوگا کہ اس کے ساتھ جنت اور دوزخ ہوگی' اس کی دوزخ جنت اور جنت دوزخ ہوگی' جس کو اپنی آگ سے آزمائے گا وہ اپنی آنکھیں بند کرے اور اللہ عزوجل سے فریاد کرے' وہ ٹھنڈی اور سلامتی والی ہو گی جس طرح کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام پر ٹھنڈی اور سلامتی والی ہوئی تھی' بیشک اس کے دن چالیس ہوں گے لیکن اس کا ایک دن سال کے برابر ہوگا' ایک دن ایک ماہ کے برابر' ایک دن جمعہ کی طرح اور ایک دن ان دنوں میں

عَيْنَيْهِ، وَلْيَسْتَغِثْ بِاللّٰهِ يَكُونُ بَرْدًا وَسَلَامًا، كَمَا كَانَتِ النَّارُ بَرْدًا وَسَلَامًا عَلَى إِبْرَاهِيمَ، وَإِنَّ أَيَّامَهُ أَرْبَعُونَ يَوْمًا: يَوْمًا كَسَنَةٍ، وَيَوْمًا كَشَهْرٍ وَيَوْمًا كَجُمُعَةٍ، وَيَوْمًا كَالْأَيَّامِ فِي تِلْكَ الْأَيَّامِ، وَآخِرُ أَيَّامِهِ كَالسَّرَابِ، يُصْبِحُ الرَّجُلُ عِنْدَ بَابِ الْمَدِينَةِ فَيَمْشِي قَبْلَ أَنْ يَبْلُغَ بَابَهَا الْآخَرَ .قَالَ: فَكَيْفَ نُصَلِّي يَا رَسُولَ اللّٰهِ، فِي تِلْكَ الْأَيَّامِ الْقِصَارِ؟ قَالَ: تُقَدِّرُونَ فِيهَا كَمَا تُقَدِّرُونَ الْأَيَّامَ الطِّوَالَ

کئی دنوں کی طرح اور اس کا آخری دن سراب کی مانند ہو گا۔ آدمی شہر کے دروازے پر صبح کرے گا‘ پس وہ چلے گا اس سے پہلے کہ وہ شہر کے دوسرے دروازے تک پہنچے (شام ہو جائے گی) کہا: اے اللہ کے رسول! ایسے چھوٹے دنوں میں ہم نماز کیسے پڑھیں گے؟ فرمایا: تم اندازہ کرو گے جس طرح لمبے دنوں کا اندازہ لگاتے ہو۔

حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عَبْدِ الْبَاقِي الْأَذَنِيُّ، ثنا أَبُو عُمَيْرِ بْنُ النَّحَّاسِ، ثنا ضَمْرَةُ، عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي عَمْرٍو السَّيْبَانِيِّ، عَنْ عَمْرِو بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيِّ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ الْبَاهِلِيِّ قَالَ خَطَبَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰه عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ مِثْلَهُ

حضرت ابوامامہ باہلی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے خطبہ دیا‘ پھر اس کی مثل ذکر کیا۔

## حُصَيْنُ بْنُ الْأَسْوَدِ الْهِلَالِيُّ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ

## حصین بن اسود ہلالی‘ حضرت ابوامامہ سے روایت کرتے ہیں

**7530** - حَدَّثَنَا أَبُو عَبْدِ الْمَلِكِ أَحْمَدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدِّمَشْقِيُّ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ سَوَّارٍ الْهِلَالِيُّ، ثنا حُصَيْنُ بْنُ الْأَسْوَدِ الْهِلَالِيُّ، ثنا أَبُو أُمَامَةَ الْبَاهِلِيُّ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰه عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُولُ

حضرت ابوامامہ الباہلی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ اپنے صحابہ سے فرماتے تھے: جب کوئی باوضو ہو اور وہ کھانا کھائے‘ تو وہ وضو کرے‘ ہاں اگر اونٹ کا دودھ پیو تو پانی کے ساتھ کلی کرلو۔



---

7530- قال في المجمع جلد1 صفحه152‘ ورجاله لم أر من ترجم أحدًا منهم .

لِأَصْحَابِهِ: إِذَا كَانَ أَحَدُكُمْ عَلَى وُضُوءٍ، فَأَكَلَ طَعَامًا يَتَوَضَّأُ إِلَّا أَنْ يَكُونَ لَبَنَ الْإِبِلِ إِذَا شَرِبْتُمُوهُ فَتَمَضْمِضُوا بِالْمَاءِ

## خِدَاشٌ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ

## خداش' حضرت ابوامامہ سے روایت کرتے ہیں

**7531** - حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ إِسْحَاقَ بْنِ إِبْرَاهِيمَ بْنِ زِبْرِيقٍ الْحِمْصِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ بْنِ عَيَّاشٍ، حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ ضَمْضَمِ بْنِ زُرْعَةَ، عَنْ شُرَيْحِ بْنِ عُبَيْدٍ، قَالَ: قَالَ خِدَاشٌ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ، أَنَّهُ شَهِدَ مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَجَّةَ الْوَدَاعِ، فَكَانَ أَوَّلَ مَا تَفَوَّهَ بِهِ أَنْ قَالَ: إِنَّ اللَّهَ عَزَّ وَجَلَّ يُوصِيكُمْ بِأُمَّهَاتِكُمْ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ وہ حجۃ الوداع کے موقع پر حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس تھے' وہ پہلے تھے جن سے آپ نے گفتگو فرمائی' وہ یہ تھی کہ اللہ عزوجل تمہیں اپنے ماؤں کے متعلق نیکی کی وصیت کرتا ہے۔

**7532** - ثُمَّ حَمِدَ اللَّهَ عَزَّ وَجَلَّ، ثُمَّ قَالَ: مَا شَاءَ اللَّهُ أَنْ يَقُولَ، ثُمَّ قَالَ: أَلَا إِنَّ الْعَارِيَةَ مُؤَدَّاةٌ، وَإِنَّ الْمِنْحَةَ مُؤَدَّاةٌ

پھر اللہ کی حمد کی' پھر فرمایا: جو اللہ نے چاہا! پھر فرمایا: خبردار عاریتاً دی ہوئی شی واپس کرو' اور عطیہ واپس کرنا ہے۔

**7533** - وَالْوَلَدُ لِلْفِرَاشِ وَلِلْعَاهِرِ الْحَجَرُ

بچہ بستر والے کا ہے اور زانی کے لیے پتھر ہیں۔

## أَبُو عَامِرٍ الْهَوْزَنِيُّ، وَاسْمُهُ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ لُحَيٍّ، عَنْ

## ابوعامر الہوزنی کا نام عبداللہ بن لحی ہے' وہ حضرت ابوامامہ سے



---

7531- قال في المجمع جلد8صفحه139' وفيه محمد بن اسماعيل بن عياش وهو ضعيف .

## أَبِي أُمَامَةَ

7534 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، وإِسْحَاقُ بْنُ دَاوُدَ الصَّوَّافُ التُّسْتَرِيُّ، قَالَا: ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الصَّبَّاحِ الْعَطَّارُ، ثنا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، قَالَ: سَمِعْتُ الْحَجَّاجَ بْنَ فُرَافِصَةَ يُحَدِّثُ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْوَلِيدِ، عَنْ أَبِي عَامِرٍ الْهَوْزَنِيِّ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى الله عَلَيْهِ وَسَلَّمْ، قَالَ: الْعَارِيَةُ مُؤَدَّاةٌ .قَالَ رَجُلٌ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أَرَأَيْتَ عَهْدَ اللّٰهِ؟ قَالَ: عَهْدُ اللّٰهِ أَحَقُّ مَا أُدِّيَ

## روایت کرتے ہیں

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: عاریتاً لی ہوئی شی واپس کرنا ہے۔ ایک آدمی نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ اللہ کے عہد کے متعلق بتائیں؟ آپ نے فرمایا: اللہ کا عہد زیادہ حق رکھتا ہے کہ اسے ادا کیا جائے۔

## أَبُو عَامِرٍ الْأَلْهَانِيُّ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ

7535 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْخَلَّالُ الْمَكِّيُّ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ حُمَيْدٍ، ثنا مَرْوَانُ مُعَاوِيَةُ، عَنِ الْأَحْوَصِ بْنِ حَكِيمٍ، ثنا أَبُو عَامِرٍ الْأَلْهَانِيُّ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ، وعُتْبَةَ بْنِ عَبْدٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى الله عَلَيْهِ وَسَلَّمْ، كَانَ يَقُولُ: مَنْ صَلَّى الصُّبْحَ فِي مَسْجِدِ جَمَاعَةً، ثُمَّ مَكَثَ حَتَّى يُسَبِّحَ تَسْبِيحَةَ الضُّحَى، كَانَ لَهُ كَأَجْرِ حَاجٍّ وَمُعْتَمِرٍ تَامٍّ لَهُ حَجَّتُهُ وَعُمْرَتُهُ

## ابوعامر الالہانی، حضرت ابوامامہ سے روایت کرتے ہیں

حضرت ابوامامہ الباہلی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے تھے: جس نے فجر کی نماز باجماعت پڑھی پھر وہاں بیٹھا رہا، نمازِ چاشت ادا کی، اس کے لیے مکمل ایک حج وعمرہ کا ثواب ہے۔

## عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ قَيْسٍ، عَنْ

## عبدالواحد بن قیس، حضرت ابوامامہ

## أَبِي أُمَامَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

**7536** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدٍ الْعَسْقَلَانِيُّ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يُوسُفَ الْفِرْيَابِيُّ، ثنا عَمْرُو بْنُ بَكْرٍ السَّكْسَكِيُّ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْوَاحِدِ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ عَبْدِ الْوَاحِدِ بْنِ قَيْسٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا أُمَامَةَ الْبَاهِلِيَّ، يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمْ يَقُولُ: لِامْرِءٍ مَا احْتَسَبَ، وَعَلَيْهِ مَا اكْتَسَبَ .وَالْمَرْءُ مَعَ مَنْ أَحَبَّ، وَمَنْ مَاتَ عَلَى ذَنَابِي الطَّرِيقِ فَهُوَ مِنْ أَهْلِهِ

## سے روایت کرتے ہیں

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: آدمی کے لیے وہی کافی ہے جو اس نے نیکی کمائی اور اس پر وبال ہے' اس کا جو اس نے گناہ کمایا' آدمی اس کے ساتھ ہوگا جس سے محبت کرتا ہوگا' اور جو راستے کے کنارہ پر مرا وہ بھی ان میں شامل ہے۔

## كُهَيْلُ بْنُ حَرْمَلَةَ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ

**7537** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوسَى بْنِ أَبِي عُثْمَانَ الْأَنْمَاطِيُّ الْبَغْدَادِيُّ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ مُوسَى، ثنا مَسْلَمَةُ بْنُ عَلِيٍّ، عَنْ خَالِدِ بْنِ دِهْقَانَ، عَنْ كُهَيْلِ بْنِ حَرْمَلَةَ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ

## کہیل بن حرملہ' حضرت ابوامامہ سے روایت کرتے ہیں

حضرت ابوامامہ الباہلی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: ہر جھگڑے (لکے پھلکے) کا کفارہ دو رکعتیں ہیں۔



7536- قال في المجمع جلد 10 صفحه 281 رواه الطبراني في الكبير والأوسط ( 491 مجمع البحرين) باختصار وفيه عمرو بن بكر السكسكي وهو ضعيف . قلت: بلى متروك كما قال الحافظ في التقريب .

7537- قال في المجمع جلد 2 صفحه 251 فيه مسلمة بن علي وهو متروك . ورواه من هذه الطريق ابن عساكر جلد 4 صفحه 308 . ورواه تمام في الفوائد جلد 1 صفحه 141' وابن الأعرابي في معجمه جلد 2 صفحه 178 من حديث أبي هريرة . وحسنه شيخنا في سلسلة الصحيحة جلد 4 صفحه 397' والمراد باللحاء المخاصمة والمنازعة . وفي الأصل ركعتين وهو خطأ .

الْبَاهِلِيِّ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى الله عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُولُ: تَكْفِيرُ كُلِّ لِحَاءٍ رَكْعَتَانِ

## مَرِيحُ بْنُ مَسْرُوقٍ الْهَوْزَنِيُّ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ

## مریح بن مسروق الہوزنی' حضرت ابوامامہ سے روایت کرتے ہیں

**7538** - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ سَلَمَةَ الْخَبَائِرِيُّ، ثنا مَنِيعٌ السَّرِيُّ بْنُ الضَّحَّاكِ الْحَرَّانِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ حُمَيْدٍ الْيَزَنِيُّ، عَنْ مَرِيحِ بْنِ مَسْرُوقٍ الْهَوْزَنِيِّ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ الْبَاهِلِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى الله عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ الْمَعْرُوفَ لَا يَصْلُحُ إِلَّا لِذِي حَسَبٍ، أَوْ دِينٍ، أَوْ لِذِي حِلْمٍ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: نیکی حسب اور دین دار اور بردبار کے لیے بہتر ہے۔

**7539** - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عَبْدِ الْبَاقِي الْأَذَنِيُّ الْمِصِّيصِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَوْفٍ الْحِمْصِيُّ، ثنا أَبُو الْمُغِيرَةِ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ الشَّيْبَانِيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ شَيْخًا يُكَنَّى أَبَا عَبْدِ اللّٰهِ مَرِيحًا يُحَدِّثُ، أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا أُمَامَةَ، يُحَدِّثُ أَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى الله عَلَيْهِ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: مجھے اپنی اُمت پر بھوک کی وجہ سے مرنے کا خوف نہیں ہے' نہ دشمن کے غالب آنے کا لیکن مجھے اپنی اُمت پر گمراہ کن ائمہ (حکمرانوں) کا خوف ہے' اگر ان کی بات مانی جائے گی تو وہ لوگوں کو فتنہ میں مبتلا کریں گے اور اگر ان کی نافرمانی کریں گے تو وہ قتل کریں

7538- قال في المجمع جلد8صفحه183' وفيه سلمان ابن سلمة الخبائري' وهو متروك ورواه ابن عساكر (1/111/3) من طريق سليمان به الا أنه زاد بين مريح بن مسرق وأبي أمامة أبا زكريا . قال شيخنا في سلسلة الضعيفة جلد 2 صفحه 196' وهذا اسناد ساقط' من دون أبي زكريا لم أعرفهم غير سليمان بن سلمة الحمصي وهو متهم بالكذب . ثم أطال شيخنا فراجعه .

7539- قال في المجمع جلد7صفحه239' وفيه من لم أعرفه .

وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَسْتُ أَخَافُ عَلَى أُمَّتِي جُوعًا يَقْتُلُهُمْ، وَلَا عَدُوًّا يَجْتَاحُهُمْ، وَلَكِنِّي أَخَافُ عَلَى أُمَّتِي أَئِمَّةً مُضِلِّينَ، إِنْ أَطَاعُوهُمْ فَتَنُوهُمْ، وَإِنْ عَصَوْهُمْ قَتَلُوهُمْ

گے۔

## غَيْلَانُ بْنُ مَعْشَرٍ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

## غیلان بن معشر' حضرت ابوامامہ سے روایت کرتے ہیں

**7540** - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ دُحَيْمٍ الدِّمَشْقِيُّ، ثنا أَبِي مُبَشِّرُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ، ح وحَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عِرْقٍ الْحِمْصِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُصَفًّى، ثنا بَقِيَّةُ، ح وحَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ الْمُعَلَّى الدِّمَشْقِيُّ، وَالْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ قَالَا: ثنا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ يَحْيَى، قَالُوا: ثنا أَرْطَاةُ بْنُ الْمُنْذِرِ، ثنا غَيْلَانُ بْنُ مَعْشَرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا أُمَامَةَ يَقُولُ: تُوُفِّيَ رَجُلٌ عَلَى عَهْدِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمْ يَجِدُوا لَهُ كَفَنًا، فَقَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنَّا لَمْ نَجِدْ لَهُ كَفَنًا .قَالَ: الْتَمِسُوا فِي مِئْزَرِهِ .فَوَجَدُوا دِينَارَيْنِ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كَيَّتَانِ صَلُّوا عَلَى صَاحِبِكُمْ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ کے زمانہ میں ایک آدمی فوت ہوگیا تو صحابہ نے اس کیلئے کفن نہ پایا' پس عرض کی: اے اللہ کے رسول! ہمیں اس کیلئے کفن نہیں ملا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اس کی چادر میں تلاش کرو' پس اُنہوں نے دو دینار پائے۔ فرمایا: یہ دو سانپ ہیں' تم اپنے دوست کی نمازِ جنازہ پڑھو (میں نہیں پڑھوں گا)۔

## أَبُو رَاشِدٍ الْحُبْرَانِيُّ،

## ابوراشد حبرانی' حضرت ابوامامہ سے



7540- ورواه المصنف في مسند الشاميين رقم الحديث: 685 بلفظ يغاير ما هنا . لكنه صح من حديث سلمة بن الأكوع .

## عَنْ أَبِي أُمَامَةَ

روایت کرتے ہیں

**7541** - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ خُلَيْدٍ الْحَلَبِيُّ، ثنا عُبَيْدُ بْنُ جُنَادٍ، ثنا بَقِيَّةُ بْنُ الْوَلِيدِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ الْأَلْهَانِيِّ، عَنْ أَبِي رَاشِدٍ الْحُبْرَانِيِّ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ، قَالَ: أَخَذَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِيَدِي، فَقَالَ: يَا أَبَا أُمَامَةَ، إِنَّ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ مَنْ يَلِينُ لَهُ قَلْبِي

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے میرا ہاتھ پکڑا' فرمایا: اے ابوامامہ! مؤمنین میں سے کچھ ہیں جن کے لیے میرا دل نرم ہے۔

## زَيْدُ بْنُ أَرْطَاةَ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ

## زید بن ارطاة' حضرت ابوامامہ سے روایت کرتے ہیں

**7542** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَبَّاسِ الْأَخْرَمُ الْأَصْبَهَانِيُّ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ عَرَفَةَ، ثنا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ، عَنْ عِيسَى، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَرْطَاةَ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ الْبَاهِلِيِّ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا أُوتِيَ عَبْدٌ فِي هَذِهِ الدُّنْيَا خَيْرًا لَهُ مِنْ أَنْ يُؤْذَنَ لَهُ فِي رَكْعَتَيْنِ يُصَلِّيهِمَا

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: کسی آدمی کے لیے اس دنیا میں کوئی بھلائی نہیں ہے سوائے اس کے کہ اس کو دو رکعت نفل پڑھنے کی اجازت ملے۔

**7543** - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ حُمَيْدٍ الْأَصْبَهَانِيُّ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ مَنِيعٍ، ثنا أَبُو النَّضْرِ،

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: کسی بندہ کے لیے دو رکعتیں پڑھنے



---

7542- عيسى هذا ذكره ابن أبي حاتم والبخاري ولم يذكرا فيه جرحًا ولا تعديلًا فهو مجهول' وزيد بن أرطأة عن أبي أمامة مرسل' فالحديث ضعيف وفي المخطوطة خير له .

7543- ورواه أحمد جلد5صفحه268' والترمذي رقم الحديث: 3078' وقال غريب . وفي اسناده بكر بن خنيس صدوق له أغلاط وليث ابن أبي سليم صدوق اختلط أخيرًا ولم يتميز فترك كما قال الحافظ . ورواه الخطيب جلد 8 صفحه88' جلد12صفحه220 .

ثنا بَكْرُ بْنُ خُنَيْسٍ، عَنْ لَيْثِ بْنِ أَبِي سُلَيْمٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَرْطَاةَ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللہ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: مَا أُذِنَ لِعَبْدٍ فِي شَيْءٍ أَفْضَلَ مِنْ رَكْعَتَيْنِ يُصَلِّيهِمَا، إِنَّ الْبِرَّ لَيُذَرُّ عَلَى رَأْسِ الْعَبْدِ، مَا دَامَ فِي صَلَاتِهِ، وَمَا تَقَرَّبَ الْعِبَادُ إِلَى اللَّهِ عَزَّ وَجَلَّ بِمِثْلِ مَا خَرَجَ مِنْهُ قَالَ أَبُو النَّضْرِ: يَعْنِي الْقُرْآنَ

سے افضل کوئی شی نہیں ہے نیکی بندے کے سر پر گھومتی رہتی ہے جب تک وہ اس نماز میں ہوتا ہے بندہ اس شی کے ذریعے قرب حاصل کرتا ہے جس سے وہ نکل رہا ہے۔

حضرت ابونضر فرماتے ہیں کہ اس سے مراد قرآن ہے۔

## عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَزِيدَ بْنِ آدَمَ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ

## عبداللہ بن یزید بن آدم حضرت ابوامامہ سے روایت کرتے ہیں

**7544** - حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْعَبَّاسِ الْقُرْطِمِيُّ الْبَغْدَادِيُّ، ثنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عِيسَى الْعَطَّارُ، ثنا عَمْرُو بْنُ عَبْدِ الْجَبَّارِ، ثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ يَزِيدَ بْنِ آدَمَ، حَدَّثَنِي أَبُو الدَّرْدَاءِ، وَأَبُو أُمَامَةَ، وَوَاثِلَةُ بْنُ الْأَسْقَعِ، وَأَنَسُ بْنُ مَالِكٍ قَالُوا: سُئِلَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى الله عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنِ الرَّاسِخُونَ فِي الْعِلْمِ؟ قَالَ: هُوَ مَنْ بَرَّتْ يَمِينُهُ، وَصَدَقَ لِسَانُهُ، وَعَفَّ بَطْنُهُ وَفَرْجُهُ، فَذَاكَ الرَّاسِخُ

حضرت ابوالدرداء ابوامامہ واثلہ بن اسقع حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہم فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پوچھا گیا: علم میں راسخین سے مراد کیا ہے؟ فرمایا: جو اپنی قسم پوری کرتے ہیں اور ان کی زبان سچی ہوتی ہے اور اپنے پیٹ اور شرم گاہ کی حفاظت کرتے ہیں یہ ہی راسخین مراد ہیں۔

**7545** - حَدَّثَنَا مَحْمُودُ بْنُ مُحَمَّدٍ

حضرت ابوالدرداء ابوامامہ واثلہ بن اسقع انس بن



---

7544- قال في المجمع جلد 6 صفحه 324 وعبد الله بن يزيد ضعيف . قلت: قال أحمد: أحاديث موضوعة . وقال الجوزجاني: أحاديثه منكرة . وسيأتي قريبًا حال عمرو بن عبد الجبار .

7545- قال في المجمع جلد 1 صفحه 156 وفيه كثير بن مروان وهو ضعيف جدًا . وكذا قال جلد 7 صفحه 259 وقال جلد 1 صفحه 106 وفيه كثير بن مروان كذبه يحيى والدارقطني . وعلمت حال عبد الله بن يزيد آنفًا .

الْواسِطِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الصَّبَّاحِ الْجُرْجَانِيُّ، ثنا كَثِيرُ بْنُ مَرْوَانَ الْفِلَسْطِينِيُّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَزِيدَ بْنِ آدَمَ الدِّمَشْقِيِّ، قَالَ، حَدَّثَنِي أَبُو الدَّرْدَاءِ، وأَبُو أُمَامَةَ، ووَاثِلَةُ بْنُ الْأَسْقَعِ، وأَنَسُ بْنُ مَالِكٍ قَالُوا: خَرَجَ عَلَيْنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى الله عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمًا، وَنَحْنُ نَتَمَارَى فِي شَيْءٍ مِنْ أَمْرِ الدِّينِ، فَغَضِبَ غَضَبًا شَدِيدًا لَمْ يَغْضَبْ مِثْلَهُ، ثُمَّ انْتَهَرَنَا، فَقَالَ: مَهْلًا يَا أُمَّةَ مُحَمَّدٍ، إِنَّمَا هَلَكَ مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ بِهَذَا، أَخَذُوا الْمِرَاءَ لِقِلَّةِ خَيْرِهِ

مالک رضی اللہ عنہم فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ہمارے پاس آئے' ایک دن ہم ان کے معاملہ میں کسی شی کے متعلق جھگڑ رہے تھے' آپ سخت غصہ ہوئے' آپ کو غصہ کبھی نہیں آیا' پھر ہمیں ڈانٹا' فرمایا: اے اُمت محمد! چھوڑو! (یہ جھگڑے) تم سے پہلے لوگ اس وجہ سے ہلاک ہوئے تھے' اُنہوں نے دکھلاوے کی خیر کی کمی کے باوجود اسی کو اختیار کیا۔

**7546** - ذَرُوا الْمِرَاءَ، فَإِنَّ الْمُؤْمِنَ لَا يُمَارِي

ریاکاری چھوڑ دو کیونکہ مؤمن کی شان ریاکاری نہیں۔

**7547** - ذَرُوا الْمِرَاءَ، فَإِنَّ الْمُمَارِيَ قَدْ تَمَّتْ خَسَارَتُهُ

ریاکاری چھوڑ دو کیونکہ ریاکاری کرنے والا نقصان میں ہوتا ہے۔

**7548** - ذَرُوا الْمِرَاءَ، فَكَفَاكَ إِثْمًا أَنْ لَا تَزَالَ مُمَارِيًا

ریاکاری چھوڑ دو' تیرے گناہ گار ہونے کے لیے اتنا ہی کافی ہے کہ وہ مسلسل ریاکاری کرتا ہے۔

**7549** - ذَرُوا الْمِرَاءَ، فَإِنَّ الْمُمَارِيَ لَا أَشْفَعُ لَهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

ریاکاری چھوڑ دو کیونکہ ریاکاری کرنے والے کی میں قیامت کے دن شفاعت نہیں کروں گا۔

**7550** - ذَرُوا الْمِرَاءَ، فَأَنَا زَعِيمٌ بِثَلَاثِ أَبْيَاتٍ فِي الْجَنَّةِ فِي رِبَاضِهَا، وَوَسَطِهَا، وَأَعْلَاهَا لِمَنْ تَرَكَ الْمِرَاءَ وَهُوَ صَادِقٌ

ریاکاری چھوڑ دو! میں جنت میں تین جگہ کا ذمہ دار ہوں' جو ریاکاری چھوڑے اگرچہ وہ سچا ہو' شروع' درمیان' بلند۔

**7551** - ذَرُوا الْمِرَاءَ، فَإِنَّ أَوَّلَ مَا نَهَانِي عَنْهُ رَبِّي بَعْدَ عِبَادَةِ الْأَوْثَانِ الْمِرَاءُ، وَشُرْبُ الْخَمْرِ

ریاکاری چھوڑ دو کیونکہ مجھے میرے رب نے بتوں کی عبادت کے بعد جس سے منع کیا ہے وہ ریا اور شراب پینا ہے۔

7552 - ذَرُوا الْمِرَاءَ، فَإِنَّ الشَّيْطَانَ قَدْ يَئِسَ أَنْ يُعْبَدَ، وَلَكِنَّهُ قَدْ رَضِيَ مِنْكُمْ بِالتَّحْرِيشِ، وَهُوَ الْمِرَاءُ

ریا کاری چھوڑ دو کیونکہ شیطان بندوں کو بتوں کی عبادت کروانے سے مایوس ہو چکا ہے لیکن تم میں ریا کاری پھیلانے پر خوش ہے۔

7553 - ذَرُوا الْمِرَاءَ، فَإِنَّ بَنِي إِسْرَائِيلَ افْتَرَقُوا عَلَى إِحْدَى وَسَبْعِينَ فِرْقَةً، وَالنَّصَارَى عَلَى ثِنْتَيْنِ وَسَبْعِينَ فِرْقَةً كُلُّهُمْ عَلَى الضَّلَالَةِ إِلَّا السَّوَادَ الْأَعْظَمَ . قَالُوا: يَا رَسُولَ اللهِ، وَمَنِ السَّوَادُ الْأَعْظَمُ؟ قَالَ: مَنْ كَانَ عَلَى مَا أَنَا عَلَيْهِ، وَأَصْحَابِي مَنْ لَمْ يُمَارِ فِي دِينِ اللهِ، وَمَنْ لَمْ يُكَفِّرْ أَحَدًا مِنْ أَهْلِ التَّوْحِيدِ بِذَنْبٍ غُفِرَ لَهُ

ریا کاری چھوڑ دو کیونکہ بنی اسرائیل کے ۷۱ فرقے تھے' عیسائیوں کے ۷۲ گمراہ فرقے تھے سوائے سوادِ اعظم کے۔ صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! سوادِ اعظم سے مراد کیا ہے؟ آپ نے فرمایا: جو اس عقیدہ پر ہے جس پر میں اور میرے صحابہ ہیں' دین میں ریا کاری بھی نہیں کرتے ہیں' توحید والوں کی کسی گناہ کی وجہ سے تکفیر نہیں کرتے ہیں' اس پر ان کو بخش دیا گیا ہے۔

7554 - ثُمَّ قَالَ: إِنَّ الْإِسْلَامَ بَدَأَ غَرِيبًا، وَسَيَعُودُ غَرِيبًا . قَالُوا: يَا رَسُولَ اللهِ، وَمَنِ الْغُرَبَاءُ؟ قَالَ: الَّذِينَ يُصْلِحُونَ إِذَا فَسَدَ النَّاسُ، وَلَا يُمَارُونَ فِي دِينِ اللهِ، وَلَا يُكَفِّرُونَ أَحَدًا مِنْ أَهْلِ التَّوْحِيدِ بِذَنْبٍ

پھر فرمایا: اسلام غریب سے شروع ہوا' غریب میں ہی واپس آئے گا۔ صحابہ کرام نے عرض کی: غرباء سے مراد کیا ہے؟ آپ نے فرمایا: جب لوگوں میں فساد ہو تو وہ اصلاح کریں' دین کے متعلق نہ جھگڑیں' گناہ کی وجہ سے توحید و سنت والوں کی تکفیر نہ کریں۔

7555 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ سُفْيَانَ الرَّقِّيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ مَيْمُونٍ الرَّقِّيُّ، ثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ خَالِدٍ الْقُرْقُسَانِيُّ عَبْدُونَ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ يَزِيدَ الْأَوْدِيِّ، عَنْ أَبِي الدَّرْدَاءِ، وَوَاثِلَةَ بْنِ الْأَسْقَعِ، وَأَبِي أُمَامَةَ، وَأَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالُوا: كُنَّا فِي مَجْلِسٍ فِيهِ نَاسٌ مِنَ الْيَهُودِ، وَنَحْنُ نَتَذَاكَرُ الْقَدَرَ، فَخَرَجَ عَلَيْنَا النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُغْضَبًا، فَعَبَسَ،

حضرت ابوالدرداء' واثلہ بن اسقع' ابوامامہ' انس بن مالک رضی اللہ عنہم فرماتے ہیں کہ ہم یہود کی ایک مجلس میں تھے' ہم تقدیر کے متعلق گفتگو کر رہے تھے' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم غصہ کی حالت میں تیوری چڑھا کر ہمارے پاس آئے اور آپ نے جھڑکا' پھر فرمایا: چھوڑو! چھوڑو! اے اُمتِ محمد! دو گہری اور اندھیری وادیاں ہیں' اس میں نہ جھگڑو' پھر آپ نے یہود کو کھڑے ہونے کا حکم دیا' پھر فرمایا: آپ نے دایاں ہاتھ پھیلایا اور بائیں ہاتھ کی انگلیاں پھیلائیں۔

وَقَطَبَ، وَانْتَهَرَ، ثُمَّ قَالَ: مَهْ مَهْ، اتَّقُوا اللَّهَ يَا أُمَّةَ مُحَمَّدٍ، وَادِيَانِ عَمِيقَانِ قَعْرَانِ مُظْلِمَانِ، لَا تَهْتَجُوا عَلَيْكُمْ وَهَجَ النَّارِ، ثُمَّ أَمَرَ الْيَهُودَ أَنْ يَقُومُوا، ثُمَّ قَالَ وَبَسَطَ يَمِينَهُ، وَبَسَطَ إِصْبَعَهُ الشِّمَالَ

7556 - ثُمَّ قَالَ: بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيمِ، هَذَا كِتَابٌ مِنَ اللَّهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيمِ بِأَسْمَاءِ أَهْلِ الْجَنَّةِ آبَائِهِمْ وَأَبْنَائِهِمْ وَعَشَائِرِهِمْ، فَرَغَ رَبُّكُمْ، فَرَغَ رَبُّكُمْ، ثُمَّ بَسَطَ شِمَالَهُ، ثُمَّ أَشَارَ إِلَيْهَا بِأُصْبُعِهِ الْيَمِينِ

پھر فرمایا: اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان رحم کرنے والا ہے' یہ اللہ رحمٰن ورحیم کی طرف سے کتاب ہے' اس میں جنت میں رہنے والے' ان کے آباء' ان کے بیٹے اور ان کے خاندان کے نام ہیں' تمہارا رب لکھ چکا ہے' تمہارا رب لکھ چکا ہے' پھر آپ نے بایاں ہاتھ پھیلایا پھر اس کی طرف اپنے دائیں انگلی سے اشارہ کیا۔

7557 - ثُمَّ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيمِ، هَذَا كِتَابٌ مِنَ الرَّحْمَنِ الرَّحِيمِ بِأَسْمَاءِ أَهْلِ النَّارِ، وَأَسْمَاءِ آبَائِهِمْ وَأَبْنَائِهِمْ وَعَشَائِرِهِمْ، فَرَغَ رَبُّكُمْ، فَرَغَ، رَبُّكُمْ، فَرَغَ رَبُّكُمْ

پھر فرمایا کہ حضور ﷺ نے فرمایا: ہم اللہ کے نام سے شروع کرتے ہیں جو بڑا مہربان ہمیشہ رحم کرنے والا ہے' یہ کتاب رحمٰن و رحیم کی طرف سے ہے' اس میں جہنم والوں کے نام ہیں' ان کے آباء اور بیٹے اور خاندان کے نام ہیں' تمہارا رب لکھ چکا ہے' تین مرتبہ فرمایا۔

7558 - حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْعَبَّاسِ الْقَرْطِمِيُّ، ثنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عِيسَى الْعَطَّارُ، ثنا عَمْرُو بْنُ عَبْدِ الْجَبَّارِ، ثنا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ يَزِيدَ بْنِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ عزوجل رخصت کو ایسے پسند کرتا ہے جس طرح بندہ پسند کرتا ہے کہ رب اس کو بخش دے۔



7558- ورواه فى الأوسط (136 مجمع البحرين)' وهو باطل بهذا اللفظ والآفة من عمرو بن عبد الجبار قال ابن عدى روى عن عمه مناكير' وعن شيخه عبد الله بن يزيد قال شيخنا فى سلسلة الضعيفة والموضوعة جلد 2صفحه5 بل هو بالحمل عليه فيه أولى فقد قال أحمد أحاديثه موضوعة فراجعه . قال فى المجمع جلد3صفحه163 وعبد الله بن يزيد ضعفه أحمد وغيره . وقال جلد 7صفحه202' وفيه عبد الله ابن يزيد بن آدم قال أحمد وغيره . وقال جلد7صفحه202 أحمد أحاديثه موضوعة .

آدَمَ، حَدَّثَنِي أَبُو الدَّرْدَاءِ، وَوَاثِلَةُ بْنُ الْأَسْقَعِ، وَأَبُو أُمَامَةَ، وَأَنَسُ بْنُ مَالِكٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى الله عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ أَنْ تُقْبَلَ رُخْصَةُ كَمَا يُحِبُّ الْعَبْدُ مَغْفِرَةَ رَبِّهِ

## يَزِيدُ بْنُ خُمَيْرٍ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ

## یزید بن خمیر' حضرت ابوامامہ سے روایت کرتے ہیں

**7559** - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ بْنِ نَجْدَةَ الْحَوْطِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ صَالِحٍ الْوُحَاظِيُّ، ثنا جَمِيعُ بْنُ ثَوْبٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ خُمَيْرٍ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى الله عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ إِذَا بَعَثَ أَمِيرًا قَالَ: أَقْصِرِ الْخُطْبَةَ، وَأَقِلَّ الْكَلَامَ، فَإِنَّ مِنَ الْكَلَامِ سِحْرًا

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب امیر کو بھیجتے تو آپ فرماتے: مختصر خطبہ اور مختصر گفتگو کرنا کیونکہ کلام بھی ایک جادو ہے۔

## عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ غَابِرٍ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ

## عبداللہ بن غابر' حضرت ابوامامہ سے روایت کرتے ہیں

**7560** - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا سَهْلُ بْنُ عُثْمَانَ، ثنا الْمُحَارِبِيُّ، عَنِ الْأَحْوَصِ بْنِ حَكِيمٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ غَابِرٍ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى الله عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ صَلَّى صَلَاةَ الصُّبْحِ فِي مَسْجِدِ جَمَاعَةٍ يَثْبُتُ فِيهِ حَتَّى

حضرت ابوامامہ الباہلی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے تھے: جس نے فجر کی نماز باجماعت پڑھی پھر وہاں بیٹھا رہا' نمازِ چاشت ادا کی' اس کے لیے مکمل ایک حج وعمرہ کا ثواب ہے۔



---

7560- قال في المجمع جلد10 صفحه104 وفيه الأحوص بن حكيم وثقه العجلي وغيره وضعفه جماعة وبقية رجاله ثقات وفي بعضهم خلاف . وقال في الترغيب جلد1 صفحه236 اسناده جيد .

يُصَلِّيَ سُبْحَةَ الضُّحَى، كَانَ كَأَجْرِ حَاجٍّ، أَوْ مُعْتَمِرٍ تَامًّا حَجَّتُهُ وَعُمْرَتُهُ

## سُلَيْمُ بْنُ عَامِرٍ أَبُو يَحْيَى الْخَبَائِرِيُّ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ مُعَاوِيَةُ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ سُلَيْمِ بْنِ عَامِرٍ

**7561** - حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ سَهْلٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي مُعَاوِيَةُ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ أَبِي يَحْيَى سُلَيْمِ بْنِ عَامِرٍ أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا أُمَامَةَ الْبَاهِلِيَّ، يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي حَجَّةِ الْوَدَاعِ عَلَى الْجَدْعَاءِ، قَدْ جَعَلَ رِجْلَيْهِ فِي غَرْزِ الرِّكَابِ يَتَطَاوَلُ لِيُسْمِعَ النَّاسَ، فَقَالَ: أَلَا تَسْمَعُونَ؟ يُطَوِّلُ صَوْتَهُ، فَقَالَ قَائِلٌ مِنْ طَوَائِفِ النَّاسِ: مَا تَعْهَدُ إِلَيْنَا، فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اعْبُدُوا رَبَّكُمْ، وَصَلُّوا خَمْسَكُمْ، وَصُومُوا شَهْرَكُمْ، وَأَدُّوا زَكَاةَ أَمْوَالِكُمْ، وَأَطِيعُوا ذَا أَمْرِكُمْ تَدْخُلُوا جَنَّةَ رَبِّكُمْ قَالَ أَبُو يَحْيَى: فَقُلْتُ: يَا أَبَا أُمَامَةَ مِثْلُ مَنْ أَنْتَ يَوْمَئِذٍ؟ قَالَ: ابْنُ ثَلَاثِينَ سَنَةً أُزَاحِمُ الْعِيرَ حَتَّى إِنِّي أُزْحِمُهُ قَدَمًا إِلَى رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ

## سلیم بن عامر ابو یحییٰ خبائری‘ حضرت ابوامامہ معاویہ بن صالح سے‘ وہ سلیم بن عامر سے روایت کرتے ہیں

حضرت ابوامامہ الباہلی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو حجۃ الوداع کے موقع پر جدعاء اونٹنی پر فرماتے ہوئے سنا‘ آپ نے دونوں پاؤں مبارک زین میں رکھے ہوئے تھے‘ اونچی جگہ پر تا کہ لوگ سن سکیں۔ آپ نے فرمایا: کیا تم سن رہے ہو؟ آپ نے اپنی آواز بلند کی‘ لوگوں میں سے کچھ نے عرض کی: ہم سے کیا وعدہ لیتے ہیں‘ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تم اپنے رب کی عبادت کرو‘ پانچ نمازیں پڑھو‘ ماہِ رمضان کے روزے رکھو‘ اپنے اموال کی زکوٰۃ دو‘ نیک صالح حکمرانوں کی اطاعت کرو‘ تم اپنے رب کی جنت میں داخل ہو گے۔ حضرت ابویحییٰ فرماتے ہیں: میں نے ابوامامہ سے کہا: آپ اس دن کتنی عمر کے تھے؟ فرمایا: تیس سال کی عمر کا‘ میں قافلے والوں سے بھیڑ کرنے لگا یہاں تک کہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے قدموں کے پاس جا پہنچا تھا۔



7561- ورواه المصنف في مسند الشاميين رقم الحديث:1967 .

عَلَيْهِ وَسَلَّمْ

**7562** - حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ سَهْلٍ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي مُعَاوِيَةُ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ سُلَيْمِ بْنِ عَامِرٍ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى الله عَلَيْهِ وَسَلَّمْ قَالَ: إِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ يُدْخِلُ مِنْ أُمَّتِي الْجَنَّةَ سَبْعِينَ أَلْفًا بِغَيْرِ حِسَابٍ .قَالَ يَزِيدُ بْنُ الْأَخْنَسِ السُّلَمِيُّ: وَمَا هٰذَا فِي أُمَّتِكَ إِلَّا كَالذُّبَابِ الْأَزْرَقِ فِي الذِّبَّانِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى الله عَلَيْهِ وَسَلَّمْ: يَدْخُلُ الْجَنَّةَ مِنْ أُمَّتِي سَبْعُونَ أَلْفًا، مَعَ كُلِّ أَلْفٍ سَبْعُونَ أَلْفًا وَثَلَاثُ حَثَيَاتٍ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: اللہ عزوجل میری اُمت کے ستر ہزار لوگوں کو بغیر حساب کے جنت میں داخل کرے گا۔ حضرت یزید بن اخنس السلمی فرماتے ہیں: آپ کی اُمت گوشت پر مکھیاں بیٹھنے کی طرح ہوگی' حضورﷺ نے فرمایا: میری اُمت کے ستّر ہزار لوگ بغیر حساب کے جنت میں جائیں گے' ہر ہزار کے ساتھ ستّر ہزار ہوں گے اور تین چلّو۔

**7563** - قَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، وَمَا سَعَةُ حَوْضِكَ؟ قَالَ: مِثْلُ مَا بَيْنَ عَدْنٍ وَعُمَانَ، وَهُوَ أَوْسَعُ وَأَوْسَعُ، وَأَشَارَ بِيَدِهِ .فِيهِ شِعْبَانِ مِنْ ذَهَبٍ وَفِضَّةٍ .قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، فَمَا شَرَابُهُ؟ قَالَ: شَرَابُهُ أَبْيَضُ مِنَ اللَّبَنِ، وَأَحْلَى مَذَاقَةً مِنَ الْعَسَلِ، وَأَطْيَبُ رِيحًا مِنَ الْمِسْكِ

صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ کے حوض کی وسعت کتنی ہے؟ آپ نے فرمایا: عدن اور عمان کے درمیان جتنی' اس سے زیادہ وسیع اور اس سے زیادہ وسیع۔ آپ نے اپنے دست مبارک سے اشارہ کیا' اس میں برتن سونے اور چاندی کے ہوں گے۔ صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! اس میں شربت کیا ہوگا؟ آپ نے فرمایا: دودھ سے زیادہ سفید اور شہد سے زیادہ میٹھا اور کستوری خوشبو سے زیادہ خوشبودار ہوگا۔

**7564** - حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ سَهْلٍ، ثنا عَبْدُ

حضرت ابوامامہ الباہلی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

---

7562- ورواه أحمد جلد5صفحه268,251,250' قال في المجمع جلد 10صفحه363,362 قلت عند الترمذي رقم الحديث:2554' وابن ماجه رقم الحديث:4286 بعضه' رواه أحمد والطبراني ورجال أحمد بعض أسانيد الطبراني رجال الصحيح الا أنه قال في الطبراني فما شرابه؟ قال: شرابه أبيض من اللبن وأحلى مذاقة من العسل . ورواه المصنف في مسند الشاميين رقم الحديث:1968 .

7564- ورواه المصنف في مسند الشاميين رقم الحديث:1966 بهذا الاسناد واللفظ . قال الحافظ الهيثمي في

اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي مُعَاوِيَةُ، عَنْ سُلَيْمِ بْنِ عَامِرٍ، أَنَّهُ حَدَّثَهُ أَنَّ أَبَا أُمَامَةَ الْبَاهِلِيَّ حَدَّثَهُ قَالَ: خَرَجَ عَلَيْنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعْدَ صَلَاةِ الصُّبْحِ، فَقَالَ: إِنِّي رَأَيْتُ رُؤْيَا هِيَ حَقٌّ فَاعْقِلُوهَا، أَتَانِي رَجُلٌ فَأَخَذَ بِيَدِي، فَاسْتَتْبَعَنِي حَتَّى أَتَى بِي جَبَلًا وَعْرًا طَوِيلًا، فَقَالَ لِي: ارْقَهْ فَقُلْتُ: إِنِّي لَا أَسْتَطِيعُ، فَقَالَ: إِنِّي سَأُسَهِّلُهُ لَكَ، فَجَعَلْتُ كُلَّمَا رَقِيتُ قَدَمِي وَضَعْتُهَا عَلَى دَرَجَةٍ حَتَّى اسْتَوَيْنَا عَلَى سَوَاءِ الْجَبَلِ فَانْطَلَقْنَا، فَإِذَا نَحْنُ بِرِجَالٍ وَنِسَاءٍ مُشَقَّقَةٌ أَشْدَاقُهُمْ، فَقُلْتُ: مَنْ هَؤُلَاءِ؟ قَالَ هَؤُلَاءِ الَّذِينَ يَقُولُونَ مَا لَا يَعْلَمُونَ، ثُمَّ انْطَلَقْنَا، فَإِذَا نَحْنُ بِرِجَالٍ وَنِسَاءٍ مُسَمَّرَةٌ أَعْيُنُهُمْ وآذَانُهُمْ ۔ فَقُلْتُ: مَا هَؤُلَاءِ؟ قَالَ: هَؤُلَاءِ الَّذِينَ يُرُونَ أَعْيُنَهُمْ مَا لَا يَرَوْنَ، وَيُسْمِعُونَ آذَانَهُمْ مَا لَا يَسْمَعُونَ، ثُمَّ انْطَلَقْنَا، فَإِذَا نَحْنُ بِنِسَاءٍ مُعَلَّقَاتٍ بِعَرَاقِيبِهِنَّ مُصَوَّبَةٌ رُءُوسُهُنَّ، تَنْهَشُ ثُدَاهُنَّ الْحَيَّاتُ، قُلْتُ: مَا هَؤُلَاءِ؟ قَالَ: هَؤُلَاءِ الَّذِينَ يَمْنَعُونَ أَوْلَادَهُنَّ مِنْ أَلْبَانِهِنَّ ۔ ثُمَّ انْطَلَقْنَا، فَإِذَا نَحْنُ بِرِجَالٍ وَنِسَاءٍ مُعَلَّقَاتٍ بِعَرَاقِيبِهِنَّ مُصَوَّبَةٌ رُءُوسُهُنَّ يَلْحَسْنَ مِنْ مَاءٍ قَلِيلٍ وَحَمَإٍ، فَقُلْتُ: مَا هَؤُلَاءِ

سلیم بن عامر عن ابی امامة عن سلیم بن عامر

حضور ﷺ ہمارے پاس نمازِ فجر کے بعد آئے' آپ نے فرمایا: میں نے اچھا خواب دیکھا ہے' وہ درست ہے' اس کو سمجھو کہ میرے پاس ایک آدمی آیا' اس نے میرا ہاتھ پکڑا' مجھے پیچھے کیا' مجھے ایک بلند اور لمبے پہاڑ پر لے آیا' مجھے فرمایا: تم چڑھو! میں نے کہا: میں چڑھنے کی طاقت نہیں رکھتا ہوں' اس نے عرض کی: میں آپ کے لیے آسان کر دوں گا' میں جب بھی ایک قدم اُٹھاتا تو ایک سیڑھی پر رکھتا یہاں تک کہ ہم پہاڑ کی چوٹی پر چڑھ گئے' پس ہم چلے' تو ہم نے مردوں اور عورتوں کو دیکھا کہ ان کی باچھیں چیر دی گئی ہیں' میں نے کہا: یہ کون ہیں؟ عرض کی: یہ وہ لوگ ہیں جو کہتے تھے وہ کچھ جانتے نہ تھے۔ پھر ہم چلے تو ہم نے ایسے مرد و عورتیں دیکھیں کہ ان کی آنکھوں میں اور کانوں میں گرم سلاخیں پھیری جا رہی ہیں' میں نے کہا: یہ کون ہیں؟ عرض کی: وہ لوگ جو جھوٹے خواب بیان کرتے تھے' اَن سنی گفتگو سناتے تھے۔ پھر ہم چلے تو ہم نے ایسی عورتیں دیکھیں جن کو گردنوں سے باندھا ہوا ہے' ان کے سر کھڑے ہیں' ان کے پستان سانپ نوچ رہے ہیں' میں نے کہا: یہ کون ہیں؟ عرض کی: یہ وہ عورتیں ہیں جو اپنی اولاد کو دودھ نہیں پلاتی تھیں۔ پھر ہم چلے تو ہم نے مرد و عورتیں دیکھیں جو گردنوں سے بندھی ہوئی ہیں' ان کے سر کھڑے ہیں' وہ پیپ چاٹ رہے ہیں' میں نے کہا: یہ کون لوگ ہیں؟ عرض کی: یہ وہ لوگ ہیں جو روزہ رکھتے تھے اور افطار کا وقت ہونے سے

---

مجمع الزوائد جلد 1 صفحہ77' ورجالہ رجال الصحیح ۔ وانظر ما بعدہ ۔ کذا فی المخطوطة ومسند الشامیین وجمع الجوامع للسیوطی الذین یمنعون أولادھن ۔

؟ قَالَ: هَؤُلَاءِ الَّذِينَ يَصُومُونَ وَيُفْطِرُونَ قَبْلَ تَحِلَّةِ صَوْمِهِمْ، ثُمَّ انْطَلَقْنَا فَإِذَا نَحْنُ بِرِجَالٍ وَنِسَاءٍ أَقْبَحِ شَيْءٍ مَنْظَرًا، وَأَقْبَحِهِ لُبُوسًا، وَأَنْتَنِهِ رِيحًا كَأَنَّمَا رِيحُهُمُ الْمَرَاحِيضُ. قُلْتُ: مَا هَؤُلَاءِ؟ قَالَ: هَؤُلَاءِ الزَّانُونَ وَالزُّنَاةُ، ثُمَّ انْطَلَقْنَا فَإِذَا نَحْنُ بِمَوْتَى أَشَدِّ شَيْءٍ انْتِفَاخًا، وَأَنْتَنِهِ رِيحًا قُلْتُ: مَا هَؤُلَاءِ؟ قَالَ: هَؤُلَاءِ مَوْتَى الْكُفَّارِ. ثُمَّ انْطَلَقْنَا وَإِذَا نَحْنُ نَرَى دُخَانًا، وَنَسْمَعُ عُوَاءً قُلْتُ: مَا هَذَا؟ قَالَ: هَذِهِ جَهَنَّمُ فَدَعْهَا. ثُمَّ انْطَلَقْنَا، فَإِذَا نَحْنُ بِرِجَالٍ نِيَامٍ تَحْتَ ظِلَالِ الشَّجَرِ، قُلْتُ: مَا هَؤُلَاءِ؟ قَالَ: مَوْتَى الْمُسْلِمِينَ. ثُمَّ انْطَلَقْنَا، فَإِذَا نَحْنُ بِغِلْمَانٍ، وَجَوَارٍ يَلْعَبُونَ بَيْنَ نَهْرَيْنِ، قُلْتُ: مَا هَؤُلَاءِ؟ قَالَ: ذُرِّيَّةُ الْمُؤْمِنِينَ. ثُمَّ انْطَلَقْنَا، فَإِذَا نَحْنُ بِرِجَالٍ أَحْسَنِ شَيْءٍ وَجْهًا، وَأَحْسَنِهِ لُبُوسًا، وَأَطْيَبِهِ رِيحًا كَأَنَّ وُجُوهَهُمِ الْقَرَاطِيسُ قُلْتُ: مَا هَؤُلَاءِ؟ قَالَ: هَؤُلَاءِ الصِّدِّيقُونَ وَالشُّهَدَاءُ وَالصَّالِحُونَ. ثُمَّ انْطَلَقْنَا فَإِذَا نَحْنُ بِثَلَاثَةِ نَفَرٍ يَشْرَبُونَ خَمْرًا لَهُمْ، وَيَتَغَنَّوْنَ، فَقُلْتُ: مَا هَؤُلَاءِ؟ قَالَ: ذَلِكَ زَيْدُ بْنُ حَارِثَةَ، وَجَعْفَرٌ، وَابْنُ رَوَاحَةَ، فَمِلْتُ قِبَلَهُمْ فَقَالُوا: قَدْ نَالَكَ، قَدْ نَالَكَ. قَالَ: ثُمَّ رَفَعْتُ رَأْسِي، فَإِذَا ثَلَاثَةُ نَفَرٍ تَحْتَ الْعَرْشِ، قُلْتُ: مَا هَؤُلَاءِ؟ قَالَ: ذَاكَ أَبُوكَ إِبْرَاهِيمُ،

پہلے افطار کرتے تھے۔ پھر ہم چلے تو ہم ایسے مرد اور عورتوں کے پاس سے گزرے کہ انتہائی بُرا منظر ہے کہ ان کا لباس انتہائی بُرا ہے' ان سے ایسی بدبو آ رہی ہے جس طرح بیت الخلاء کی آتی ہے' میں نے کہا: یہ کون ہیں؟ عرض کی: یہ زانی مرد و عورتیں ہیں۔ پھر ہم چلے تو وہاں مرد ہیں وہ پھٹے ہوئے ہیں' ان سے بدبو آ رہی ہے' میں نے کہا: یہ کون لوگ ہیں؟ عرض کی: کافر مرے ہیں۔ پھر ہم چلے تو ہم نے دھواں دیکھا اور ہم نے بھونکنے کی آواز سنی' میں نے کہا: یہ کون ہیں؟ عرض کی: یہ جہنم ہے اس کو چھوڑیں۔ پھر ہم چلے تو وہاں مرد درختوں کے سائے میں سوئے ہوئے تھے میں نے کہا: یہ کون ہیں؟ عرض کی: مسلمان مرد۔ پھر ہم چلے تو ہم نے غلمان دیکھے اور ان کی بچیاں اور بچے دو نہروں کے درمیان کھیل رہے ہیں' میں نے کہا: یہ کون ہیں؟ عرض کی: مؤمنوں کی اولاد۔ پھر ہم چلے تو وہاں ایسے مرد دیکھے جن کے چہرے خوبصورت' اچھا لباس' اچھی خوشبو' ان کے چہرے سفید کاغذ کی طرح ہیں' میں نے کہا: یہ کون ہیں؟ عرض کی: صدیقین' شہداء' صالحین۔ پھر ہم چلے تو ہم نے تین افراد دیکھے کہ ان کو شراب پلا رہے ہیں اور گا رہے ہیں' میں نے کہا: یہ کون ہیں؟ عرض کی: حضرت زید بن ثابت' جعفر' ابن رواحہ۔ میں ان کے قریب ہوا' اُنہوں نے عرض کی: ہم نے پالیا' ہم نے پالیا' ہم نے پالیا۔ پھر فرمایا: میں نے اپنا سر اُٹھایا' تین آدمی عرش کے نیچے تھے میں نے کہا: یہ کون ہیں؟ عرض کی: آپ کے والد حضرت ابراہیم وموسیٰ وعیسیٰ علیہم السلام' وہ آپ کے انتظار میں ہیں'

وَمُوسَى، وَعِيسَى، وَهُمْ يَنْتَظِرُونَكَ صَلَّى الله عَلَيْهِمْ أَجْمَعِينَ

اللہ کی ان تمام پر رحمت ہو۔



## عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ يَزِيدَ بْنِ جَابِرٍ، عَنْ سُلَيْمِ بْنِ عَامِرٍ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ

## عبدالرحمٰن بن یزید بن جابر' سلیم بن عامر سے اور وہ حضرت ابوامامہ سے روایت کرتے ہیں

**7565** - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ الْمُعَلَّى الدِّمَشْقِيُّ، ثنا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، ثنا صَدَقَةُ بْنُ خَالِدٍ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ يَزِيدَ بْنِ جَابِرٍ، ح وحَدَّثَنَا إِدْرِيسُ بْنُ عَبْدِ الْكَرِيمِ الْحَدَّادُ الْمُقْرِءُ، ثنا الْهَيْثَمُ بْنُ خَارِجَةَ، ثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنُ يَزِيدَ بْنِ جَابِرٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي يَحْيَى سُلَيْمِ بْنِ عَامِرٍ الْحِمْصِيِّ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا أُمَامَةَ يُحَدِّثُ، عَنْ رَسُولِ اللهِ صَلَّى الله عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: بَيْنَا أَنَا نَائِمٌ إِذْ أُتِيتُ فَانْطُلِقَ بِي إِلَى جَبَلٍ وَعْرٍ، فَقِيلَ اصْعَدْ، فَقُلْتُ: إِنِّي لَسْتُ أَسْتَطِيعُ الصُّعُودَ، قَالَ: أَنَا سَأُسَهِّلُهُ لَكَ .قَالَ: فَصَعِدْتُ حَتَّى إِذَا كُنْتُ فِي سَوَاءِ الْجَبَلِ، إِذْ أَنَا بِأَصْوَاتٍ، فَقُلْتُ: مَا هَذِهِ الْأَصْوَاتُ؟ قِيلَ: هَذِهِ أَصْوَاتُ جَهَنَّمَ. ثُمَّ انْطَلَقَ بِي حَتَّى مَرَرْتُ بِقَوْمٍ أَشَدِّ شَيْءٍ

حضرت ابوامامہ الباہلی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ ہمارے پاس نمازِ فجر کے بعد آئے' آپ نے فرمایا: میں نے اچھا خواب دیکھا ہے' وہ درست ہے' اس کو سمجھو کہ میرے پاس ایک آدمی آیا' اس نے میرا ہاتھ پکڑا' مجھے پیچھے کیا' مجھے ایک بلند پہاڑ پر لے آئے' مجھے فرمایا: تم چڑھو! میں نے کہا: میں چڑھنے کی طاقت نہیں رکھتا ہوں' اس نے عرض کی: میں آپ کے لیے آسان کردوں گا' میں جب بھی ایک قدم اُٹھاتا تو ایک سیڑھی پر رکھتا یہاں تک کہ پہاڑ کی چوٹی پر چڑھ گئے' میں نے آوازیں سنیں' میں نے کہا: یہ آوازیں کیسی ہیں؟ کہا گیا: یہ جہنم والوں کی آوازیں ہیں' عرض کی: یہ وہ لوگ ہیں جو مجھے کہتے تھے جانتے تھے۔ پھر ہم چلے تو ہم ایسے مرد اور عورتوں کے پاس سے گزرے کہ انتہائی بُرا منظر ہے کہ ان کا لباس انتہائی بُرا ہے' ان سے ایسی بدبو آرہی ہے جس طرح بیت الخلاء کی آتی ہے' میں نے کہا: یہ کون ہیں؟ عرض کی: یہ زانی مرد و عورتیں ہیں۔

---

7565- ورواه ابن خزيمة فى صحيحه رقم الحديث: 1986' وابن حبان فى صحيحة رقم الحديث: 1800' والمصنف فى مسند الشاميين رقم الحديث: 577' والحاكم جلد 1 صفحه430' وصححه على شرط مسلم ووافقه الذهبى . والبيهقى فى اثبات عذاب القبر رقم الحديث:98 .

انتِفَاخًا، وَأَسْوَئِهِ مَنْظَرًا، وَأَنْتَنِهِ رِيحًا رِيحُهُمْ رِيحُ الْمَرَاحِيضِ، قُلْتُ: مَنْ هَؤُلَاءِ؟ قِيلَ: هَؤُلَاءِ الزَّانُونَ وَالزَّوَانِي ۔ ثُمَّ انْطَلَقَ بِي حَتَّى مَرَّ بِي عَلَى نِسْوَةٍ مُعَلَّقَاتٍ بِثَدْيِهِنَّ، تَنْهَشُ بِهِنَّ الْحَيَّاتُ، قُلْتُ: مَنْ هَؤُلَاءِ؟ قَالُوا: هَؤُلَاءِ اللَّوَاتِي يَمْنَعْنَ أَوْلَادَهُنَّ أَلْبَانَهُنَّ، ثُمَّ انْطَلَقَ بِي حَتَّى مَرَرْتُ عَلَى قَوْمٍ مُعَلَّقِينَ بِعَرَاقِيبِهِمْ مُشَقَّقَةٌ أَشْدَاقُهُمْ تَسِيلُ أَشْدَاقُهُمْ دَمًا، فَقُلْتُ: مَنْ هَؤُلَاءِ؟ قَالَ: هَؤُلَاءِ الَّذِينَ يُفْطِرُونَ قَبْلَ حِينِ فِطْرِهِمْ، ثُمَّ انْطَلَقَ بِي حَتَّى أَشْرَفْتُ عَلَى ثَلَاثَةِ نَفَرٍ يَشْرَبُونَ مِنْ خَمْرٍ لَهُمْ، قُلْتُ: مَنْ هَؤُلَاءِ؟ قَالَ: هَذَا زَيْدٌ، وَجَعْفَرٌ، وَابْنُ رَوَاحَةَ۔ ثُمَّ انْطَلَقَ بِي حَتَّى أَشْرَفْتُ عَلَى غِلْمَانٍ يَلْعَبُونَ بَيْنَ نَهْرَيْنِ قُلْتُ: مَنْ هَؤُلَاءِ؟ قَالَ ذَرَارِيُّ الْمُؤْمِنِينَ يَحْضُنُهُمْ إِبْرَاهِيمُ، ثُمَّ انْطَلَقَ بِي حَتَّى أَشْرَفْتُ عَلَى ثَلَاثَةِ نَفَرٍ، قُلْتُ: مَنْ هَؤُلَاءِ؟ قَالَ إِبْرَاهِيمُ، وَمُوسَى، وَعِيسَى صَلَّى اللهُ عَلَيْهِمْ وَسَلَّمْ يَنْتَظِرُونَكَ

پھر وہ مجھے لے چلے تو وہاں عورتیں اپنے پستانوں سے باندھی ہوئی ہیں جن کو سانپ نوچ رہے ہیں' میں نے کہا: یہ کون لوگ ہیں؟ عرض کی: یہ اپنے بچوں کو دودھ نہ پلانے والی عورتی ہیں' کا فرمرے ہیں۔ پھر وہ مجھے لے کر ایسی قوم کے پاس سے گزرے جن کو ان کے ٹخنوں کے اوپر کے پٹھوں کے ساتھ لٹکا دیا گیا ہے' ان کی باچھیں چیری ہوئی ہیں جن سے خون بہہ رہا ہے۔ میں نے کہا: یہ کون ہیں؟ کہا گیا: یہ افطار کے وقت سے پہلے افطار کرنے والے ہیں' پھر وہ مجھے لے چلا حتیٰ کہ ہم تین گروہوں کو اوپر سے جھانکا' وہ شراب پی رہے تھے۔ کہا: یہ زید' جعفر اور ابن رواحہ ہیں۔ پھر وہ مجھے لے چلا حتیٰ کہ ہم نے بچوں کے اوپر سے جھانکا' جو دونہروں کے درمیان کھیل رہے ہیں' میں نے کہا: یہ کون ہیں؟ عرض کی: مؤمنوں کی اولاد' حضرت ابراہیم ان کی پرورش کرتے ہیں۔ پھر ہم چلے تو وہاں ایسے تین گروہ مردوں کے دیکھے۔ عرض کی: آپ کے والد حضرت ابراہیم وموسیٰ وعیسیٰ علیہم السلام' وہ آپ کے انتظار میں ہیں' اللہ کی ان تمام پر رحمت ہو۔

عبد الرحمن بن يزيد بن جابر عن سليم بن عامر ان ابى امامة

**7566** - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ دُحَيْمٍ الدِّمَشْقِيُّ، ثنا أَبِي، ثنا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنِ ابْنِ جَابِرٍ، عَنْ سُلَيْمِ بْنِ عَامِرٍ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَخْطُبُ يَوْمَ النَّحْرِ عَلَى رَاحِلَتِهِ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے نحر کے دن اپنی سواری پر خطبہ دیا۔

7566- ورواه أبو داؤد رقم الحديث: 1939.

# يَزِيدُ بْنُ سِنَانَ أَبُو فَرْوَةَ الرَّهَاوِيُّ، عَنْ سُلَيْمِ بْنِ عَامِرٍ

7567 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ سَعْدِ بْنِ يَحْيَى الرَّقِّيُّ، ثنا أَبُو فَرْوَةَ يَزِيدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَزِيدَ بْنِ سِنَانَ الرَّهَاوِيُّ، حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ أَبِيهِ، حَدَّثَنِي أَبُو يَحْيَى الْكَلَاعِيُّ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ آخِرَ رَجُلٍ يَدْخُلُ الْجَنَّةَ رَجُلٌ يَتَقَلَّبُ عَلَى الصِّرَاطِ ظَهْرًا لِبَطْنٍ، كَالْغُلَامِ يَضْرِبُهُ أَبُوهُ وَهُوَ يَفِرُّ مِنْهُ يَعْجِزُ عَنْهُ عَمَلُهُ أَنْ يَسْعَى فَيَقُولُ: يَا رَبِّ بَلِّغْ بِيَ الْجَنَّةَ، وَنَجِّنِي مِنَ النَّارِ، فَيُوحِي اللهُ تَعَالَى إِلَيْهِ: عَبْدِي إِنْ أَنَا نَجَّيْتُكَ مِنَ النَّارِ، وَأَدْخَلْتُكَ الْجَنَّةَ، أَتَعْتَرِفُ لِي بِذُنُوبِكَ وَخَطَايَاكَ؟ فَيَقُولُ الْعَبْدُ: نَعَمْ، يَا رَبِّ، وَعِزَّتِكَ وَجَلَالِكَ لَئِنْ تُنْجِينِي مِنَ النَّارِ لَأَعْتَرِفَنَّ لَكَ بِذُنُوبِي وَخَطَايَايَ، فَيَجُوزُ الْجِسْرَ، وَيَقُولُ الْعَبْدُ فِيمَا بَيْنَهُ وَبَيْنَ نَفْسِهِ: لَئِنِ اعْتَرَفْتُ لَهُ بِذُنُوبِي وَخَطَايَايَ لَيَرُدَّنِي إِلَى النَّارِ، فَيُوحِي اللهُ إِلَيْهِ: عَبْدِي، اعْتَرِفْ لِي بِذُنُوبِكَ وَخَطَايَاكَ،



# یزید بن سنان ابوفروہ رہاوی‘ حضرت سلیم بن عامر سے روایت کرتے ہیں

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: بے شک جو آدمی سب سے آخر میں جنت کے اندر داخل ہوگا‘ وہ آدمی ہوگا جو پل صراط پر کبھی پیٹھ اور کبھی پیٹ کے بل لیٹتا ہوگا‘ اس لڑکے کی طرح جس کا باپ اسے سخت مارتا ہے اور وہ اس سے بھاگنے کی کوشش کرتا ہے لیکن بھاگنے سے عاجز آ جاتا ہے۔ پس وہ عرض کرے گا: اے میرے رب! مجھے بھی جنت میں پہنچا دے اور جہنم سے چھٹکارا دے دے۔ پس اللہ اسے الہام فرمائے گا: اے میرے بندے! اگر میں تجھے اپنی دوزخ سے نجات دے کر اپنی جنت میں داخل فرما دوں تو تُو اپنے گناہوں اور خطاؤں کا اعتراف کر لے گا۔ پس بندہ عرض کرے گا: جی ہاں! اے میرے رب! تیرے عزت وجلال کی قسم! اگر تُو مجھے دوزخ سے نجات دیدے تو میں تجھے بتا دوں گا کہ میں نے کون سے گناہ کیے اور خطائیں کیں۔ پس وہ پل عبور کرے گا‘ بندہ کہے گا: جو اللہ اور اس کے درمیان مکالمہ ہوگا کہ اگر میں نے اللہ کے سامنے اپنے گناہوں اور خطاؤں کا اعتراف کرلیا تو وہ مجھے دوزخ میں ڈال دے گا۔ پس اللہ اس کی طرف الہام فرمائے گا: اے

7567- قال في المجمع جلد 10 صفحه402‘ وفيه من لم أعرفهم وضعفاء فيهم توثيق لين . قلت: من لم يعرفهم توبعوا في الحديث بعده . فالضعف من يزيد بن سنان .

أَغْفِرُهَا لَكَ وَأُدْخِلُكَ الْجَنَّةَ، فَيَقُولُ الْعَبْدُ: لَا، وَعِزَّتِكَ مَا أَذْنَبْتُ ذَنْبًا قَطُّ، وَلَا أَخْطَأْتُ خَطِيئَةً قَطُّ، فَيُوحِي اللّٰهُ إِلَيْهِ: عَبْدِي إِنَّ لِي عَلَيْكَ بَيِّنَةً، فَيَلْتَفِتُ الْعَبْدُ يَمِينًا وَشِمَالًا فَلَا يَرَى أَحَدًا، فَيَقُولُ: يَا رَبِّ، أَرِنِي بَيِّنَتَكَ، فَيَسْتَنْطِقُ اللّٰهُ جِلْدَهُ بِالْمُحَقَّرَاتِ، فَإِذَا رَأَى ذَلِكَ الْعَبْدُ، يَقُولُ: يَا رَبِّ، عِنْدِي وَعِزَّتِكَ الْعَظَائِمُ الْمُضْمَرَاتُ، فَيُوحِي اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ إِلَيْهِ عَبْدِي: أَنَا أَعْرَفُ بِهَا مِنْكَ، اعْتَرِفْ لِي بِهَا، أَغْفِرُهَا لَكَ، وَأُدْخِلُكَ الْجَنَّةَ، فَيَعْتَرِفُ الْعَبْدُ بِذُنُوبِهِ، فَيَدْخُلُ الْجَنَّةَ، ثُمَّ ضَحِكَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى بَدَتْ نَوَاجِذُهُ يَقُولُ: هَذَا أَدْنَى أَهْلِ الْجَنَّةِ مَنْزِلَةً، فَكَيْفَ بِالَّذِي فَوْقَهُ؟

میرے بندے! تُو میرے سامنے اپنے گناہوں اور اپنی خطاؤں کا اعتراف کر' میں وہ معاف کر کے' تجھے جنت میں داخل کروں گا۔ پس بندہ عرض کرے گا: تیری عزت کی قسم! میں نے تو کبھی کوئی گناہ کیا ہی نہیں' نہ کبھی کوئی خطاء مجھ سے سرزد ہوئی۔ پس اللہ اسے الہام فرمائے گا: اے میرے بندے! میرے پاس تیرے خلاف گواہ موجود ہیں۔ پس بندہ (یہ بات سن کر) دائیں بائیں دیکھے گا' پس اسے کوئی آدمی نظر نہ آئے گا۔ پس وہ عرض کرے گا: اے میرے رب! اپنے گواہ تُو مجھے دکھا۔ پس اللہ تعالیٰ اس کی جلد کو قوتِ گویائی عطا کرے گا' وہ چھوٹے گناہ بتائے گی۔ پس جب وہ بندہ یہ دیکھے گا تو کہے گا: اے میرے رب! تیری عزت کی قسم! میرے پاس پوشیدہ بڑے بڑے گناہ ہیں۔ پس اللہ اس بندے کو الہام فرمائے گا: اے میرے بندے! میں تجھ سے زیادہ جانتا ہوں۔ بس ایک بار تُو میرے سامنیان کا اعتراف کر' میں تیرے سارے گناہ بخش دوں گا اور تجھے جنت میں داخل کروں گا۔ پس وہ اپنے گناہوں کا اعتراف کرے گا تو اللہ اسے جنت مین داخل فرمائے گا۔ پھر رسول کریم ﷺ اتنا ہنسے کہ آپ ﷺ کی داڑھیں ظاہر ہوگئیں اور فرما رہے تھے: یہ تو سب سے چھوٹا جنتی ہے' جو اس کے اوپر ہے' اس کا کیا حال ہوگا؟

**7568** - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا هَاشِمُ بْنُ الْقَاسِمِ، ثنا أَبُو عَقِيلٍ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَقِيلٍ الثَّقَفِيُّ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: میں اپنی اُمت کے ایک آدمی کو جانتا ہوں جو پل صراط سے گزرے' پل صراط

7568- فيه يزيد بن سنان هو ضعيف .

سِنَانَ، أَخْبَرَنِي أَبُو يَحْيَى الْكَلَاعِيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا أُمَامَةَ، يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى الله عَلَيْهِ وَسَلَّمْ يَقُولُ: إِنِّي لَأَعْلَمُ آخِرَ رَجُلٍ مِنْ أُمَّتِي يَجُوزُ الصِّرَاطَ، يَتَلَوَّى عَلَى الصِّرَاطِ كَالْغُلَامِ حِينَ يَضْرِبُهُ أَبُوهُ، فَذَكَرَ مِثْلَهُ

پر پلٹے کھائے گا' جس طرح بچہ کو اس کا باپ مارتا ہے' اس کے بعد اس کی مثل حدیث ذکر کی۔

## صَفْوَانُ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ سُلَيْمِ بْنِ عَامِرٍ

## صفوان بن عمرو' حضرت سلیم بن عامر سے روایت کرتے ہیں

**7569** - حَدَّثَنَا أَبُو الزِّنْبَاعِ رَوْحُ بْنُ الْفَرَجِ، ثنا أَبُو زَيْدِ بْنِ أَبِي الْغِمْرِ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ يَحْيَى، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ عَمْرٍو، حَدَّثَنِي سُلَيْمُ بْنُ عَامِرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا أُمَامَةَ قَالَ: قَامَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى الله عَلَيْهِ وَسَلَّمْ فِي النَّاسِ، فَقَالَ: إِنَّ اللّٰهَ كَتَبَ عَلَيْكُمُ الْحَجَّ . فَقَامَ رَجُلٌ مِنَ الْأَعْرَابِ، فَقَالَ: أَفِي كُلِّ عَامٍ؟ فَغَلِقَ كَلَامُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى الله عَلَيْهِ وَسَلَّمْ وَغَضِبَ، وَمَكَثَ طَوِيلًا، ثُمَّ تَكَلَّمَ، فَقَالَ: مَنْ هَذَا السَّائِلُ؟ فَقَالَ الْأَعْرَابِيُّ: أَنَا ذَا يَا رَسُولَ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم لوگوں میں کھڑے ہوئے' فرمایا: اے لوگو! ہم پر حج فرض ہے۔ ایک دیہاتی آدمی کھڑا ہوا اور عرض کی: کیا ہر سال؟ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے گفتگو بند کر دی اور ناراض ہوئے' دیر تک خاموش رہے پھر گفتگو کی' آپ نے فرمایا: یہ سوال کرنے والا کہاں ہے؟ اس دیہاتی نے عرض کی: یارسول اللہ! میں ہوں! آپ نے فرمایا: تیرے لیے ہلاکت ہو! تم یقین کرتے ہو کہ اگر میں ہاں کہتا تو واجب ہو جاتا اور اگر واجب ہو جاتا تو تم ضرور چھوڑتے' اگر قسم چھوٹے تو تم نے کافر ہو جانا تھا' تم سے پہلے لوگ حرج میں ڈالنے والے

7569- قال في المجمع جلد 3صفحه204' واسناده حسن جيد . ورواه ابن جرير في تفسيره رقم الحديث: 12807' وقال ابن كثير في تفسيره بعد أن ساقه عن ابن جرير جلد2صفحه106 في اسناده ضعف . في المخطوطة فعلن كأن آخرها نون واختار المرحوم أحمد محمد شاكر في تعليقه على تفسير ابن جريرة فغلق كما أثبتناه تبعًا له . ومعاوية بن يحيى صدوق له أوهام فالحديث ضعيف من أجله . والحديث رواه المصنف في مسند الشاميين رقم الحديث:955 بهذا الاسناد واللفظ .

اللّٰهِ، فَقَالَ: وَيْحَكَ، مَاذَا يُؤْمِنُكَ أَنْ أَقُولَ نَعَمْ، وَاللّٰهِ لَوْ قُلْتُ: نَعَمْ، لَوَجَبَتْ، وَلَوْ وَجَبَتْ لَتَرَكْتُمْ، وَلَوْ تَرَكْتُمْ لَكَفَرْتُمْ .أَلَا إِنَّهُ إِنَّمَا أَهْلَكَ الَّذِينَ قَبْلَكُمْ أَئِمَّةُ الْحَرَجِ، وَاللّٰهِ، لَوْ أَنِّي أَحْلَلْتُ لَكُمْ جَمِيعَ مَا فِي الْأَرْضِ مِنْ شَيْءٍ، وَحَرَّمْتُ عَلَيْكُمْ مِثْلَ خُفِّ بَعِيرٍ لَوَقَعْتُمْ فِيهِ ، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالَى: (لَا تَسْأَلُوا عَنْ أَشْيَاءَ) (المائدة: 101 ) الْآيَةَ

حکمرانوں کی وجہ سے ہلاک ہوئے ہیں اللہ کی قسم! اگر میں تمہارے لیے زمین کی ہر چیز حلال کر دوں اور اونٹ کے کُھر کے برابر چیز حرام کروں گا تو تم اس میں بھی پڑ جاؤ (اگر تقدیر میں لکھا ہو) پس اللہ نے یہ آیت نازل فرمائی: ''لا تسألوا عن اشياء''۔

**7570** - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ الْمُعَلَّى الدِّمَشْقِيُّ، ثنا الْعَبَّاسُ بْنُ عُثْمَانَ الْمُعَلِّمُ، ح وحَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْفِرْيَابِيُّ، ثنا دُحَيْمٌ، قَالَا: ثنا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ سُلَيْمِ بْنِ عَامِرٍ، وَأَبِي الْيَمَانِ الْهَوْزَنِيِّ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰه عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ وَعَدَنِي أَنْ يُدْخِلَ الْجَنَّةَ مِنْ أُمَّتِي سَبْعِينَ أَلْفًا بِغَيْرِ حِسَابٍ، وَزَادَنِي ثَلَاثَ حَثَيَاتٍ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ عزوجل نے میرے ساتھ وعدہ کیا کہ جنت میں ستر ہزار لوگ بغیر حساب کے داخل کرنے کا اور میرے لیے تین چلو کا اضافہ کیا ہے۔

**7571** - قِيلَ: فَمَا سَعَةُ حَوْضِكَ؟ قَالَ: كَمَا بَيْنَ عَدَنٍ إِلَى عُمَانَ، فِيهِ شِعْبَانِ مِنْ ذَهَبٍ وَفِضَّةٍ قَالَ: فَمَا حَوْضُكَ؟ قَالَ: أَشَدُّ بَيَاضًا مِنَ اللَّبَنِ، وَأَحْلَى مَذَاقَةً مِنَ الْعَسَلِ،

آپ سے عرض کی گئی: آپ کے حوض کی وسعت کتنی ہے؟ آپ نے فرمایا: جتنا فاصلہ عدن اور عمان کے درمیان ہے اس میں برتن سونے اور چاندی کے ہوں گے عرض کی: آپ کے حوض میں کیا ہوگا؟ آپ نے فرمایا: اس کا دودھ



---

7570- ورواه ابن أبي عاصم في السنة رقم الحديث: 588 الا أنه عنده عن سليم بن عامر عن أبي اليمان واسناده صحيح ورواه أحمد جلد 5صفحه250-251 مثل المصنف . ورواه المصنف في مسند الشاميين رقم الحديث: 954 بهذا الاسناد واللفظ .

وَأَطْيَبُ رَائِحَةً مِنَ الْمِسْكِ، مَنْ شَرِبَ مِنْهُ لَمْ يَظْمَأْ بَعْدَهَا، وَلَمْ يَسْوَدَّ وَجْهُهُ أَبَدًا

بہت زیادہ سفید ہوگا اور شہد سے زیادہ میٹھا ہوگا' اس کی خوشبو کستوری کی خوشبو سے زیادہ ہوگی' جو ایک مرتبہ پی لے گا کبھی پیاسا نہیں ہوگا' اس کا چہرہ سیاہ نہیں ہوگا۔

**7572** - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ بْنِ نَجْدَةَ الْحَوْطِيُّ، ثنا أَبُو الْيَمَانِ، ثنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ سُلَيْمِ بْنِ عَامِرٍ قَالَ: كُنَّا نَجْلِسُ إِلَى أَبِي أُمَامَةَ الْبَاهِلِيِّ، فَيُحَدِّثُنَا حَدِيثًا كَثِيرًا عَنْ رَسُولِ اللهِ صَلَّى الله عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَإِذَا سَكَتَ قَالَ: أَعَقِلْتُمْ؟ بَلِّغُوا كَمَا بُلِّغْتُمْ

حضرت سلیم بن عامر فرماتے ہیں کہ ہم حضرت ابوامامہ الباہلی رضی اللہ عنہ کے پاس بیٹھے تھے' ہمیں آپ نے بہت زیادہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی احادیث سنائیں' جب آپ خاموش ہوئے تو آپ نے فرمایا: کیا تم نے سمجھ لیا؟ جس طرح میں نے تم تک پہنچایا تم بھی پہنچاؤ۔

**7573** - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عِرْقٍ الْحِمْصِيُّ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ سَلَمَةَ الْخَبَائِرِيُّ، ثنا بَقِيَّةُ، ثنا صَفْوَانُ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ سُلَيْمِ بْنِ عَامِرٍ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ قَالَ: سُئِلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى الله عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَتَنَاكَحُ أَهْلُ الْجَنَّةِ؟ فَقَالَ: نَعَمْ، بِذَكَرٍ لَا يَمَلُّ، وَشَهْوَةٍ لَا تَنْقَطِعُ دَحْمًا دَحْمًا

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پوچھا گیا کہ کیا جنت والے نکاح کریں گے؟ آپ نے فرمایا: جی ہاں! خوب نکاح کریں گے' ایسے ذکر کے ساتھ جو اُکتائے گا نہیں اور ایسی شہوت کے ساتھ جو ختم نہ ہوگی۔

## مُحَمَّدُ بْنُ الْوَلِيدِ الزُّبَيْدِيُّ، عَنْ سُلَيْمِ بْنِ عَامِرٍ

## محمد بن ولید زبیدی' حضرت سلیم بن عامر سے روایت کرتے ہیں

**7574** - حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ إِسْحَاقَ بْنِ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی

---

7572- قال فی المجمع جلد 1 صفحہ 140' واسنادہ حسن . ورواہ المصنف فی مسند الشامیین رقم الحدیث: 953 .

7573- ورواہ المصنف فی مسند الشامیین رقم الحدیث: 956' وهذا الاسناد ضعیف جدًا .

7574- ورواہ المصنف فی مسند الشامیین رقم الحدیث: 1840 .

إِبْرَاهِيمَ بْنِ الْعَلَاءِ بْنِ زِبْرِيقٍ الْحِمْصِيُّ، ثنا أَبِي ح، وحَدَّثَنَا عُمَارَةُ بْنُ وَثِيمَةَ الْمِصْرِيُّ، وعَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مُعَاوِيَةَ الْعُتْبِيُّ الْمِصْرِيُّ، قَالَا: ثنا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ زِبْرِيقٍ الْحِمْصِيُّ، ثنا عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَالِمٍ، عَنِ الزُّبَيْدِيِّ، ثنا سُلَيْمُ بْنُ عَامِرٍ، أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا أُمَامَةَ يَقُولُ: إِنَّ رَجُلًا أَتَى رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أَقِمْ فِيَّ حَدَّ اللّٰهِ مَرَّةً أَوْ ثِنْتَيْنِ، فَأَعْرَضَ عَنْهُ، ثُمَّ أُقِيمَتِ الصَّلَاةُ، فَلَمَّا فَرَغَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الصَّلَاةِ، قَالَ: أَيْنَ الْقَائِلُ أَقِمْ فِيَّ حَدَّ اللّٰهِ؟ قَالَ: أَنَا ذَا، قَالَ: أَتْمَمْتَ الْوُضُوءَ، وَصَلَّيْتَ مَعَنَا الْعِشَاءَ؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: فَإِنَّكَ مِنْ خَطِيئَتِكَ كَمَا وَلَدَتْكَ أُمُّكَ، فَلَا تَعُدْ، وَأَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ: (أَقِمِ الصَّلَاةَ طَرَفَيِ النَّهَارِ وَزُلَفًا مِنَ اللَّيْلِ) (هود: 114)

حضورﷺ کے پاس آیا' اس نے عرض کی: یارسول اللہ! مجھ پر اللہ کی حد قائم کریں! ایک مرتبہ یا دو مرتبہ عرض کی' آپ نے اعراض فرمایا' پھر نماز کے لیے اقامت کہی گئی' جب حضورﷺ نماز پڑھ کر فارغ ہوئے تو آپ نے فرمایا: وہ کہاں ہے جو کہتا تھا کہ مجھ پر اللہ کی حد قائم کریں؟ اس آدمی نے عرض کی: میں ہوں! آپ نے فرمایا: تُو نے مکمل وضو نہیں کیا اور ہمارے ساتھ رات کی نماز نہیں پڑھی؟ اس نے عرض کی: جی ہاں! آپ نے فرمایا: تیرے گناہ اس طرح معاف ہوئے جس طرح آج ہی تیری ماں نے تجھے جنا ہے' پھر نہ کرنا۔ اللہ عزوجل نے یہ آیت نازل فرمائی: ''دن کے دونوں حصوں میں نماز قائم کرو اور رات کے حصے''۔

**7575** - حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ إِسْحَاقَ بْنُ الْعَلَاءِ بْنِ زِبْرِيقٍ الْحِمْصِيُّ، ثنا أَبِي ح، وحَدَّثَنَا عُمَارَةُ بْنُ وَثِيمَةَ الْمِصْرِيُّ، ثنا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ زِبْرِيقٍ الْحِمْصِيُّ، قَالَا: ثنا عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَالِمٍ، عَنِ الزُّبَيْدِيِّ، ثنا سُلَيْمُ بْنُ عَامِرٍ، أَنَّ أَبَا أُمَامَةَ،

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ نے حدیث بیان کی کہ اُنہوں نے حجۃ الوداع کے موقع پر رسول کریمﷺ کو اس حال میں سنا کہ آپ اپنی جدعا اونٹنی پر تھے۔ آپﷺ نے اپنے پاؤں رکاب میں ڈالے ہوئے تھے اور ایک ہاتھ اپنے کجاوے کے آگے رکھا ہوا تھا اور دوسرا کجاوے کے پیچھے' پس آپﷺ نے فرمایا: اے لوگو! خاموش ہو جاؤ!



7575- قال فى المجمع جلد3صفحه271' وفيه بقية بن الوليد وهو ثقة ولكنه مدلس وبقية رجاله ثقات . قلت هو فى سند الحديث رقم: 7677 . ورواه المصنف فى مسند الشاميين رقم الحديث: 1841 .

حَدَّثَهُمْ أَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمْ، يَوْمَ حَجَّةِ الْوَدَاعِ، وَهُوَ عَلَى نَاقَتِهِ الْجَدْعَاءِ قَدْ أَدْخَلَ رِجْلَيْهِ فِي الْغَرْزِ، وَوَضَعَ إِحْدَى يَدَيْهِ عَلَى مُقَدَّمِ الرَّحْلِ، وَالْأُخْرَى عَلَى مُؤَخَّرِهِ يَتَطَاوَلُ بِذَلِكَ، فَقَالَ: يَا أَيُّهَا النَّاسُ، أَنْصِتُوا، فَإِنَّكُمْ لَعَلَّكُمْ لَا تَرَوْنِي بَعْدَ عَامِكُمْ هَذَا، فَبَعَثَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ رَجُلًا مِنَ النَّاسِ، فَقَالَ: مَاذَا نَفْعَلُ؟ قَالَ: تَعْبُدُونَ رَبَّكُمْ، وَتُقِيمُونَ خَمْسَكُمْ، وَتُؤْتُونَ زَكَاةَ أَمْوَالِكُمْ، وَتَصُومُونَ شَهْرَكُمْ، وَتُطِيعُوا ذَا أَمْرِكُمْ تَدْخُلُوا جَنَّةَ رَبِّكُمْ

ممکن ہے اس سال کے بعد تم مجھے نہ دیکھ سکو۔ پس لوگوں میں سے ایک آدمی کو اللہ نے بھیجا۔ کسی نے کہا: ہم کیا کام کیا کریں؟ فرمایا: اپنے رب کی عبادت کرنا' پانچ نمازیں پڑھنا' اپنے مالوں کی زکوٰۃ دینا' رمضان شریف کے روزے رکھنا اور اطاعت کرنا' جب تمہیں کوئی حکم دیا جائے تو تم اپنے رب کی جنت میں داخل ہو جاؤ گے۔

حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عِرْقٍ الْحِمْصِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُصَفَّى، ثنا بَقِيَّةُ، عَنِ الزُّبَيْدِيِّ، عَنْ سُلَيْمِ بْنِ عَامِرٍ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمْ مِثْلَهُ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں۔

**7576** - حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ إِسْحَاقَ بْنِ إِبْرَاهِيمَ بْنِ الْعَلَاءِ بْنِ زِبْرِيقٍ الْحِمْصِيُّ، ثنا أَبِي ح، وَحَدَّثَنَا عُمَارَةُ بْنُ وَثِيمَةَ الْحِمْصِيُّ، ثنا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ زِبْرِيقٍ الْحِمْصِيُّ، قَالَا: ثنا عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَالِمٍ، عَنِ الزُّبَيْدِيِّ، ثنا سُلَيْمُ بْنُ عَامِرٍ، أَنَّ أَبَا

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے صحابہ کو حکم دیا کہ نمازِ عشاء کے وقت کل تم نماز کے لیے جمع ہو جانا' مجھے تم سے کام ہے۔ ان میں سے ایک گروہ نے کہا: اے فلاں! اس کو ضرور لکھنا جو رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سب سے پہلے کلام فرمائیں کیونکہ تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے قریب ہوتا ہے۔ دیگر لوگوں سے رسول



7576- قال فی المجمع جلد 1 صفحہ 46' وفی اسنادہ اسحاق بن ابراهيم بن زبريق وثقه يحيى بن معين وأبو حاتم وضعفه النسائی وأبو داؤد . قلت: قال الحافظ: صدوق يهم كثيرًا' وأطلق محمد بن عوف أنه يكذب . ورواه المصنف فی مسند الشاميين رقم الحديث: 1843 .

أُمَامَةَ، حَدَّثَهُمْ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى الله عَلَيْهِ وَسَلَّمْ أَمَرَ أَصْحَابَهُ عِنْدَ صَلَاةِ الْعَتَمَةِ: أَنِ احْشُدُوا لِلصَّلَاةِ غَدًا، فَإِنَّ لِي إِلَيْكُمْ حَاجَةً. فَقَالَتْ رُفْقَةٌ مِنْهُمْ: يَا فُلَانُ دَوِّنْ أَوَّلَ كَلِمَةٍ يَتَكَلَّمُ بِهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى الله عَلَيْهِ وَسَلَّمْ، وَأَنْتَ الَّذِي تَلِيهَا لِئَلَّا يَفُوتَهُمْ شَيْءٌ مِنْ كَلَامِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى الله عَلَيْهِ وَسَلَّمْ، فَلَمَّا فَرَغَ مِنْ صَلَاةِ الصُّبْحِ، قَالَ: هَلْ حَشَدْتُمْ كَمَا أَمَرْتُكُمْ؟ قَالُوا: نَعَمْ، يَا رَسُولَ اللّٰهِ. قَالَ: اعْبُدُوا اللّٰهَ وَلَا تُشْرِكُوا بِهِ شَيْئًا، وَهَلْ عَقَلْتُمْ هَذِهِ؟ هَلْ عَقَلْتُمْ هَذِهِ؟ هَلْ عَقَلْتُمْ هَذِهِ؟ قَالُوا: نَعَمْ. قَالَ: أَقِيمُوا الصَّلَاةَ، وَآتُوا الزَّكَاةَ، أَقِيمُوا الصَّلَاةَ، وَآتُوا الزَّكَاةَ، أَقِيمُوا الصَّلَاةَ، وَآتُوا الزَّكَاةَ، هَلْ عَقَلْتُمْ هَذِهِ؟ هَلْ عَقَلْتُمْ هَذِهِ؟ هَلْ عَقَلْتُمْ هَذِهِ؟ قَالُوا: نَعَمْ. قَالَ: اسْمَعُوا وَأَطِيعُوا، اسْمَعُوا وَأَطِيعُوا، هَلْ عَقَلْتُمْ هَذِهِ؟ هَلْ عَقَلْتُمْ هَذِهِ؟ هَلْ عَقَلْتُمْ هَذِهِ؟ قَالُوا: نَعَمْ فَكُنَّا نَرَى أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى الله عَلَيْهِ وَسَلَّمْ سَيَتَكَلَّمُ كَلَامًا كَثِيرًا، ثُمَّ نَظَرَ فِي كَلَامِهِ، فَإِذَا هُوَ قَدْ جَمَعَ لَهُ الْأَمْرَ كُلَّهُ

کریم ﷺ کے کلام میں سے کوئی شی رہ جاتی ہے۔ پس جب آپ ﷺ صبح کی نماز پڑھ کر فارغ ہوئے تو فرمایا: کیا جس طرح میں نے حکم دیا تھا' تم اکٹھے ہو گئے؟ صحابہ نے عرض کی: جی ہاں! اے اللہ کے رسول! فرمایا: اللہ کی عبادت کرتے رہنا اور اس کے ساتھ کسی چیز کو شریک نہ ٹھہرانا' اب بتاؤ! تم نے سمجھ لیا۔ تین بار فرمایا۔ صحابہ نے عرض کی: جی ہاں! فرمایا: نماز قائم کرنا اور زکوۃ ادا کرنا۔ تین بار فرمایا' پھر تین بار فرمایا: کیا تم نے سمجھ لیا۔ صحابہ نے عرض کی: جی ہاں! پس ہم دیکھ رہے ہوتے تھے کہ رسول کریم ﷺ زیادہ کلام فرمائیں گے' پھر آپ کے کلام میں غور کیا تو معلوم ہوا کہ اس کے لیے تمام بات اکٹھی ہوگئی۔

## حَرِيزُ بْنُ عُثْمَانَ، عَنْ سُلَيْمِ بْنِ عَامِرٍ

## حریز بن عثمان' حضرت سلیم بن عامر سے روایت کرتے ہیں

7577 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ بیان فرماتے ہیں کہ

بِنِ نَجْدَةَ الْحَوْطِيُّ، ثنا أَبُو الْمُغِيرَةِ، ح وحَدَّثَنَا أَبُو زَيْدٍ أَحْمَدُ بْنُ يَزِيدَ الْحَوْطِيُّ، ثنا أَبُو الْيَمَانِ الْحَكَمُ بْنُ نَافِعٍ، قَالَا: ثنا حَرِيزُ بْنُ عُثْمَانَ، عَنْ سُلَيْمِ بْنِ عَامِرٍ، أَنَّ أَبَا أُمَامَةَ حَدَّثَهُ، أَنَّ غُلَامًا شَابًّا أَتَى رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰه عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، ائْذَنْ لِي فِي الزِّنَا، فَصَاحَ النَّاسُ فَقَالَ: مَهْ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰه عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَقِرُّوهُ ادْنُ، فَدَنَا حَتَّى جَلَسَ بَيْنَ يَدَيْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰه عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰه عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَتُحِبُّهُ لِأُمِّكَ؟ قَالَ: لَا. قَالَ: وَكَذَلِكَ النَّاسُ لَا يُحِبُّونَهُ لِأُمَّهَاتِهِمْ، أَتُحِبُّهُ لِابْنَتِكَ؟ قَالَ: لَا. قَالَ: وَكَذَلِكَ النَّاسُ لَا يُحِبُّونَهُ لِبَنَاتِهِمْ، أَتُحِبُّهُ لِأُخْتِكَ؟ قَالَ: لَا. قَالَ: وَكَذَلِكَ النَّاسُ لَا يُحِبُّونَهُ لِأَخَوَاتِهِمْ، أَتُحِبُّهُ لِعَمَّتِكَ؟ قَالَ: لَا. قَالَ: وَكَذَلِكَ النَّاسُ لَا يُحِبُّونَهُ لِعَمَّاتِهِمْ؟ أَتُحِبُّهُ لِخَالَتِكَ؟ قَالَ: لَا. قَالَ: وَكَذَلِكَ النَّاسُ لَا يُحِبُّونَهُ لِخَالَاتِهِمْ. فَوَضَعَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰه عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدَهُ عَلَى صَدْرِهِ، وَقَالَ: اللّٰهُمَّ كَفِّرْ ذَنْبَهُ، وَطَهِّرْ قَلْبَهُ، وَحَصِّنْ فَرْجَهُ

**7578** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ

رسول اللہ ﷺ کی بارگاہ میں ایک نوجوان آیا اور عرض کی: یارسول اللہ! مجھے زنا کی اجازت دیں' لوگ چیخے ہیں' رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ٹھہرو! پس رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: رُک جاؤ! اس (شخص) کو فرمایا: قریب آؤ! پس وہ قریب آ کر بیٹھ گیا' تو رسول اللہ ﷺ نے اس کو ارشاد فرمایا: کیا تُو پسند کرتا ہے کہ تیری ماں کے ساتھ کوئی ایسا فعل کرے؟ اس نے عرض کی: نہیں! آپ نے فرمایا: اور اس طرح لوگ بھی اپنی ماؤں کے لیے یہ پسند نہیں کرتے' کہا: تُو اپنی بیٹی کے لیے پسند کرتا ہے؟ اس نے عرض کی: نہیں! آپ نے فرمایا: اس طرح لوگ بھی اپنی بیٹیوں کے لیے یہ پسند نہیں کرتے' کیا تُو اپنی بہن کے لیے یہ پسند کرتا ہے؟ عرض کی: نہیں! آپ نے فرمایا: لوگ بھی اپنی بہنوں کے لیے یہ فعل پسند نہیں کرتے' کیا تُو اپنی پھوپھی کے لیے یہ پسند کرتا ہے؟ اس نے عرض کی: نہیں! آپ نے ارشاد فرمایا: لوگ بھی اپنی پھوپھیوں کے لیے یہ پسند نہیں کرتے' کیا تُو اپنی خالہ کے لیے یہ فعل پسند کرتا ہے؟ اُس نے عرض کی: نہیں! آپ نے ارشاد فرمایا: لوگ بھی اپنی خالہ کے لیے یہ پسند نہیں کرتے' پس رسول اللہ ﷺ نے اس کے سینہ پر ہاتھ رکھا اور فرمایا: اے اللہ! اس سے گناہوں کو دور فرما' اس کے دل کو پاک فرما' اس کی شرمگاہ کو پاک فرما!

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

حریز بن عثمان عن سلیم بن عامر

7578- ورواه أحمد جلد5صفحه267,260,253' والترمذی رقم الحديث: 2464' وقال: حديث حسن صحيح غريب من هذا الوجه . ورواه المصنف فی مسند الشاميين رقم الحديث: 1067 .

خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا أَبِي، ثنا عِيسَى بْنُ يُونُسَ، ح وحَدَّثَنَا هَاشِمُ بْنُ مَرْثَدٍ الطَّبَرَانِيُّ، ثنا صَفْوَانُ بْنُ صَالِحٍ، ثنا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، قَالَا: ثنا حَرِيزُ بْنُ عُثْمَانَ، عَنْ سُلَيْمِ بْنِ عَامِرٍ، سَمِعَهُ مِنْ أَبِي أُمَامَةَ قَالَ: مَا كَانَ يَفْضُلُ عَنْ أَهْلِ بَيْتِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى الله عَلَيْهِ وَسَلَّمْ خُبْزُ الشَّعِيرِ

حضور ﷺ کے گھر مبارک میں کبھی بھی جو کی روٹی نہیں بچی تھی۔

## عُفَيْرُ بْنُ مَعْدَانَ، عَنْ سُلَيْمِ بْنِ عَامِرٍ

## عفیر بن معدان' حضرت سلیم بن عامر سے روایت کرتے ہیں

**7579** - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ بْنِ نَجْدَةَ الْحَوْطِيُّ، ثنا أَبُو الْمُغِيرَةِ عَبْدُ الْقُدُّوسِ بْنُ الْحَجَّاجِ، ثنا عُفَيْرُ بْنُ مَعْدَانَ، عَنْ سُلَيْمِ بْنِ عَامِرٍ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى الله عَلَيْهِ وَسَلَّمْ: خَيْرُ الذَّبْحِ الْكَبْشُ الْأَقْرَنُ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: بہترین جانور جو قربانی کے لیے ذبح کیا جاتا ہے' وہ سینگ والا مینڈھا ہے۔

**7580** - وَخَيْرُ الْكَفَنِ الْحُلَّةُ

بہترین کفن حلّہ ہے۔

**7581** - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ بْنِ نَجْدَةَ الْحَوْطِيُّ، ثنا أَبُو الْمُغِيرَةِ، ثنا عُفَيْرُ بْنُ مَعْدَانَ، عَنْ سُلَيْمِ بْنِ عَامِرٍ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: بہترین جانور جو قربانی کے لیے ذبح کیا جاتا ہے' وہ سینگ والا مینڈھا ہے۔



---

7579- ورواه الترمذی رقم الحديث: 1554' وقال: هذا حديث غريب وعفير بن معدان يضعف فی الحديث وابن ماجه رقم الحديث: 3130' وعندهما خبر الأضحية وهو حديث ضعيف . وهذا الحديث مكرر فی الأصل ولذلك كررناه .

اللہ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: خَيْرُ الذَّبْحِ الْكَبْشُ الْأَقْرَنُ وَخَيْرُ الْكَفَنِ الْحُلَّةُ

بہترین کفن حُلّہ ہے۔

**7583** - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ بْنِ نَجْدَةَ، ثنا أَبُو الْمُغِيرَةِ، ثنا عُفَيْرُ بْنُ مَعْدَانَ، عَنْ سُلَيْمِ بْنِ عَامِرٍ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا أَتَى أَحَدُكُمْ أَهْلَهُ فَلْيَسْتُرْ عَلَيْهِ وَعَلَى أَهْلِهِ .قَالَ: وَلَا يَتَعَرَّيَانِ تَعَرِّي الْحَمِيرِ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی اپنی بیوی سے جماع کرے تو اس کے اور اپنے اوپر پردہ کرے اور فرمایا: گدھے کی طرح وہ دونوں ننگے نہ ہوں۔

**7584** - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ بْنِ نَجْدَةَ، ثنا أَبُو الْمُغِيرَةِ، ثنا عُفَيْرُ بْنُ مَعْدَانَ، عَنْ سُلَيْمِ بْنِ عَامِرٍ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَثَلُ الصَّلَوَاتِ الْخَمْسِ، كَمَثَلِ نَهَرٍ عَذْبٍ يَجْرِي عِنْدَ بَابِ أَحَدِكُمْ يَغْتَسِلُ فِيهِ كُلَّ يَوْمٍ خَمْسَ مَرَّاتٍ، فَمَاذَا يَبْقَى عَلَيْهِ مِنَ الدَّرَنِ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: پانچ نمازیں پڑھنے کی مثال اس نہر کی ہے جو میٹھی ہو۔

**7585** - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ بْنِ نَجْدَةَ، ثنا أَبُو الْمُغِيرَةِ، ثنا عُفَيْرُ بْنُ مَعْدَانَ، عَنْ سُلَيْمِ بْنِ عَامِرٍ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِذَا رَأَيْتُمْ أَمْرًا لَا تَسْتَطِيعُونَ تَغْيِيرَهُ، فَاصْبِرُوا حَتَّى يَكُونَ اللّٰهُ هُوَ الَّذِي يُغَيِّرُهُ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جب تم ایسی بُرائی دیکھو جس کو تم خود نہیں بدل سکتے ہو تو صبر کرو‘ اللہ عزوجل خود اس کو بدل دے گا۔

---

7583- قال في المجمع جلد4صفحه294' وفيه عفير بن معدان وهو ضعيف .

7584- قال في المجمع جلد1صفحه300' وفيه عفير بن معدوان وهو ضعيف جدًا .

7585- قال في المجمع جلد7صفحه275' وفيه عفير بن معدان وهو ضعيف .

7586 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ، ثنا أَبُو الْمُغِيرَةِ، ثنا عُفَيْرُ بْنُ مَعْدَانَ، عَنْ سُلَيْمِ بْنِ عَامِرٍ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا شَيْءَ فِي الْهَامِ، وَالْعَيْنَ حَقٌّ، وَأَصْدَقُ الطَّيْرِ الْفَأْلُ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: بیماری متعدی نہیں ہوتی ہے' نظر برحق ہے' اچھی فال ہے۔

7587 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ، ثنا أَبُو الْمُغِيرَةِ، ثنا عُفَيْرُ بْنُ مَعْدَانَ، عَنْ سُلَيْمِ بْنِ عَامِرٍ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِذَا كَبَّرَ الْإِمَامُ فَكَبِّرُوا، وَإِذَا رَكَعَ فَارْكَعُوا، وَإِذَا سَجَدَ فَاسْجُدُوا، وَإِذَا رَفَعَ رَأْسَهُ مِنَ الرُّكُوعِ فَارْفَعُوا، وَإِنْ صَلَّى جَالِسًا فَصَلُّوا جُلُوسًا أَجْمَعِينَ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ' رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: جب امام اللہ اکبر کہے تو تم بھی اللہ اکبر کہو' جب رکوع کرے تو تم بھی رکوع کرو' جب سجدہ کرے تو تم بھی سجدہ کرو' جب امام رکوع سے سر اُٹھائے تو تم بھی اُٹھاؤ' جب بیٹھ کر پڑھے تو تم بھی بیٹھ کر پڑھو۔

7588 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ، ثنا أَبُو الْمُغِيرَةِ، ثنا عُفَيْرُ بْنُ مَعْدَانَ، عَنْ سُلَيْمِ بْنِ عَامِرٍ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يَقْطَعُ الصَّلَاةَ شَيْءٌ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: نماز کو کوئی شی نہیں توڑتی ہے۔

7589 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ، ثنا أَبُو الْمُغِيرَةِ، ثنا عُفَيْرُ بْنُ مَعْدَانَ،

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس نے جمعہ کے دن غسل کیا اور



---

7586- قال في المجمع جلد5صفحه106' وفيه عفير بن معدان وهو ضعيف .

7587- قال في المجمع جلد2صفحه87' وفيه عفير بن معدان وهو ضعيف .

7588- قال في المجمع جلد2صفحه62' واسناده حسن . قلت: كيف يكون اسناده حسنًا وفيه عفير بن معدان .

7589- قال في المجمع جلد2صفحه177' وفيه عفير بن معدان وقد أجمعوا على ضعفه .

عَنْ سُلَيْمِ بْنِ عَامِرٍ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى الله عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ غَسَّلَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ، وَاغْتَسَلَ، وَغَدَا وَابْتَكَرَ، وَدَنَا وَاسْتَمَعَ وَأَنْصَتَ كَانَ لَهُ كِفْلَانِ مِنَ الْأَجْرِ

جلدی آیا' خطبہ سنا اور خاموش رہا تو اس کے لیے دُگنا ثواب ہے۔

7590 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ، ثنا أَبُو الْمُغِيرَةِ، ثنا عُفَيْرُ بْنُ مَعْدَانَ، عَنْ سُلَيْمِ بْنِ عَامِرٍ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى الله عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: الْمُتَعَجِّلُ فِي الْجُمُعَةِ كَالْمُهْدِي الْبَدَنَةَ، وَالَّذِي يَلِيهِ كَالْمُهْدِي الثَّوْرَ، وَالَّذِي يَلِيهِ كَالْمُهْدِي شَاةً، وَالَّذِي يَلِيهِ كَالْمُهْدِي دَجَاجَةً

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو جمعہ کے لیے جلدی آتا ہے' اس کو اونٹ قربان کرنے جتنا ثواب ملتا ہے' جو اس کے بعد آتا ہے اس کو گائے قربان کرنے جتنا ثواب ملتا ہے' جو اس کے بعد آتا ہے اسے بکری قربان کرنے جتنا ثواب ملتا ہے' جو اس کے بعد آتا ہے اسے مرغی صدقہ کرنے جتنا ثواب ملتا ہے۔

7591 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ، ثنا أَبُو الْمُغِيرَةِ، ثنا عُفَيْرُ بْنُ مَعْدَانَ، عَنْ سُلَيْمِ بْنِ عَامِرٍ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى الله عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تُبْعَثُ الْمَلَائِكَةُ يَوْمَ الْجُمُعَةِ إِلَى أَبْوَابِ الْمَسْجِدِ، فَيَكْتُبُونَ الْأَوَّلَ فَالْأَوَّلَ، فَإِذَا صَعِدَ الْإِمَامُ عَلَى الْمِنبَرِ طُوِيَتِ الصُّحُفُ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جمعہ کے دن فرشتے مسجد کے دروازے پر بیٹھتے ہیں اور آنے والے کے لیے ثواب لکھتے ہیں' جب امام منبر پر بیٹھتا ہے تو رجسٹر لپیٹ لیتے ہیں۔

7592 - حَدَّثَنَا أَبُو زَيْدٍ أَحْمَدُ بْنُ يَزِيدَ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ



7590- انظر ما قبله .

7591- ورواه أحمد جلد5صفحه260' قال في المجمع جلد2صفحه177' ورجال أحمد ثقات .

7592- قال في المجمع جلد2صفحه93' وفيه عفير بن معدان وهو ضعيف . قلت وله شاهد من حديث أبي هريرة عند مسلم وغيره .

الْحَوْطِيُّ، ثنا أَبُو الْيَمَانِ الْحَكَمُ بْنُ نَافِعٍ، ثنا عُفَيْرُ بْنُ مَعْدَانَ، عَنْ سُلَيْمِ بْنِ عَامِرٍ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰه عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: خَيْرُ صُفُوفِ الرِّجَالِ أَوَّلُهَا، وَشَرُّ صُفُوفِ الرِّجَالِ آخِرُهَا، وَخَيْرُ صُفُوفِ النِّسَاءِ آخِرُهَا، وَشَرُّ صُفُوفِ النِّسَاءِ أَوَّلُهَا

حضور ﷺ نے فرمایا: بہترین صف اوّل مردوں کی ہے اور بدترین صف مردوں کی آخری اور عورتوں کی بہترین صف آخری ہے اور بدترین صف اوّل ہے (یعنی جس صورت میں مردوں کی صفیں آگے اور عورتوں کی صفیں پیچھے ہوں، عورتوں کے قرب کی وجہ سے مردوں کی صف کو بُرا اور مردوں کے قرب کی وجہ سے عورتوں کی صف کو بُرا کہا)۔

**7593** - حَدَّثَنَا أَبُو زَيْدٍ الْحَوْطِيُّ، ثنا أَبُو الْيَمَانِ الْحَكَمُ بْنُ نَافِعٍ، ثنا عُفَيْرُ بْنُ مَعْدَانَ، عَنْ سُلَيْمِ بْنِ عَامِرٍ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ صَلَّى اللّٰه عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: إِنَّ الرَّجُلَ لَيَقُومُ فِي الصَّلَاةِ فَيَدْعُو الدَّعْوَةَ، فَيُغْفَرُ لَهُ وَلِمَنْ وَرَاءَهُ مِنَ النَّاسِ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: آدمی نماز پڑھانے کے لیے کھڑا ہوتا ہے، وہ دعا کرتا ہے تو جتنے لوگ اس کے پیچھے ہوتے ہیں انہیں بخش دیا جاتا ہے۔

**7594** - حَدَّثَنَا أَبُو زَيْدٍ الْحَوْطِيُّ، ثنا أَبُو الْيَمَانِ، ثنا عُفَيْرُ بْنُ مَعْدَانَ، عَنْ سُلَيْمِ بْنِ عَامِرٍ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰه عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: نَفَثَ رُوحُ الْقُدُسِ فِي رُوْعِي أَنَّ نَفْسًا لَنْ تَخْرُجَ مِنَ الدُّنْيَا حَتَّى تَسْتَكْمِلَ أَجَلَهَا، وَتَسْتَوْعِبَ رِزْقَهَا، فَأَجْمِلُوا فِي الطَّلَبِ، وَلَا يَحْمِلَنَّكُمُ اسْتِبْطَاءُ الرِّزْقِ أَنْ تَطْلُبُوهُ بِمَعْصِيَةِ اللّٰهِ، فَإِنَّ اللّٰهَ لَا يُنَالُ مَا عِنْدَهُ إِلَّا بِطَاعَتِهِ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: روح القدس نے میرے دل میں پھونک ماری کہ ہر کوئی آدمی عمر اور رزق مکمل کر کے دنیا سے جائے گا، اچھے طریقے سے رزق تلاش کرو، اللہ کی نافرمانی کر کے رزق تلاش نہ کرو کیونکہ اللہ کی جانب سے نیک کام کرنے پر ملتی ہے جو چیز اس کے پاس ہے۔



7593- قال فى المجمع جلد10 صفحه111-112، وفيه عفير بن معدان وهو ضعيف .

7594- قال فى المجمع جلد4 صفحه72، وفيه عفير بن معدان وهو ضعيف .

**7595** - حَدَّثَنَا أَبُو زَيْدٍ الْحَوْطِيُّ، ثنا أَبُو الْيَمَانِ، ثنا عُفَيْرُ بْنُ مَعْدَانَ، عَنْ سُلَيْمِ بْنِ عَامِرٍ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى الله عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ كَرِهَ لَكُمِ الْبَيَانَ، كُلَّ الْبَيَانِ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ عزوجل تمہارے لیے بیان کو ناپسند کیا ہے، ہر قسم کا بیان (ناجائز ہے)۔

**7596** - حَدَّثَنَا أَبُو زَيْدٍ، ثنا أَبُو الْيَمَانِ، ثنا عُفَيْرُ بْنُ مَعْدَانَ، عَنْ سُلَيْمِ بْنِ عَامِرٍ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى الله عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ الْمُتَشَدِّقِينَ فِي النَّارِ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: منہ پھاڑ کر گفتگو کرنے والے جہنم میں ہوں گے۔

**7597** - وَبِإِسْنَادِهِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى الله عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ يَقُولُ لِلْمَلَائِكَةِ: انْطَلِقُوا إِلَى عَبْدِي، فَصُبُّوا عَلَيْهِ الْبَلَاءَ صَبًّا، فَيَأْتُونَهُ فَيَصُبُّونَ عَلَيْهِ الْبَلَاءَ، فَيَحْمَدُ اللّٰهَ، فَيَرْجِعُونَ فَيَقُولُونَ: يَا رَبَّنَا صَبَبْنَا عَلَيْهِ الْبَلَاءَ صَبًّا كَمَا أَمَرْتَنَا، فَيَقُولُ: ارْجِعُوا فَإِنِّي أُحِبُّ أَنْ أَسْمَعَ صَوْتَهُ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ عزوجل فرشتوں سے فرماتا ہے: میرے بندوں کے پاس جاؤ، اس پر آزمائش ڈالو۔ فرشتے آتے ہیں اور اس پر آزمائش ڈالتے ہیں، وہ اللہ کی حمد کرتا ہے تو فرشتے واپس آتے ہیں اور عرض کرتے ہیں: اے ہمارے رب! ہم نے اُس پر آزمائش ڈالی جس طرح تُو نے ہمیں حکم دیا تھا۔ اللہ عزوجل فرماتا ہے: واپس جاؤ! میں ان کی آواز سننا پسند کرتا ہوں۔

**7598** - وَبِإِسْنَادِهِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى الله عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ عزوجل تم میں سے کسی کو



---

7595- قال فی المجمع جلد8صفحه116، وفيه عفير بن معدان وهو ضعيف .

7596- قال فی المجمع جلد8صفحه116، وفيه عفير بن معدان وهو ضعيف .

7597- قال فی المجمع جلد2صفحه291، وفيه عفير بن معدان وهو ضعيف .

7598- هو كالذی قبله .

إِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ لَيُجَرِّبُ أَحَدَكُمْ بِالْبَلَاءِ كَمَا يُجَرِّبُ أَحَدُكُمْ ذَهَبَهُ بِالنَّارِ، فَمِنْهُ مَا يَخْرُجُ كَالذَّهَبِ الْإِبْرِيزِ، فَذَلِكَ الَّذِي حَمَاهُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ مِنَ الشُّبُهَاتِ، وَمِنْهُ مَا يَخْرُجُ كَالذَّهَبِةِ دُونَ ذَلِكَ، فَذَلِكَ الَّذِي شَكَّ بَعْضَ الشَّكِّ، وَمِنْهُمْ مَنْ يَخْرُجُ كَالذَّهَبِ الْأَسْوَدِ، فَذَلِكَ الَّذِي قَدِ افْتُتِنَ

آزمائش میں اس طرح رگڑتا ہے جس طرح تم میں سے کوئی سونے کو آگ میں رگڑتا ہے' اس سے سونے کی ڈلیاں نکلتی ہیں' اسی طرح اللہ عزوجل بھی شبہات میں ڈالتا ہے' اس سے کچھ سونے کی طرح نکلے' اس طرح بعض شک والے ہوتے ہیں' ان میں سے کچھ سیاہ سونے کی طرح نکلتے ہیں' اسی طرح اس کی مثال ہے جو آزمائش میں ڈالا گیا ہو۔

**7599** - حَدَّثَنَا أَبُو زَيْدٍ الْحَوْطِيُّ، ثنا أَبُو الْيَمَانِ، ثنا عُفَيْرُ بْنُ مَعْدَانَ، عَنْ سُلَيْمِ بْنِ عَامِرٍ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى الله عَلَيْهِ وَسَلَّمْ أُتِيَ بِالْحُسَيْنِ، فَجَعَلَ يُقَبِّلُهُ وَهُوَ فِي حِجْرِهِ فَبَالَ، فَذَهَبُوا لِيُنَاوِلُوهُ، فَقَالَ: لَا تَقْطَعُوا دَرَّهُ فَتَرَكَهُ حَتَّى فَرَغَ مِنْ بَوْلِهِ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ آئے' آپ انہیں اپنی گود میں بٹھا کر چومنے لگے تو حضرت امام حسین نے پیشاب کر دیا' صحابہ کرام پکڑنے لگے' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اس کو پیشاب کرتے ہوئے نہ روکو! حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کو چھوڑ دیا گیا یہاں تک کہ وہ پیشاب کر کے فارغ ہوئے۔

**7600** - وَبِإِسْنَادِهِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ، أَنَّ رَجُلًا دَخَلَ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى الله عَلَيْهِ وَسَلَّمْ، وَعَلَيْهِ خَاتَمٌ مِنْ صُفْرٍ، فَقَالَ: مَا هَذِهِ الْخَاتَمُ؟ قَالَ: مِنَ الْوَاهِنَةِ .قَالَ: أَمَا إِنَّهَا لَا تَزِيدُ إِلَّا وَهْنًا

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آیا' اس نے زرد رنگ کی انگوٹھی پہنی ہوئی تھی' آپ نے فرمایا: یہ انگوٹھی کس کی ہے؟ اس نے عرض کی: واھنہ کی' آپ نے فرمایا: تیری کمزوری زیادہ ہو گی۔

**7601** - وَبِإِسْنَادِهِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى الله عَلَيْهِ وَسَلَّمْ:

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جب مسلمان بندہ بیمار ہوتا ہے تو اللہ



---

7599- قال في المجمع جلد1 صفحه285' وفيه عفير بن معدان وقد أجمعوا على ضعفه .

7600- قال في المجمع جلد5 صفحه145 وفيه عفير بن معدان وهو ضعيف .

7601- هو كالذي قبله انظر المجمع جلد2 صفحه291 .

إِنَّ الْمُسْلِمَ إِذَا مَرِضَ أَوْحَى اللهُ عَزَّ وَجَلَّ إِلَى مَلَائِكَتِهِ فَيَقُولُ: يَا مَلَائِكَتِي أَنَا قَيَّدْتُ عَبْدِي بِقَيْدٍ مِنْ قُيُودِي، فَإِنْ قَبَضْتُهُ، أَغْفِرُ لَهُ، وَإِنْ عَافَيْتُهُ فَجَسَدٌ مَغْفُورٌ لَهُ لَا ذَنْبَ لَهُ

عزوجل فرشتوں کی طرف پیغام بھیجتا ہے فرماتا ہے: اے میرے فرشتو! میں نے اپنے بندہ کو اس سے روکے رکھا ہے جو ادا کرتا تھا' اگر میں اس کو موت دوں تو میں نے اس کو بخش دیا' اگر میں صحت دوں تو بخشا ہوا جسم ہے' اس کے نامۂ اعمال میں کوئی گناہ نہیں ہوگا۔

عفير بن معدان عن سليم بن عامر

7602 - وَبِإِسْنَادِهِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يَحْرُمُ مِنَ الرَّضَاعَةِ مَا يَحْرُمُ مِنَ النَّسَبِ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو نسب سے حرام ہوتا ہے' وہی رضاعت سے حرام ہوتا ہے۔

7603 - وَبِإِسْنَادِهِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:: لَيْسَ مِنَّا مَنْ لَمْ يَجِلَّ كَبِيرَنَا، وَيَرْحَمْ صَغِيرَنَا

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو ہمارے بزرگوں کا احترام اور بچوں پر شفقت نہ کرے' اس کا تعلق ہم سے نہیں ہے۔

7604 - وَبِإِسْنَادِهِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وُكِّلَ بِالْمُؤْمِنِ تِسْعُونَ وَمِئَةُ مَلَكٍ يَذُبُّونَ عَنْهُ مَا لَمْ يَقْدِرْ عَلَيْهِ، مِنْ ذَلِكَ النَّفَرِ تِسْعَةُ أَمْلَاكٍ يَذُبُّونَ عَنْهُ كَمَا يُذَبُّ عَنْ قَصْعَةِ الْعَسَلِ مِنَ الذُّبَابِ فِي الْيَوْمِ الصَّائِفِ، وَمَا لَوْ بَدَا لَكُمْ لَرَأَيْتُمُوهُ عَلَى جَبَلٍ، وَسَهْلٍ كُلُّهُمْ بَاسِطٌ يَدَيْهِ فَاغِرٌ فَاهُ، وَمَا لَوْ وُكِّلَ الْعَبْدُ فِيهِ إِلَى نَفْسِهِ طَرْفَةَ عَيْنٍ خَطَفَتْهُ الشَّيَاطِينُ

اسی سند سے حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: مؤمن کے ساتھ ایک سو ستر فرشتے مقرر کیے جاتے ہیں جو اس کی حفاظت کرتے ہیں' اس چیز سے جس پر وہ قادر نہیں ہے' اس گروہ میں سے نو فرشتے وہ ہیں جو اس کی اس طرح حفاظت کرتے ہیں جس طرح گرمیوں کے دن میں شہد کے پیالے کی مکھیوں سے حفاظت کی جاتی ہے اور اگر تمہارے لیے ظاہر ہو تو تم ضرور اسے پہاڑ پر اور ہموار جگہ پر دیکھو' ان میں سے ہر ایک اپنے ہاتھ پھیلائے ہوئے اور منہ کھولے ہوئے ہے اور اگر بندے کو آنکھ جھپکنے کی دیر بھی اس کے اپنے حوالے

---

7602- قال في المجمع جلد4صفحه261' وفيه عفير بن معدان وهو ضعيف .

7603- قال في المجمع جلد8صفحه15' وفيه عفير بن معدان وهو ضعيف جدًا .

7604- قال في المجمع جلد7صفحه209' وفيه عفير بن معدان وهو ضعيف :

کر دیا جائے تو شیاطین اسے اُچک لیں۔

**7605** - حَدَّثَنَا أَبُو زَيْدٍ الْحَوْطِيُّ، ثنا أَبُو الْيَمَانِ، ح وحَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ حَمْزَةَ الدِّمَشْقِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ عَيَّاشٍ، قَالَا: ثنا عُفَيْرُ بْنُ مَعْدَانَ، عَنْ سُلَيْمِ بْنِ عَامِرٍ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ الْبَاهِلِيِّ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: وُكِّلَ بِالشَّمْسِ تِسْعَةُ أَمْلَاكٍ يَرْمُونَهَا بِالثَّلْجِ كُلَّ يَوْمٍ، لَوْلَا ذَلِكَ مَا أَتَتْ عَلَى شَيْءٍ إِلَّا أَحْرَقَتْهُ

حضرت ابوامامہ الباہلی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: سورج کے ساتھ نو فرشتے مقرر کیے گئے ہیں جو اس پر ہر روز برف ڈالتے ہیں اگر ایسا نہ کریں تو جس شی پر آئے اس کو جلا دے۔

**7606** - حَدَّثَنَا أَبُو زَيْدٍ الْحَوْطِيُّ، ثنا أَبُو الْيَمَانِ، ثنا عُفَيْرُ بْنُ مَعْدَانَ، عَنْ سُلَيْمِ بْنِ عَامِرٍ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ، وَيَشْهَدُ أَنِّي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلْيَسَعْهُ بَيْتُهُ، وَلْيَبْكِ عَلَى خَطِيئَتِهِ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو اللہ اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتا ہے یہ گواہی دیتا ہے کہ میں اللہ کا رسول ہوں اس کا وسیع ہو اور اپنے گناہوں پر روئے۔

**7607** - وَمَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ، وَيَشْهَدُ أَنِّي رَسُولُ اللّٰهِ، فَلْيَقُلْ خَيْرًا

جو اللہ اور آخرت کے دن پر اور میری رسالت پر ایمان رکھتا ہے وہ اچھی بات کرے تاکہ فائدہ ہو یا اپنے شر



---

7605- ورواه ابن عدی جلد2صفحه230' وأبو حفص الكنانى فى الأمالى ( 9/2/1)' والحافظ أبو محمد السراج القارئ فى الفوائد المنتخبة ( 1/125/1)' وأبو عمر والسمرقندى فى الفوائد المنتقاة جلد 1صفحه71' والخطيب فى الموضح جلد 1صفحه166' جلد2صفحه165,79 . قال فى المجمع جلد 8صفحه131 وفيه عفير بن معدان وهو ضعيف جدًا . قال شيخنا فى سلسلة الضعيفة جلد 1صفحه307' وهذا الحديث مع ضعفه الشديد اسنادًا لا أشك أنه موضوع متنًا' ثم ذكر ما يؤيد قوله .

7606- قال فى المجمع جلد10صفحه299' وفيه عفير بن معدان وهو ضعيف .

لِيَغْنَمَ، أَوْ لِيَسْكُتْ عَنْ شَرٍّ فَيَسْلَمَ

سے بچانے کے لیے خاموش رہے' تا کہ وہ محفوظ رہے۔

7608 - وَبِإِسْنَادِهِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا أَتْقَاهُ مَا أَتْقَاهُ مَا أَتْقَاهُ رَاعِي غَنَمٍ عَلَى رَأْسِ جَبَلٍ يُقِيمُ فِيهَا الصَّلَاةَ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: کتنا بڑا متقی ہے (تین بار فرمایا) پہاڑ کی چوٹی پر بکریاں چرانے والا جو نماز قائم کرتا ہے۔

7609 - وَبِإِسْنَادِهِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ لِكُلِّ أُمَّةٍ سِيَاحَةً، وَإِنَّ سِيَاحَةَ أُمَّتِي الْجِهَادُ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ہر اُمت کے لیے سیاحت ہے اور میری اُمت کی سیاحت اللہ کی راہ میں جہاد کرنا ہے۔

7610 - وَإِنَّ لِكُلِّ أُمَّةٍ رَهْبَانِيَّةً، وَرَهْبَانِيَّةُ أُمَّتِي الرِّبَاطُ فِي نُحُورِ الْعَدُوِّ

ہر اُمت کے لیے رہبانیت ہے' میری اُمت کی رہبانیت دشمن کے مقابلہ میں نگہبانی کرنا ہے۔

7611 - وَبِإِسْنَادِهِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ الرَّجُلَ لَيُدْرِكُ بِحُسْنِ خُلُقِهِ دَرَجَةَ الْقَائِمِ بِاللَّيْلِ الظَّامِءِ بِالْهَوَاجِرِ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ایک آدمی اچھے اخلاق کے ذریعے رات کو قیام کرنے والے کے برابر ثواب پاتا ہے۔

7612 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عِقَالٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا أَبُو جَعْفَرٍ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے غزوۂ تبوک میں موزوں اور عمامہ (کے



---

7608- قال في المجمع جلد4صفحه67' وفيه عفير بن معدان وهو مجمع على ضعفه .

7609- قال في المجمع جلد 8صفحه278' وفيه عفير بن معدان وهو ضعيف . ورواه أبو داؤد رقم الحديث: 2469 بلفظ سياحة أمتي الجهاد في سبيل الله . وهو حديث حسن .

7610- قال في المجمع جلد8صفحه25 وفيه عفير بن معدان وهو ضعيف .

7611- قال في المجمع جلد 1صفحه257 رواه الطبراني في الكبير والأوسط ( 42 مجمع البحرين)' وفيه عفير بن معدان وهو ضعيف .

7612- قال في المجمع جلد 1صفحه217 رواه الطبراني في الأوسط ( 34 مجمع البحرين)' والكبير وفيه عفير بن معدان وقد أجمعوا على ضعفه .

النُّفَيْلِيُّ، حَدَّثَنَا عُفَيْرُ بْنُ مَعْدَانَ، عَنْ سُلَيْمِ بْنِ عَامِرٍ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى الله عَلَيْهِ وَسَلَّمْ مَسَحَ عَلَى الْخُفَّيْنِ، وَالْعِمَامَةِ فِي غَزْوَةِ تَبُوكَ

نیچے ہاتھ داخل کر کے) مسح کیا۔

**7613** - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، ثنا أَبُو جَعْفَرٍ النُّفَيْلِيُّ، ثنا عُفَيْرُ بْنُ مَعْدَانَ، عَنْ سُلَيْمِ بْنِ عَامِرٍ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى الله عَلَيْهِ وَسَلَّمْ خَرَجَ فِي بَعْضِ مَغَازِيهِ، فَمَرَّ بِأَهْلِ أَبْيَاتٍ مِنَ الْعَرَبِ، فَأَرْسَلَ إِلَيْهِمْ: هَلْ مِنْ مَاءٍ لِوُضُوءِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى الله عَلَيْهِ وَسَلَّمْ؟ فَقَالُوا: مَا عِنْدَنَا مَاءٌ إِلَّا فِي إِهَابِ مَيْتَةٍ، دَبَغْنَاهُ بِلَبَنٍ، فَأَرْسَلَ إِلَيْهِمْ: إِنَّ دِبَاغَهُ طَهُورُهُ فَأُتِيَ مِنْهُ فَتَوَضَّأَ، ثُمَّ صَلَّى

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کسی جہاد کے لیے نکلے' عرب کے کچھ گھروں کے پاس سے گزرے' آپ نے ان کی طرف کسی کو بھیجا کہ کیا ان کے پاس پانی ہے' رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے وضو کرنے کے لیے؟ اُنہوں نے کہا: ہمارے پاس مردار کے چمڑے میں ہے' جس کو ہم نے دودھ کے ساتھ دباغت دی ہے۔ آپ نے ان کی طرف پیغام بھیجا کہ دباغت پاک کرنے والی ہے' آپ کے لیے اس سے پانی لایا گیا' آپ نے وضو کیا اور نماز پڑھائی۔

**7614** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَبَّاسِ الْمُؤَدِّبُ، ثنا الْحَكَمُ بْنُ مُوسَى، ثنا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنْ أَبِي عَائِذٍ عُفَيْرِ بْنِ مَعْدَانَ، حَدَّثَنِي سُلَيْمُ بْنُ عَامِرٍ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، أَنَّ امْرَأَةً أَتَتِ النَّبِيَّ صَلَّى الله عَلَيْهِ وَسَلَّمْ، فَأَخْبَرَتْهُ أَنَّ زَوْجَهَا فِي بَعْضِ الْمَغَازِي، فَاسْتَأْذَنَتْهُ أَنْ يُصَوِّرَ فِي بَيْتِهَا نَخْلَةً، فَمَنَعَهَا وَنَهَاهَا

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک عورت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آئی' اس نے بتایا کہ اس کا شوہر کسی جہاد میں گیا ہے' اس نے اجازت مانگی اپنے گھر کھجور کی تصویر بنانے کی' تو آپ نے اس سے منع کیا اور روکا۔

**7615** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَبَّاسِ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت



7615- قال في المجمع جلد10 صفحه155' وفيه عفير بن معدان وهو مجمع على ضعفه .

الْمُؤَدِّبُ، ثنا الْحَكَمُ بْنُ مُوسَى، ثنا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنْ عُفَيْرِ بْنِ مَعْدَانَ، عَنْ سُلَيْمِ بْنِ عَامِرٍ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ، سَمِعَهُ يُحَدِّثُ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى الله عَلَيْهِ وَسَلَّمْ قَالَ: تُفْتَحُ أَبْوَابُ السَّمَاءِ، وَيُسْتَجَابُ الدُّعَاءُ فِي أَرْبَعَةِ مَوَاطِنَ: عِنْدَ الْتِقَاءِ الصُّفُوفِ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ، وَعِنْدَ نُزُولِ الْغَيْثِ، وَعِنْدَ إِقَامَةِ الصَّلَاةِ، وَعِنْدَ رُؤْيَةِ الْكَعْبَةِ

کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: چار موقعوں پر دعا قبول ہوتی ہے' رحمت کے دروازے کھول دیئے جاتے ہیں: (۱) اللہ کی راہ میں لڑنے کے لیے صفیں بناتے وقت (۲) بارش کے اُترنے کے وقت (۳) نماز کھڑی کرنے کے وقت (۴) کعبہ کے دیکھنے کے وقت۔

**7616** - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عَبْدِ الْبَاقِي الْمِصِّيصِيُّ، ثنا عَمْرُو بْنُ عُثْمَانَ الْحِمْصِيُّ، ثنا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنْ عُفَيْرِ بْنِ مَعْدَانَ، أَنَّهُ سَمِعَ سُلَيْمَ بْنَ عَامِرٍ، يُحَدِّثُ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى الله عَلَيْهِ وَسَلَّمْ قَالَ: رَأَيْتُ عَمُودَ الْكِتَابِ انْتُزِعَ مِنْ تَحْتِ وِسَادَتِي، فَأَتْبَعْتُهُ بَصَرِي، فَإِذَا هُوَ نُورٌ سَاطِعٌ حَتَّى ظَنَنْتُ أَنَّهُ قَدْ هَوَى بِهِ، فَعُمِدَ بِهِ إِلَى الشَّامِ، وَإِنِّي أَوَّلْتُ أَنَّ الْفِتَنَ إِذَا وَقَعَتْ أَنَّ الْإِيمَانَ بِالشَّامِ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: کتاب میرے سرہانے کے نیچے سے کھینچ لی گئی' میں اس کو پیچھے سے دیکھتا رہا' پس وہ پھیلنے والا نور تھا حتیٰ کہ میں نے گمان کیا کہ اس نے اس کو اُڑا لیا ہے' پس اس کے ساتھ شام کا ارادہ کیا گیا ہے' بے شک میں نے اس کی تعبیر یہ کی کہ فتنے جب واقع ہوں گے تو ایمان شام میں ہوگا۔

**7617** - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ الْمُعَلَّى الدِّمَشْقِيُّ، ثنا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، ح وحَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ دُحَيْمٍ، ثنا أَبِي ح، وحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا دَاوُدُ بْنُ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت عثمان بن مظعون کی بیوی خوبصورت خوشبو لگانے والی تھی' شوہر کے لیے اچھی حالت اور خوب اچھا لباس پہننا پسند کرتی تھی' حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے اس کو خراب



7616- قال في المجمع جلد 10 صفحه 58' وفيه عفير بن معدان وهو مجمع على ضعفه . ومن طريق المصنف وغيره رواه ابن عساكر في تاريخ دمشق جلد 1 صفحه 99-100 .

7617- قال في المجمع جلد 4 صفحه 302' وفيه عفير بن معدان وهو ضعيف .

رُشَيْدٍ، قَالُوا: ثنا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، ثنا عُفَيْرُ بْنُ مَعْدَانَ، عَنْ سُلَيْمِ بْنِ عَامِرٍ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: كَانَتِ امْرَأَةُ عُثْمَانَ بْنِ مَظْعُونٍ امْرَأَةً جَمِيلَةً عِطْرَةً، تُحِبُّ اللِّبَاسَ، وَالْهَيْئَةَ لِزَوْجِهَا، فَزَارَتْهَا عَائِشَةُ وَهِيَ تَفِلَةٌ قَالَتْ: مَا حَالُكِ هَذِهِ؟ قَالَتْ: إِنَّ نَفَرًا مِنْ أَصْحَابِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى الله عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْهُمْ عَلِيُّ بْنُ أَبِي طَالِبٍ، وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَوَاحَةَ، وَعُثْمَانُ بْنُ مَظْعُونٍ قَدْ تَخَلَّوْا لِلْعِبَادَةِ، وَامْتَنَعُوا مِنَ النِّسَاءِ، وَأَكْلِ اللَّحْمِ وَصَامُوا النَّهَارَ، وَقَامُوا اللَّيْلَ، فَكَرِهْتُ أَنْ أُرِيَهُ مِنْ حَالِي مَا يَدْعُوهُ إِلَى مَا عِنْدِي لِمَا يُخَلِّي لَهُ، فَلَمَّا دَخَلَ النَّبِيُّ صَلَّى الله عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَخْبَرَتْهُ عَائِشَةُ، فَأَخَذَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى الله عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَعْلَهُ، فَحَمَلَهَا بِالسَّبَّابَةِ مِنْ إِصْبَعِهِ الْيُسْرَى، ثُمَّ انْطَلَقَ سَرِيعًا حَتَّى دَخَلَ عَلَيْهِمْ، فَسَأَلَهُمْ عَنْ حَالِهِمْ، قَالُوا: أَرَدْنَا الْخَيْرَ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى الله عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّمَا بُعِثْتُ بِالْحَنِيفِيَّةِ السَّمْحَةِ، وَلَمْ أُبْعَثْ بِالرَّهْبَانِيَّةِ الْبِدْعَةِ، أَلَا وَإِنَّ أَقْوَامًا ابْتَدَعُوا الرَّهْبَانِيَّةَ فَكُتِبَتْ عَلَيْهِمْ، فَمَا رَعَوْهَا حَقَّ رِعَايَتِهَا، أَلَا فَكُلُوا اللَّحْمَ، وَائْتُوا النِّسَاءَ، وَصُومُوا وَأَفْطِرُوا، وَصَلُّوا وَنَامُوا، فَإِنِّي بِذَلِكَ أُمِرْتُ

حالت میں دیکھا' آپ نے فرمایا: یہ کیا حالت ہے؟ عرض کی: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اصحاب میں کچھ جن میں حضرت علی' عبداللہ بن رواحہ' عثمان بن مظعون شامل ہیں' عبادت کے لیے خلوت پسند کرتے ہیں اور عورتوں سے علیحدہ رہتے ہیں اور گوشت نہیں کھاتے' دن کو روزہ رکھنا اور رات کو قیام کرتے ہیں' میں نے ناپسند کیا کہ میری حالت کوئی دیکھے جب وہ خلوت میں ہوں تو میں اپنی طرف بلاؤں۔ جب حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آئے تو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے بتایا' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی نعلین شریف پکڑی' بائیں ہاتھ کے انگوٹھے سے پھر جلدی چلے یہاں تک کہ ان کے پاس داخل ہوئے' آپ نے ان کی حالت کے متعلق پوچھا' اُنہوں نے عرض کی: ہمارا مقصد بھلائی ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: مجھے آسان دین دے کر بھیجا گیا ہے' مجھے رہبانیت کی بدعت کے ساتھ نہیں بھیجا گیا ہے' خبردار! کچھ لوگوں نے رہبانیت کو ایجاد کیا تو وہ ان پر واجب ہوگئی' تو وہ اس کی رعایت نہ کر سکے جس طرح کرنی چاہیے تھی' ان پر فرض کی گئی' اُنہوں نے اس کا حق ادا نہیں کیا' خبردار! گوشت کھاؤ' عورتوں سے جماع کرو اور روزہ رکھو' افطار کرو اور نماز پڑھو اور کلام کرو' مجھے اسی کا حکم دیا گیا ہے۔



**7618** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے

الْأَهْوَازِيُّ، ثنا عِيسَى بْنُ أَبِي حَرْبٍ الصَّفَّارُ، ثنا قَيْسُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عِمْرَانَ الْكِنْدِيُّ، ثنا عُفَيْرُ بْنُ مَعْدَانَ، عَنْ سُلَيْمِ بْنِ عَامِرٍ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى الله عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: شَهِيدُ الْبَحْرِ مِثْلُ شَهِيدَيِ الْبَرِّ، وَالْمَائِدُ فِي الْبَحْرِ كَالْمُتَشَحِّطِ فِي دَمِهِ فِي الْبَرِّ، وَمَا بَيْنَ الْمَوْجَتَيْنِ فِي الْبَحْرِ كَقَاطِعِ الدُّنْيَا فِي طَاعَةِ اللهِ، وَإِنَّ اللهَ وَكَّلَ مَلَكَ الْمَوْتِ يَقْبِضُ الْأَرْوَاحَ إِلَّا شُهَدَاءَ الْبَحْرِ، فَإِنَّهُ يَتَوَلَّى قَبْضَ أَرْوَاحِهِمْ، وَيَغْفِرُ لِشُهَدَاءِ الْبَرِّ الذُّنُوبَ كُلَّهَا إِلَّا الدَّيْنَ، وَيَسْتَغْفِرُ لِشُهَدَاءِ الْبَحْرِ الذُّنُوبَ كُلَّهَا وَالدَّيْنَ

رسول اللہ ﷺ سے سنا: سمندر میں شہید ہونے والا خشکی میں دو شہید ہونے والوں کی طرح ہے' سمندر میں چکر لگانے والا اس طرح ہے جس طرح خشکی میں خون سے رنگا ہوا ہو' سمندر میں دو موجوں کے درمیان آدمی اللہ کی اطاعت میں ساری دنیا کا سفر کرنے والے کی طرح ہے' بے شک اللہ نے روحیں قبض کرنے کیلئے حضرت عزرائیل (موت کے فرشتے) کو مقرر فرمایا ہے مگر سمندر میں شہید ہونے والوں کی روحیں خود قبض کرتا ہے' خشکی کے شہید کے سوائے قرض کے سارے گناہ معاف کر دیتا ہے اور سمندر کے شہیدوں کے سارے گناہ بھی اور قرض بھی معاف کر دیتا ہے۔

**7619** - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ دُحَيْمٍ، ثنا أَبِي ح، وحَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ الْمُعَلَّى الدِّمَشْقِيُّ، ثنا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، قَالَا: ثنا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنْ عُفَيْرِ بْنِ مَعْدَانَ، عَنْ سُلَيْمِ بْنِ عَامِرٍ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى الله عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أُنْزِلَ الْقُرْآنُ فِي ثَلَاثَةِ أَمْكِنَةٍ: بِمَكَّةَ، وَالْمَدِينَةِ، وَالشَّامِ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: قرآن تین جگہ اُترا: مکہ' مدینہ اور ملک شام۔

**7620** - حَدَّثَنَا مَحْمُودُ بْنُ مُحَمَّدٍ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ



7619- قال في المجمع جلد 7صفحه157' وفيه عفير بن معدان وهو ضعيف . ورواه ابن عساكر في تاريخ دمشق جلد 1 صفحه154 .

7620- قال في المجمع جلد 10صفحه59' وفيه عفير بن معدان وهو ضعيف . ورواه ابن عساكر في تاريخ دمشق جلد 1 صفحه107 من طريق المصنف .

الْمَرْوَزِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ، ثنا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، ثنا عُفَيْرُ بْنُ مَعْدَانَ، أَنَّهُ سَمِعَ سُلَيْمَ بْنَ عَامِرٍ يُحَدِّثُ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الشَّامُ صَفْوَةُ اللَّهِ مِنْ بِلَادِهِ، يَجْتَبِي صَفْوَتَهُ مِنْ عِبَادِهِ، فَمَنْ خَرَجَ مِنَ الشَّامِ إِلَى غَيْرِهَا، فَبِسَخْطَةٍ، وَمَنْ دَخَلَهَا فَبِرَحْمَةٍ

حضور ﷺ نے فرمایا: ملک شام تمام شہروں سے اسی طرح چُنا ہوا ہے جس طرح اللہ اپنے کچھ بندوں کو چن لیتا ہے' جو ملک شام سے کسی دوسرے ملک کی طرف نکلے' وہ اللہ کی ناراضگی میں ہے اور جو ملک شام میں داخل ہو' وہ اللہ کی رحمت میں ہے۔

7621 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ الْمُعَلَّى الدِّمَشْقِيُّ، ثنا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، ثنا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، ثنا عُفَيْرُ بْنُ مَعْدَانَ، عَنْ سُلَيْمِ بْنِ عَامِرٍ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: تُفْتَحُ أَبْوَابُ السَّمَاءِ، وَيُسْتَجَابُ دُعَاءُ الْمُسْلِمِ عِنْدَ إِقَامَةِ الصَّلَاةِ، وَعِنْدَ نُزُولِ الْغَيْثِ، وَعِنْدَ زَحْفِ الصُّفُوفِ، وَعِنْدَ رُؤْيَةِ الْكَعْبَةِ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: چار موقعوں پر دعا قبول ہوتی ہے' رحمت کے دروازے کھول دیئے جاتے ہیں: (۱) اللہ کی راہ میں لڑنے کے لیے صفیں بناتے وقت (۲) بارش کے اُترنے کے وقت (۳) نماز کھڑی کرنے کے وقت (۴) کعبہ کے دیکھنے کے وقت۔

## يَزِيدُ بْنُ أَبِي مَالِكٍ، عَنْ سُلَيْمِ بْنِ عَامِرٍ

## حضرت یزید بن ابومالک' حضرت سلیم بن عامر سے روایت کرتے ہیں

7622 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ خَلَفٍ الدِّمَشْقِيُّ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، ح وحَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جو کوئی مسلمان دس آدمیوں یا اس سے اوپر کا ولی بنے' جو اس نے خیانت کی ہو

7622- ورواه أحمد جلد 5صفحه267 ثنا أبو اليمان ثنا اسماعيل بن عياش عن يزيد ا بن أبي مالك عن لقمانبن عامر عن أبي أمامة فذكره . قال في المجمع جلد 5صفحه205' وفيه يزيد ابن أبي مالك وثقه ابن حبان وغيره وبقية رجاله ثقات . وهو حديث حسن .

يَحْيَى بْنِ حَمْزَةَ الدِّمَشْقِيُّ، ثنا حَيْوَةُ بْنُ شُرَيْحٍ الْحَضْرَمِيُّ، قَالَا: ثنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي مَالِكٍ، عَنْ سُلَيْمِ بْنِ عَامِرٍ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَا مِنْ مُسْلِمٍ يَلِي أَمْرَ عَشَرَةٍ فَمَا فَوْقَ ذَلِكَ إِلَّا أُتِيَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مَغْلُولًا يَدُهُ إِلَى عُنُقِهِ، فَكَّهُ بِرُّهُ، أَوْ أَوْثَقَهُ إِثْمُهُ، أَوَّلُهَا مَلَامَةٌ، وَأَوْسَطُهَا نَدَامَةٌ، وَآخِرُهَا عَذَابُ يَوْمِ الْقِيَامَةِ

گی تو اس کے ہاتھ گردن سے بندھے ہوئے ہوں گے اس کی نیکی اس کو چھڑوالے گی یا اس کا گناہ اسے مکمل پکڑوا دے گا' ولی بننا اوّلاً ملامت ہے' درمیان میں ندامت ہے اور آخرت میں قیامت کے دن عذاب ہوگا۔

## هَاشِمُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ سُلَيْمِ بْنِ عَامِرٍ

## حضرت ہاشم بن زید' حضرت سلیم بن عامر سے روایت کرتے ہیں

**7770-** حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا وَكِيعٌ، عَنْ خَلَّادٍ الصَّفَّارِ، عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ زَحْرٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَحِلُّ بَيْعُ الْمُغَنِّيَاتِ وَلَا شِرَاؤُهُنَّ، وَلَا تِجَارَةٌ فِيهِنَّ، وَأَكْلُ أَثْمَانِهِنَّ حَرَامٌ، وَفِيهِ أَنْزَلَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ هَذِهِ الْآيَةَ: (وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَشْتَرِي لَهْوَ الْحَدِيثِ) (لقمان:6)

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: گانے والیوں کی خرید وفروخت اور تجارت اور ان کی کمائی کھانا حرام ہے' یہ آیت انہیں کے متعلق نازل ہوئی: ''لوگوں میں سے کچھ وہ ہیں جو بُری باتیں خریدتے ہیں''۔

## مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدِ اللَّهِ الْعَرْزَمِيُّ، عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ

## محمد بن عبید اللہ العرزمی' حضرت عبید اللہ سے روایت کرتے ہیں

**7771-** حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا أَبِي، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ،

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: بے شک اس دین والوں کیلئے



7770- ورواه البيهقي في السنن جلد6صفحه14-15 .

عَنِ الْفَزَارِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ زَحْرٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ لِهَذَا الدِّينِ إِقْبَالًا وَإِدْبَارًا، وَذَكَرَ الْحَدِيثَ

عروج وزوال ہے۔

**7772-** حَدَّثَنَا خَيْرُ بْنُ عَرَفَةَ الْمِصْرِيُّ، ثنا عُرْوَةُ بْنُ مَرْوَانَ الْعِرْقِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مَسْلَمَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ الْعَرْزَمِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ زَحْرٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أُرِيتُ الْبَارِحَةَ كَأَنِّي أُدْخِلْتُ الْجَنَّةَ، فَخَرَجْتُ مِنْ إِحْدَى أَبْوَابِهَا الثَّمَانِيَةِ، فَإِذَا أَنَا بِأُمَّتِي قِيَامٌ، فَعَرَضُوا عَلَيَّ رَجُلًا رَجُلًا، وَإِذَا بِمِيزَانٍ مَنْصُوبٍ، فَوُضِعَتْ أُمَّتِي فِي كِفَّةِ الْمِيزَانِ وَوُضِعْتُ فِي الْكِفَّةِ الْأُخْرَى، فَرَجَحْتُ بِهِمْ. ثُمَّ وُضِعَتْ أُمَّتِي كُلُّهُمْ جَمِيعًا فِي كِفَّةِ الْمِيزَانِ، وَوُضِعَ أَبُو بَكْرٍ الصِّدِّيقُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فِي الْكِفَّةِ الْأُخْرَى فَرَجَحَ بِهِمْ، ثُمَّ وُضِعَ جَمِيعُ أُمَّتِي فِي كِفَّةِ الْمِيزَانِ وَوُضِعَ ابْنُ الْخَطَّابِ فِي كِفَّةِ الْمِيزَانِ فَرَجَحَ بِهِمْ، ثُمَّ رُفِعَ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: مجھے آج رات خواب دکھایا گیا کہ میں جنت میں داخل ہوا' میں آٹھوں دروازوں میں سے ایک دروازے سے نکلا' وہاں میرا ایک اُمتی کھڑا تھا' مجھ پر ایک ایک آدمی پیش کیا گیا' وہاں میزان کھڑا کیا گیا' ایک پلڑے میں ایک اُمتی اور دوسرے میں مجھے رکھا گیا' میرا وزن تمام اُمتیوں سے بھاری ہوا۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کا دوسرے میں رکھا تو اُن کا وزن ساری اُمت سے بھاری ہوا' پھر ساری اُمت ایک پلڑے میں اور دوسرے میں حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کو رکھا گیا تو حضرت عمر کا پلڑا بھاری ہوا' پھر میزان کو اُٹھا لیا گیا۔



---

7772- ورواه أحمد جلد5صفحه259 مطولًا قال فى المجمع جلد 9صفحه59' جلد10 صفحه262' وفيهما (كذا . بل فى سند أحمد فقط) مطرح بن يزيد وعلى بن يزيد الألهانى وكلاهما مجمع على ضعفه . ومما يدل على ضعف هذا' أن عبد الرحمٰن بن عوف أحد أصحاب بدر والحديبية وأحد العشرة وهم أفضل الصحابة والحمد لله . قلت: وفى اسناد المصنف عبيد الله بن زحر وهو ضعيف ومحمد بن عبيد الله العرزمى الفزارى وهو متروك .

الْمِيزَانُ

## مُعَانُ بْنُ رِفَاعَةَ السَّلَامِيُّ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ يَزِيدَ

## معان بن رفاعہ السلامی' حضرت علی بن یزید سے روایت کرتے ہیں



**7773-** حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ بْنِ نَجْدَةَ الْحَوْطِيُّ، ثنا أَبُو الْمُغِيرَةِ عَبْدُ الْقُدُّوسِ بْنُ الْحَجَّاجِ، ثنا مُعَاذُ بْنُ رِفَاعَةَ، ثنا عَلِيُّ بْنُ يَزِيدَ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ الْبَاهِلِيِّ، أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَمَا هُوَ يَمْشِي فِي شِدَّةِ حَرٍّ انْقَطَعَ شِسْعُهُ، فَجَاءَ رَجُلٌ بِشِسْعٍ، فَوَضَعَهُ فِي نَعْلِهِ. فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَوْ تَعْلَمُ مَا حَمَلْتَ عَلَيْهِ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، لَوْ تَعْلَمُ مَا حَمَلْتَ عَلَيْهِ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ سخت گرمی میں چل رہے تھے' آپ کے نعلین مبارک کا تسمہ ٹوٹ گیا' ایک آدمی تسمہ لے کر آیا' اُس نے آپ ﷺ کے نعلین میں رکھا' حضور ﷺ نے فرمایا: کاش تُو جانتا کہ تو نے رسول اللہ ﷺ کو کس چیز پر سوار کیا ہے' کاش تجھے علم ہوتا کہ تُو نے رسول اللہ ﷺ کو کس شی پر سوار کیا ہے۔

**7774-** حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ بْنِ نَجْدَةَ الْحَوْطِيُّ، ثنا أَبُو الْمُغِيرَةِ عَبْدُ الْقُدُّوسِ بْنُ الْحَجَّاجِ، ثنا مُعَاذُ بْنُ رِفَاعَةَ، ثنا عَلِيُّ بْنُ يَزِيدَ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ الْبَاهِلِيِّ قَالَ: مَرَّ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِرَجُلٍ، وَهُوَ يَقْرَأُ قُلْ هُوَ اللهُ أَحَدٌ،

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ ایک آدمی کے پاس سے گزرے' وہ سورۂ اخلاص کی تلاوت کر رہا تھا' آپ نے فرمایا: اس نے واجب کر لی' اس کے لیے جنت واجب ہوگئی۔

---

7773- ورواه أحمد جلد5صفحه265 . قال فی المجمع جلد8صفحه182' وفيه علی بن يزيد الألهانی وهو ضعيف .

7774- ورواه أحمد جلد 5صفحه266 الا أنه عنده بين معان وعلی بن يزيد علی بن رفاعة . قال فی المجمع جلد 7 صفحه145' وفيه علی بن يزيد وهو ضعيف .

فَقَالَ: أَوْجَبَ هٰذَا، وَجَبَتْ لَهُ الْجَنَّةُ

**7775-** حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ، ثنا أَبُو الْمُغِيرَةِ، ثنا مُعَانُ بْنُ رِفَاعَةَ، ثنا عَلِيُّ بْنُ يَزِيدَ، حَدَّثَنِي الْقَاسِمُ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ قَالَ: لَمَّا كَانَ حَجَّةُ الْوَدَاعِ، قَامَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَوْمَئِذٍ مُرْدِفٌ الْفَضْلَ بْنَ عَبَّاسٍ وَهُوَ عَلَى جَمَلٍ، فَقَالَ: يَا أَيُّهَا النَّاسُ، خُذُوا مِنَ الْعِلْمِ قَبْلَ أَنْ يُقْبَضَ الْعِلْمُ، وَقَبْلَ أَنْ يُرْفَعَ الْعِلْمُ .وَقَدْ كَانَ أَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ: (يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَسْأَلُوا عَنْ أَشْيَاءَ إِنْ تُبْدَ لَكُمْ تَسُؤْكُمْ) (المائدة: 101 ) الْآيَةَ، فَكُنَّا نَذْكُرُهَا كَثِيرًا، فَتَمْنَعُنَا مِنْ مَسْأَلَتِهِ .فَأَتَيْنَا أَعْرَابِيًّا فَرَشَوْنَاهُ بُرْدًا، فَاعْتَمَّ بِهِ حَتَّى رَأَيْتُ حَاشِيَةَ الْبُرْدِ عَلَى حَاجِبِهِ الْأَيْمَنِ، ثُمَّ قُلْنَا: سَلِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ كَيْفَ يُرْفَعُ الْعِلْمُ مِنَّا، وَبَيْنَ أَظْهُرِنَا الْمَصَاحِفُ قَدْ تَعَلَّمْنَا فِيهَا، وَعَلَّمْنَاهَا نِسَاءَنَا وَذَرَارِيَّنَا وَخَدَمَنَا، فَرَفَعَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَأْسَهُ، وَقَدْ عَلَتْ وَجْهَهُ حُمْرَةٌ مِنَ الْغَضَبِ، فَقَالَ: أَيْ ثَكِلَتْكَ أُمُّكَ، وَهٰذِهِ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آپ نے فرمایا: جب حجۃ الوداع کا موقع تھا تو نبی کریم ﷺ کھڑے ہوئے اس دن ایک ہی اونٹ پر حضرت فضل بن عباس آپ ﷺ کے پیچھے سوار تھے تو آپ ﷺ نے فرمایا: اے لوگو! علم ختم ہونے سے پہلے علم حاصل کرلو اور اس سے پہلے کہ علم اُٹھالیا جائے۔ اسی دوران یہ آیت نازل ہوئی: ''اے ایمان والو! ان چیزوں کے بارے میں نہ پوچھو جو اگر تمہارے لیے ظاہر کردی جائیں تو تمہیں بُری لگیں''۔ پس ہم اکثر اس کا ذکر کرتے تو یہ آیت ہمیں سوال کرنے سے روکتی۔ پس ہم ایک دیہاتی کے پاس آئے ہم نے اسے ایک چادر دی اس نے دیر لگائی یہاں تک کہ میں نے چادر کا کنارہ اس کے دائیں ابرو پر دیکھا پھر ہم نے اس سے کہا: نبی کریم ﷺ سے ایک سوال تو کرو۔ پس اس نے عرض کی: اے اللہ کے نبی! ہم سے علم کیسے اُٹھالیا جائے گا جبکہ مصاحف ہمارے پاس ہیں ان میں سے ہم نے علم سیکھا ہے اور ہم نے اپنی عورتوں بچوں اور خادموں کو سکھایا ہے۔ نبی کریم ﷺ نے اپنا سر مبارک اوپر اُٹھایا اس حال میں کہ غصے کی سرخی چہرے پر چھا چکی تھی۔ فرمایا: ارے تیری ماں تجھے روئے! یہ یہودی وعیسائی



---

7775- قال في المجمع جلد 1 صفحه20، رواه أحمد جلد5صفحه266، والطبراني في الكبير وعند ابن ماجه رقم الحديث: 288 طرف منه واسناد الطبراني أصح، لأن في اسناد أحمد على بن يزيد وهو ضعيف جدًا، وهو عند الطبراني رقم الحديث: 7906 من طرق في بعضها الحجاج بن أرطاة وهو مدلس صدوق يكتب حديثه، وليس ممن يتعمد الكذب والله أعلم .

الْيَهُودُ وَالنَّصَارَى بَيْنَ أَظْهُرِهِمِ الْمَصَاحِفُ، لَمْ يُصْبِحُوا يَتَعَلَّقُوا بِالْحَرْفِ مِمَّا جَاءَ تْهُمْ بِهِ أَنْبِيَاؤُهُمْ، أَلَا وَإِنَّ مِنْ ذَهَابِ الْعِلْمِ أَنْ يَذْهَبَ أَهْلُهُ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ

ہیں' ان کے درمیان بھی تو مصاحف آسمانی ہیں لیکن ایسے ایک حرف سے بھی ان کا تعلق باقی نہیں رہ گیا ہے جو ان کے نبی لے کر آئے تھے۔ خبردار! علم اس طرح جائے گا کہ اہلِ علم باقی نہ رہیں گے' تین بار فرمایا۔

معان بن رفاعة السلامي عن علي بن يزيد

**7776**- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ، ثنا أَبُو الْمُغِيرَةِ، ثنا مُعَانُ بْنُ رِفَاعَةَ، أَخْبَرَنِي عَلِيُّ بْنُ يَزِيدَ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ قَالَ: خَرَجْنَا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي سَرِيَّةٍ مِنْ سَرَايَاهُ، فَمَرَّ رَجُلٌ بِغَارٍ فِيهِ شَيْءٌ مِنْ مَاءٍ، فَجَذَبَتْهُ نَفْسُهُ أَنْ يُقِيمَ فِي ذَلِكَ الْغَارِ، فَيَقُوتَ مَا فِيهِ مِنْ مَاءٍ، وَيُصِيبُ مِمَّا حَوْلَهُ مِنَ الْبَقْلِ، وَيَتَخَلَّى مِنَ الدُّنْيَا، ثُمَّ قَالَ: لَوْ أَنِّي أَتَيْتُ نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَذَكَرْتُ ذَلِكَ لَهُ، فَإِنْ أَذِنَ لِي فَعَلْتُ، وَإِلَّا لَمْ أَفْعَلْ. فَأَتَاهُ، فَقَالَ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ، إِنِّي مَرَرْتُ بِغَارٍ فِيهِ مَا يَقُوتُنِي مِنَ الْمَاءِ وَالْبَقْلِ، فَحَدَّثَتْنِي نَفْسِي بِأَنْ أُقِيمَ، وَأَتَخَلَّى مِنَ الدُّنْيَا، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنِّي لَمْ أُبْعَثْ بِالْيَهُودِيَّةِ وَلَا النَّصْرَانِيَّةِ، وَلَكِنِّي بُعِثْتُ بِالْحَنِيفِيَّةِ السَّمْحَةِ، وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ، لَغَدَاةٌ أَوْ رَوْحَةٌ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ خَيْرٌ مِنَ الدُّنْيَا وَمَا فِيهَا، وَلَمَقَامُ أَحَدِكُمْ فِي الصَّفِّ خَيْرٌ مِنْ صَلَاتِهِ سِتِّينَ سَنَةً

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے' فرمایا: ہم حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ سردیوں میں ایک سریہ میں' نکلے' پس ایک آدمی ایک غار کے پاس سے گزرا جس میں کچھ پانی تھا' اس کے نفس کو کشش ہوئی کہ وہ اس غار میں مقیم ہو جائے اور اس تھوڑے بہت پانی کو ہی اپنی خوراک بنا لے اور اس غار کے آس پاس سے کچھ سبزیاں حاصل کر لے اور دنیا سے الگ ہو جائے (اللہ کی عبادت کیلئے)۔ پھر کہا: اگر میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں جاؤں اور ان سے ساری صورتِ حال عرض کروں۔ پس اگر تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مجھے اجازت دیں تو میں یہ کام کروں' ورنہ ایسا نہ کروں۔ پس وہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا۔ عرض کی: اے اللہ کے نبی! (اتفاق سے) میں ایک غار کے پاس سے گزرا' جس میں گزارے کی خوراک پانی اور سبزی موجود تھی' میرے دل نے کہا: میں اس میں مقیم ہو کر دنیا سے الگ تھلگ ہو جاؤں۔ پس نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میں یہودیت ونصرانیت دے کر نہیں بھیجا گیا بلکہ مجھے پاکیزہ و نرم شریعت دے کر بھیجا گیا ہے۔ قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضے میں میری جان ہے! ایک صبح یا ایک شام اللہ کی راہ میں دنیا و مافیہا سے بہتر ہے اور مجاہدین کی صف میں کھڑا

---

7776- ورواه أحمد جلد5صفحه266' قال في المجمع جلد5صفحه279' وفيه علي بن يزيد الألهاني وهو ضعيف .

ہونا، تم میں سے کسی ایک کی ساٹھ سال کی عبادت سے بہتر ہے۔

**7777-** حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ بْنِ نَجْدَةَ الْحَوْطِيُّ، ثنا أَبُو الْمُغِيرَةِ، ثنا مُعَانُ بْنُ رِفَاعَةَ، ثنا عَلِيُّ بْنُ يَزِيدَ، قَالَ: سَمِعْتُ الْقَاسِمَ يُحَدِّثُ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ قَالَ: مَرَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي يَوْمٍ شَدِيدِ الْحَرِّ نَحْوَ بَقِيعِ الْغَرْقَدِ، فَكَانَ النَّاسُ يَمْشُونَ خَلْفَهُ، فَلَمَّا سَمِعَ صَوْتَ النِّعَالِ، وَقَرَّ ذَلِكَ نَفْسَهُ، فَحَبَسَ حَتَّى قَدَّمَهُمْ أَمَامَهُ لِئَلَّا يَقَعَ فِي قَلْبِهِ شَيْءٌ مِنَ الْكِبْرِ، فَلَمَّا مَرَّ بِبَقِيعِ الْغَرْقَدِ إِذَا بِقَبْرَيْنِ قَدْ دَفَنُوا فِيهِمَا رَجُلَيْنِ، فَوَقَفَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: مَنْ دَفَنْتُمْ هَهُنَا الْيَوْمَ؟ قَالُوا: يَا نَبِيَّ اللهِ، فُلَانٌ . قَالَ: إِنَّهُمَا لَيُعَذَّبَانِ الْآنَ وَيُفْتَنَانِ فِي قَبْرَيْهِمَا . قَالُوا: يَا رَسُولَ اللهِ، وَمَا ذَاكَ؟ قَالَ: أَمَّا أَحَدُهُمَا فَكَانَ يَمْشِي بِالنَّمِيمَةِ، وَأَمَّا أَحَدُهُمَا فَكَانَ لَا يَتَنَزَّهُ مِنَ الْبَوْلِ . وَأَخَذَ جَرِيدَةً رَطْبَةً فَشَقَّهَا، ثُمَّ جَعَلَهَا عَلَى الْقَبْرَيْنِ . قَالُوا: يَا نَبِيَّ اللهِ، وَلِمَ فَعَلْتَ؟ قَالَ: لِيُخَفِّفَ عَنْهُمَا . قَالُوا: يَا نَبِيَّ اللهِ، وَحَتَّى مَتَى يُعَذَّبَانِ؟ قَالَ: غَيْبٌ لَا يَعْلَمُهُ إِلَّا اللهُ . قَالَ: وَلَوْلَا تَمْرِيجًا فِي قُلُوبِكُمْ، أَوْ تَزَيُّدُكُمْ فِي الْحَدِيثِ سَمِعْتُمْ مَا أَسْمَعُ.

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، فرمایا کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم شدید گرمی کے دن میں جنت البقیع کی طرف سے گزرے، پس لوگ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پیچھے چلا کرتے تھے۔ پس جب آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے لوگوں کی جوتیوں کی آوازیں سنیں۔ اس سے آپ کے دل کو قرار ہوا۔ پس آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے قدم روک لیے یہاں تک کہ لوگوں کو اپنے آگے کیا تاکہ آپ کے دل میں تکبر میں سے کوئی شی واقع نہ ہو جائے۔ پس جب جنت البقیع کے پاس سے گزرے تو دو قبریں دیکھیں جن میں مردوں کو دفن کر دیا گیا تھا۔ پس نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم رُک گئے، فرمایا: آج کے دن تم نے کس کو یہاں دفن کیا ہے؟ صحابہ نے عرض کی: اے اللہ کے نبی! فلاں آدمی کو (نام لیا)۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اب ان دونوں کو عذاب دیا جا رہا ہے اور اپنی قبروں میں آزمائش میں ہیں۔ صحابہ کرام نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! کس سبب سے؟ فرمایا: ایک چغل خور تھا اور دوسرا پیشاب کے قطروں سے نہیں بچتا تھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کھجور کی تر شاخ پکڑ کر اسے دو حصوں میں تقسیم کیا، پھر ان دونوں قبروں پر رکھ دیا۔ صحابہ نے عرض کی: اے اللہ کے نبی! آپ کے یہ کام کرنے میں کیا حکمت ہے؟ فرمایا: تاکہ ان دونوں سے عذاب ہلکا ہو جائے۔ صحابہ نے عرض کی: اے اللہ کے نبی! ان کو کب تک عذاب دیا جاتا رہے گا؟



7777- قال فی المجمع جلد3صفحه56 وفیه علی بن یزید وفیه کلام .

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: یہ ایسا غیب ہے جس کو اللہ جانتا ہے (یا اس کے بتانے سے میں جانتا ہوں لیکن تم کو بتانے کی اجازت نہیں)۔ فرمایا: اگر ایسا نہ ہوتا کہ تمہارے دلوں میں حرج واقع ہو جائے گا یا زیادہ باتیں بنانے کا سبب ہوگا تو تم بھی وہ سنتے جو میں سنتا ہوں۔

معان بن رفاعة السلامی عن علی بن یزید

**7778-** حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ بْنِ نَجْدَةَ الْحَوْطِيُّ، ثنا أَبُو الْمُغِيرَةِ، ثنا مُعَانُ بْنُ رِفَاعَةَ، ثنا عَلِيُّ بْنُ يَزِيدَ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ قَالَ: جَلَسْنَا إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَذَكَّرَنَا وَرَقَّقَنَا، فَبَكَى سَعْدُ بْنُ أَبِي وَقَّاصٍ، فَأَكْثَرَ الْبُكَاءَ وَقَالَ: يَا لَيْتَنِي مُتُّ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا سَعْدُ، أَعِنْدِي تَمَنَّ الْمَوْتَ؟ فَرَدَّدَ ذٰلِكَ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، ثُمَّ قَالَ: يَا سَعْدُ، إِنْ تَكُ خُلِقْتَ لِلْجَنَّةِ، فَمَا طَالَ عُمُرُكَ وَحَسُنَ عَمَلُكَ فَهُوَ خَيْرٌ لَكَ، وَإِنْ تَكُنْ خُلِقْتَ لِلنَّارِ، فَبِئْسَتِ الَّتِي الشَّيْءُ تَتَعَجَّلُ إِلَيْهِ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس بیٹھے ہوئے تھے' آپ نے ہمیں نصیحت کی اور نرم دل کرنے والی گفتگو کی۔ حضرت سعد بن ابووقاص رضی اللہ عنہ رو پڑے' کثرت سے رونے لگے' کہنے لگے: کاش! میں مر گیا ہوتا! حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے سعد! کیا تُو نے موت کی تمنا کی ہے؟ یہ بات تین دفعہ کی' پھر فرمایا: اے سعد! اگر تُو جنت کے لیے پیدا کیا گیا ہے تو جو تیری عمر لمبی ہوگی اور تیرے اعمال اچھے ہوں گے تو وہ تیرے لیے بہتر ہوگا' اگر تُو جہنم کے لیے پیدا کیا گیا ہے تو کتنی بُری ہے' وہ چیز جس کی طرف تُو جلدی کر رہا ہے۔

**7779-** حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ، ثنا أَبُو الْمُغِيرَةِ، ثنا مُعَانُ بْنُ رِفَاعَةَ، ثنا عَلِيُّ بْنُ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بیٹھے ہوئے تھے' صحابہ کرام نے خیال کیا کہ

---

7778- ورواه أحمد جلد5صفحه267' قال في المجمع جلد10 صفحه203 وفيه علي بن يزيد الألهاني وهو ضعيف . كذا في المخطوطة الشيء' وفي الهامش التي وعليه كلمة لعله .

7779- ورواه أحمد جلد5صفحه265-266' قال في المجمع جلد3صفحه115' وفيه علي بن يزيد فيه كلام . وقال الحافظ ابن كثير في تفسيره جلد1 صفحه586 معان بن رفاعة السلامي ضعيف وعلي بن يزيد ضعيف والقاسم أبو عبد الرحمن ضعيف أيضًا . وقال في المجمع جلد1 صفحه109 ومداره على علي بن يزيد وهو ضعيف .

يَزِيدَ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَالِسًا، وَكَانُوا يَظُنُّونَ الْوَحْيَ يَنْزِلُ عَلَيْهِ، فَأَقْصَرُوا عَنْهُ حَتَّى جَاءَ أَبُو ذَرٍّ، فَافْتَحَمَ فَأَتَاهُ فَجَلَسَ إِلَيْهِ فَأَقْبَلَ عَلَيْهِ، فَقَالَ: يَا أَبَا ذَرٍّ هَلْ صَلَّيْتَ الْيَوْمَ؟ قَالَ: لَا .قَالَ: قُمْ فَصَلِّ .فَلَمَّا صَلَّى أَرْبَعَ رَكَعَاتِ الضُّحَى، أَقْبَلَ عَلَيْهِ فَقَالَ: يَا أَبَا ذَرٍّ، هَلْ تَعَوَّذْتَ مِنْ شَرِّ شَيَاطِينِ الْجِنِّ وَالْإِنْسِ؟ قَالَ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ، وَهَلْ لِلْإِنْسِ شَيَاطِينُ؟ قَالَ: نَعَمْ، شَيَاطِينُ الْإِنْسِ وَالْجِنِّ يُوحِي بَعْضُهُمْ إِلَى بَعْضٍ زُخْرُفَ الْقَوْلِ غُرُورًا

آپ پر وحی نازل ہو رہی ہے' وہاں سے صحابہ کرام اُٹھنے لگے' حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ آپ کے پاس آئے اور بیٹھ گئے' آپ حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ کی طرف متوجہ ہوئے' فرمایا: اے ابوذر! کیا آج تو نے نماز پڑھی ہے؟ عرض کی: نہیں! آپ نے فرمایا: اُٹھو اور نماز پڑھو! پس جب اُنہوں نے چاشت کی چار رکعتیں پڑھ لیں تو آپ ان کی طرف متوجہ ہوئے۔ پس کہا: اے ابوذر! کیا تُو نے جنوں اور انسانوں میں سے شیطانوں سے اللہ کی پناہ مانگ لی ہے؟ عرض کی: جی ہاں! عرض کی: کیا انسانوں اور جنوں کے شیطان' ایک دوسرے کے دل میں بات ڈالتے ہیں' اوٹ پٹانگ باتیں دھوکہ دیتے ہوئے۔

**7780**- ثُمَّ قَالَ: يَا أَبَا ذَرٍّ، أَلَا أُعَلِّمُكَ كَلِمَةً مِنْ كَنْزِ الْجَنَّةِ؟ قُلْتُ: بَلَى، جَعَلَنِي اللّٰهُ فِدَاكَ .قَالَ: قُلْ: لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ

پھر فرمایا: اے ابوذر! کیا تمہیں جنت کے خزانوں کے متعلق بتاؤں! میں نے عرض کی: کیوں نہیں! اللہ مجھے آپ پر قربان کرے! آپ ﷺ نے فرمایا: لاحول ولاقوۃ الا باللہ پڑھ۔

**7781**- ثُمَّ سَكَتَ عَنِّي حَتَّى اسْتَبْطَأْتُ كَلَامَهُ قَالَ: قُلْتُ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ، إِنَّا كُنَّا أَهْلَ جَاهِلِيَّةٍ، وَعِبَادَةِ أَوْثَانٍ، فَبَعَثَكَ اللّٰهُ رَحْمَةً لِلْعَالَمِينَ أَرَأَيْتَ الصَّلَاةَ مَاذَا هِيَ؟ قَالَ: خَيْرٌ مَوْضُوعٌ فَمَنْ شَاءَ اسْتَقَلَّ، وَمَنْ شَاءَ اسْتَكْثَرَ

پھر آپ مجھ سے گفتگو کرنے سے خاموش رہے' میں نے آپ سے گفتگو کی' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں زمانۂ جاہلیت کا تھا اور بتوں کی عبادت کرتا تھا' اللہ نے آپ ﷺ کو تمام کائنات کے لیے رحمت بنا کر بھیجا ہے' آپ بتائیں کہ نماز کیا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: بہتر ہے' جو چاہے کم کرے اور جو چاہے زیادہ کرے۔

**7782**- قَالَ: قُلْتُ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ، أَرَأَيْتَ الصِّيَامَ مَاذَا هُوَ؟ قَالَ: أَضْعَافٌ مُضَعَّفَةٌ، وَعِنْدَ اللّٰهِ الْمَزِيدُ

میں نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ روزہ کے متعلق بتائیں اور یہ کیا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: اللہ کے ہاں دُگنا ثواب ہے۔

7783- قُلْتُ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ، أَيُّ الصَّدَقَةِ أَفْضَلُ؟ قَالَ: سِرٌّ إِلَى فَقِيرٍ وَجُهْدٌ مِنْ مُقِلٍّ

میں نے عرض کی: یارسول اللہ! افضل صدقہ کیا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: فقیر کو چھپا کر دینا' محنت کر کے دینا۔

7784- قُلْتُ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ، أَيُّ الشُّهَدَاءِ أَفْضَلُ؟ قَالَ: مَنْ سُفِكَ دَمُهُ وَعُقِرَ جَوَادُهُ

میں نے عرض کی: یارسول اللہ! کون سی شہادت افضل ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس نے اپنا خون بہایا' اپنے گھوڑے کی کونچیں کاٹیں۔

7785- قُلْتُ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ، أَيُّمَا آيَةٍ أُنْزِلَتْ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ عَلَيْكَ أَعْظَمُ؟ قَالَ: (اللّٰهُ لَا إِلَهَ إِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّومُ) (البقرة:255) آيَةُ الْكُرْسِيِّ

میں نے عرض کی: یارسول اللہ! کون سی آیت جو بڑی آپ پر نازل کی گئی ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللّٰہ لا الٰہ الا ھو الحی القیوم! آیۃ الکرسی۔

7786- قُلْتُ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ، أَيُّ الرِّقَابِ أَفْضَلُ؟ قَالَ: أَغْلَاهَا ثَمَنًا، وَأَنْفَسُهَا عِنْدَ أَهْلِهَا

میں نے عرض کی: یارسول اللہ! کون سا غلام آزاد کرنا افضل ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس کی قیمت زیادہ ہو اور زیادہ پسندیدہ بھی ہو۔

7787- قُلْتُ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ، فَأَيُّ الْأَنْبِيَاءِ كَانَ أَوَّلَ؟ قَالَ: آدَمُ .قُلْتُ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ، أَوَ نَبِيٌّ كَانَ آدَمُ؟ قَالَ: نَعَمْ، نَبِيٌّ مُكَلَّمٌ خَلَقَهُ اللّٰهُ بِيَدِهِ، وَنَفَخَ فِيهِ مِنْ رُوحِهِ، ثُمَّ قَالَ لَهُ: يَا آدَمُ قِبَلًا

میں نے عرض کی: یارسول اللہ! انبیاء میں سے سب سے پہلے کون تھا؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: آدم! میں نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا آدم نبی تھے؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جی ہاں! ان سے اللہ نے کلام کیا اور انہیں اپنے دستِ قدرت سے پیدا کیا' آپ میں روح پھونکی' پھر فرمایا: اے آدم! متوجہ ہو۔

7788- قُلْتُ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ كَمْ وَفَاءُ عِدَّةِ الْأَنْبِيَاءِ؟ قَالَ: مِائَةُ أَلْفٍ وَأَرْبَعَةٌ وَعِشْرُونَ أَلْفًا، الرُّسُلُ مِنْ ذَلِكَ ثَلَاثُمِائَةٍ وَخَمْسَةَ عَشَرَ جَمًّا غَفِيرًا

میں نے عرض کی: یارسول اللہ! انبیاء کی تعداد کتنی ہے؟ آپ نے فرمایا: ایک لاکھ چوبیس ہزار اور رسولوں کی تعداد تین سو پندرہ کا گروہ۔

7789- حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْفِرْيَابِيُّ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس نے اللہ کی رضا کے لیے ایک

الدِّمَشْقِيُّ، ثنا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، حَدَّثَنِي مُعَانُ بْنُ رِفَاعَةَ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ، عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ صَامَ يَوْمًا فِي سَبِيلِ اللَّهِ بَعَّدَ اللَّهُ بَيْنَهُ، وَبَيْنَ جَهَنَّمَ مَسِيرَةَ مِائَةِ عَامٍ

روزہ رکھا تو اللہ عزوجل اس کے اور جہنم کے درمیان ایک سوسال کی مسافت جتنا فاصلہ کردے گا۔

**7790-** حَدَّثَنَا أَبُو يَزِيدَ الْقَرَاطِيسِيُّ، ثنا أَسَدُ بْنُ مُوسَى، ثنا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، ثنا مُعَانُ بْنُ رِفَاعَةَ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ، أَنَّ ثَعْلَبَةَ بْنَ حَاطِبٍ الْأَنْصَارِيَّ، أَتَى رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، ادْعُ اللَّهَ أَنْ يَرْزُقَنِي اللَّهُ .قَالَ: وَيْحَكَ يَا ثَعْلَبَةُ، قَلِيلٌ تُؤَدِّي شُكْرَهُ خَيْرٌ مِنْ كَثِيرٍ لَا تُطِيقُهُ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ثعلبہ بن حاطب انصاری رضی اللہ عنہ حضور ﷺ کے پاس آئے عرض کی: یارسول اللہ! اللہ سے دعا کریں کہ اللہ مجھے مال دے آپ نے فرمایا: اے ثعلبہ! تیرے لیے ہلاکت ہو! کم مال جس کا شکر ادا کیا جائے زیادہ مال دار سے بہتر ہے تو اس کا شکر کرنے کی طاقت نہیں رکھتا ہے۔

**7791-** ثُمَّ رَجَعَ إِلَيْهِ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، ادْعُ اللَّهَ أَنْ يَرْزُقَنِي مَالًا، قَالَ: وَيْحَكَ يَا ثَعْلَبَةُ، أَمَا تُرِيدُ أَنْ تَكُونَ مِثْلَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَاللَّهِ لَوْ سَأَلْتَ أَنْ يَسِيلَ لِيَ الْجِبَالَ ذَهَبًا وَفِضَّةً لَسَالَتْ

پھر آپ ﷺ کی طرف لوٹ کر عرض کی: یارسول اللہ! اللہ سے دعا کریں کہ اللہ مجھے مال دے! آپ ﷺ نے فرمایا: اے ثعلبہ! تیرے لیے ہلاک ہو! کیا تو پسند نہیں کرتا ہے کہ رسول اللہ ﷺ کی زندگی کی طرح زندگی گزارے اللہ کی قسم! اگر میں چاہوں تو میرے لیے پہاڑ سونا وچاندی بن جائیں اور بہہ پڑیں۔

**7792-** ثُمَّ رَجَعَ إِلَيْهِ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، ادْعُ اللَّهَ أَنْ يَرْزُقَنِي مَالًا، وَاللَّهِ لَئِنْ أَتَانِي اللَّهُ مَالًا لَأُوتِيَنَّ كُلَّ ذِي حَقٍّ حَقَّهُ، فَقَالَ

پھر آپ کی طرف رجوع کر کے کہا: اے اللہ کے رسول! اللہ تعالیٰ سے دعا کریں کہ وہ مجھے مال عطا فرمائے۔ قسم بخدا! اگر اللہ تعالیٰ مجھے مال دے تو میں ہر حق

7790- قال في المجمع جلد 7 صفحه 32' وفيه علي بن يزيد الألهاني وهو متروك . قلت ورواه ابن جرير رقم الحديث: 16987' وابن أبي حاتم كما ذكره ابن كثير في تفسيره .

رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اللّٰهُمَّ ارْزُقْ ثَعْلَبَةَ مَالًا فَاتَّخَذَ غَنَمًا، فَنَمَتْ كَمَا يَنْمُو الدُّودُ حَتَّى ضَاقَتْ عَنْهَا أَزِقَّةُ الْمَدِينَةِ، فَتَنَحَّى بِهَا، وَكَانَ يَشْهَدُ الصَّلَاةَ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ يَخْرُجُ إِلَيْهَا، ثُمَّ نَمَتْ حَتَّى تَعَذَّرَتْ عَلَيْهِ مَرَاعِي الْمَدِينَةِ، فَتَنَحَّى بِهَا، فَكَانَ يَشْهَدُ الْجُمُعَةَ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ يَخْرُجُ إِلَيْهَا، ثُمَّ نَمَتْ فَتَنَحَّى بِهَا، فَتَرَكَ الْجُمُعَةَ وَالْجَمَاعَاتِ فَيَتَلَقَّى الرُّكْبَانُ، وَيَقُولُ: مَاذَا عِنْدَكُمْ مِنَ الْخَبَرِ؟ وَمَا كَانَ مِنْ أَمْرِ النَّاسِ؟ فَأَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ عَلَى رَسُولِهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: (خُذْ مِنْ أَمْوَالِهِمْ صَدَقَةً تُطَهِّرُهُمْ وَتُزَكِّيهِمْ بِهَا) (التوبة: 103) قَالَ: فَاسْتَعْمَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الصَّدَقَاتِ رَجُلَيْنِ: رَجُلٌ مِنَ الْأَنْصَارِ، وَرَجُلٌ مِنْ بَنِي سُلَيْمٍ، وَكَتَبَ لَهُمَا سَنَةَ الصَّدَقَةِ وَأَسْنَانَهَا، وَأَمَرَهُمَا أَنْ يَصْدُقَا النَّاسَ، وَأَنْ يَمُرَّا بِثَعْلَبَةَ، فَيَأْخُذَا مِنْهُ صَدَقَةَ مَالِهِ، فَفَعَلَا حَتَّى ذَهَبَا إِلَى ثَعْلَبَةَ، فَأَقْرَآهُ كِتَابَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ صَدِّقَا النَّاسَ فَإِذَا فَرَغْتُمَا، فَمُرَّا بِي. فَفَعَلَا، فَقَالَ: وَاللّٰهِ مَا هَذِهِ إِلَّا أُخَيَّةُ الْجِزْيَةِ، فَانْطَلَقَا حَتَّى لَحِقَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ،

والے کو حق ادا کروں۔ پس رسول کریم ﷺ نے فرمایا: اے اللہ! ثعلبہ کو مال دے۔ پس حضرت ثعلبہ رضی اللہ عنہ نے ریوڑ بنایا' پس وہ بڑھا' اس طرح جس طرح کیڑے مکوڑے بڑھتے ہیں یہاں تک کہ مدینہ کی گلیاں ان سے تنگ ہوگئیں۔ پس وہ مدینہ سے دُور ہو گئے لیکن نماز میں رسول کریم ﷺ کے ساتھ شریک ہوتے پھر اس ریوڑ کی طرف جاتے' پھر وہ ریوڑ اور بڑھ گیا یہاں تک کہ مدینہ کی چراگاہیں تنگ ہوگئیں۔ پس وہ کچھ اور دور ہو گئے۔ پس وہ جمعہ اور جماعتیں چھوڑ بیٹھے' پس کوئی اونٹوں پر سوار قافلہ ملتا تو اس سے کہتے: تمہارے پاس (میرے محبوب کی) کوئی خبر ہو؟ اور لوگوں کا معاملہ کیا ہے؟ پس اللہ تعالیٰ نے رسول کریم ﷺ پر یہ حکم نازل فرمایا: ''ان کے مالوں سے صدقہ لے کر اس کے ذریعے ان کو پاک کرو اور ان کا تزکیہ کرو''۔ راوی کا بیان ہے کہ رسول کریم ﷺ نے صدقات وصول کرنے کیلئے دو آدمی عامل مقرر فرمائے۔ ایک انصاری اور دوسرا بنو سلیم سے اور انہیں ایک سال اور کوئی سالوں کا صدقہ لکھ دیا' انہیں حکم دیا کہ وہ دونوں لوگوں سے صدقات وصول کریں اور ایک چکر جناب ثعلبہ کی طرف بھی لگائیں اور اس سے اسکے مال کا صدقہ وصول کریں۔ پس اُنہوں نے حکم پر عمل کیا یہاں تک کہ وہ ثعلبہ کے پاس جا پہنچے۔ پس اُنہوں نے رسول کریم ﷺ کا خط پڑھ کر اسے سنایا تو اس نے جواب دیا: لوگوں سے صدقات وصول کر لو! جب تم فارغ ہو جاؤ تو میرے پاس آنا۔ پس اُنہوں نے ایسا ہی کیا۔ اس نے جواب دیا: قسم بخدا! یہ

وَأَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ عَلَى رَسُولِهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: (وَمِنْهُمْ مَنْ عَاهَدَ اللّٰهَ لَئِنْ آتَانَا مِنْ فَضْلِهِ) (التوبة:75) إِلَى قَوْلِهِ (يَكْذِبُونَ) (التوبة:77) قَالَ: فَرَكِبَ رَجُلٌ مِنَ الْأَنْصَارِ قَرِيبٌ لِثَعْلَبَةَ رَاحِلَةً حَتَّى أَتَى ثَعْلَبَةَ، فَقَالَ: وَيْحَكَ يَا ثَعْلَبَةُ، هَلَكْتَ، أَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ فِيكَ مِنَ الْقُرْآنِ كَذَا، فَأَقْبَلَ ثَعْلَبَةُ، وَوَضَعَ التُّرَابَ عَلَى رَأْسِهِ وَهُوَ يَبْكِي، وَيَقُولُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، يَا رَسُولَ اللّٰهِ . فَلَمْ يَقْبَلْ مِنْهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَدَقَتَهُ حَتَّى قَبَضَ اللّٰهُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ أَتَى أَبَا بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ بَعْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا أَبَا بَكْرٍ قَدْ عَرَفْتَ مَوْقِعِي مِنْ قَوْمِي، وَمَكَانِي مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاقْبَلْ مِنِّي، فَأَبَى أَنْ يَقْبَلَهُ، ثُمَّ أَتَى عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَأَبَى أَنْ يَقْبَلَ مِنْهُ، ثُمَّ أَتَى عُثْمَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فَأَبَى أَنْ يَقْبَلَ مِنْهُ، ثُمَّ مَاتَ ثَعْلَبَةُ فِي خِلَافَةِ عُثْمَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

جزیہ ہی کی ایک شکل ہے۔ پس وہ چل کر رسول کریم ﷺ کی خدمت میں آئے تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی: ''اوران میں سے بعض وہ ہیں جنہوں نے اللہ سے وعدہ کیا تھا' اگر وہ ہمیں عطا کرے اپنے فضل سے (وہ جھوٹ بولتے ہیں)''۔ پس ایک انصاری حضرت ثعلبہ رضی اللہ عنہ کا قریبی' سواری پر سوار ہو کر حضرت ثعلبہ رضی اللہ عنہ کے پاس پہنچا۔ کہا: افسوس! اے ثعلبہ! تُو ہلاک ہوا۔ اللہ نے قرآن کی فلاں آیت تیری مذمت میں نازل فرمائی ہے۔ پس حضرت ثعلبہ اس حال میں آئے کہ اُنہوں نے سر پر مٹی ڈالی اور رو رہے تھے' یہ عرض کرتے ہوئے: اے اللہ کے رسول! اے اللہ کے رسول! پس رسول کریم ﷺ نے اس سے اس کی زکوٰۃ قبول نہ فرمائی یہاں تک کہ رسول کریم ﷺ دنیا سے پردہ فرما ہوئے۔ پھر وہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی خدمت میں رسول کریم ﷺ کے وصال کے بعد آیا' عرض کی: اے ابوبکر! تُو جانتا ہے کہ میری قوم میں میری کیا حیثیت ہے اور رسول کریم ﷺ کے ساتھ کیا تعلق ہے' تو مجھ سے قبول کر لے۔ پس آپ رضی اللہ عنہ نے بھی قبول کرنے سے انکار کر دیا پھر وہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے دورِ خلافت میں آیا تو آپ نے بھی اس سے زکوٰۃ قبول کرنے سے انکار کر دیا پھر وہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے دورِ خلافت میں آیا تو آپ نے بھی اس سے قبول نہ کی' پھر ثعلبہ' حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے دورِ خلافت میں فوت ہو گیا۔

## عُثْمَانُ بْنُ أَبِي الْعَاتِكَةِ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ يَزِيدَ

## عثمان بن ابوالعاتکہ' حضرت علی بن یزید سے روایت کرتے ہیں

7793- حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ أَحْمَدَ الْوَاسِطِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْفِرْيَابِيُّ، ثنا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، قَالَا: ثنا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي الْعَاتِكَةِ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: أَلَا إِنَّ النَّارَ خُلِقَتْ لِلسُّفَهَاءِ، وَهِيَ لِلنِّسَاءِ إِلَّا الَّتِي أَطَاعَتْ قَيِّمَهَا

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: خبردار! جہنم پاگلوں کے لیے پیدا کی گئی ہیں' وہ عورتیں ہیں مگر جو اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کریں۔

7794- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدُوسِ بْنِ جَرِيرٍ الصُّورِيُّ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الدِّمَشْقِيُّ، ثنا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي الْعَاتِكَةِ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يَا أَيُّهَا النَّاسُ، عَلَيْكُمْ بِالْعِلْمِ قَبْلَ أَنْ يُقْبَضَ، الْعَالِمُ وَالْمُتَعَلِّمُ شَرِيكَانِ فِي الْأَجْرِ، وَلَا خَيْرَ فِي سَائِرِ النَّاسِ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے لوگو! تم علم اُٹھائے جانے سے پہلے حاصل کرلو' علم سیکھنے اور سکھانے والا ثواب میں برابر کے شریک ہیں' اس کے علاوہ لوگوں میں کوئی بھلائی نہیں ہے۔

7795- حَدَّثَنَا أَبُو عَقِيلٍ أَنَسُ بْنُ سَلْمٍ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ



---

7793- قال فی المجمع جلد 4صفحه314' وفیه علی بن یزید الألهانی وهو متروك وقد قیل فیه انه صلح وبقیة رجاله ثقات .

7794- ورواه ابن ماجه رقم الحدیث:228 قال فی الزوائد فی اسناده علی بن یزید والجمهور علی تضعیفه .

7795- ورواه ابن ماجه رقم الحدیث:289' واسناده ضعیف قاله فی الزوائد .

الْخَوْلَانِيُّ، ثنا صَفْوَانُ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، حَدَّثَنِي عُثْمَانُ بْنُ أَبِي الْعَاتِكَةِ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تَسَوَّكُوا، فَإِنَّ السِّوَاكَ مَطْيَبَةٌ لِلْفَمِ، مَرْضَاةٌ لِلرَّبِّ

حضور ﷺ نے فرمایا: مسواک کرو کیونکہ مسواک منہ کی پاکی اور رب کی رضا کا ذریعہ ہے۔

**7796-** مَا جَاءَنِي جِبْرِيلُ إِلَّا أَمَرَنِي بِالسِّوَاكِ حَتَّى لَقَدْ حَسِبْتُ أَنْ يَفْرِضَهُ عَلَيَّ وَعَلَى أُمَّتِي، وَلَوْلَا أَنْ أَشُقَّ عَلَى أُمَّتِي فَرَضْتُهُ عَلَيْهِمْ، إِنِّي لَأَسْتَاكُ حَتَّى لَقَدْ خَشِيتُ أَنْ أُحْفِيَ مَقَادِمَ فَمِي

حضرت جبریل علیہ السلام جب میرے پاس آئے تو مجھے مسواک کرنے کو کہا یہاں تک کہ میں نے گمان کیا کہ مسواک مجھ پر اور میری اُمت پر فرض ہو جائے گا۔ اگر مجھے اس بات کا لحاظ نہ ہوتا کہ میری اُمت مشقت میں پڑ جائے گی تو میں ان پر مسواک کرنا فرض کر دیتا' بے شک میں مسواک کرتا رہا حتیٰ کہ مجھے اپنے منہ کے متورم ہونے کا خوف ہوا۔

**7797-** حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْفِرْيَابِيُّ، ثنا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، ثنا صَدَقَةُ بْنُ خَالِدٍ، حَدَّثَنِي عُثْمَانُ بْنُ أَبِي الْعَاتِكَةِ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ فَاتَهُ اللَّيْلُ أَنْ يُكَابِدَهُ، وَبَخِلَ بِمَالِهِ أَنْ يُنْفِقَهُ، وَجَبُنَ عَنِ الْعَدُوِّ أَنْ يُقَاتِلَهُ، فَلْيُكْثِرْ مِنْ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهِ، فَإِنَّهُمَا أَحَبُّ إِلَى اللّٰهِ مِنْ جَبَلِ ذَهَبٍ وَفِضَّةٍ أَنْفَقَهُ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو آدمی رات کو جاگنے کی تکلیف گوارا نہ کر سکے' مال کے ساتھ بخیل ہو کر اسے خرچ کرے اور دشمن کے ساتھ مقابلے کے وقت بھی بزدل پڑ جائے تو اسے چاہیے کہ کثرت سے سبحان اللہ وبحمدہٖ پڑھے کیونکہ یہ دونوں کلمات سونے اور چاندی کا پہاڑ اللہ کی راہ میں خرچ کرنے سے زیادہ اس کو پیارے ہیں۔

**7798-** حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ الْمُعَلَّى

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت



---

7798- قال في المجمع جلد5صفحه77' وفيه علي بن يزيد الألهاني وهو ضعيف . وعلمت حال عثمان .

الدِّمَشْقِيُّ، ثنا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، ثنا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاتِكَةِ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ قَالَ: كَانَ لِمُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ قَدَحٌ مُفَضَّضٌ بِنُحَاسٍ فِيهِ يَسْقِي النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا شَرِبَ، وَفِيهِ يُوَضِّئُهُ إِذَا تَوَضَّأَ

معاذ رضی اللہ عنہ کے پاس پیالہ تھا' اس سے رسول اللہ ﷺ کو پلایا جاتا' جب آپ نوش فرما لیتے اور وضو کرنے کا ارادہ کرتے تو اس سے وضو کرتے۔

**7799**- حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْفِرْيَابِيُّ، ثنا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، ثنا صَدَقَةُ بْنُ خَالِدٍ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي الْعَاتِكَةِ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، أَنَّهُ كَانَ يُقْسِمُ بِاللّٰهِ ثَلَاثًا لَا يَسْتَثْنِي: مَا عَلَى ظَهْرِ الْأَرْضِ مُسْلِمٌ يَقُولُ حِينَ يُصْبِحُ: اللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ لَا إِلَهَ إِلَّا أَنْتَ، رَبِّي وَأَنَا عَبْدُكَ، آمَنْتُ بِكَ مُخْلِصًا لَكَ دِينِي، أَصْبَحْتُ عَلَى عَهْدِكَ وَوَعْدِكَ مَا اسْتَطَعْتُ، أَتُوبُ إِلَيْكَ مِنْ سُوءِ عَمَلِي، وَأَسْتَغْفِرُكَ لِذُنُوبِي لَا يَغْفِرُهَا إِلَّا أَنْتَ، فَيَمُوتُ مِنْ يَوْمِهِ ذَلِكَ إِلَّا دَخَلَ الْجَنَّةَ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے اللہ کی تین مرتبہ قسم اُٹھائی' اس میں ان شاء اللہ نہ کہا کہ زمین کے اوپر کوئی مسلمان بھی صبح یہ دعا کرے: ''اللّٰھم لك الحمد الٰی آخرہٖ'' کرے اور اس دن اگر مر جائے گا تو جنت میں داخل ہوگا۔

**7800**- حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْفِرْيَابِيُّ، ثنا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، ثنا صَدَقَةُ بْنُ خَالِدٍ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي الْعَاتِكَةِ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اے ابن آدم! جس نے میرے ولی کی اہانت کی' اس نے میرے ساتھ دشمنی ڈالی' تو ہرگز وہ

عثمان بن ابی العاتکة عن علی بن یزید

7800- قال فی المجمع جلد 2 صفحہ 248' وفیہ علی بن یزید وهو ضعیف۔ ورواه أبو نعیم فی الطب (جلد ا صفحه ا ا نسخة الشیخ الفرجلانی)۔ وقال ابن رجب فی جامع العلوم والاحکم صفحه 314' وعثمان وعلی بن یزید ضعیفان قال أبو حاتم الرازی فی هذا الحدیث: هو منكر جدًا۔

يَزِيدَ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ أَهَانَ لِي وَلِيًّا فَقَدْ بَارَزَنِي بِالْعَدَاوَةِ ابْنَ آدَمَ، لَنْ تُدْرِكَ مَا عِنْدِي إِلَّا بِأَدَاءِ مَا افْتَرَضْتُ عَلَيْكَ، وَلَا يَزَالُ عَبْدِي يَتَحَبَّبُ إِلَيَّ بِالنَّوَافِلِ حَتَّى أُحِبَّهُ، فَأَكُونَ قَلْبَهُ الَّذِي يَعْقِلُ بِهِ، وَلِسَانَهُ الَّذِي يَنْطِقُ بِهِ، وَبَصَرَهُ الَّذِي يُبْصِرُ بِهِ، فَإِذَا دَعَانِي أَجَبْتُهُ، وَإِذَا سَأَلَنِي أَعْطَيْتُهُ، وَإِذَا اسْتَنْصَرَنِي نَصَرْتُهُ وَأَحَبُّ عِبَادَةِ عَبْدِي إِلَيَّ النَّصِيحَةُ

کچھ نہیں پا سکے گا جو میرے پاس ہے' مگر یہ کہ تُو وہ کام کرے جو میں نے تیرے اوپر فرض کیے' میرا بندہ مسلسل نوافل کے ذریعے میری محبت بڑھاتا رہتا ہے حتیٰ کہ وہ مجھے پسند آ جاتا ہے تو میری خاص قوت اس کا دل بن جاتی ہے جس سے وہ بولتا ہے' اس کی آنکھ بن جاتی ہے جس سے وہ دیکھتا ہے' پس جب وہ مجھ سے دعا کرے تو میں اس کی دعا کو قبول کرتا ہوں' وہ مجھ سے سوال کرے تو میں اسے عطا کرتا ہوں اور جب وہ مجھ سے مدد مانگے تو میں اس کی مدد کرتا ہوں۔ میرے بندے کی طرف میری سب سے پسندیدہ عبادت میرے بندے کا مخلص ہونا ہے۔

**7801-** حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْفِرْيَابِيُّ، ثنا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، ثنا صَدَقَةُ بْنُ خَالِدٍ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي الْعَاتِكَةِ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، أَنَّهُ كَانَ يَقُولُ: مَا اسْتَفَادَ الْمُسْلِمُ فَائِدَةً بَعْدَ تَقْوَى اللّٰهِ تَعَالَى خَيْرًا لَهُ مِنْ زَوْجَةٍ صَالِحَةٍ، إِنْ أَمَرَهَا أَطَاعَتْهُ، وَإِنْ نَظَرَ إِلَيْهَا سَرَّتْهُ، وَإِنْ أَقْسَمَ عَلَيْهَا أَبَرَّتْهُ، وَإِنْ غَابَ عَنْهَا نَصَحَتْهُ فِي نَفْسِهَا

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ فرماتے تھے: مسلمان کو پرہیزگاری کے بعد سب سے بہتر شی نیک بیوی دی گئی ہے' اگر وہ اس کو حکم دے تو وہ اس کی اطاعت کرے' اگر اس کو دیکھے تو خوش ہو' اگر اس پر قسم اُٹھائے تو وہ پوری کرے اور اگر وہ اس کے پاس نہ ہو تب بھی اپنی جان کے معاملے میں اس کے ساتھ مخلص ہو۔

**7802-** حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ دُحَيْمٍ، ثنا

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ



---

7801- ورواه ابن ماجه رقم الحديث: 1857 قال في الزوائد: في اسناده علي بن يزيد قال البخاري: منكر الحديث' وعثمان ابن أبي العاتكة مختلف فيه' والحديث رواه النسائي من حديث أبي هريرة وسكت عليه وله شاهد من حديث عبد الله بن عمر . قلت والمناوي في الفيض قال أيضًا: فيه هشام بن عمار وفيه كلام . في المخطوطة خير له . وانظر سلسلة الصحيحة جلد4صفحه453-455 حول حديث أبي هريرة .

أَبِی، ثنا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِی الْعَاتِكَةِ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِی أُمَامَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَ عَمْرَو بْنَ الطُّفَيْلِ إِلَى خَيْبَرَ لِيَسْتَمِدَّ لَهُ قَوْمَهُ، وَقَالَ: يَا عَمْرُو، انْطَلِقْ فَاسْتَمِدَّ لَنَا قَوْمَكَ. فَقَالَ عَمْرٌو: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أَرْسَلْتَنِي وَقَدْ نَشَبَ الْقِتَالُ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَمَا تَرْضَى أَنْ تَكُونَ رَسُولَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟

رسول کریم ﷺ نے حضرت عمرو بن طفیل کو خیبر کی طرف بھیجا تا کہ وہ اپنی قوم سے امداد لے آئے اور فرمایا: اے عمرو! جا اور اپنی قوم سے ہمارے لیے امداد لے کر آ۔ تو حضرت عمرو رضی اللہ عنہ نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! آپ مجھے ایسے وقت میں بھیج رہے ہیں جب حالت یہ ہے کہ جنگ اپنے زوروں پہ ہے تو رسول کریم ﷺ نے فرمایا: کیا یہ بات تجھے خوش نہیں کرتی کہ تُو اللہ کے رسول کا قاصد ہو؟

عثمان بن ابی العاتکة عن علی بن یزید

**7803**- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، ثنا صَدَقَةُ بْنُ خَالِدٍ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِی الْعَاتِكَةِ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِی أُمَامَةَ قَالَ: خَرَجَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَمَرَّ بِبَيْتِ عُثْمَانَ بْنِ مَظْعُونٍ، فَقَامَ عَلَى بَابِ الْبَيْتِ، فَقَالَ: مَا لَكِ يَا كُحَيْلَةُ مُبْتَذِلَةً، أَلَيْسَ عُثْمَانُ شَاهِدًا؟ قَالَتْ: بَلَى وَمَا اضْطَجَعَ عَلَى فِرَاشِي مُنْذُ كَذَا وَكَذَا، وَيَصُومُ الدَّهْرَ فَمَا يُفْطِرُ، فَقَالَ: مُرِيهِ أَنْ يَأْتِيَنِي. فَلَمَّا جَاءَ، قَالَتْ لَهُ، فَانْطَلَقَ إِلَيْهِ، فَوَجَدَهُ فِي الْمَسْجِدِ فَجَلَسَ إِلَيْهِ، فَأَعْرَضَ عَنْهُ فَبَكَى، ثُمَّ قَالَ: لَقَدْ عَلِمْتُ أَنَّهُ بَلَغَكَ عَنِّي أَمْرٌ قَالَ: أَنْتَ الَّذِي تَصُومُ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ تشریف لے چلے پس حضرت عثمان بن مظعون رضی اللہ عنہ کے گھر کے دروازے پر کھڑے ہو گئے فرمایا: اے کحیلہ! (حضرت عثمان بن مظعون کی بیوی) تجھے کیا ہے! کیوں میلے کچیلے کپڑے پہن رکھے ہیں؟ کیا عثمان گھر میں موجود نہیں ہیں؟ وہ بولیں: کیوں نہیں! (وہ موجود ہیں) لیکن اتنے اتنے عرصے سے وہ میرے بستر پر نہیں سوئے وہ صومِ دھر رکھتے ہیں وہ تو افطار کرتے ہی نہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اسے کہنا میرے پاس آئے گا۔ پس جب وہ (گھر میں) آئے تو اُن کی بیوی نے ان سے کہا: (آپ ﷺ کی بارگاہ کی حاضری دو وہ فرما گئے ہیں)۔ پس حضرت عثمان آپ ﷺ کی طرف چلے۔ پس آپ ﷺ کو مسجد میں موجود پایا۔ پس آپ ﷺ کی

7803- قال في المجمع جلد2صفحه260' وفيه علي بن يزيد وهو ضعيف :وعلمت حال عثمان ابن أبي العاتكة .

الدَّهْرَ، وَتَقُومُ اللَّيْلَ لَا تَضَعُ جَنْبَكَ عَلَى فِرَاشٍ؟ قَالَ عُثْمَانُ: قَدْ فَعَلْتُ ذَلِكَ أَلْتَمِسُ الْخَيْرَ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لِعَيْنِكَ حَظٌّ، وَلِجَسَدِكَ حَظٌّ، وَلِزَوْجِكَ حَظٌّ، فَصُمْ وَأَفْطِرْ، وَنَمْ وَقُمْ، وَائْتِ زَوْجَكَ، فَإِنِّي أَنَا أَصُومُ وَأُفْطِرُ، وَأَنَامُ وَأَقُومُ، وَآتِي النِّسَاءَ، فَمَنْ أَخَذَ بِسُنَّتِي فَقَدِ اهْتَدَى، وَمَنْ تَرَكَهَا ضَلَّ، فَإِنَّ لِكُلِّ عَمَلٍ شِرَّةً، وَلِكُلِّ شِرَّةٍ فَتْرَةً، فَإِذَا كَانَتِ الْفَتْرَةُ إِلَى الْغَفْلَةِ فَهِيَ الْهَلَكَةُ، وَإِذَا كَانَتِ الْغَفْلَةُ إِلَى الْفَرِيضَةِ، لَا يَضُرُّ صَاحِبَهَا شَيْئًا، فَخُذْ مِنَ الْعَمَلِ بِمَا تُطِيقُ، وَإِنِّي إِنَّمَا بُعِثْتُ بِالْحَنِيفِيَّةِ السَّمْحَةِ، فَلَا تُثْقِلْ عَلَيْكَ عِبَادَةَ رَبِّكَ لَا تَدْرِي مَا طُولُ عُمُرِكَ

خدمت میں جا بیٹھے تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے منہ موڑ لیا۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ رو پڑے۔ پھر عرض کی: جی ہاں! مجھے معلوم ہے جو بات میرے حوالے سے آپ کو پہنچی ہے۔ فرمایا: تُو ہی وہ ہے جو صوم دھر رکھتا ہے' پوری پوری رات قیام کرتا ہے اور اپنا پہلو بستر پر نہیں رکھتا ہے؟ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے عرض کی: میں یہ سب کچھ بھلائی کی تلاش میں کرتا ہوں۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تیری آنکھوں کا تجھ پر حق ہے' تیرے جسم کا تجھ پر حق ہے' تیری بیوی کا تیرے اوپر حق ہے' روزے بھی رکھ' افطار بھی کر' سو بھی اور قیام بھی کر اور اپنی بیوی (کی خوابگاہ میں اس) کے پاس آ کیونکہ میں روزے بھی رکھتا ہوں' افطار بھی کرتا ہوں' سوتا بھی ہوں اور قیام بھی کرتا ہوں اور اپنی بیویوں کے پاس بھی آتا ہوں' پس جس نے میری سنت پر عمل کیا' وہ ہدایت پا گیا جس نے اسے چھوڑا وہ گمراہ ہو گیا' کیونکہ ہر عمل کیلئے ایک تیزی (چستی' پھرتی) ہے اور ہر تیزی کیلئے ایک سستی (کمزوری' ڈھیلاپن) ہے' پس جب سستی کا رُخ' غفلت کی طرف ہو تو اسی کا نام ہلاکت ہے اور جب غفلت کا رُخ فریضہ کی طرف ہو تو فریضہ والے کو اس کا کوئی نقصان نہیں ہے۔ پس اعمال میں سے وہی کر جس کی تُو طاقت رکھتا ہے۔ میں تو پاکیزہ اور نرم شریعت دے کر بھیجا گیا ہوں۔ پس اپنے رب کی عبادت کو اپنے اوپر بوجھ نہ بنا' تجھے کیا معلوم تیری عمر کتنی لمبی ہے۔

**7804- حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ**

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ایک دن



7804- قال في المجمع جلد 1 صفحه 336' وفيه علي بن يزيد الألهاني وهو ضعيف . وعلمت حال عثمان .

التُّسْتَرِيُّ، ثنا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ شُعَيْبِ بْنِ شَابُورٍ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي الْعَاتِكَةِ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ قَالَ: خَرَجَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ يَوْمٍ وَمَعَهُ أَبُو بَكْرٍ، وَعُمَرُ، وَزَيْدُ بْنُ ثَابِتٍ، وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْعُودٍ، وَأُبَيُّ بْنُ كَعْبٍ، وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبَّاسٍ وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى رَاحِلَتِهِ الْجَدْعَاءِ، فَلَمَّا بَرَزُوا سَمِعَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلًا يَقُولُ: اللّٰهُ أَكْبَرُ اللّٰهُ أَكْبَرُ، فَوَقَفَ يَسْتَمِعُ، فَلَمَّا قَالَ: اللّٰهُ أَكْبَرُ، اللّٰهُ أَكْبَرُ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: شَهِدَ هَذَا، وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ بِشَهَادَةِ الْحَقِّ. فَلَمَّا قَالَ: أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ، قَالَ: بَرِءَ هَذَا، وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ مِنَ النَّارِ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، ثُمَّ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هَذَا صَاحِبُ كِلَابٍ. فَذَهَبَ ابْنُ مَسْعُودٍ وَابْنُ عَبَّاسٍ، فَوَجَدُوهُ كَذَلِكَ

نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تشریف لے چلے' حضرات ابوبکر' عمر' زید بن ثابت' عبداللہ بن مسعود' ابی بن کعب اور عبداللہ بن عباس بھی ساتھ تھے' رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنی اونٹنی جدعاء پر سوار تھے۔ پس جب ظاہر ہوئے تو رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کسی آدمی کو کہتے ہوئے سنا: اللہ سب سے بڑا ہے' اللہ سب سے بڑا ہے۔ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے قدم رُک گئے اور آپ غور سے سننے لگے۔ پس جب اس نے اللہ اکبر' اللہ اکبر کہا تو رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اس نے حق کی گواہی دی' اس ذات کی قسم جس کے قبضے میں میری جان ہے! پس جب اس نے کہا: اشہد ان لا الہ الا اللہ! فرمایا: یہ آگ سے بری ہو گیا' قسم اس ذات کی جس کے قبضے میں میری جان ہے! تین بار فرمایا' پھر فرمایا: یہ کتے والا ہے۔ پس حضرتِ عبداللہ بن مسعود اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما گئے تو اس کو ویسے ہی پایا (جیسے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا تھا)۔

**7805-** حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ الْمُعَلَّى الدِّمَشْقِيُّ، ثنا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، ثنا صَدَقَةُ بْنُ خَالِدٍ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاتِكَةِ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ذُرْوَةُ سَنَامِ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اسلام کے کوہان کی چوٹی اللہ کی راہ میں جہاد کرنا ہے' اس سے افضل کوئی نہیں ہے۔



7805- قال فی المجمع جلد5صفحه274' وفيه على بن يزيد وهو ضعيف ـ وعلمت حال عثمان .

الْإِسْلَامِ: الْجِهَادُ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ لَا يَنَالُهُ إِلَّا أَفْضَلُهُمْ

**7806-** حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا الْحُسَيْنُ بْنُ أَبِي السَّرِيِّ الْعَسْقَلَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ شُعَيْبٍ، حَدَّثَنِي أَبُو حَفْصٍ الْقَاصُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي الْعَاتِكَةِ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ قَالَ: أَقْبَلَ ابْنُ أُمِّ مَكْتُومٍ وَهُوَ أَعْمَى، وَهُوَ الَّذِي أُنْزِلَتْ فِيهِ: (عَبَسَ وَتَوَلَّى أَنْ جَاءَهُ الْأَعْمَى) (عبس: 2) ، وَكَانَ رَجُلًا مِنْ قُرَيْشٍ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ لَهُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، بِأَبِي أَنْتَ وَأُمِّي، أَنَا كَمَا تَرَانِي قَدْ كَبِرَتْ سِنِّي، وَرَقَّ عَظْمِي، وَذَهَبَ بَصَرِي، وَلِي قَائِدٌ لَا يُلَاوِمُنِي قِيَادَةَ إِيَّايَ، فَهَلْ تَجِدُ لِي مِنْ رُخْصَةٍ أُصَلِّي فِي بَيْتِي الصَّلَوَاتِ؟ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هَلْ تَسْمَعُ الْمُؤَذِّنَ مِنَ الْبَيْتِ الَّذِي أَنْتَ فِيهِ؟ قَالَ: نَعَمْ، يَا رَسُولَ اللّٰهِ .قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا أَجِدُ لَكَ مِنْ رُخْصَةٍ، وَلَوْ يَعْلَمُ هَذَا الْمُتَخَلِّفُ عَنِ الصَّلَاةِ فِي الْجَمَاعَةِ مَا لِهَذَا الْمَاشِي إِلَيْهَا لَأَتَاهَا، وَلَوْ حَبْوًا عَلَى يَدَيْهِ وَرِجْلَيْهِ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابن اُم مکتوم رضی اللہ عنہ آئے' آپ نابینا تھے' یہ آیت نازل ہوئی: ''تیوری چڑھائی اور منہ پھیرا اس پر کہ آپ کے پاس وہ نابینا حاضر ہوا''۔ قریش سے ایک آدمی حضورصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آیا' اس نے عرض کی: یارسول اللہ! میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں! میں ایسا ہوں جس طرح آپ دیکھ رہے ہیں' میری عمر زیادہ ہوگئی ہے اور میری ہڈیاں کمزور ہوگئی ہیں اور میری بینائی چلی گئی ہے' میرے لیے راہنما ہی کوئی نہیں ہے' کیا میرے لیے اجازت ہے کہ میں گھر میں ہی نمازیں پڑھ لوں؟ حضورصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس گھر میں تُو ہوتا ہے' اس سے مؤذن کی آواز سنتا ہے؟ اس نے عرض کی: جی ہاں! اے اللہ کے رسول! رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میں تیرے لیے کوئی رخصت نہیں دیکھتا ہوں اور اگر جماعت میں شامل ہونے سے پیچھے رہنے والے کو اگر علم ہوتا کہ جماعت کی طرف چل کر جانے والے کیلئے کیا اجر ہے تو ضرور آتا' اگرچہ اپنے دونوں ہاتھوں اور دونوں پاؤں کے بل چل کر آتا۔



7806- قال فی المجمع جلد 2 صفحه 43 وفیه علی بن یزید الألهانی عن القاسم وقد وضعهما الجمهور' واختلف فی الاحتجاج بهما . وعلمت حال عثمان ابن أبی العاتکة .

**7807-** حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْخَلَّالُ الْمَكِّيُّ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ حُمَيْدٍ، ثنا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاتِكَةِ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: صَلَاةٌ عَلَى أَثَرِ صَلَاةٍ، كِتَابٌ فِي عِلِّيِّينَ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: ایک نماز کے بعد دوسری نماز پڑھنے کا ثواب علیین میں لکھا جائے گا۔

**7808-** حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عَبْدِ الْبَاقِي الْمِصِّيصِيُّ، ثنا عَمْرُو بْنُ عُثْمَانَ الْحِمْصِيُّ، ثنا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاتِكَةِ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَاحَ إِلَى مَكَّةَ مِنْ مِنًى يَوْمَ التَّرْوِيَةِ، فَقَدِمَ وَإِلَى جَانِبِهِ بِلَالٌ مَعَهُ ثَوْبٌ عَلَى عُودٍ يَسْتُرُهُ مِنْ حَرِّ الشَّمْسِ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ مکہ سے منیٰ کی طرف جا رہے تھے' آٹھویں ذوالحجہ کے دن آپ آئے' آپ کی ایک طرف حضرت بلال رضی اللہ عنہ تھے' حضرت بلال رضی اللہ عنہ کے پاس کپڑا تھا' اس کے ذریعہ آپ پر پردہ کیا تھا' سورج کی تپش سے بچنے کے لیے۔

**7809-** حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَزِيدَ بْنِ عَبْدِ الصَّمَدِ الدِّمَشْقِيُّ، وَالْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْمَعْمَرِيُّ، قَالَا: ثنا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، ثنا صَدَقَةُ بْنُ خَالِدٍ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي الْعَاتِكَةِ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ بَنَى لِلّٰهِ مَسْجِدًا بَنَى اللّٰهُ لَهُ بَيْتًا فِي الْجَنَّةِ أَوْسَعَ مِنْهُ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: جس نے اللہ کی رضا کے لیے مسجد بنائی' اللہ عزوجل اس کے لیے جنت میں اس سے بھی وسیع گھر بنائے گا۔

عثمان بن ابی العاتكة عن علی بن يزيد

---

7808- قال فی المجمع جلد 3صفحه232-233' رواه أحمد جلد 5صفحه268 هكذا - أی عن أبی أمامة عمن رأی رسول الله - وفی الاسنادين علی بن يزيد وفيه كلام وقد وثق . وعلمت حال عثمان ابن أبی العاتكة .

7809- قال فی المجمع جلد2صفحه8' وفيه علی بن يزيد وهو ضعيف . وعلمت حال عثمان ابن أبی العاتكة .

